۲۹۲	رحمۃ الامۃ	شمس الدین محمدؒ
۲۹۴	رسائل فقہ	؟
۲۹۸	خطبۃ الحاقیہ من علماء کلکتہ	قاضی محمد ارتضا علی خاں
۳۲۶	نان وحلوا	محمد بہاء الدین العاملی
۳۶۳	رقعات	شاہ عبدالقادر
۳۶۴	حاشیہ بر رسالہ میر	محمد عبدالکریم شہید
۳۶۶	دعائے صبوحی	حسن استر آبادی
۳۷۲	دعائے سریانی معہ ترجمہ	حضرت عبداللہ ابن عباس
۳۷۷	سر الاسرار	شیخ عبدالقادر جیلانی
۳۷۸	کتاب الطریقہ	،، ،،
۳۷۹	سر السلوک	،، ،،
۳۸۰	حزب البحر	،، ،،
۳۹۳	شرح امالی	سید علی ترمذی
۴۲۲	قرآن شریف	؟

۴۳۳	تذکرۃ الآثام	ابن حجر
۴۳۸	شرح مایۃ عامل	عبدالقادر بن عبدالرحمٰن
۴۴۸	ترجمہ چہل حدیث	شاہ ولی اللہ محدث
۴۵۰	شرح مایۃ عامل	عبدالقاہر بن عبدالرحمٰن
۴۵۵	حاشیہ شرح ملاجامی	؟
۴۹۴	درود تاج	؟
۴۹۵	ادعیہ دلائل الخیرات	؟
۴۹۶	ادعیہ حرب اعظم	؟
۴۹۷	شرح قصیدہ خزرجیہ	غلام نقشبند شفیعی
۵۸	کلمات طیبات	حضرت علی
۸۷۶	ادعیہ و اوراد ۱۳۰۲ھ	؟
۸۸۱	شمس دبستان	حسین علی ضمیر
۱۰۳۸	تہذیب المنطق	سعدالدین تفتازانی

ہندی مخطوطات

۲۷	کہانی چتر مکت	زین العابدین
۹۴	بھاگوت گیتا	"
۱۱۱	مورکہ سمجھاوے	فقیر اللہ فقیر
۲۴۷	پیم کہانی	؟
۲۵۴	بکٹ کہانی	محمد افضل شاہ فاروقی
۷۷۳	گیان سروپ ۱۱۲۱ھ	شاہ تراب
۷۷۴	من سمجھاون ۱۱۰۰ھ	"
۷۷۵	مندرالاک پالکر قبل ۱۱۲۱ھ	شیر علی
۸۳۵	دیوان عقیل قبل ۱۳۲۰ھ	سید محمد حسینی عقیل
۸۴۷	بیاض کلام " ۱۲۷۶ھ	تلسی رام وصدرالدین حلد
۸۴۸	پوتھی قانون معرفت " ۱۲۷۵ھ	النور ہنکی
۸۹۶	بیاض کلام ۱۲۲۵ھ	؟
۱۰۲۰	مجموعہ کلام ہندی قبل ۱۳۱۷ھ	رائے بہاری رحم

فہرست تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو

جلد ششم

نمبر سلسلہ	کتاب	مصنف	صفحہ	نمبر سلسلہ	کتاب	مصنف	صفحہ
۱۱۵۱	جواہر اسرار اللہ	شاہ علی جیوگام دھنی	۴۱	۱۱۷۷	بیان عقائد	؟	۶۱
۱۱۵۲	خزانہ حسنات	امام الدین	۴۲	۱۱۷۸	کتاب الشہادت	؟	۶۱
۱۱۵۳	ہدایت احمدی	ہدایت احمد گنگوہی	۴۳	۱۱۷۹	ترجمہ قول الجمیل	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	۶۲
۱۱۵۴	تحفۃ الانام	سید احمد مشتاق	۴۳	۱۱۸۰	جنگ نامہ	سید عالم علی خاں	۶۳
۱۱۵۵	پنچھی باچھا	وجدی	۴۴	۱۱۸۱	جنگ نامہ محمد حنیف	سیوک	۶۴
۱۱۵۶	پنچھی باچھا	وجدی	۴۵	۱۱۸۲	رسالہ فرائض		۶۷
۱۱۵۷	حدائق اثنا عشری	سید سیف الدین	۴۵	۱۱۸۳	بیاض مناقب	رضا،	۶۹
۱۱۵۸	آداب سعادت	میر محمد حیات	۴۶			امیر، ضارب،	
۱۱۵۹	رسالہ نور الایمان	میر محمد حیات	۴۸			عقلان، امکان،	
۱۱۶۰	رسالہ شرف الایمان	میر محمد حیات	۴۸			عامل، فدوی	
۱۱۶۱	رسالہ آبحیات	میر محمد حیات	۴۸	۱۱۸۴	مجلس دہم	نوازش علی خاں شیدا	۷۰
۱۱۶۲	مزاج العقائد	میر محمد حیات	۴۹	۱۱۸۵	بیاض (پنجابی)	-	۷۱
۱۱۶۳	روح الایمان فی الاسلام	محمد جعفر	۵۰	۱۱۸۶	احوال قیامت	-	۷۲
۱۱۶۴	نجات نامہ	میر محمد حیات	۵۱	۱۱۸۷	ترجمہ الکبائر	-	۷۳
۱۱۶۵	رسالہ نور الاسلام	میر محمد حیات	۵۱	۱۱۸۸	ہفت عروس	شاہ سعید الدین	۷۴
۱۱۶۶	تضمین بر نظم سعدی	میر محمد شجاع الدین مہر	۵۲	۱۱۸۹	رسالہ فرائض		۷۵
۱۱۶۷	قصائد بندہ	نواب فیاض الدین خاں	۵۲	۱۱۹۰	مجموعہ رسائل		۷۶
۱۱۶۸	نجات قاسم	محمد قاسم ابوالعلائی	۵۳		۱۔ ترجمہ چہل حدیث		۷۶
۱۱۶۹	اعجاز احمدی	نوازش علی خاں شیدا	۵۴		۲۔ سوانح آنحضرت		۷۷
۱۱۷۰	اعجاز احمدی	نوازش علی خاں شیدا	۵۶		۳۔ مسائل فقہ		۷۷
۱۱۷۱	روضۃ الاطہار	نوازش علی خاں شیدا	۵۶		۴۔ حکایت		۷۷
۱۱۷۲	تذکرہ اولیائے گجرات	منیر	۵۷		۵۔ حکایت فارسی		۷۸
۱۱۷۳	رد وہابیہ	عالم علی شوقی	۵۸	۱۱۹۱	آثار محشر	مہر علی محمد	۷۹
۱۱۷۴	رسالہ بدعت	امداد حسین	۵۹	۱۱۹۲	معجزہ نبی (فاختہ نامہ)	طالب	۸۰
۱۱۷۵	عبدالقادر صدیقی	مناظر احسن گیلانی	۵۹	۱۱۹۳	چارکرسی	عبدالحق	۸۱
۱۱۷۶	مکتوبات مشاہیر	مختلف اشخاص	۶۰	۱۱۹۴	مجالس دوازدہ	محکم	۸۱

۱۱۹۵	مولود نامہ	شاکر	۸۲	۱۲۲۲	تہافتہ الفلاسفہ	میر ولی الدین (مترجم)	۱۰۱۰
۱۱۹۶	ترتیب الصلوٰۃ	محمد احمد بن احمد	۸۳	۱۲۲۳	تقاریر سید علی اصغر بلگرامی	سید علی اصغر بلگرامی	۱۱۱
۱۱۹۷	ہدایت المبتدطین	سید امیر سیوانی	۸۵	۱۲۲۴	رسالہ خواجگان چشت	سید علی اصغر بلگرامی	۱۱۲
۱۱۹۸	جواز حید میلاد	-	۸۶	۱۲۲۵	رسالہ درالاسرار	مرید سلطان	۱۱۳
۱۱۹۹	ملفوظات غلام محمد شاہ دکنی	-	۸۶	۱۲۲۶	رسالہ تصوف	-	۱۱۵
۱۲۰۰	معجزات نبی	عالم بیجاپوری	۸۷	۱۲۲۷	رسالہ افلاطون ذاتی	-	۱۱۵
۱۲۰۱	رتن پدم	عبرت و عشرت	۹۰	۱۲۲۸	رسالہ رأیت ابی فی صورۃ	-	۱۱۵
۱۲۰۲	ترجمہ جواہر خمسہ	-	۹۴	۱۲۲۹	اسرار التوحید	-	۱۱۶
۱۲۰۳	سوانح عمری غلام حسین	-	۹۴	۱۲۳۰	راز حقیقت عرف جذبہ القت	-	۱۱۷
۱۲۰۴	رسالہ ہفت گروہ	-	۹۵	۱۲۳۱	مجموعہ احادیث	-	۱۱۸
۱۲۰۵	رسالہ وحدت و حقیقت	حسام الدین صوفی شاہ آباد	۹۵	۱۲۳۲	اصول اثریات	محمد عبدالرحمٰن	۱۹۱
۱۲۰۶	مفید الصبیان	رضا	۹۶	۱۲۳۳	ہندوستان کی تاریخ		.
۱۲۰۷	رسالہ سؤال و جواب	-	۹۸		ثقافت		۱۲۰
۱۲۰۸	ختم شریف	عبداللہ بن ابوبکر	۹۸	۱۲۳۴	تذکرہ خطاطاں	سید عباس حسین	۱۲۱
۱۲۰۹	شرح	-	۹۹	۱۲۳۵	رسالہ طریقت		۱۲۳
۱۲۱۰	پنچھی باچھا	وحیدی	۹۹	۱۲۳۶	روضۃ الشہدا	محمد فیاض دلی دہلوی	۱۲۳
۱۲۱۱	منتخب النحو	امیر حیدر حسین بلگرامی	۹۹	۱۲۳۷	حمد باری منظوم	سردار	۱۲۴
۱۲۱۲	قصہ منظوم پنجابی	ہاشم	۱۰۰	۱۲۳۸	بیاض مثنوی	-	۱۲۵
۱۲۱۳	مراثی حیدر	حیدر	۱۰۱	۱۲۳۹	بیاض مراثی		
۱۲۱۴	بیاض مراثی و نوحہ جات	سید علی	۱۰۱			غضنفر، سودا، مسکین	۱۲۵
۱۲۱۵	مختصر حالات راجہ نند	-	۱۰۳			مالک، ہدایت اور اس کے	
۱۲۱۶	تصویر کاری	امجد علی	۱۰۴			معاصرین	
۱۲۱۷	فرہنگ بہار دانش	-	۱۰۵	۱۲۴۰	مرغوب القلوب		۱۴۳
۱۲۱۸	دیوان قیس	محمد صدیق قیس	۱۰۶	۱۲۴۱	لغات القرآن		۱۴۴
۱۲۱۹	دیوان شرف	شرف	۱۰۶	۱۲۴۲	رسائل خواجہ بندہ نواز		۱۴۵
۱۲۲۰	دیوان عظیم	عظیم	۱۰۷	۱۲۴۳	اعجاز احمدی	نوازش علی خاں شیدا	۱۴۶
۱۲۲۱	آداب المریدین	محمد عبدالباسط (مترجم)	۱۰۸	۱۲۴۴	روضۃ الاطہار	نوازش علی خاں شیدا	۱۴۷

۱۲۴۵	پنچھی باچھا	وجدی	۱۵۱	۱۲۷۱	انسپکشن رپورٹ	سید علی اصغر بلگرامی	۱۷۵
۱۲۴۶	پنچھی باچھا	وجدی	۱۵۲	۱۲۷۲	مجموعہ مضامین	سید علی اصغر بلگرامی	۱۷۶
۱۲۴۷	پنچھی باچھا	وجدی	۱۵۲	۱۲۷۳	منظومات وجد	سکندر علی وجد	۱۷۶
۱۲۴۸	پنچھی باچھا	وجدی	۱۵۳	۱۲۷۴	سہس رس	نامک نخشو	۱۷۷
۱۲۴۹	مراثی انیس و دبیر	انیس و دبیر	۱۵۴	۱۲۷۵	معراج نامہ	سید بلاقی	۱۷۸
۱۲۵۰	مرثیہ انیس	انیس	۱۵۷	۱۲۷۶	شمائل نامہ	عبدالمحمد قرین	۱۸۲
۱۲۵۱	رازق باری	سید محمد والہ موسوی	۱۵۸	۱۲۷۷	معجزہ فاطمہ	فاروق	۱۸۱
۱۲۵۲	قصہ فیروز شاہ	سید محمود	۱۵۹	۱۲۷۸	نور نامہ	شاہ غنایت	۱۸۳
۱۲۵۳	مقرری قانون		۱۶۰	۱۲۷۹	دیوان ولی	ولی اورنگ آبادی	۱۸۴
۱۲۵۴	مثنوی لال گوہر	عارف الدین عاجز	۱۶۰	۱۲۸۰	دیوان شادان	راجہ چندو لال	۱۸۶
۱۲۵۵	مثنوی لال گوہر	عارف الدین عاجز	۱۶۱	۱۲۸۱	علی نامہ	شاہ عبدالعلی	۱۸۷
۱۲۵۶	مثنوی لال گوہر	عارف الدین عاجز	۱۶۲	۱۲۸۲	فاتحہ نامہ	عبدالرزاق	۱۸۹
۱۲۵۷	گلزار نسیم	دیاشنکر نسیم	۱۶۲	۱۲۸۳	فقر نامہ	غنایت	۱۹۰
۱۲۵۸	اصول تعلیم		۱۶۳	۱۲۸۴	قصہ میراں محی الدین	محمد افضل قادری	۱۹۱
۱۲۵۹	بیاض	احادیث و اقوال	۱۶۴	۱۲۸۵	وفات نامہ	دریا	۱۹۳
۱۲۶۰	بیاض		۱۶۴	۱۲۸۶	قصہ ابو شحمہ	اولیاء	۱۹۵
۱۲۶۱	دیوان چندا	ماہ لقا بائی	۱۶۵	۱۲۸۷	حضرت مخدوم اولیا	فیض علی شاہ چشتی	۱۹۷
۱۲۶۲	تاریخ عزیز دکن	محمد عبدالعزیز	۱۶۶	۱۲۸۸	دیوان دانش	دلاور علی دانش	۱۹۹
۱۲۶۳	تاریخ فیاض محبوبی	محمد فیاض علی خاں	۱۶۷	۱۲۸۹	فتح نامہ		۲۰۳
۱۲۶۴	سحر البیان	میر حسن	۱۶۷	۱۲۹۰	ترجمہ روائح الانفاس	محمد اشرف	۲۱۰
۱۲۶۵	سحر البیان	میر حسن	۱۶۸	۱۲۹۱	فقہ حیات		۲۱۳
۱۲۶۶	مذہب عشق	نہال چند لاہوری	۱۶۹	۱۲۹۲	قصہ جمجمہ	کمترین	۲۱۵
۱۲۶۷	قصیدہ بردہ شریف	شرف الدین بوصیری	۱۷۰	۱۲۹۳	قصہ ابو شحمہ	تشکیل قصیدہ	۲۱۶
	مع ترجمہ			۱۲۹۴	وفات نامہ	دریا یا عاصی	۲۱۷
۱۲۶۸	آثار دکن	سید علی اصغر بلگرامی	۱۷۲		سرور کائنات	-	
۱۲۶۹	سیاحت نامہ مصر	سید علی اصغر بلگرامی	۱۷۳	۱۲۹۵	معجزہ درود شریف	-	۲۱۹
۱۲۷۰	آثار دکن دوسرا نسخہ	سید علی اصغر بلگرامی	۱۷۴	۱۲۹۶	فضیلت درود شریف	-	۲۲۰

۱۲۹۷	گلسری	محمد اسمٰعیل عاصی	۲۲۰	۱۳۱۹	خزانۃ الفوائد	سید علی ولد سید میر	۲۵۱
۱۲۹۸	محی الدین نامہ	حسینی قادری	۲۲۱	۱۳۲۰	رچیا	قائم شاہ	۲۵۳
۱۲۹۹	لغت	-	۲۲۳	۱۳۲۱	گنج شکر	قائم شاہ	۲۵۵
۱۳۰۰	وصیت نامہ	-	۳۲۳	۱۳۲۲	من لگن	قاضی محمود بحری	۲۵۶
۱۳۰۱	کشف الخلاصہ	حافظ شجاع الدین	۲۲۴	۱۳۲۳	خطوط منظومہ	افراد	۲۵۷
۱۳۰۲	ملاح الفصاح	میر حیات	۲۲۵	۱۳۲۴	انشائے صبیان	جہدی	۲۵۹
۱۳۰۳	وفات نامہ	-	۲۲۶	۱۳۲۵	جامع القوانین	قنوجی	۲۵۹
	خاتون جنت			۱۳۲۶	گلدستہ گفتار	شیر محمد خاں ایمان	۲۶۰
۱۳۰۴	ترجیع بند شاہ صادق	شاہ صادق	۲۲۹	۱۳۲۷	سحر البیان	میر غلام حسن حسن	۲۶۲
۱۳۰۵	مجلس ہتم	محمد فیاض ولی بریلوی	۲۳۰	۱۳۲۸	اعجاز احمدی	نوازش علیخان شیدا	۲۶۳
۱۳۰۶	آثار حیات	سید علی منظور	۲۳۰	۱۳۲۹	دیوان رمز	بہاری لال رمز	۲۶۴
۱۳۰۷	مثنوی اسرار قرآن	محب حسین	۲۳۲	۱۳۳۰	دکنی سنگھاسن بتیسی	مترجم نامعلوم	۲۶۵
۱۳۰۸	مخمسات محب حسین	محب حسین	۲۳۴	۱۳۳۱	سحر البیان	میر غلام حسن حسن	۲۶۷
۱۳۰۹	قصائد و ترکیب بند	محب حسین	۲۳۵	۱۳۳۲	سحر البیان	میر حسن	۲۶۸
۱۳۱۰	کشف الخلاصہ	حافظ شجاع الدین	۲۳۶	۱۳۳۳	اسرار حقیقت	محب حسین	۲۶۹
۱۳۱۱	تفسیر پارہ عم	حافظ شجاع الدین	۲۳۹	۱۳۳۴	اسرار حقیقت (حصہ دوم)	محب حسین	۲۷۰
۱۳۱۲	ملک الشعرا غواصی اور اس کی شاعری	محمد بن عمر	۲۴۰	۱۳۳۵	اسرار قرآن	محب حسین	۲۷۰
				۱۳۳۶	احوال میت	شمس الدین اودگیری	۲۷۱
۱۳۱۳	ملک الشعرا غواصی اور اس کی شاعری	محمد بن عمر	۲۴۲	۱۳۳۷	قصیدہ فخر الدین	فخر الدین ارکاٹی	۲۷۳
				۱۳۳۸	نعت منظوم	-	۲۷۴
	حصہ دوم			۱۳۳۹	رسالہ اردو	-	۲۷۵
۱۳۱۴	کلام غواصی حصہ ۱	ابو محمد غواصی	۲۴۴	۱۳۴۰	رسالہ تجوید	نامعلوم	۲۷۶
۱۳۱۵	کلام غواصی حصہ ۲	ابو محمد غواصی	۲۴۵	۱۳۴۱	حالات نبی کریم	نامعلوم	۲۷۷
۱۳۱۶	کلام غواصی حصہ ۳	ابو محمد غواصی	۲۴۶	۱۳۴۲	انشائے صبیان	جہدی	۲۷۷
۱۳۱۷	غواصی شخصیت اور فن	ڈاکٹر محمد علی اثر	۲۴۷	۱۳۴۳	احادیث فضائل قرآن	-	۲۷۸
				۱۳۴۴	بیاض	غزلیات سودا حاتم وغیرہ	۲۷۹
۱۳۱۸	ریاض غوثیہ	غوثی سید محمد غوث قادری	۲۴۸	۱۳۴۵	اوراق الادب	حبیب عبد اللہ	۲۷۹

۱۳۴۶	زائچہ مبارک عظمت پیر	سید مراد علی طالع	۲۸۰	۱۳۶۸	معراج نامہ	سید جعفر اللہ حسینی صادق	۲۹۶
۱۳۴۷	بیاض	فیض الدین خاں بندہ	۲۸۱	۱۳۶۹	تجلیات دل	لقمان الدولہ دل	۲۹۷
۱۳۴۸	خنگ نواز نامہ	–	۲۸۱	۱۳۷۰	جذب کے سو شعر	راگھویندر راؤ جذب	۲۹۷
۱۳۴۹	مکتوبات بنام مولوی عبدالحق	متفرق	۲۸۲	۱۳۷۱	کلام اردو و فارسی	عبدالرزاق	۲۹۷
				۱۳۷۲	دیوان قربی	سید شاہ ابوالحسن قربی	۲۹۸
۱۳۵۰	آمدن و قواعد فارسی و لغت	سید وحید اللہ	۲۸۳	۱۳۷۳	مکتوبات علی منظور	سید علی منظور	۲۹۹
				۱۳۷۴	خطوط عبدالحق	مولوی عبدالحق	۲۹۹
۱۳۵۱	بوستان	سعدی شیرازی	۲۸۳	۱۳۷۵	رسالہ لقانونچہ لکشتری	غلام حسین ابن غلام سرور	۳۰۰
۱۳۵۲	صرف و نحو	سعدی شیرازی	۲۸۴				
۱۳۵۳	میزان	–	۲۸۴	۱۳۷۶	مناقب غوثیہ	محمد صادق شہبانی	۳۰۰
۱۳۵۴	منشعب	–	۲۸۴	۱۳۷۷	کتاب التکمیل فی بیان التنزیل	محمد بن حسین بن علی	۳۰۱
۱۳۵۵	رسالہ قوالی	عبدالرحمٰن جامی	۲۸۵				
۱۳۵۶	رقعات	امان اللہ حسینی	۲۸۵	۱۳۷۸	توتا کہانی	سید حیدر بخش حیدری	۳۰۲
۱۳۵۷	دیوان سلطان محمود	محمود	۲۸۵	۱۳۷۹	کریما	سعدی	۳۰۳
۱۳۵۸	حکایات راجہ سکھ لال		۲۸۵	۱۳۸۰	شمائل محمدی	عثمان	۳۰۳
۱۳۵۹	منشات العابدین	عبداللہ بن بدیع الزماں	۲۸۶	۱۳۸۱	سراج الایمان	حافظ احمد بن محمد مغربی	۳۰۴
۱۳۶۰	بیاض علمیات	–	۲۸۶	۱۳۸۲	روضۃ الشہداء	محمد فیاض ولی دیلوری	۳۰۴
۱۳۶۱	بیاض مناقب	–	۲۸۷	۱۳۸۳	دستور القرائت	ملک غلام	۳۰۴
۱۳۶۲	اعجاز احمدی	نوازش علی خاں شیدا	۲۸۷	۱۳۸۴	دہ مجلس	نورالاسلام گوپاموی	۳۰۵
۱۳۶۳	تحفۃ الاحباب	محمد باقر آگاہ	۲۸۸	۱۳۸۵	مثنوی میر (دریائے عشق)	میر تقی میر	۳۰۶
۱۳۶۴	بہار دانش	مرزا احسان علیشی	۲۹۰				
۱۳۶۵	سیر اولاد امر عشقی	محمد والہ	۲۹۲	۱۳۸۶	مثنوی	شرف بوعلی قلندر	۳۰۶
۱۳۶۶	تواریخ آمد سادات عظام در ہندوستان از ولایت	–	۲۹۳	۱۳۸۷	منصور نامہ	فیاض	۳۰۶
				۱۳۸۸	دستور القرائت	فیاض	۳۰۷
۱۳۶۷	اربعین فی احوال مہر مبین	–	۲۹۴	۱۳۸۹	نجابت الاسلام	مرید سید محمد قادری	۳۰۸
				۱۳۹۰	مسدسات امیر	امیر مینائی	۳۰۸

۱۳۹۱	نورنامہ	شاہ عنایت	۳۱۲	۱۳۹۶	مدینۃ الاقتبس	علی	۳۱۶
۱۳۹۲	آثار الامراء آصفی	محمد اشرف	۳۱۳	۱۳۹۷	وفات نامہ رسول	نامعلوم	۳۱۶
۱۳۹۳	تاریخ کروڑی	محمد اسمٰعیل آقا مہدی حیدران	۳۱۴	۱۳۹۸	پنجابی سسی پنو	ہاشم	۳۱۷
۱۳۹۴	مسودہ انسائیکلوپیڈیا	ڈاکٹر زور	۳۱۴	۱۳۹۸	رباعیات عطا کلیانوی	سید علی اللہ عطا	۳۱۸
۱۳۹۵	خزائن المناقب	صادق حسین غبار	۳۱۵	۱۴۰۰	فتوحات فوکس لیڈر اعظم	عبدالحق	۳۱۹

1151 -

جواہر اسرار اللہ مصنف شاہ علی جیو۔ گام دھنی

اوراق چسپیدہ۔ تقطیع ۲۳ × ۱۲ سمر۔ کاغذ دیسی۔ خط نستعلیق خوش خط۔
مسطر ۱۵ سطری۔

حضرت شاہ علی جیو ولد شاہ ابراہیم ولد عمر الحسینی اپنے دور کے بہت بڑے صوفی گزرے ہیں۔ آپ کا نسبی سلسلہ حضرت سید احمد کبیر رفاعی تک اور والدہ کی طرف سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رض تک پہنچتا ہے۔ آپ نے ایک شعر میں اس کا اظہار کیا ہے۔

سلطان احمدی میرے   سب پیر نوازے تیرے

آپ کا وصال ۱۴ جمادی الاول ۹۷۲ھ کو ہوا۔ مزار احمد آباد میں مرجع خلائق ہے۔

پروفیسر نجیب اشرف ندوی مرحوم کے کتب خانہ میں اس کا ایک نسخہ ہے جس پر کاتب نے حسب ذیل ترقیمہ لکھا ہے۔

"خاتمۃ الکتاب جواہر اسرار اللہ من تصنیف شاہ علی محمود معشوق اللہ تعالیٰ الحسینی احمدی اباً بالحسنی القادری اماً"

جواہر اسرار اللہ کے پہلے مرتب آپ کے ایک مرید ابو الحسن شیخ محمد ابن عبدالرحمن القریشی الاحمدی ہیں۔ اس کی ابتدا میں ایک فارسی دیباچہ اور ۱۲ اشعار کی ایک حمد ہے۔

دوسرا مرتبہ نسخہ آپ کے پوتے شاہ ابراہیم کا ہے جس میں ایک طویل دیباچہ ہے اور مذکورہ حمد کے اشعار بھی اس میں شامل ہیں۔

ادارہ کا نسخہ حضرت شاہ ابراہیم کے مرتبہ نسخہ کی نقل ہے۔ پانچویں صفحہ جہاں پر دیباچہ ختم ہوتا ہے۔ آخری جملہ ہے:

این قصیدہ کہ در مناقب آنحضرت سلطان العارفین مرشد، حضرت سلطان العارفین شیخ المشائخ ابو الحسن محمد ابن عبدالرحمن القریشی الاحمدی فرمودہ آں راحت کردم و قصیدہ این است۔

پانچ اشعار کے بعد ترک کے الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کے اوراق ضائع ہوگئے ہیں۔ دیوان کی ابتدا اس طرح ہوتی ہے۔

"باب الالف مکاشفات دریان توحید باری تعالیٰ ۔ مکاشفہ"
اس طرح کے عنوانات سرخی سے تحریر ہیں۔ ہر مکاشفہ چند نکتوں پر مشتمل ہے۔ جن میں تصوف و عرفان کے مضامین بیان کیے گئے ہیں۔

مکاشفہ

آپیں کھیلوں آپ کھلاوں　　آپیں آپس ے گل لاؤں
میرا نانوں مجھے ات بھاوے　　میرا جیو منجھے پر جاوے

آخری اوراق چسپیدہ ہیں۔ ترقیمہ بھی نہیں ہے۔
حضرت شاہ ابوالحسن کا مرتبہ نسخہ عجائب خانہ باغ عام حیدرآباد میں موجود ہے۔ کتب خانہ سالارجنگ، کتب خانہ آصفیہ اور کتب خانہ آغا حیدر حسن میں بھی اس کے نسخے موجود ہیں۔

۱۱۵۲۔ خزانۂ حسنات۔ مصنف سید امام الدین علی عرف فقیر الہند تخلص کامل

تقطیع ۲۰×۱۵ سمر۔ اوراق ۷۷۔ کاغذ۔ تھین انگریزی
شیخ فتح محمد محدث برہان پوری نے کتاب خزانۃ الروایت، فتاویٰ عالمگیری، شرح فتوح الحرمین، تکمیل الایمان، شرح کریما و عقاید حضرت جامی وغیرہ کی تالیفات کے مطالعہ کے بعد اپنے بھانجے شیخ احمد ولد سلیمان کی خاطر فقہ کی ایک مبسوط کتاب مفتاح الصلوٰۃ تالیف کی تھی جس کا یہ اردو ترجمہ سید امام الدین علی عرف فقیر الہند کامل نے کیا ہے۔ اس کی کتابت حافظ شیخ محمد حکیم ولد حاجی شیخ محمد نعیم الدین ابن شیخ محمد تقی صدیقی نے ۸ ربیع الاول ۱۲۶۲ھ میں مکمل کی۔
ابتدا: ابتدائی دو اوراق پھٹے ہوئے ہیں۔ تیسرا ورق ذیل کی عبارت سے شروع ہوتا ہے۔
"نکلے ہیں فرض ہے جیسا کہ لکھا ہے سراج الوہاج میں اور فتویٰ اسی کے ہے جس طرح ذکر کیا ہے فتاویٰ ظہیریہ میں اور سوائے　　جو راویت کہ ہے اس سے پھر گئے ہیں۔
انتہا: آخر میں ایک مناجات ہے جس کا مطلع اور مقطع حسب ذیل ہے:
مطلع: علم سے پاس حق کے جانا ہے　　علم سوں سب سرا رہا نا ہے
مقطع: یاد کر ماری تری کو اے کامل　　نسخہ اچند وز زمانہ ہے
ترقیمہ: ایں کتاب ہندی مفتاح الصلوٰۃ بتاریخ ہشتم شہر ربیع الاول ۱۲۶۲ھ ہجری از دست

حافظ شیخ محمد حکیم صاحب نوشتہ شد ولد جناب حاجی شیخ محمد ابن شیخ محمد نعیم الدین صاحب ابن شیخ محمد تقی صدیقی۔

یہ مخطوطہ محترمہ بیگم ڈاکٹر زور کا عطیہ ہے۔

۱۱۵۳۔ ہدایت احمدی۔ از ہدایت احمد گنگوہی

تقطیع "۶×"۸، مسطر ۱۳ سطری، اوراق ۹۲۔ کتابت ۱۲۴۹ھ

یہ ہدایت احمد گنگوہی کی تالیف ہے۔ شرح وقایہ وہدایہ کا ترجمہ و خلاصہ ہے۔ یہ ۱۲۴۹ھ میں ترجمہ کی گئی ہے۔

ابتدا: نام اس کا ہدایت احمدی خلاصہ ترجمہ شرح وقایہ وہدایہ کا ہے۔ ترجمہ کرنے والے کا نام ہدایت احمد گنگوہی ضلع سہارنپور صوبہ دلی کا یہ حسب ذیل ابواب پر مشتمل ہے۔

باب عقاید: کلمہ شہادت کے معنی۔ کتاب پاکی کے بیان میں مستحبات وضو کے، توڑنے والے وضو کے۔ فصل غسل کے بیان میں۔ فصل پانی کے بیان میں۔ فصل باورچی کے بیان میں۔ فصل تیمم۔ فصل مسح موزہ۔ فصل حیض، فصل استحاضہ۔ فصل نجاست۔ فصل استنجا کے بیان میں۔ فصل ساتت شرطاں باہر نماز کے ہیں۔

انتہا: مسئلہ: عورت کی قبر میں محرم اس کا اترے دگرنہ بوڑھے نیک بخت، یہ بھی نہ ہو تو جوان پرہیزگار مکثر العبادہ۔

مسئلہ: جو شخص جہاز پر مرے تو غسل وکفن ونماز کے پیچھے ناچاری کو پانی میں ڈالیں۔

۱۱۵۴۔ تحفۃ الانام فی احکام الصیام۔ از سید احمد مشتاق

تقطیع "۶×"۸۔ مسطر ۱۳ سطری، اوراق ۵۴، کتابت ۱۲۵۳ھ

تاریخ ترجمہ ۱۲۵۳ھ۔ ناقص الآخر

ابتدا:۔ سید احمد مشتاق عرف بڑے صاحب تاذری تقوی حنفی نے کتاب درالمختار کا اردو ترجمہ مکمل کرنے کے بعد یہ کتاب ۱۲۵۳ھ میں تالیف کی تھی۔ نام اس رسالہ کا تحفۃ الانام در احکام صیام خلاصہ ترجمہ کتاب روزہ ہائے طحطاوی حاشیہ درمختار فتاوی عالمگیری کا ہے۔ مقدمہ میں مولف کا بیان ہے کہ

" الحمد للہ یہ رسالہ روزے کے احکام میں ہندی زبان میں ایسا بن آیا کوئی ضروری مسئلہ روزے کے مسئلوں سے باقی نہ رہا جو اس میں مذکور نہ ہوا ہو اور کوئی علم والا اس ملک میں ہندی زبان میں ایسی تحقیق اور تفصیل سے کوئی رسالہ روزہ کے احکام میں آج تک جایا نہیں۔ یہ حصہ اسی عاصی کا تھا ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔

انتہا:۔ جائز ہے فرض روزہ نہ رکھنا کر بھی اور بچے کو دودھ پلانے والے کو اگر روزہ رکھنے میں ڈرے اپنی ذات پر یا بچے پر گمان غالب ہے یا تجربہ سے۔

یہ مخطوطہ بیگم ڈاکٹر زور کا عطیہ ہے۔

۱۱۵۵۔ پنچھی باچھا۔ وجیہہ الدین وجدی۔

اوراق ۱۴۱ مسطر ۱۲ سطری۔ تقطیع ۲۰ × ۱۴ سمر۔ سنہ ۱۱۴۶ھ۔

حضرت خواجہ فرید الدین عطار کی فارسی مثنوی منطق الطیر کا منظوم ترجمہ ہے۔

وجیہہ الدین وجدی پر محمد بن عمر مرحوم نے ایک مقالہ لکھا ہے جو شائع ہو چکا ہے۔ اس کے اور بھی نسخے کتب خانہ میں موجود ہیں اور شاعر کے حالات بھی تذکرہ مخطوطات جلد اول میں تحریر کئے گئے ہیں ملاحظہ ہو۔

۱۵۸ ۳۳/۷ پنچھی باچھا - تذکرہ اردو مخطوطات جلد اول - ص ۶۰
۵۸ ۳۴/۷ " " " " ص ۶۱
۵۱۱ ۳۵/۷ " " " " ص ۱۱۲
۵۲۶ " " جلد سوم - ص ۴۹
۶۲۴ - " " " سابقہ نسخوں کی تفصیل دی ہے ص ۳۶/۷
۷۲۹ - " " چہارم
۷۳۰ - " " " ص ۷۱
۹۱۹ - " " " پنجم ص ۶۲

پیش نظر نسخہ صاف اور قدرے خط نسخ میں لکھا گیا ہے اور مکمل ہے۔ عنوانات

سرخی سے دیئے گئے ہیں۔ یہ مثنوی دکن میں بہت مقبول رہی ہے۔ اسی لئے اس کے قلمی نسخے کثرت سے ملتے ہیں۔ کتب خانہ آصفیہ (سنٹرل لائبریری) میں اس کے سات نسخے ہیں۔ کتب خانہ سالار جنگ میں نو نسخے کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں ایک نسخہ موجود ہے۔ اس کے علاوہ خانگی کتب خانوں میں بھی اس کے نسخے ملتے ہیں۔ اس سے اس کی مقبولیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

۱۱۵۶۔ پنچھی باچھا (دوسرا نسخہ)

ابتدائی اشعار:۔

اسے پنچھی پیارے سخن آغاز کر　　حمد یوں حق کی بلند آواز کر
شوق سوں ایسا دچایک پنچھا　　بے رہے تر لوک کا عالم بنھا
گلشن وحدت ہے تیرا آشیاں　　احدیت کا راز سب تج پر عیاں

آخری اشعار:۔

اوس مہینے یارب مرا ہوتا ہے کام　　شکر ہے جو ہوئی پنچھی باچا تمام
جب کیا تاریخ کا دل میں حساب　　تب ہوا میزان میں کیا خاما کتاب

ترقیمہ: تمت الکتاب بعون ملک عبد الوہاب کتاب پنچھی باچا بتاریخ بیست و دوم شہر صفر المظفر بروز شنبہ و بدستخط عبد الباقی میاں۔ ۱۲۷۴ء تمام شد

یہ نسخہ پروفیسر سید محمد صاحب کا عطیہ ہے۔

۱۱۵۷۔ حدایق اثنا عشری

اوراق ۷۲۔ تقطیع۔ ۲۱ × ۱۳ سمر۔ خط نستعلیق صاف۔ تاریخ تصنیف ۱۲۲۱ھ

مرتب۔ سید سیف الدین حیدر ابن نواب مبارز الدولہ مختار الملک مرزا حسام الدین حیدر خاں بہادر حسام جنگ متخلص حالی۔

ہر نئے مسئلہ پر سرخ لکیر کھینچی گئی ہے۔

اصل رسالہ فارسی میں سید مہدی علی ابن سید مقصود علی نے سیف الدین حیدر کے لئے لکھا اور اس کا نام سفینہ رکھا۔ اس کی تالیف کی تاریخ کا مصرعہ سیف الدین حیدر کے والد مبارز الدولہ مختار الملک ۰ مرزا احسام الدین حیدر خاں بہادر حسام جنگ نے کہا کہ گفت تا نیا "حساب شرع شریف"۔ اس رسالے کو مجتہد الزماں سید دلدار علی صاحب اور مولانا سید محمد نے دیکھ کر اظہار مسرت کیا اور اپنے دستخط ثبت کئے اور اس کو اپنی مہروں سے مزین کیا۔ فارسی سے نا آشنا اس رسالے سے استفادہ نہیں کر سکتے تھے اس لئے سیف الدین حیدر نے اس کو اردو میں منتقل کیا اور اس کا تاریخی نام حدائق اثنا عشری رکھا۔ جس سے ۱۲۵۵ مستخرج ہوتے ہیں۔

حدائق کی مناسبت سے ایک شجر اس کی پانچ اصل چھ فرعے اور پانچ گل اور پانچ ثمر ہیں۔ شجر میں بیان احکام ایمان کا ہے۔ پانچ اصل اصول دین میں چھ فرعے فروع دین میں پہلی فرع نماز اس میں چھ برگ ہیں۔ اسی طرح ہر مفصل کو تقسیم کیا ہے۔ رسالے میں تمام آیات دعائیں وغیرہ خوش خط عربی رسم خط میں لکھی گئی ہیں۔

ابتدا:۔ الحمد للہ رب العالمین کہ اس نے آب و آتش باد و خاک سے آدم بنایا۔ اور بہت پسند آیا تو اسے اشرف المخلوقات فرمایا۔

اختتام:۔ نو امر مکروہ میں آخری دو قبر پر پاؤں رکھنا اور تکیہ لگانا خواہ قبر نئی ہو خواہ پرانی، خاک سوائے قبر سے خاک کے قبر میں ڈالنا۔

ترقیمہ:۔ نسخہ حدائق اثنا عشری در ماہ مبارک رمضان ۱۲۶۶ھ باتمام پیوست۔

یہ مخطوطہ نواب عنایت جنگ کا عطیہ ہے۔ ابتدائی صفحہ پر مستطیل مہر (عنایت جنگ ۱۳۴۲) ہے اور آخری صفحہ پر آخر میں بیضوی مہر مصدر الطاف و عنایت حسین ۱۲۴۶ اسر ثبت ہے۔

۱۱۵۸۔ آداب سعادت۔ مصنف میر محمد حیات

صفحات ۱۳۔ سائز ۳۴ × ۲۲ ۔ ا سم

میر محمد حیات دولت خداداد میسور کی تباہی ۱۷۹۹ء میں سلطان ٹیپو کی شہادت عمل میں آئی۔ اس کے بعد میر محمد حیات کے ادبی کارنامے منظر عام پر آسکے۔ حیات بہت متقی

اور زاہد علم و فضل سے بہرہ ور، اور پرگو شاعر اور نثر نگار تھے۔ ان کے تمام رسائل نثر و نظم مذہبی نوعیت کے ہیں چنانچہ نظم میں :

۱۔ سراج العقاید، سراج الفقہ، مرأت الاحکام، تاج الفرائض، تاج آداب سعادت۔ احوال النبی، نور الہدایہ، شفاعت نامہ۔ دیدار نامہ تاج العقیدہ۔ مفتاح الایمان۔ آبحیات اور نثر میں شرف الایمان، نجات نامہ، نور الاسلام۔ ہدایت نامہ۔ کلید معرفت۔ باب المغفرت دستور الایمان اور نور الایمان ہیں۔ اور ان نثر و نظم کے رسالوں کا مجموعہ مصباح الحیات کے نام سے متعدد بار شائع ہو چکا ہے۔

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تذکرہ اردو مخطوطات کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو جلد چہارم صفحہ ۱۴۴ تا ۱۴۹۔

ابتدا: در بیان نعت آداب اصحاب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مصطفیٰ کے یار اور اصحاب کا　　یہ بیاں ہے مختصر آداب کا
نام سے تعظیم سے تو لا بسر　　جان ان کو دوستوں سے دوست تر
ان کے حق میں بدگماں ہرگز نہ ہو　　ان کے حق میں خیر سے کر گفتگو

انتہا: در بیان خاتمہ کتاب گوید

نا مجھے ہے لفظ و معنیٰ کی خبر　　نا ردیف و قافیہ پر ہے نظر
بھائی جاں کا ہے نام میر حسن حیات　　یہ دعا کر حق میرا اس کے دل کے ساتھ
اے خدا ایماں پہ ہو اس کا خاتمہ　　کر بحق مصطفیٰ اور فاطمہ
سمجھائی جاں آداب سعادت ہوئی تمام　　مصطفیٰ پہ ہو ... سلام

یہ ایک مختصر سا منظوم رسالہ ہے۔ میر محمد حیات میسوری اس کے مصنف تھا۔ اس میں استاد صوری و معنوی، ماں باپ اور دوسرے بزرگ، زوج و زوجہ، بادشاہ اور امرا کے سلطنت ہمسایہ، لباس، گفتار، رفتار، نشست و برخاست، سلام، مہمان، طعام وغیرہ کے آداب بیان کئے گئے ہیں۔ اس کا ایک نسخہ کتب خانہ ہذا میں ۹۲ پر موجود ہے۔

۱۱۵۹۔ رسالہ نور الایمان۔

تقطیع ۴½ × ۸" ، مسطر ۱۳ سطری۔ ورق ۳

ابتدا: بعد حمد خدا و نعت محمد مصطفےٰ کے ظاہر ہووے ہر ایک پر فرض ہے۔ اصول ایمان پر عمل کرنا اور کفر اور ایمان شرک سے دور ہونا جو کوئی کہ اصول دین پر عمل نہیں کیا اور کفر اور شرک سے دور نہیں ہوا۔ اگرچہ کلمہ ہزار بار پڑھے مومن نہیں۔

انتہا:۔ یہ رسالہ یہاں تمام ہوا نور ایمان اس کا نام ہوا۔
بضرورت لکھا ہے اس کو حیات ہو نبی پر درود اور صلوات

۱۱۶۰۔ رسالہ شرف الایمان۔ میر حیات

اوراق۔ ۹ ، مسطر ۱۳ سطری۔ تقطیع ۴½ × ۸"

ابتدا: دوسرا کلمہ کے بعد حسب ذیل عبارت ہے۔
تصدیق دل سے بولتا ہوں میں جو نہیں ہے کوئی معبود اور موجود مگر اللہ ہے۔ جو دور ایک بے شریک ہے۔

انتہا: نظم۔ یہ حدیثاں صحیح میں اور مشہور ہے لکھا اس کے تیئں حیات ضرور
شرف الایمان ہے جو اس کا نام ہو نبی پر درود اور سلام
تمت تمام شد

۱۱۶۱۔ رسالہ آب حیات۔ میر حیات

تقطیع ۴½ × ۸" ، اوراق۔ ۴۶۔ تعداد اشعار تقریباً ۱۴۰۰ مسطر ۱۳ سطری

یہ مثنوی ہے۔ میر حیات نے اس میں تصوف کی اصطلاحوں کو سمجھایا ہے۔ مثنوی کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ ہر باب میں اپنے مفہوم کی تشریح کے لئے حکایتیں دی ہیں۔ لیکن باب

کے عنوانات نہیں۔ ذیلی عنوانات سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ پہلے باب کے چند عنوانات حسب ذیل ہیں :۔

۱۔ دربیان بے وفائی دنیا و جفائے آن

۲۔ در بیان خصوصیت عمل موجب درجہ اوست

۳۔ در بیان خوبی انصاف

۴۔ دربیان علم و فن ظاہری موجب حسرت آخرہ است۔

۵۔ دربیان فضیلت من عرف

۶۔ دربیان ترغیب عشق

اسی طرح ہر باب میں ذیلی عنوانات ہیں۔ اہل طریقت کے لئے یہ مثنوی رہنما کا کام دیتی ہے۔

ابتدا :۔ حمد حق کے بعد ہے نعت نبی — دے ہدایت مومناں کو یا ربی

باب اول ہے نصیحت کا عجیب — با خبر ہو موت آئی عنقریب

انتہا :۔ کچھ خطا میرے سے ہو دے یا خلاف — تم خدا کے واسطے کرنا معاف

بھائی جاں تکرار اور ترتیب پر — فائدہ ہے اس میں ..... رکھنا نظر

نامہ اس کا دل کیا آب حیات — مصطفے پر ہو درود اں اور صلوات

اس کے دو نسخے ادارہ کے کتب خانے میں موجود ہیں۔ صفحہ ۳۰۹ تذکرہ مخطوطات جلد اول اور تذکرہ مخطوطات صفحہ ۲۸ جلد چہارم۔

۱۱۶۲۔ سراج العقاید - میر حیات

اوراق ۵ - تقطیع ۴½ × ۸ - مسطر ۱۳ سطری

یہ سو اشعار کی مثنوی ہے جس میں حنفی مذہب کے عقاید کی تشریح کی گئی ہے۔

ابتدا :۔ کروں ابتدا میں کجد خدا — عدم سے تھے ہم ہم کو پیدا کیا

ہے برحق محمد خدا کا رسول — کرے حکم اس کا دل و جاں قبول

سکھا ہم کو دے کر خدا و بندگی — بچھانو مجھے اور کرو بندگی

انتہا وہ کافر ہوا ہے سن اے نامور — عقاید سے ہرگز نکو پھیر سر

حیات یہ عقاید لکھا مختصر کہو اپنے دل سے دعا خیر کر
سراج العقاید ہوئی ہے تمام بحق محمد علیہ السلام

اس کا ایک مخطوطہ ادارہ کے کتب خانہ میں موجود ہے دیکھئے جلد چہارم ۸۰۵۔

۱۱۶۴۔ روح الایمان والاسلام۔ محمد جعفر

اوراق ۳۲۔ مسطر ۱۲ سطری

محمد جعفر نواب شمس الامرا امیر کبیر پائیگاہ کے ملازم تھے۔ نواب صاحب کے علمی ذوق اور ریاضیات و فلکیات پر عبوری سائنسی کتابوں اور طباعت کے سلسلے میں ۱۸۳۶ء میں حیدرآباد میں پریس کے قیام سے دکن کی تاریخیں شاہد ہیں۔ نیز دیکھئے تذکرہ مخطوطات جلد اول۔

نواب صاحب نے محمد جعفر سے فرمائش کی کہ وہ حنفی فقہ پر ایک رسالہ لکھیں۔ اسی حکم کی تعمیل میں یہ رسالہ لکھا گیا۔ ابتداً وہ اس امر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

ابتدا: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شروع کرتا ہوں نام سے اللہ کے جو نہایت رحم والا اور بڑا مہربان ہے۔ اور اسی کو سب تعریف سزاوار ہے رحمت اور برکت ہو جو اللہ کی اور جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو ہمارے پیغمبر ہیں۔ ایسے پیغمبر کہ انھوں نے ہمیں راہ گمراہی سے نکال کر روشنائی ایمان کی بتلائی اور اوپر ان کے اور صحابہ ان کے سب پر۔

اما بعد کمترین خاکپائے عالم خیر خواہ و لائق امت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محمد جعفر ملازم سرکار نواب مستطاب معلی القاب نواب شمس الامراء بہادر امیر کبیر یوں عرض کرتا ہے کہ میرے سردار نامدار دام اللہ اقبالہ کا امیر کبیر روش فرمائے بر فرمائے میر محبت اہل اللہ حق پرست خلایق پناہ سنی مذہب حنفی مشرب مدظلہ العالی نے اس خادم کو حکم کیے کہ تو واسطے تعلیم لڑکوں کے زبانِ ہندوی میں مسائل فقہ کے لکھ"۔

محمد جعفر نے فقہ کے مسائل کسی ترتیب سے نہیں لکھے بلکہ سوال و جواب کی شکل میں مختلف مسائل فقہ یکے بعد دیگرے بیان کیے ہیں۔

انتہا:۔ (آخری ورق پھٹا ہوا ہے) غسل کے کہتے ہیں جواب دو طرح کے ہیں اول ....
مردے کو غسل دینا اور دوسرا ......

۱۱۶۴۔ نجات نامہ ۔ میر محمد حیات ۔

سائز وغیرہ مندرجہ بالا۔ صفحات ۔ ۱۳۔
اس مختصر سے رسالے میں نماز کی ادائی کے طریقے بتلائے ہیں۔ یہ اول و آخر ناقص ہے۔

ابتدا:۔ اللہ اکبر بول کر سجدہ کرنا۔ تین بار سبحان ربی الاعلیٰ بولنا۔ پھر سر اٹھا کر اللہ اکبر بول کر سجدہ کرنا۔

اختتام: نوشاہ بولنا قبول کیا۔ گواہاں بولنا ہم شاہد ہیں بعد اس کے نسبت خیر کے فاتحہ پڑھنا ایک بار الحمد، تین بار (اس کے بعد ایک ورق نہیں ہے) اسی کے دوسرے صفحے پر رسالہ نور الاسلام شروع ہوا ہے۔

۱۱۶۵۔ رسالہ نور الاسلام ۔ میر محمد حیات

ابتدا:۔ راست فرمائے تم بعد از اں پیغمبر علیہ السلام عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمائے۔ اسے عمرؓ وہ شخص جبرئیل تھا۔ جو حکم نے خدا کے آ کر دین تمہارا تمہارے تیئں سکھایا۔

اختتام۔ رباعی ہو گئی اب یہاں حدیث شریف ہے لکھا اس کے تیئں حیات نحیف
نور الاسلام ہے جو اسکا نام ہو نبی پر درود اور سلام
اس کے بعد میر محمد حیات کے رسالے ہدایت نامہ کی جو صرف چار سطریں ہیں اور یہ بیاض ختم ہو جاتی ہے۔

۱۱۶۶۔ تضمین بر نظم سعدی ۔ میر محمد شجاع الدین مہر

سائز ۱۷½ × ۱۱ سمر ۔ اوراق ۶

میر محمد شجاع الدین حیدرآباد کے رہنے والے تھے۔ مہر تخلص کرتے تھے۔ انھوں نے سعدی کی ایک نظم اردو میں تضمین کی ہے۔ ہر بند میں چار شعر ہیں اور پانچواں شعر سعدی کا ہے پہلا بند ہے۔

بچپن گیا گئی وہ خوشی | تھی عجب طرح کی شہنشاہی
پھر جو پہنچی تھی آکے لڑکائی | چند کھیلوں میں وہ تمام ہوئی
بات پوچھو نہیں جوانی کی | ایک دم بھر کی تھی وہ مدہوشی
اب اے آغاز حالت پیری | بس فقط چند سانس ہیں باقی

ہر دم از عمر می رود نفسے
چوں نگہ می کنم نماند بسے

آخری بند ہے :-

تابکے غفلت اور نادانی | ہو کے گمراہ دشت پیمائی
جس طرف کو ہو اے تو راہی | نہیں یہ راہ تیری منزل کی
ہو خبردار راہ ہے سیدھی | بس اسی میں ہے تیری بہبودی
خبر نادان حضرت سعدی | کہہ رہے ہیں تیرا ہمدردی

پند سعدی بگوش دل بشنو
رہ چنین است مرد باش و برو

۱۱۶۷۔ قصاید بندہ

تقطیع ۱۹½ × ۱۳½ سمر ۔ اوراق ۳۵ ۔ کاغذ ۔ انگریزی پارچ رنگ کا اور چین استعمال ہوا ہے۔

یہ نواب فیاض الدین خاں المتخلص بندہ کے نعتیہ قصاید کا مجموعہ ہے ۔ یہ حیدرآباد کے معزز

گھرانے کے فرد اور نوابوں کے خاندان سے تھے بعد میں صوفیوں کے گروہ میں شرکت کی۔

ابتدا:۔ گلشن امید کے گلزار کو سونپ دیا احمد مختار کو

بعض اوراق سادے ہیں۔ بیاض کا لکھنے والا بھی ایک نہیں۔ کم علم حضرات نے بھی اس میں قصاید لکھے ہیں۔

یہ بیاض سید مراد علی صاحب طالع نے ادارہ کے کتب خانہ میں داخل کی ہے۔

۱۱۶۸۔ نجات قاسم ۔ محمد قاسم ابوالعلائیؒ داناپوری

تقطیع ۔ ۳۰ × ۲۲ سمر ۔ صفحات ۔ ۹۷

یہ کتاب حضرت امیر ابوالعلا قدس سرہ العزیز کے ملفوظات پر مشتمل ہے۔ اس کو پانچ قسمتوں پر تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلی قسمت ولادت حضرت امیر ابوالعلا قدس سرہ العزیز دوسری قسمت میں ترک دنیا اور فصول فیضان باطنی کا حال لکھا ہے۔ بیعت اور خلافت کا بھی ذکر ہے تیسری قسمت کرامات اور خوارق عادات پر مشتمل ہے۔ چوتھی قسمت میں حضرت قدس سرہ العزیز کے وصال کا ذکر ہے۔ اور وصال کے بعد جو کرامتیں ظہور میں آئیں انھیں بیان کیا گیا ہے۔ پانچویں قسمت میں آپ کے صاحبزادوں عزیزوں اور بعض خلفا کا ذکر ہے۔ اس طرح یہ کتاب حضرت امیر ابوالعلا قدس سرہ کی سوانح حیات کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ جس میں نسب نامہ اور شجرہ بیعت بھی موجود ہے۔

حضرت ابوالعلا کے والد سید ابوالوفا آگرہ ہی میں مقیم تھے اور آپ کی ولادت ۹۰۹ھ میں آگرہ اکبرآبادہی میں ہوئی۔ اور وصال صفر سنہ ۱۰۶۱ھ کو ہوا۔

محمد قاسم نے یہ کتاب سنہ ۱۲۶۱ھ کے بعد تحریر کی اور آپ کے حالات نہایت تفصیل سے دیئے ہیں۔

کتاب کا سرورق اور اس کا اندرونی صفحہ نقش و نگار سے مزین ہے اور سرورق کے ناصیہ پر بلغ العلیٰ بکمالہ کے چار مصرعے تحریر ہیں۔ دائرہ میں ۱۳۰۲ھ نجات قاسم سنہ ۱۲۹۶ھ ف میر سکندر علی ابوالعلائیؒ تحریر ہے۔ آخری سطر میں تحریر ہے۔ ملفوظات ابوالعلاؒ آیۂ اعظم مثنی

نجات قاسم۔
ترقیمہ:۔ ایں کتاب متبرکہ مسمی بہ نجات قاسم نقل باصل کتاب حسب ارشاد حضرت پیر و مرشد سید فرزند علی شاہ صاحب ابو العلائی دام اللہ برکاتہ، و فیضانہ، ایں کمترین جان نثار خاک پائے خدا ماں مرشدی فداہ قلبی بروے سند و اضافہ خاص و عام خیرباد۔ میر سکندر علی ابو العلائی نبیرہ نواب صمصام الملک مرحوم و مغفور . . . . امیدوار دعا عام و بہ اعانت حضرت حاجی مولوی عبد الخالق صاحب بخاری نقش بندی مدظلہ العالی۔

بیت:۔ یہ کہ خداوند دعا طمع دارم   زانکہ من بندہ گنہ گارم
شکر للہ کہ بہ دیدار مشرف گشتم   کام خود یافتہ با یار مشرف گشتم

بتاریخ ہفتم ماہ مبارک رمضان شریف روز چہار شنبہ بوقت صبح ۱۳۰۶ھ تمت تمام شد۔
اس کے بعد ایک ورق پر حباب سید عمر علی شاہ کا اس سلسلہ کا شجرہ بیعت قلمبند کیا گیا ہے۔
یہ کتب خانہ ہذا کا دوسرا نسخہ ہے۔ پہلے نسخہ کا ذکر تذکرہ اردو مخطوطات جلد پنجم میں ۱۱۴۰ نمبر پر کیا گیا ہے۔ صفحہ نمبر ۳۰۶ پہ۔

۱۱۶۹۔ اعجاز احمدی مثنوی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از نوازش علی خاں شیدا۔

سائز۔ ۲۳ × ۱۵½۔ خط نستعلیق۔ سطر ۱۲ سطری۔ پہلا ورق ندارد۔ دوسرا ورق پھٹا ہوا۔ اوراق ۷۴۔ تعداد اشعار دو ہزار
سید نوازش علی خاں شیدا (۱۷۳۲ - ۱۷۵۰) نواب نظام علی خاں آصف جاہ ثانی کے میر سامان اور بادشاہی عاشور خانے کے داروغہ تھے۔ بہت پر گو شاعر تھے ان کی ضخیم مثنویاں روضۃ الاطہار اور اعجاز احمدی کے متعدد نسخے حیدرآباد کے کتب خانوں میں موجود

ہیں۔ مرقع سخن جلد اول میں میر سعادت رضوی نے ایک تفصیلی مضمون بھی لکھا ہے جس میں ان کی تصانیف میں مذکورہ دو کے علاوہ گلشن ایمان (مجموعہ قصاید لتیہ) مراثی اور جامع الفوایڈ کا ذکر کیا گیا ہے۔ شیدا کے متعلق توزک آصفیہ، گلزار آصفیہ، دکن میں اردو، وضاحتی فہرست مخطوطات، کتب خانہ سالار جنگ، فہرست مخطوطات کتب خانہ آصفیہ، تذکرہ مخطوطات ادارہ میں معلومات دی گئی ہیں۔ لیکن ان کی تاریخ ولادت اور وفات کا کوئی علم نہ ہو سکا۔ ہاشمی مرحوم نے ۱۲۰۰ھ تک ان کے بقید حیات رہنے کی اطلاع دی ہے۔

اس مثنوی میں حضور اکرم صلعم کے قبل ولادت سے حضرت جعفر کے نجاشی کے دربار میں جانے کے واقعات تک کے حالات درج ہیں۔ حضور اکرم کے بعثت سے پہلے کے بھی حالات ہیں۔ اور بعثت کے بعد ہر سال کے علحدہ علحدہ عنوان کے تحت دیئے گئے ہیں۔ چند عنوانات حسب ذیل ہیں۔

۱۔ در بیان طلوع خورشید ساعت از مشرق کمال سعادت و معجزات آں روز بہجت اندوز۔

۲۔ در بیان غضب شدن عبدالمطلب۔

۳۔ احوال رضاعت حضرت خیرالبشر شافع یوم الحشر و معجزات آں انجام فرخندہ اتمام۔

۴۔ در بیان شرح صدر آں والا مقدار سپردن حلیمہ۔

۵۔ در بیان احوال سال ششم و ہفتم تا دوازدہم از ولادت باسعادت، آں والا نسب و رحلت آمنہ و عبدالمطلب بر الفت۔

ان دو ہزار اشعار میں شیدا نے صرف ایک شعر میں اپنا تخلص استعمال کیا ہے۔ کہتا ہے ؎

اسے شیدا تو کر اس بیاں کو تمام ۔۔۔ نبی کے اوپر بھیج درود و سلام

آغاز: ہوا سرنگوں تخت ابلیس کا ۔۔۔ دو کان بند ہوا اوس کی تلبیس کا

اختتام: پھر اب یاں سے کہہ کون اے نامدار ۔۔۔ خیال سفر توں حبش کا نہ کر

لے آیا ہے صدیق کے تیئں پھرا ۔۔۔ بولا سب قریشیوں سے یوں کہا

تم ایسے بزرگ اور مکرم کے تیئں ۔۔۔ نکالے وطن سے کئے خوب نیچ

تمت تمام شد

یہ مخطوطہ نواب یسین علی خاں صاحب یسین نے ادارہ کے کتب خانہ کو عطیہ دیا ہے۔
ادارہ کے کتب خانے میں اس کے اور بھی نسخے موجود ہیں۔

۱۱۷۰۔ اعجاز احمدی ۔ نوازش علی خاں شیدا

تقطیع ۲۴ × ۱۷ سمر ۔ مسطر ۱۳ سطری ۔ کاغذ انگریزی ۔ ناقص الاول و آخر
اوراق ۔ ۳۷

اس میں ایک شعر ہے۔ لیکن لفظ شیدا کے لئے جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہے۔ غالباً کاتب سرخی سے لکھنا چاہتا تھا۔

اے شیدا تو کر معجزے سب بیان — کہ تا بہرہ ور ہوئیں سن سامعاں

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پہلے اور اس نسخہ کا کاتب ایک ہی ہے۔ کاغذ کی نوعیت یکساں ہے۔

ابتدا: تب وہ کاسۂ شیرِ مصطفیٰ — مرٹے مجکو بولے چلاتا تو جا
میں اس کاسۂ شیر کو لیکے ہات — پلایا سبھوں کو غلم سیر سات

آخری اشعار: ہر ایک برج تھا برج مثل فلک — نگر رہ میں دیتی تھی تا بہو چنک
دکھے کیفیت اسکی کیونکر کوئی باد — بلندی تھے طول عمل سے زیاد

یہ نسخہ نواب میر سعادت علی رضوی نے ادارہ کے کتب خانہ کو بطور عطیہ مرحمت فرمایا ہے۔

۱۱۷۱۔ روضۃ الاطہار ۔ نوازش علیخاں شیدا

تقطیع ۲۳ × ۱۳ سمر ۔ مسطر ۱۴ تا ۱۶ سطری ۔ اوراق ۔ ۲۷
تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو تذکرہ اردو مخطوطات جلد اول صفحہ ۶۵، ۶۶
" " جلد سوم صفحہ ۱۳۷ ۔ ۱۳۸
" " جلد چہارم صفحہ ۱۹۹

دہم مجلس کا اب کھولوں ہوں دفتر — کہ جس کی سطر ہے یک صورِ محشر
ہوا جیسا صور سے محشر عالم — ہر یک ہے سطر اس کی محشرِ غم
نہ سمجھو ایک دن تھا ہو گی مصیبت — ہر یک ہے سال وہ روزِ قیامت

اختتام : اٹھا کر وہ سرِ محبوبِ داور — چڑھائے خونچکاں نیزے کے اوپر
سر سرور کہے تھے بول عنان پر — کہ جیوں خورشید نوکِ کہکشاں پر
جو کوئی دیکھا تو کہتا تھا بر وقت — مگر نکلا ہے خورشید قیامت
ہمیں معنی ز شاطرِ دل پسند است — کسی را ہر دو عالم سربلند است

اس کے متعدد نسخے حیدرآباد کے مختلف خانگی کتب خانوں میں موجود ہیں اور کتب خانہ سالارجنگ، کتب خانہ آصفیہ اور کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں بھی ہیں۔

۱۱۷۲۔ تذکرہ اولیائے گجرات۔ مصنفہ۔ مُنیر

سائز ۲۰ x ۳۰ سمر، اوراق۔ ۵۱ مسطر ۱۳ سطری۔ کاغذ قدرے بادامی دبیز
خط نستعلیق۔ ناقص الاول و وسط و آخر

یہ اولیا کا تذکرہ ہے۔ ابتدا میں خواجگان چشت کے سوانح حیات دیئے گئے ہیں۔ حضرت خواجہ فضیل کا ذکر پہلے صفحہ پر ہے۔ اس کا ابتدائی حصہ ضائع ہو گیا ہے۔ سلطان ابراہیم بن ادہم بلخی۔ حضرت خواجہ سدید الدین ابی حذیفۃ المرعشی، حضرت خواجہ امین الدین ابی ہبیرۃ رابعہ بصری حضرت ممشاد دینوری۔ ابو اسحٰق چشتی۔ خواجہ ابو احمد ابدال چشتی۔ اس کے بعد اوراق نہیں ہیں۔ اور حضرت قطب الدین بختیار کاکی کا ذکر شروع ہو جاتا ہے۔ آپ کے ۲۵ خلفا کے نام بتلائے ہیں۔ پھر حضرت فرید الدین مسعود گنج شکر۔ حضرت نظام الدین اولیا۔ کے حالات ناقص ہیں۔ جمال الدین چشتی کے حالات بیان کئے گئے ہیں۔

حضرت کے خلفاء کا مختصر حال بیان کرنے کے بعد حضرت شیخ حسن محمد چشتی گجراتی، شیخ محمد چشتی محبوب اللہ گجراتی۔ شیخ محمود چشتی محبوب اللہ گجراتی۔ شیخ محمود چشتی گجراتی احمد آبادی، رکن الدین احمد گجراتی احمد آبادی، جمال الدین جمن ثانی۔ صادالموس محمد فرخ صوفی۔ رکن الدین

احمد ثانی۔ شیخ محمود میاں چشتی۔ آپ کا شجرہ نسب بھی دیا ہے۔ جس کا سلسلہ حضرت عمر فاروق رضی سے جا ملتا ہے۔ اکثر بزرگوں کی تصانیف کا بھی ذکر ہے اور تذکرہ کی ترتیب کے لئے متعدد تذکروں سے استفادہ کیا ہے۔ جن میں چند حسب ذیل ہیں۔

۱۔ منشور شریف ۲۔ سیر الاقطاب ۳۔ سفینۃ الاولیا ۴۔ خیر الواصلین ۵۔ تذکرۃ العاشقین ۶۔ خزینۃ الاصفیا ۷۔ طردۃ الوثیق ۸۔ فوائد المواد ۹۔ سیر الاولیا ۱۰۔ افضل الفوائد ۱۱۔ خیر الاولیا ۱۲۔ سراج العارفین ۱۳۔ مفتاح الکرامات ۱۴۔ مرات ضیائی ۱۵۔ فرادیس فرخ شاہی ۱۶۔ شجرہ طیبہ ۱۷۔ اظہار خوارق صوفیہ ۱۸۔ سید محمودی وغیرہ۔

۱۱۷۳۔ رد وہابیہ۔ مصنفہ عالم علی شوخی

تقطیع ۲×۱۷ سمر۔ اوراق ۶۲۔ کتابت ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۳۱ھ کاتب محمد عبد الغفار پسر عبد الرزاق۔

یہ رسالہ سید اسمٰعیل شہید کی کتاب تقویۃ الایمان کے جواب میں لکھا گیا ہے۔ آیات اور احادیث سے استفادہ کیا گیا ہے۔ استعانت، نذر، تعظیم بزرگاں وغیرہ جیسے مسائل کو دلائل سے ثابت کیا گیا ہے۔

ابتداء:- اعراس کے باب میں حضرت مولانا سید شاہ عبد الرحمٰن قدس سرہ العزیز کی جناب میں یوں عرض کیا گیا تھا کہ کتاب تذکرۃ الاعراس ملاحظہ نور میں گزری ہے ارشاد ہوا ہے یعنی ہاں اوس کی مصنف نے بیچ تواریخ وفات انبیاء و اولیاء کوشش بلیغ کی ہے۔

اختتام: پس مباح تہوگی مانند سب آوازوں کے اور لیکن سب ڈھول نزدیک اور طاہر تہ العطانیہ کی مدح ہیں۔ اور غزالی بیچ احیا اور وسط کے ساتھ اباحت سب ڈھولوں کی سوائے طبل کوبہ کے قائل ہے۔

ترقیمہ: بفضلہ تعالیٰ یہ کتاب رد وہابیہ خواستہ اور مولوی عالم علی شوخی بتاریخ ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۳۱ھ از دست ذی فقیر محمد عبد الغفار پسر عبد الرزاق مرحوم روز یکشنبہ بہ اختتام رسید۔

رد وہابیہ کی مزید تفصیل کے لیے دیکھیے تذکرہ مخطوطات جلد اول ص ۲۲۵

۱۱۷۴۔ رسالہ بدعت ۔ (کتاب کا نام نہیں دیا ہے)

اوراق ۲۷۔ تقطیع ۳۰ × ۱۸ سمر۔ سطر ۱۷ سطری۔ کاغذ۔ انگریزی
خط۔ روشن اور صاف۔ مصنف امداد حسین برادر محمد ارشاد حسین رامپوری
کاتب۔ محمد عبد الرزاق۔ تاریخ کتابت ۱۴ر جمادی الاول ۱۲۹۳ھ ہے۔
یہ رسالہ مختلف آیات اور احادیث کو پیش کرتے ہوئے اسلام میں بدعت کا اظہار کیا گیا ہے۔

ابتدا:۔ الاسلام والسبس فیہ فہو ای الذی احدثہ رداى مردود عیہ قال قاضی المعنی من احدث فی الاسلام رایا لم یکن لہ من الکتاب والسنۃ سند ظاہر او خفی ملفوظا او مستنبط فہو مردود علیہ اور حدیث کل بدعۃ ضلالۃ کے ترجمہ کو سنبلو اسی حدیث کے بعد لکھتے ہیں۔ الخ

اختتام: درایں ایام خجستہ فرجام رسالہ از تصانیف جناب مولوی صاحب و قبلہ مظہر علوم روحانی معدن فنون سبحانی کاشف غوامض اصول جامع نکات معقول و منقول مقبول کونین اعنی مولانا امداد حسین برادر کلاں جناب مولوی ارشاد حسین صاحب رامپوری مدظلال افضالہم علی رؤس المسترشدین در عہد تصفیت مہد جناب نواب محمد کلب علی خاں صاحب بہادر دام اقبالہم و ضاعت اجلالہم بدست خط احقر العباد اضعف الافراد ہیچ کارہ آفاق محمد عبد الرزاق در سن ۱۲۹۳ھ یکہزار و دو صد و نود سہ ہجری مقدس صلعم بروز پنجشنبہ چہاردہم جمادی الاول سہ بالا طرز اختتام پوشید۔

من نوشتم صرف کردم روزگار من کاتم ایں بماند یادگار
الہی بیامی ایں بر سرر را نویسندہ خوانندہ و گویندہ را

۱۱۷۵۔ محمد عبد القادر صدیقی۔ از مناظر احسن گیلانی صدر شعبہ دینیات جامعہ عثمانیہ

سائز۔ ۲۷ × ۱۸ سمر۔ اوراق۔ ۵۰۔ تاریخ کتابت یکم ذیعقدہ ۱۳۶۲ھ

محمد عبد القادر صدیقی پر یہ ایک تاثراتی مضمون ہے جس کو مولانا مناظر احسن گیلانی صدر شعبہ دینیات جامعہ عثمانیہ نے صدیقی صاحب کی وفات پر قلمبند کیا ہے۔ ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد کے موسسین میں پہلا نام تو ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور ہی کا ہے دوسرا پروفیسر عبد المجید صدیقی اور تیسرا محمد عبد القادر صدیقی، چوتھے عبد القادر سروری اور پانچویں نصیر الدین ہاشمی۔

عبد القادر صدیقی عالم شباب میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ وہ شعبہ دینیات کے طالب علم بھی رہے اور پھر اسی شعبہ میں لکچرار پر تقرر ہوا۔ ان کا انتقال ۱۳۴۲ھ/۱۹۲۳ء کو ہوا۔ مولانا مناظر احسن گیلانی نے ان کے تعلق سے یہ تاثراتی مضمون لکھا ہے۔

۱۱۷۶۔ مکتوبات مشاہیر بنام ارباب ادارہ

سائز۔ مختلف۔ تواریخ ۱۳۴۷ھ تا ۱۳۵۶ھ۔

یہ چند اصلی خطوط کا مجموعہ ہے۔ ملک کے مشاہیر، عالموں اور سیاستدانوں اور ادیبوں نے ادارہ ادبیات اردو کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ چند خطوط اس موضوع سے ہٹ کر بھی ہیں۔ جن میں ڈاکٹر زور سے نجی کاموں کے سلسلے میں مراسلت کی گئی ہے۔ مکتوب نگاروں کی فہرست حسب ذیل ہے۔

۱۔ مولانا حسرت موہانی۔ ۲۔ آصف علی۔ ۳۔ سید مسعود حسن رضوی۔ ۴۔ مولوی عبد الحق ۵۔ پیارے لال شاکر میرٹھی۔ ۶۔ مرزا یار جنگ۔ ۷۔ قاضی عبد الغفار۔ ۸۔ ثاقب کانپوری ۹۔ پنڈت جواہر لال نہرو۔ ۱۰۔ سر اکبر حیدری۔ ۱۲۔ شجیع الدین نیر۔ ۱۳۔ آغا حید حسن۔ ۱۴۔ انجم سلطانی ۱۵۔ محمود بریلوی۔ ۱۶۔ کاظم علی خاں۔ ۱۷۔ جعفر علی خاں اثر لکھنوی۔ ۱۸۔ غلام مصطفےٰ خاں۔ ۱۹۔ نجیب اشرف ندوی۔ ۲۰۔ جمال حیدر فرنگی محلی۔ ۲۱۔ بشیشور پرشاد منور۔ ۲۲۔ سید علی اصغر بلگرامی ۲۳۔ غلام طیب ۲۴۔ محمد سردار علی (ایڈیٹر تجلی) ۲۵۔ صادق اظہری۔ ۲۶۔ احمد ندیم قاسمی ۲۷۔ لطیف سعید۔ ۲۸۔ الطاف مشہدی۔ ۲۹۔ عندلیب شادانی۔ ۳۰۔ ابو سعید مرزا ۳۱۔ الیاس برنی ۳۲۔ ابراہیم جلیس۔ ۳۳۔ علی یاور جنگ ۳۴۔ عبد العزیز فطرت اور ۳۵۔ سلام مچھلی شہری۔

۱۱۷۷۔ بیان عقاید ۔ مصنف نامعلوم

اوراق ۔ ۲۹ ۔ مسطر ۔ ۹ سطری ۔ سائز ۔ ½۴ ۵" × ½ ۷" ۔ زمانہ تصنیف مابعد ۱۲۵۰ھ

آغاز : ایمان کس کو کہتے ہیں جو پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم خدا کے پاس سے لائے ان کو سچا جاننا اور گردیدہ ہونا دل سے اور زبان سے اقرار کرنا اور عمل کرنا یعنے نماز پڑھنا ۔ اور روزہ رکھنا اور اعمال صالحہ کرنا ۔

اختتام : عورتوں کو چاہیئے کہ نامحرموں سے زینت اور مواضع زینت کو ڈھانپیں ۔ نامحرم نہ دیکھیں ۔ بے اجازت شوہر کے گھر سے نہ نکلیں ۔ نہ شوہر کے مال و آبرو میں خیانت کریں ۔"

اس مخطوطہ میں درمیان سے کچھ اوراق غائب اور آخر میں بھی کچھ غیر متعلقہ صفحات شامل ہو گئے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسالہ جس میں عقائد اور فقہی مسائل کی تشریح کی گئی ہے کسی فارسی کتاب کا ترجمہ ہے ۔ عنوانات سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں جنھیں ذیل میں نقل کیا جاتا ہے ۔

بیان رحمت الہی ۔ بیان حکمت در سوال جواب میت در قبر
تفسیر حسینی ۔ بیان جوش خوردن رحمت الہی در چہار جا ۔
مسلمانوں کا حق ۔ ضروری باتیں جو مسلمانوں کو لازم ہے ۔

۱۱۷۸۔ کتاب الشہادۃ مصنف : نامعلوم

اوراق ۔ ۷۹ ۔ مسطر ۔ ۱۱ سطری ۔ سائز ½۵" × ۸" ۔ سنہ تصنیف ۱۳۱۲ھ
ورق نمبر ۹ پر ایک کونے میں اوپر سنہ تصنیف ۲۶ رجب ۱۳۱۲ھ لکھا ہوا ہے ۔ جو کاتب ہی کے خط میں ہے ۔

خط ۔ نسخ ۔ کاتب ۔ نامعلوم

آغاز:

"باب اول شہادت کی تعریف اور اس کی رکن و سبب ادا و حکم و شرائط و اقسام کے بیان میں شہادت یعنی گواہی کی تعریف یہ ہے کہ مجلس قضا میں گواہی کے لفظ کے ساتھ حق ثابت کرنے کے واسطے سچی خبر دینے کو شہادت کہتے ہیں"۔

اختتام:

"ایک شخص کے ہاتھ میں ایک بکری تھی کہ اس طرف سے ایک شخص گزرا اور بکری والے نے اسے کہا کہ ذبح کردے اس کو اس نے ذبح کردی پھر ایک شخص گزرا اور بکری والے نے اسے کہا کہ اس کو ذبح کردے۔"

اس مخطوطے میں گواہی دینے کے شرائط، اقسام اور دوسرے مسائل بیان کیے گئے ہیں کتاب چار ابواب میں تقسیم کی گئی ہے چونکہ پہلے ورق کے بعد کچھ اوراق غائب ہیں اس لئے دوسرے باب کا عنوان معلوم نہ ہو سکا۔ دوسرے ابواب کے عنوانات درج ذیل ہیں۔

۱۔ باب اول: شہادت کی تعریف اور اس کے رکن و سبب ادا و حکم و شرائط و اقسام کے بیان میں۔

۲۔ باب دوم (اوراق غائب ہیں)

۳۔ تیسرا باب گواہی ادا کرنے اور اس کی سماعت کی صورت کے بیان میں۔

۴۔ چوتھا باب ان لوگوں کے بیان میں جن کی گواہی مقبول ہے اور جن کی گواہی نامقبول ہے اور ان میں چند فصلیں ہیں۔

فصل اول:۔ ان لوگوں کے بیان میں جن کی گواہی اس سبب سے نہیں مقبول ہے کہ وہ گواہی کے لائق نہیں ہے۔

دوسری فصل:۔ ان لوگوں کے بیان میں جن کی گواہی بہ سبب فسق کے مقبول نہیں ہے

تیسری فصل:۔ ان لوگوں کے بیان میں سبب تہمت کے نامقبول ہے۔

۱۱۷۹۔ ترجمہ قول الجمیل۔ مصنف مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی۔

اوراق۔ ۴۹۔ مسطر۔ ۹ سطری۔ سائز۔ ۸ × ۵½۔ زمانہ تصنیف؟

آغاز :-

" شفا العلیل مصنفہ مولوی خرم علی ترجمہ قول الجمیل مصنف حضرت عارف باللہ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ۔ فرماتے ہیں ۔ قال اللہ تعالیٰ رسولہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مذکر ان نفعت الذکریٰ یعنی نصیحت کیا کر ۔ اگر نصیحت فائدہ دیوے تو ۔"

اختتام :

" ما اخرجہ الطبرانی وحدکم عن ابن عباس رضی قال قال رسول اللہ یا بنی عبدالمطلب الیٰ "

اس ضخیم قلمی کتاب میں وعظ اور پند ونصیحت کے طریقے بیان کئے ہیں اور وعظ گوئی کے آداب پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔

جگہ جگہ قرآن شریف کی آیتیں ، احادیث کے علاوہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی ۔ حضرت عبداللہ انصاری ، حضرت بایزید بسطامی حضرت ابراہیم ادہم کے اقوال اور حضرت شیخ سعدی کے اشعار بھی درج کئے گئے ہیں ۔ اس کتاب کے عنوانات سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں ۔ چند عنوانات درج ذیل ہیں ۔

خدا کی معرفت کا بیان ۔ خلق نیک کی علامت کا بیان
جمعہ کی فضیلت ۔ شریعت اور طریقت کا بیان
رد وہابیہ وغیرہ ۔

یہ کتاب شائع ہو چکی ہے ۔

۱۱۸۰ - جنگ نامہ سید عالم علی خاں نظام الملک

سائز ۵½ × ۸ - اوراق ۲۰۰ - خط شکستہ - سطر ۱۳ تا ۱۵ سطری

مصنف کا نام معلوم نہ ہو سکا ۔

ناقص الاول ۔

اس مثنوی میں ابتداً حمد ، نعت اور منقبت لکھی گئی ہے اور اس کے بعد قصہ کی ابتدا کی گئی ہے ۔ عالم علی خاں کی وفات کے بعد شاعر نے یہ مثنوی لکھی ہے اور اس میں جنگ عالم علی خاں

اور نظام الملک کے چشم دید واقعات کو نظم کیا۔ عالم علی خاں فرزند اللہ وردی خاں صوبہ دار برہان پور اس جنگ میں کام کیا۔ یہ جنگ شکر کھیڑہ کے مقام پر ہوئی اور ۹ شوال کو عالم علی خاں زخموں سے جانبر نہ ہو سکا۔

آغاز :-

موقر کیا سو ٹھہار نہیں — زیادہ کم و بیش کر نہار نہیں
ہے مالک ملک اس کے فرمان میں — ہے غالب دو عالم کے میدان میں
کرے لطف کی آپس جس پر نظر — دیوے تاج سر پر پھراوے چھتر

مثنوی کا موضوع ۔

عزیزاں یو قصہ ہے طوفان کا — اور عالم علی خاں جیسے شان کا

اختتام :-

رکھو دل جمع اور خاطر قرار — لڑوں گا جو چل آئینگے لک سوار
دلاسا دیا اور کیا اسلام — دریا خوب رہتے کون عالی مقام
جکوی یہ حکایت پڑیگا تمام — پڑو فاتحہ اور درود و سلام

تمت تمام شد

اس مثنوی کا ایک مخطوطہ اسٹیٹ سنٹرل لائبریری (کتب خانہ آصفیہ) میں بھی موجود ہے۔ (دیکھئے فہرست مخطوطات کتب خانہ آصفیہ جلد اول مرتبہ نصیر الدین ہاشمی ص۱۴۲)

مثنوی کے آخر نہ کوئی ترقیمہ ہے۔ نہ سنہ تصنیف اور نہ ہی کاتب کا نام۔

املا کی غلطیاں بہت ہیں۔ جس سے مطالعہ میں دقت پیدا ہوتی ہے۔

آخر میں یعقوبی اور چوکور دو مہریں نواب عنایت جنگ کی اس پر ثبت ہیں۔ یہ مثنوی ادارہ کے کتب خانہ کو موصوف کا عطیہ ہے۔

۱۱۸۱۔ جنگ نامہ حنیف شاہ

سائز- ۴½ × ۶" - اوراق ۱۱۷ - سطر - ۱۲ سطری - خط نستعلیق
کاغذ قدیم دیسی کرم خوردہ۔ مصنف سیوک سنہ تصنیف ؟
سنہ کتابت ۱۲۰۳ھ

مثنوی جنگ نامہ حنیف شاہ کے متعدد نسخے ہند و پاک کے کتب خانوں میں موجود ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔

کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں اس کے تین نسخے ہیں، جن میں سے دو سیوک ۱۰۹۲ھ کی تصنیف ہیں اور ایک شیرتن ۱۱۸۵ھ سے منسوب ہے (دیکھئے تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو جلد سوم صفحہ ۱۷۱)

کتب خانہ سالار جنگ میں اس مثنوی کے دو نسخے محفوظ ہیں جن میں ایک سیوک ۱۰۹۲ھ کی تصنیف ہے اور دوسری کسی نامعلوم شاعر کی مثنوی ہے۔ (دیکھئے فہرست مخطوطات کتب خانہ سالار جنگ ص ۶۰۵ اور ص ۶۲۶۔

عجب رات تھی رات اس دن کی رات ۔۔۔ کواکب قمر کوں لے اپنے سنگات

محمد حنیف شاہ عرب خوش شکل ۔۔۔ پسر مرتضیٰ کا پدری نسل

حکایت ان کی پھر تو الیا دل میں ۔۔۔ اگت ایک برسانت بر ساون میں

برس تین لک بھی لڑے ایکھٹار ۔۔۔ ادھٹے ہور بیٹھے مل کھڑے ایکھٹار

دو ہزار آٹھ سو (۲۸۰۰) اشعار پر مشتمل یہ مثنوی حمد و نعت سے شروع ہوتی ہے اور پھر قصہ کا آغاز ہوتا ہے۔ جنگ نامہ حنیف شاہ کا مختصر خاکہ یوں ہے کہ حضرت امام حسین اپنی شہادت سے پہلے محمد حنیف کے نام ایک مکتوب روانہ کرتے ہیں جس میں اپنے بھائی حسن کو زہر دے کر مار ڈالنے کا ذکر تھا، حضرت حسین نے یہ بھی لکھا تھا کہ مجھے قتل کیا جا رہا ہے۔ جب یہ خط محمد حنیف کو ملا تو وہ فوراً یزید سے جنگ کے لئے آمادہ ہو جاتے ہیں، جنگ ہوتی ہے اور آخرکار محمد حنیف غار میں چلے جاتے ہیں اور بجلی گرنے سے غار غائب ہو جاتا ہے۔

کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں ظفر نامہ محمد حنیف کے عنوان سے ایک مثنوی موجود ہے جس کو لطیفؔ نے لکھا ہے۔ اس مثنوی کا ذکر پروفیسر سروری نے فہرست مخطوطات ص ۹۶ میں کیا ہے۔

کتب خانہ آصفیہ میں اس مثنوی کا ایک ناقص الاول نسخہ ہے جو سیوک (حسن بیگ) کی تصنیف ہے۔ اس مثنوی کا تذکرہ مولوی نصیر الدین ہاشمی نے فہرست مخطوطات کتب خانہ آصفیہ

جلد اول ص ۱۲۰ میں کیا ہے۔

کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی میں جنگ نامہ محمد حنیف شاہ کے دو نسخے ہیں۔ یہ دونوں سیوک کی مثنویاں ہیں۔

آغاز :-

بحکم خداوند جاں آفریں ۔ جو ہے پاک اوپاک رب العلمین
محمد کا صدقہ ہو سب پر سرس ۔ دیا فاص عرفان کا خوش درس
کہوں ایک جنگ شاہ شیر زماں ۔ حسین شاہ ابن علی بعد ازاں
سوں اس نادں شاہ محمد حنیف ۔ کہ جیں کو نبی سا رہے جد حنیف
سو اس شاہ کا اوعرب بھائی تھا ۔ ابا ایک ہور بھائی دو مائی تھا

مثنوی میں بعض عنوانات اور اشعار سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ جن میں سے چند یہ ہیں ؎

داستان دیگر امام حسین بوقتے آخر خود قاصد با پیش محمد حنیف بکو فرستادند۔

داستان دیگر کہ محمد حنیف جہت مدد خود برادران خود بر چہار نامہ نوشتہ اند۔

از آنجی کہ برادر عزے علی ۔ وطالب علی د غاقل علی

جو او رات میانے گذر گئی سکل ۔ سورج لیکے نکلیا بڑا جنگ جدل

رین تھی جو ساری گذر گئی سکل ۔ سورج لہو میں تھا تاچہ آیا نکل

یو کہتا ہوں یاں تے حکایت دگر ۔ د ہو کر سکتا جو تھا پیٹا لغر

اختتام :-

ہوا سخت بیداسو تیاک سوں ۔ چلیا دل حنیف شاہ کے انکھات سوں
پیٹ تلملا آہ مارن لگے ۔ اتی یا اتی کر پکارن لگے
بے راحت ہو مطلق فراقی ہوئے ۔ گنواں عیش مطلق بے قابو ہوئے

رہے شکرگزاران کر جانداں   خداوند رحمان بڑا مہربان
مرتب ہوا جنگ نامہ تمام   بگی دکنی کرا لطف حسن کلام

ترقیمہ :-

این کتاب جنگ نامہ فضل سے رسول صلی اللہ علیہ و الہ و اصحابہ وسلم کے ہات سے محمد علی ولد شیخ محمد لکھا گیا ہے ۔ بتاریخ ماہ رمضان بتاریخ پندرویں روز پنج شنبہ ۱۲۰۳ھ ہجری ۔

تمت تمام شد

یہ مخطوطہ نواب یسین علی خاں صاحب نے ادارہ کے کتب خانہ کو تحفۃً عنایت فرمایا ہے

۱۱۸۲ ۔ رسالۂ فرائض ۔ مصنف نامعلوم ۔

درق ۴۸ ۔ مسطر ۱۵ سطری ۔ خط نسخ صاف ۔ زمانہ تصنیف ۱۲۵۰ھ
سائز ۱/۲ ۶" × ۱۲" (ناقص الاول و آخر)

آغاز :

" (کرم خوردہ) . . . . . الزن قیاس کریگا اوس میں اوس کی رحمت زیادہ ہے . . . . . . ہمیشہ واسوہے ہر چیز کتیں کھری لیکن حق تعالیٰ . . . . . ہدایت کرتا ہے وہ ہدایت پاتا ہے "۔

اختتام :-

" قبر کے پاس جاکر فاتحہ دینا تو ماباپ کا حق اس کے ذمے سے ادا ہوے گا۔ بیٹا بیٹی کا حق ماباپ اوپر یہ ہے ۔ بچے کا حق ماباپ اوپر تین چیزاں ہیں ۔"

پیش نظر مخطوطہ اردو نثر کا ایک قدیم رسالہ ہے جس میں آیات ، احادیث ، روایتوں اور حکایات کے ذریعہ مختلف حقوق و فرائض کی دل نشین انداز میں وضاحت کی گئی ہے ۔ یہ رسالہ سات ابواب میں منقسم ہے ، لیکن ناقص الطرفین ہونے کی وجہ سے اس میں صرف چار ابواب ہی موجود ہیں ۔ تیسرا اور ساتواں باب نامکمل ہے ۔

ہر نئے باب کا عنوان سرخ روشنائی سے لکھا گیا ہے ۔ عنوانات کی تفصیل درج ذیل ہے ۔

(تیسرا باب) ۱۔ ماباپ کی نافرمانی اور رنج دینے کے عذاب میں اور فرزنداں کا حق ماباپ پر ہے سو بیاں میں۔

۲۔ بیان میں عذاب ازناد حرام کے

(باب چہارم) ۳۔ مرداں مردے ساتھ اور عورتاں عورتاں کے ساتھ مشغول ہونے کے عذاب میں۔

پانچواں باب :۔ مرد کا حق جورو پر ہے سو بیان میں۔

چھٹا باب :۔ جورو کا حق مرد پر ہے سو بیان میں

(۱) صلہ رحمی کے بیان میں (۲) بیان میں مسلمانوں کو رنج دینے کے عذاب میں۔

ساتواں باب :۔ آپ کو آپ مار لینے کے اور ناحق دوسرے کوں قتل کرنے کے اور پیٹ گراکر بچوں کو مارنے کے عذاب میں۔

۱۱۸۳۔ بیاض مناقب۔ مصنف: مختلف شعراء

ورق۔ ۳۷ ۔ ۱۴ اشعار فی صفحہ ۔ خط۔ شکستہ نستعلیق ۔ زمانہ تصنیف قبل ۱۲۵۰ھ ۔ سائز ۲/۱ ۵" × ۲/۱ ۸" ۔

آغاز

کاش کے ہوتا اگر تو بھی گل بستانی
مثل بلبل کے یہ کرتا میں قصیدہ خوانی
باغباں شاہد گل باش ہمیں رنگ وفا
از گل باغ کجا شانہ شد بوے دغا

اختتام :

ہزل جو صفر موا وہ خدا کا مل ؟
اب وہ لعل کوئی سمجھے لامثال ؟
اس ذہنت کلے ایسے تمنے سلے سخت سوال ؟
اوس کا جواب دینے نیں کس کو ہے مجال ؟

اس بیاض میں حسب ذیل شاعروں کے اردو اور فارسی منظومات شامل ہیں۔

۱۔ سید برہانؔ ۲۔ رضاؔ ۳۔ امیرؔ ۴۔ ضاربؔ ۵۔ عقلانؔ ۶۔ امکانؔ ۷۔ عاملؔ ۸۔ فدویؔ

اور ان کے شاگردوں کی منظومات شامل ہیں۔ لیکن برہان اس بیاض میں سید برہان کا کلام زیادہ ہے۔ برہان دکن کے ایک منقبت نگار شاعر ہیں، ان کی کچھ اور نظمیں اور مرثیے ادارہ ادبیات اردو میں موجود ہیں (دیکھئے تذکرہ مخطوطات جلد اول ص۲۹۳ جلد چہارم ص۲۵۱)۔ برہان کے متعلق ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ لکھتے ہیں۔

"سید برہان اللہ قادری قندھار شریف کے رہنے والے تھے۔ بعد کو اودگیر گئے اور وہاں سے حیدرآباد آئے۔ . . . . . ۱۲۹۰ھ سے قبل وفات پائی۔ ان کے شاگردوں نے بھی اپنی نظموں میں ان کی غیر معمولی تعریف و توصیف بیان کی ہے"۔ اس بیاض میں کچھ طویل منظومات بھی شامل ہیں۔ اس طرح یہ مخطوطہ ایک کتاب نہیں بلکہ کئی کتابوں کا مجموعہ ہے۔ مگر اس میں ایک اہم نقص یہ ہے کہ ہر شاعر کا کلام الگ الگ اور مسلسل نہیں لکھا گیا۔

روایت ابوشحمہ :۔ یہ سید برہان کے شاگرد امکانؔ کی ایک منظوم داستان ہے جس کا آغاز ان اشعار سے ہوتا ہے۔

اے دل اول تو حمد خالق کر	بعد نعت جناب پیغمبر
لکھ روایت کوئی نرالی کتاب	جسکی تعریف سب کریں احباب

اختتام کے اشعار یہ ہیں۔

جو ہے ان کی تو ثنا کا بیان	ہوئے تحریر تجھے کیا امکان
ہیں ترے شعر سنہر طان	از طفیل اسم سید برہان
حق تعالیٰ انھیں رکھے شاداں	ملے جنت میں ان کو خاص مکاں
ترے یہ شعر گوہر اشعار	مدح خوانوں میں ہے نشر اظہار

یہ مثنوی تقریباً ۱۹۵ اشعار پر مشتمل ہے۔ اسی موضوع پر گولکنڈہ کے آخری دور کے ایک شاعر اولیا نے بھی ایک مثنوی لکھی تھی جس کے متعدد نسخے ادارہ ادبیات اردو۔ کتب خانہ سالار جنگ اور کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہیں۔

روایت عباس :۔ از ضاربؔ۔ یہ مثنوی ستر اشعار پر مشتمل ہے۔

اختتام :-

جب چلے رن کو حضرت عباس گھر میں ہوتا ہے رخصت عباس
رکھ دے تو قلم کو اے ضارب اشک آنکھوں سے اب بہا ضارب

۱۱۸۴۔ مجلس دہم۔ مصنف نامعلوم

ورق ۲۶۔ مسطر۔ ۱۶ سطری ۔ خط۔ نستعلیق شکستہ سائز ۹½ × ۵½"
زمانہ تصنیف۔ قبل ۱۲۵۰ھ۔

آغاز :

دہم مجلس کا اب کھول بجر دفتر
کہ جس کی سطر ہے یک صور محشر
ہر چہ صدر سے محشور عالم
ہر یک ہے سطر اس کی محشر غم
نہ سمجھو ایک دن ہوگی مصیبت
ہر یک ہے سال ہر روز قیامت

اختتام :

سر سرور کہرتی یوں سناں پر
کہ جیوں خورشید نوک کہکشاں پر
جو کوئی دیکھا سو کہتا تھا برفت
مگر نکلا ہے خورشید قیامت
ہیں معروز شاہاں دل پسند است
ستی راہر دو عالم سربلند است

اس بیاض کی ابتداء میں سرخ روشنائی سے مجلس دہم لکھا گیا ہے اور بسم اللہ کے بعد دسویں مجلس کے احوال بیان کیے گئے ہیں۔ مصنف کے بارے میں کچھ پتہ نہیں چلتا کتاب کے آخر میں کوئی ترقیمہ نہیں ہے جس سے شاعر کا نام سال تصنیف یا کاتب کا نام ہو سکے۔

۱۱۸۵۔ بیاض (پنجابی)

اوراق ۲۸۔ سطر ۱۶ سطری۔ خط۔ نستعلیق سائز۔ ۷" × ۱/۲ ۱۲"
زمانہ تصنیف ۱۳ھ

آغاز :۔

"پوچھا کہ بیٹے جی ہلتے کیوں ہو کہا کہ تو گا ئی جائیں ہلے جاویں کہا ارے بابا تو نے پنجابی بہاکھا سنی ہے تو کہا دو ہا باجن دی کھڑی۔
کل سٹڑی مت چھیڑ　؎　تجے پرانی کی بری تو اپنی آپ نبیڑ"

اختتام :۔

اشلوک دیگر
آ سنگارت سنک دوشی نا ستے جا یتے برما
اکر ا ترتی پر سنگی نا کا اشٹ کنڈا برشما
اشلوک چھہ اوتار

اس بیاض میں ابتدا میں پنجابی میں ایک نثری رسالہ ہے جس کے درمیان کچھ دوہرے، کبت جھولنا، اشلوک بھی شامل ہیں۔ اس کے بعد درمیان میں نقل فقیر آزاد کی ایک سرخی لگائی گئی ہے اور سوال جواب کی شکل میں اشعار لکھے گئے ہیں اس کے بعد نقل مانو گوجری کے عنوان کے تحت گجری زبان میں ایک رسالہ ہے اور آخر میں حسب ذیل عنوانوں کے تحت اظہار خیال کیا گیا ہے۔

۱۔ افیونی نامہ　　۲۔ حقہ نامہ
۳۔ تعریف مٹھائی کی رنڈی کی۔
۴۔ تعریف تمباکو کی رنڈی کی

بیاض کے آخر میں چند غزلوں کے علاوہ حسب ذیل منظومات بھی شامل ہیں۔
مریخ نامہ۔ کبت عربی۔ غزل بر زبان پوربی۔ دوہرے بھجن۔ اشلوک وغیرہ۔

مجموعہ رسائل ۔

۱۱۸۶۔ ۱۔ احوال قیامت ۔ مصنف : نامعلوم

ورق ۔ ۷ ۔ سطر ۔ ۱۶ سطری سائز ۶ × ۹½ ۔ زمانہ تصنیف قریب ۱۲۵۰ھ

آغاز :۔

" جناب پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ جس وقت اسرائیل علیہ السلام پہلی دفعہ صور پھونکیں گے سب لوگ اسی وقت مر جاویں گے ۔ پھر جب دوسری دفعہ صور پھونکیں گے تو تمام خلایق گور کے بھیتر سے سر باہر نکالیں گے ۔ "

اختتام :

" الٰہی ہم کو نیکی کرنے کی توفیق دے کہ سب کی محبت دل سے بھولا کر تیری ہی محبت میں رہیں اور تیرے رسول محبوب کے کہنے کی پیروی کیا کریں اور فرماتے پر جان و دل سے حاضر رہیں تاکہ قیامت کے میدان میں خجالت نہ اٹھاویں وہاں کی سختی اور عذاب سے چھوٹیں ۔ یارب العالمین بخدمت سیدنا و شفیعنا محمد و الہ و اصحابہ الامجاد تمام شد "

اس مختصر رسالے میں جیسا کہ اس کے عنوان سے ظاہر ہے قیامت کے احوال بیان کئے ہیں ۔ اور نیک اعمال کی تلقین کی گئی ہے ۔

اس رسالے کے فوراً بعد اچانک " سنتوں کے بیان میں " کی سرخی کے تحت ایک نیا رسالہ شروع ہو جاتا ہے ۔ تین اوراق پر مشتمل اس رسالے میں قرآن شریف کو پڑھنے ، سمجھنے اور رسول اللہ کی پیروی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے ۔ جس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے ۔

" ہر مسلمان کو چاہیئے کہ ایمان اللہ اور رسول پر لاکر یہ ڈھونڈے کہ اس دین میں کون کون کام کرنا چاہیئے جس سے اللہ اور رسول کی رضامندی حاصل ہو ۔ "

اختتام : جس نے ایک گھر بنایا اور معتر کیا اوس میں کھانا کھلاتا اور کبھی بلاسنے والا لوگوں

کے کھانے کو پھر جس نے مانی بلا سے وا سے کی بات وہ داخل ہوا گھر میں اور کھایا
کھانا اور جس نے نمانی اس کی بات نہ داخل ہوا گھر میں ۔"

۱۱۸۷ - ۲ - ترجمہ الکبایر بعون المعین المتعال ۔ مصنف : نامعلوم

اوراق ۷۷ ۔ مسطر - ۱۸ سطری ۔ سائز ۶" × ۹ ۱/۴ زمانہ تصنیف قریب ۱۲۵۰ھ

آغاز :

"دوسرا باب ماباپ کی نافرمانی اور رنج دینے کے عذاب میں اور فرزندان کا
حق ماباپ پر ہے سو بیان پر "

اختتام :

"تمت ترجمہ الکبایر بعون المعین المتعال جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم وعلی جیبہ
ذالجود والکمال وعلی آلہ الماجدین ذالکرم والافضال وعلی صحبۃ الفایقین بالعلم
والنوال"۔

اس رسالہ کا ایک اور نسخہ ادارہ میں موجود ہے دیکھئے مخطوطہ نمبر ۱۹۸۲ "رسالہ فرائض"
یہ رسالہ حسب ذیل بارہ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ تمام ابواب سرخ روشنائی سے لکھے
گئے ہیں ۔

۱۔ باب اول :۔ دربیان عذاب بہتان و ترک کنندگان نماز و فضیلت وضو وآں ۔
۲۔ دوسرا باب :۔ ماباپ کی نافرمانی اور رنج دینے کے عذاب میں ۔
۳۔ تیسرا باب :۔ زنا حرام کے بیان میں ۔
۴۔ چوتھا باب :۔ مرداں مرداں کے سات ، عورتاں عورتاں کے سات مشغول ہونے کے عذاب کے بیان میں ۔
۵۔ پانچواں باب :۔ مرد کا حق جورو پر ہے سو بیان میں ۔
۶۔ چھٹا باب :۔ جورو کا حق مرد پہ ہے سو بیان میں ۔
۷۔ ساتواں باب :۔ آپ کو آپ مار لینے اور ناحق دوسروں کو قتل کرنے کے اور پیٹ گرا کر بچوں کو مارنے کے عذاب کے بیان میں ۔

۸۔ آٹھواں باب: بیان لینے دینے کے عذاب میں
۹۔ نواں باب: شراب خوار کے عذاب کے بیان میں۔
۱۰۔ دسواں باب: زکات نہ دینے کے عذاب کے بیان میں۔
۱۱۔ گیارہواں باب: روتے پیلانے کے عذاب میں۔
۱۲۔ بارہواں باب: کبائر گناہ اور تنبیہ الغافلین کتاب کے خلاصہ کے بیان میں۔

۱۱۰۸۔ ہفت عروس مصنف: شاہ سعید الدین

ورق: ۷ سطر۔ ۱۸ سطری زمانہ تصنیف ۱۲۴۵ھ / ۱۸۳۰ء
سائز "۶ × "۹½

آغاز:

"حمد و ثنا اوس شہنشاہ کو سزاوار ہے کہ جس نے مٹی خاک سے آدم کو بنایا اِنی جاعل فی الارض خلیفۃ کی خلعت عنایت کی اور فرش زمین کو عالم سے مجلس افلاک کو ستاروں سے زیب و زینت بخشی"

اختتام:

"ماتا کہی یہ کیا تو دیوانی بات کرتا ہے تیرا باپ آفتاب سا مشہور ہفت اقلیم کا بادشاہ تھا دوسرے کی کیا مقدور جو اس ملک پر نظر کرے ایسی بے معنی بات مت کر تب بادشاہ غضب ناک ہو کر تروار کھینچی"

یہ داستان امیر خسرو کی تصنیف "ہشت بہشت" کے ترجمے پر مبنی ہے جس میں بہرام گور کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔ ناقص الآخر اس نثری رسالہ میں پہلے خدا اور رسول کی حمد و نعت بیان کی گئی ہے اور بعد میں سبب تالیف کے بارے میں مصنف نے لکھا ہے:

"اب کمترین شاہ سعید الدین کہتا ہے ایک روز خاطر میں آیا کہ بہرام کے قصے کو جو امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مانند جواہر روشن کے نظم کے رشتے میں پرو کر ہشت بہشت نام رکھا ہے اور دروازے معرفت و عرفان کے کھولا واقعی اسم بامسمی اس کے مطالعہ سے بہشت کی سیر حاصل ہوتی ہے ہندوستانی میں ترجمہ کروں تا ہندی کے شائقوں

کو کام آوے اور اس حکایت رنگین اور مضمون دلنشین سے دل بہلا دے چنانچہ
اس ایام میں سرداران کی قدردانی کے باعث ہندی کتابوں کا چرچا ہوا اس واسطے سنہ
۱۲۲۵ھ بارہ سو پچیس ہجری اور اٹھارہ سو دس عیسوی میں اس کو ترجمہ کیا اور اس
کتاب کا نام "ہفت گلشن" رکھا"

امیر خسرو کی مثنوی ہشت بہشت کا غلام احمد شاہ جہاں آبادی نے بھی اردو میں ترجمہ کیا ہے جس
کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد میں موجود ہے (دیکھئے فہرست مخطوطات کتب خانہ آصفیہ
جلد اول صفحہ ۱۵۲)۔

۱۱۸۹۔ رسالہ فرائض مصنف: نامعلوم

ورق ۳۵۔ مسطر۔ ۱۶ سطری۔ زمانہ تصنیف قریب ۱۲۵۰ھ
سائز ۶" × ۹½" ۔ ناقص الاول و آخر

آغاز:

"چنانچہ ابی ہریرہؓ نے کہا فرمایا علیہ السلام نے دین غالب رہے گا جب تک لوگ
شتابی کریں گے روزہ کھولنے میں کیوں کہ یہود اور نصارا تو قصد کرتے ہیں
اوس میں"۔

اختتام:

"عورت کو مرد کی صورت اور مرد کو عورت کی بنانا عورت کو عورت سے کشتی لڑنے
بیوہ عورت کو نکاح ثانی سے باز رکھنا"

اس رسالہ میں روزہ نماز اور دوسرے مذہبی مسائل کو احادیث کی روشنی میں سمجھایا گیا ہے۔
یہ تمام رسالے ایک ہی مخطوطہ میں محفوظ ہیں جنھیں ایک ہی کاتب نے لکھا ہے۔ اس رسالے کے
اختتام کے بعد تین اوراق پر کچھ یادداشتیں اور ابیات لکھی گئی ہیں۔ موجودہ حالت میں یہ مجموعہ اس
طرح ختم ہوتا ہے۔

"ترجمہ حضرت نے فرمایا میں پیدا ہوں اللہ کے نور سے اور میرے نور سے ساری
مخلوق ہے"۔

۱۱۹۰۔ مجموعہ رسائل

مصنف نامعلوم

۱۔ ترجمہ چہل حدیث

اوراق ۹۷۔ مسطر ۱۳ سطری ۔ زمانہ تصنیف قبل سنہ ۱۲۰۰ھ سائز ۱۰¼ × ۶½؎
خط ۔ عربی عبارت خط نسخ میں اور اردو خط نستعلیق میں لکھی گئی ہے ۔ ناقص الآخر

آغاز :

" قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من فرو حفظ اربعین حدیثا من امتی یبعثہ اللہ تعالی یوم القیمۃ فقیہا عالما ترجمہ فرمایا اللہ کے رسول نے صلی اللہ علیہ وسلم کہ جو کوئی پڑھے یا یاد کرے ۔ چالیس حدیثاں میرے امت سیں اٹھاسے گا اللہ تعالی قیامت کے فقیہ عالم ۔"

اختتام :

" دل کو الفت دینے والی ہے اور رحمت کوں ۔ ۔ ۔ ۔ تین والی ہے اور اسمانکے گلے ہے اور میزان کوں پیارے کرتے ہیں ۔"

اس کتاب میں پہلے خط نسخ میں حدیثیں لکھی گئی ہیں اور اس کے بعد خط نستعلیق میں دکنی میں ترجمہ کیا گیا ہے ۔

کتاب کا نام سرخ روشنائی سے چہل حدیث لکھا گیا ہے مگر اس میں ۲۹ حدیثیں ہی موجود ہیں ۔ اس کے بعد کے اوراق غائب ہیں ۔ چونکہ یہ رسالہ ناقص الآخر ہے اس لئے مترجم کا نام ، سال کتابت ، اور کاتب کا نام معلوم نہ ہو سکا ۔ چہل حدیث کا ایک مخطوطہ انجمن ترقی اردو پاکستان کے کتب خانے میں[1] ایک مخطوطہ کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں[2] (مترجم شاہ ولی اللہ محدث دہلوی) دو نسخے کتب خانہ آصفیہ میں[3] اور دو مخطوطے سالار جنگ کے کتب خانہ میں موجود ہیں ۔ مولوی نصیر الدین ہاشمی نے چہل حدیث

[1] دیکھئے مخطوطات انجمن ترقی اردو پاکستان (جلد دوم) صفحہ ۔ ۵۵
[2] تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو (جلد اول) صفحہ ۲۸۷
[3] اسٹیٹ لائبریری کے اردو مخطوطات (جلد دوم) ۲۴۳ ، ۲۴۴

۲۔ سوانح آنحضرتؐ

اوراق ۸ ۔ سطر ۱۴ سطری ۔ ناقص الاول و آخر ۔ سائز ۔ ۱/۲ ۶" × ۱/۲ ۴"۔
خط ۔ نستعلیق ۔

آغاز :

" اور حرم میں سب بڑے حرم ماریہ قبطی تھے اور ذات میں حبش تھے اور ابراہیم ماریہ کے پیٹ سے پیدا ہوئے اور باقی بچے بی بی خدیجہ سے پیدا ہوئے۔"

اختتام :

" اور بیس نوالے کی بھوک ہوتی تو سولہ نوالے کھاتے تھے جیسا کہ حدیث میں ..."

اس مختصر رسالے میں آنحضرت کی حیات طیبہ بیان کی گئی ہے۔

۳۔ مسائل فقہ

اوراق ۲۴ ۔ سطر ۱۴ سطری

آغاز :

"گر گئے تو وہ مسح ٹوٹا نئے سرے سے وضو کرتا کہ زخم سوکھ کر گرے تو مسلہ کہ ہر زخم نہیں سوکھا اور پٹی جھڑے یعنی پٹی گرے تو مسح نہیں ٹوٹا سمجھنا"۔

اختتام :

" ہر دو گانے کے بعد سلام کے بعد یہ پڑھے یا کریم المعروف یا قدیم الاحسان واحسن الیک باحسانک القدیم"۔

اس رسالے میں فقہ کے مسائل بیان کیے ہیں۔

۴۔ حکایت

اوراق ۵ ۔ سطر ۱۳ سطری

مسائل فقہ کے بعد اس کتاب میں چار سطریں لکھی اور رسالے کی آگئی ہیں اور اس کے بعد سرخی سے " حکایت آوردہ اند" لکھا گیا ہے اور ایک حکایت بیان کی گئی ہے۔ جس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

"کوئی سوداگر شادی کرکے اپنے وطن جاتا تھا اور ایک بیچ جنگل میں پانی کا چشمہ دیکھ کر مقام کیا ایک ضعیف مرد درویش آن کر سوال کیا اتنے جوان برانے اللہ تیری عورت اللہ نام پر نہیں دیتا"۔

اختتام کی چند سطریں یہ ہیں:-

"فرشتے نے آن کر سوال کیا اللہ نام پر کوئی جان دیتا ہے اور اے سوال منکر مرد نے جان دینے کا قبول اور عورت نے اپنے سوال سنکے خدا رسول کے دیا دے اور دو نو مر گئے بادشاہ نے دونو کو مدفون کیا"۔ تم تماشد

۵۔ حکایت فارسی

اوراق ۹۔ مسطر ۱۴ سطری

آغاز:

راویان اخبار و ناقلان آثار چنین روایت میکند کہ از شہر مغرب پس خلیفہ حضرت پیغمبر خدا علیہ السلام"

اختتام:

"طیور و جمیع ذی روح میکرید لایق بود با این چشم تا لاکر ستین بر عزت بسے معلا کرستین حوران زہر فاطمہ آغاز کردہ اند بر عزفہ رہا سے جنت با و اگر ستین تمت تمام سر"۔

اس حکایت میں بتایا گیا ہے کہ کسی نے آنحضرت کے پاس تحائف بھیجے اور کہا کہ 'حضرت حضرت داؤد کا یہ معجزہ تھا کہ ان کے ہاتھ میں لوہا موم بن جاتا تھا۔ حضرت موسیٰؑ اپنا عصا زمین پر ڈال دیتے تو وہ اژدھا بن جاتا تھا۔ اور حضرت عیسیٰؑ مردوں کو زندہ کر دیتے تھے۔ اگر یہ تینوں باتیں کسی میں ہیں تو انھیں یہ تحائف دیئے جائیں۔

کتاب کے آخر میں یہ عبارت لکھی ہوئی ہے۔

"اس کتاب کے مالک عبد الرحمٰن ابن محمد جعفر ساکن شہر کنہیا دہر کہ دعوی کند باطل و نہ منظور است"۔

۱۱۹۸۔ آثار محشر۔ مصنف: محمد علی تخلص محمد

اوراق ۱۰۰ - تقطیع ۲/۱ ۵" × ۲/۱ ۸" مسطر ۱۱ سطری

اصل کتاب نثر میں تھی محمد علی نے اس کو منظوم کر دیا ہے۔ متعدد منظوم سوالات کر کے اس کے جوابات دئے ہیں جن میں قیامت کے آثار کے واقعات لکھے ہیں۔ ان میں روایتیں بھی ہیں اور حکایتیں بھی درمیاں میں دو غزلیں بھی ہیں۔ ایک غزل شراب طہور کی تعریف میں ہے۔ جس کا مطلع اور مقطع حسب ذیل ہے۔

مطلع :۔ کہتے ہیں یوں راویان اہل شعور　　خبر مصطفیٰ اسے یہ مذکور

مختصر کر محمد اب یہ غزل　　طول دینا اسے نہیں ہے ضرور

عنوانات کے اشعار علحدہ بحر میں ہیں اور ایک قصیدہ کی شکل بن جاتی ہے۔ چند عنوانات درج ذیل ہیں۔

۱۔ اس میں مرقوم ہے احوال خروج دجال　　حسب اخبار صحیح و سند بے ہمتا لا

۲۔ اس میں مذکور ہے جو لشکر مہدی سے مسیح　　جائے دجال کو ماریں گے بہ یک ضرب القال

۳۔ مر ابتہ الارض کا حسن ذکر جو اس عالم میں　　آئیگا کوہ صفا سے بہ دلیل و برہاں

تخلص کا ایک شعر ہے :۔

اے محمد ہیں یہ قول بر محل　　کہتے ہیں جو پند میں ضرب المثل

رسالے کے نثر میں ہونے اور اس کو نظم کرنے کا ذکر اس طرح کیا ہے۔

ہو چکا نظم رسالہ وہ جو تھا نثر تمام　　اب مناجات و دعا ہے بجناب یزداں

منظوم رسالہ کا تاریخی نام رکھا ہے ؎

دل میں یوں گزرا کہ اس کا نام جو ہو مع تاریخ تو کیا خوب ہو
تب سروش فکر نے سن یہ کلام رکھ دیا "آثار محشر" اسکا نام
۱۲۵۰ھ

ابتدا:

خاک سر پر شں اور تاج ریاست کیلئے گوشۂ صبر یہ از تخت کے و افسرم
دیکھ قارون کی طرف دیدۂ عبرت سے ذرا لے گیا یاں سے نہ کچھ سر یہ بجز ما رندم

ترقیمہ:

الحمد للہ علی احسانہ کہ نسخہ آثار محشر از تصنیف مولوی محمد علی متخلص بہ محمد در مطبع مصطفائی واقع شہر لکھنو بمحلہ محمود نگر حلۂ طبع پوشید۔ نقل نمودہ از کتاب حضرت شیخ عظیم الدین صاحب ولد حضرت محمد سالار ملک التجار ساکن بلدہ فرخندہ بنیاد حیدرآباد بدست غلام نبی ولد محمد رضا مرحوم ملازم حضرت محمد نظام عرف بھولے صاحب سوداگر ابن حاجی صاحب مرحوم قلمی یافت۔ بتاریخ بست و سیوم ماہ محرم الحرام ۱۲۷۲ھ روز جمعہ بوقت یک و نیم پاس روز برآمدہ در دکان بھولے صاحب سوداگر ملک التجار اختتام یافت

اس نسخہ کی پشت پر فارسی کی ایک ناقص الآخر عبارت ہے اور اس کے بعد کے صفحے پر مغربی کی ایک غزل نقل کی گئی ہے۔ جس کے آخر میں صفر ۱۲۷۹ھ کی تاریخ درج ہے۔

اس کے بعد جمادی الثانی ۱۲۷۶ھ کی تاریخ کے ساتھ ایک ایسی لڑکی کی شادی کا واقعہ درج ہے جو دق میں مبتلا تھی اور شادی کے بعد انتقال کر گئی۔

یہ مخطوطہ نواب لیٰسین علی خاں صاحب ادارہ کے کتب خانہ میں داخل کیا ہے۔

۱۱۹۲۔ معجزہ نبی (فاختہ نامہ) مصنف: طالب

صرف تین اوراق۔ اشعار کی تعداد (۶۳) تصنیف مابعد ۱۱۰۰ھ

یہ ایک ناقص نسخہ ہے جس میں صرف ۶۳ اشعار ہیں ورنہ اصل میں یہ تقریباً تین سو اشعار کی نظم ہے۔ کتب خانہ سالار جنگ اور کتب خانہ آصفیہ میں اس کے نسخے موجود ہیں۔

ابتدا:

کیا معجزہ یک نبی خاص کا دو عالم کے صاحب کے اخلاص کا۔

آخری اشعار :- یو صلوات بولو نبی پر تمام یو کلمہ نبی کا کہو دم بدم
کہو درود ہر صبح و شام درود بر محمد علیہ السلام

۱۱۹۳ - چار کرسی - مصنفہ عبدالحق

اوراق ۴ مسطر ۱۲ سطری تقطیع ۶" × ۸"

ابتدا :- یو چار کرسی فرض ہے کہتا ہوں سچ کوں یاد کر سیکنا مسلماں فرض ہے آکر اپے استاد کر

آخری اشعار :- جو یہاں سکے پر حق اوسے دیدار حق مطلق دسے

دکھلاسے عبدالحق اوسے کس سن ہے ......

غفار کا ایک قصیدہ اس کے آخریں تحریر ہے جس کی ردیف "آسرا دینا" ہے۔

۱۱۹۴ - دوازدہ مجالس - مصنف : محکم

اوراق ۱۵۳ مسطر ۱۱ سطری تقطیع ۶" × ۸"

تاریخ تصنیف : مابعد ۱۲۵۰ھ - کاتب : مولود بیگم - مقام کتابت حیدرآباد - کاغذ دیسی

یہ محرم کے بارہ دنوں کے لیے اپنے دوستوں کی فرمائش پر محکم نے یہ بارہ مجالس نظم کئے ہیں۔ ہر مجلس کا عنوان سرخی سے لکھا گیا ہے۔ مجالس کو اس طرح تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے ایک محضرنامہ ہے عنوان یہ ہے۔ محضرنامہ کے جناب رسالت حضرت محمد مصطفیٰ بہر شفاعت امت بجناب الہٰی نوشتہ۔

مجلس اول :- در وفات حضرت محمد مصطفیٰ ؐ

مجلس دوم :- در شہادت و وفات حضرت فاطمہ زہرہ علیہ الصلوٰۃ

مجلس سوم : در بیان شادی و جنگ حضرت علی ولی امیرالمومنین علیہ السلام۔

مجلس چہارم : در بیان شہادت بر کلفت حضرت امام ہمام یعنی حسن علیہ السلام

مجلس پنجم : روانہ شدن جناب حضرت امام حسین علیہ السلام بہ کوفہ

مجلس ششم : در بیان روانہ شدن حضرت حسین علیہ السلام بہ کربلا

مجلس ہفتم : در بیان حضرت قاسم

یہ مجلس میر محب علی محب نے لکھی ہے۔ اس کا پہلا شعر ہے۔

محب اس غم سے جو کرتے ہیں زاری بر آوے ان کی سب امیدواری

مجلس ہشتم : دربیان حضرت عباس ۔ از محکم

مجلس نہم : دربیان شہادت حضرت علی اکبر و علی اصغر

مجلس دہم : دربیان شہادت امام حسین و عبداللہ بن حسین علیہ السلام

مجلس یازدہم : رفتن اہل بیت بہ ملک شام

مجلس دوازدہم : درآمدن سرہائے شہیدان کربلا مکہ و مدینہ و ماتم امام حسین علیہ السلام۔

محکم نے اپنا تخلص ہر مجلس کی ابتدا میں استعمال کیا ہے، چنانچہ ذیل کے اشعار سے واضح ہوگا۔

یہ غم شاہ نجف کا وہ ہے محکم کہ جس غم سے ہوئی پشت فلک خم (تیسری مجلس)
اٹھا کر ہاتھ اے محکم دعا کر بہ بارگاہ حسن فرزند حیدر (چوتھی مجلس)
اے محکم ختم کر یہ غم کے ابیات شہیدوں کے تو اوپر کہہ کے صلوات (پانچویں مجلس)
اے محکم نظم کو یاں سے مختصر کر کہ کہہ صلواۃ عباس و علی پر (آٹھویں مجلس)
ہو مقبول اب میری عرض محکم غم شبیر بن ہوئے نہ کچھ غم (نویں مجلس)
غذا والوں کو کب حشر کا ہو غم حسین ابن علی . . . . ہیں میں محکم (دسویں مجلس)
یہی ہے عرض محکم کی الہٰی بروز حشر ہو میری رہائی (گیارہویں مجلس)

اس طرح اس نے اپنا تخلص متعدد بار استعمال کیا ہے۔ افسوس ہے کہ کسی تذکرہ میں اس کا ذکر نہیں۔ آخر میں وہ لکھا ہے کہ وہ مرثیے لکھتا اور پڑھتا رہا ہے۔ اس کے ایک دوست اکبر تخلص نے اس کو دوازدہ مجالس لکھنے پر راغب کیا۔ اس کا تاریخی نام "روضہ راہ . . ." ہے۔ آخری لفظ کرم خوردہ ہے اور پڑھا نہ جا سکا۔

۱۱۹۵۔ مولودنامہ۔ از شاکر

تعداد اشعار تقریباً ۱۲۵۰ ۔ اوراق ۸۶ مسطر ۱۶ سطری۔

شاکر کے متعلق کوئی علم نہیں۔ اس نے اپنے احباب کی فرمائش پر یہ مولودنامہ لکھا ہے۔ سنہ ۱۲۵۰ھ کے بعد کی تصنیف ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ عربی اور فارسی میں مولودنامے بہت ہیں۔ اس لئے میں نے دکھنی میں مولودنامہ لکھا ذیل میں دیے گئے اشعار سے معلوم ہوگا۔

ابتدا : کروں ابتدا میں بنام خدا کہ او ہے فہم ہور (و)ہم سوں جدا

سرانا صفت خدا اس پاک کوں ... جنے جیو دیا ہے مٹی خاک کوں

تخلص: تو شاکر ہو کر شکر کر مدام ... سدا ذکر بن اس کا نہ کرنا کلام

خدایا میں کلتا ہوں اب تج کن مدام ... نبی کا سو مولود یو تو تمام

مرے پر تو ں کرنا کرم کی نظر ... جو دکھنی زباں سوں کہوں سربسر

شروع تقف تے منجکوں دیا یو خبر ... تو دکھنی سوں مولود کر سربسر

ولیکن یو دکھنی سوں مولود نیں ... تفحص یو ں بے شمار کہتا ہوں میں

عربی سوں مولود نہ بے شمار ہے ... دبھی فارسی سوں کتابی بہے

عربی کا ہے فارسی بہوت بے شمار ... نہیں کیں یو دکھنی ہوا آشکار

سنیں گے شعر یو جے خواص عام ... سو شاکر ہو رہیں گے محباں تمام

توں مولود کا سن بنا اے عزیز ... سنتے پر ہوے خوش سب اہل تمیز

آخری اشعار: ہوشاکر تو یو نظم پورا کیا ... شفاعت کی امید دل میں دھریا

یو شاکر کمینہ ہے امیدوار ... نبی کی شفاعت دے تیرا دیدار

نہیں دل میں میرے ہور کچھ کام ... اصلواۃ شاکر توں ہو صبح شام

یو مولود سب کوئی سنیں گے اگر ... تو شاکر ہو فاتحہ پڑو زود تر

۱۱۹۶۔ ترتیب الصلواۃ۔ محمد بن احمد زاہد رحمۃ اللہ علیہ

ناقص الآخر:

مولف محمد بن احمد زاہد نے فارسی جاننے والوں کے لیے یہ رسالہ تالیف کیا ہے تاکہ عوام نماز پڑھنے کی طرف راغب ہوں۔

اس رسالے کے تین حصے کیے ہیں۔

پہلا حصہ:۔ در آنستن آنکہ نماز فریضہ است از بیان قرآن و حدیث و اجماع امت در بیان فریضہا وسنت ہا و واجبات و مستحبات و آداب و مکروہات

دوسرا حصہ: در بیان طہارت عامہ

تیسرا حصہ: در بیان ..... کہ وضو را تباہ کنند و در بیان ..... کہ نجاست ہا است

ہر حصے کی علٰحدہ علٰحدہ فصلیں ہیں۔

اس رسالہ کا آغاز اسی بیاض میں ورق ۳۰۴ ب سے ہوا ہے اور تین صفحے کے بعد کے اوراق ندارد ہیں۔

آخری تین سطور حسب ذیل ہیں۔

این عذاب سے راست کہ یک نماز فوت کند و بعد از آن قضا کند پس دانی کہ ہر آنکس کہ نماز نگذارد و حال وچگونہ شد۔ پیاسے داشتن نماز فریضہ است در وقتا ہر کہ ——

اس کے بعد ایک صفحہ ہے۔ حسینی پیر کے ذیل کے صرف چار اشعار تحریر ہیں۔

لذت بلا کی چاکھ الیس کو تب ادکر خاموش من کے من میں رہیں . . . . .
ہیں دستگیر پیر قلندر فقیر پاک مولا کی ذات پاک کے رہتیا فقیر
سب امر شداں کے تاج حیات النبی رسول ان کا کرم کیا ہے مجھے رہنما فقیر
شہباز کا کرم ہے حسینی فقیر پر مولا کی رکھا رمٹا پہ طلب قادر فقیر

حسینی تخلص کے بیجاپور میں دو شاعر ہیں۔ ایک حسینی امین الدین اعلی کے مرید اور خلیفہ ہیں اور دوسرے حسینی شہباز کے مرید و خلیفہ ہیں۔ شہباز حسینی حضرت خواجہ بندہ نواز کی اولاد سے ہیں اور وہ خود بھی شاعر تھے۔ وہ حضرت ہدایت اللہ حسینی خلیفہ جنید ثانی کے پوتے اور مرید ہیں۔ ان کا سلسلہ بیعت سید حسینی مرید، سید شہباز شاہ حسینی مرید ہدایت اللہ حسینی اور وہ مرید جنید ثانی اور وہ سید راجے محمد کھتہ نواز اور وہ حاجی سید اسحٰق حسینی اور وہ حضرت برہان الدین جانم کے خلیفہ ہیں۔ ان کا عرس

اس کے بعد ۴۳۱ (ب) اور ۴۳۲ (ب) میں ایک فارسی رسالہ تحریر ہے۔ یہ توحید اور معرفت سے متعلق ہے۔ دو صفحے کے بعد یہ نامکمل رہ جاتا ہے۔

ابتدا: قال اللہ تعالیٰ ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ۔ ای لیعرفون معرفت طہارت است بر سبیل اجمال معلوم شدہ باشد کہ موجود حقیقی و فاعل مطلق اوست۔

انتہا: وصیت می کنم شما را بہ نیکوی با کسے طالع ما دوست دارد و بلا زحمت ایشان نہ بجہت آزمائش سوال یا طلب کرامات با لاکرد با عتقاد و اخلاص . . . . . باید آمد کہ سہل بن عبد اللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ۔

آخری صفحہ پر لکھا ہے نسب نامہ مرشد پاک حضرت شیخن احمد قدس اللہ سرہٗ

پیر دستگیر حضرت شیخن احمد صاحب بن محمد حسن مدنی بن مولانا محمد عیسیٰ بن مولانا محمد موسیٰ بن مولانا صدر جہاں

وفات ایشاں شانزدہم رمضان　　وفات دہم ربیع الاول　　وفات دہم ربیع الثانی

نام مبارک والدہ مرشد پاک بی بی راجی حمیرہ بنت میاں حسنی محمد بن میاں شاہ محمد بن حضرت شاہ وجیہ الدین۔

اس کے بعد کرسی نامہ ہے جو حسب ذیل ہے۔

سلطان العارفین حضرت شاہ وجیہہ الدین علوی بن قاضی نصر اللہ بن قاضی عماد الدین بن سید عطا ملک بن قاضی معین الدین بن سید بہاؤ الدین بن سید کبیر الدین بن سید ظہیر الدین بن سید شمس الدین بن سید بدر الدین بن سید علیم الدین بن سید بہاء الدین بن سید جمال الدین بن سید احمد بن سید منتجب بن سید مرتضیٰ بن سید امام محمد عریض بن امام محمد الجواد بن امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن امام زین العابدین ابن حضرت امام حسین شہید دشت کربلا بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

۱۱۹۷۔ ہدایت المبتدعین۔ مصنفہ سید امیر صاحب سہسوانی مدرس

اوراق ۱۱۔ مسطر ۱۷ سطری۔ تقطیع (۱۸×۳۰ سمر) کاغذ انگریزی خط روشن اور صاف
کاتب: محمد عبد الرزاق۔

مدرسہ عربی میرٹھ۔ مرتبہ: سید عبد الباری سہسوانی

اس رسالہ کی تصنیف کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ میرٹھ میں بمنی طامس جان کے دفتر میں ایک انگریز جان صاحب مامور تھے۔ وہ مسلمان ہو گئے۔ اور صوم و صلوٰۃ کے پابند ہو گئے۔ انھوں نے مروجہ رسوم مثلاً سوم، دہم، چہلم عرس وغیرہ کے تعلق سے تحقیق کروانا چاہا اور ایک سوال بند امیر احمد صاحب سہسوانی کی خدمت میں بھیجا۔ انھوں نے اس کا جواب اس رسالہ کی شکل میں دیا اور یہ بتلایا کہ یہ رسوم بدعت ہیں۔

یہ رسالہ صفحہ الم ب سے شروع ہوتا ہے اور ورق ۵۲ ب پر ختم ہوتا ہے۔ خاتمہ حسب ذیل علماء کے کی نقلیں ہیں۔

امیر احمد نقوی، سید محمد نذیر حسین، محمد زین الدین۔ سید امیر حسن سہسوانی۔ عبدہ محمد قطب الدین محمد اسحٰق۔ محمد عبد الرحیم۔ محمد عبد اللہ۔ محمد علی۔ محمد تراب علی۔ سراج احمد ساکن خواجہ سید سبط احمد۔

ورق ۵۳ سے چند فتاوی ہیں جو سوالوں کے جواب میں دیئے گئے ہیں۔ یہ جواب فتوی کے آخر میں۔ محمد امداد حسین، محمد ارشد حسین، اور محمد علاء الدین احمد احمدی کے نام درج ہیں۔ اور ایک فتوے پر ان کے

علاوہ حسین شاہ محی الدین محمد عبد القادر اور غلام قادر خاں کے نام تحریر ہیں۔

۱۱۹۸۔ جواز عید میلاد۔

اوراق ۵۷۔ تقطیع ۲۳ × ۲۲ (۱/۲ رو بکار) کتابت بعد سنہ ۱۲۵۰ھ۔ مصنف کا اصل مسودہ کتاب کا کوئی نام نہیں موضوع کے اعتبار سے یہ نام دیدیا گیا ہے۔ مصنف کا بھی کوئی پتہ نہیں چلتا۔ جا بجا فارسی کے نعتیہ اشعار مرقوم ہیں۔ اپنے دعوی کو ثابت کرنے کے لئے آیات، احادیث اور علماء کرام کے اقوال سے کام لیا ہے۔

ابتدا: سورہ التوبہ کی آخری آیات "لقد جاءکم ... الخ تحریر ہیں اور پھر اس کا ترجمہ حسب ذیل کیا ہے یعنی آیا تمھارے پاس رسول جانو سے دشوار ہے ان پر کہ تم شحتی میں پڑو حریص ہیں تم پر میری شفقت و مہربانی کے مومنین پر۔

اختتام:

وجود عالم میں پہلے آدم علیہ السلام اور جبرئیل علیہ السلام نے غور خدا کو دیکھا اور لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ کر ایمان لائے اور اب امت نبی آخر الزماں کا وہی کلمہ طیب لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور امر زبان ہے جب تک یہ کلمہ سکہ محمدی باقی ہے جب تک سرکاری حیات و حکومت باقی ہے۔

۱۱۹۹۔ ملفوظات غلام محمد شاہ المتخلص بہ رکن

۵ اوراق۔ تقطیع (۲۲ × ۱۶ سمر) خط خشکہ آمیز نستعلیق۔ تاریخ کتابت ۱۳۲۶ھ ہے یہ ملفوظات غلام محمد شاہ رکن کے ملفوظات کا مجموعہ ہے۔ ان ملفوظات کا تعلق تصوف سے ہے۔ پہلا ملفوظ ۲۱ ذیقعدہ ۱۳۲۶ھ کو بیان ہوا ہے جو ذکر اور فکر سے متعلق ہے۔ دوسرا ارشاد ۲۹ ذیقعدہ کو ہوا جس میں ذکر کرنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے۔ ۲ ذی الحجہ کو تیسرا ارشاد ہوا ہے جس میں قلب اور مراقبہ کی وضاحت کی گئی ہے۔ اس کے بعد لطایف عشرہ کا بیان ہے۔ بعد کے ارشاد میں ولادت اولیٰ اور ولادت ثانی کی تعریف کی گئی ہے اور مثالوں سے سمجھایا گیا ہے۔ آخری ارشاد میں سالک کی تعریف کی گئی ہے۔

ابتدا:

ارشاد مرشدی حضرت غلام محمد شاہ صاحب رکن تخلص بتاریخ ۲۱ ماہ ذیقعدہ ۱۳۲۶ھ

ایک ذکر ہے اور ایک فکر ہے۔

اختتام:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب جنگ و غزوات سے کفار کے فتح کر کے مدینہ منورہ میں آئے تو آپ فرماتے۔ رجعنا من جہاد الاصغر الی جہاد الاکبر

آخری صفحے پر اسی خط میں دعائیں اور دواؤں کے نسخے لکھے ہیں اور بتلایا ہے کہ یہ حافظ میراں صاحب نے لکھا ہے۔ یہ مسجد فیل خانہ حیدرآباد میں لکھی گئی ہے۔

۱۲۸۰- معجزات نبی مصنف۔ عالم بیجاپوری

اوراق۔ ۵۵ مسطر ۱۵ سطری کاغذ دیسی کتابت بارہویں صدی ہجری اول و آخر ناقص درمیانی اوراق میں کمی کاغذ چپیاں۔

معجزات نبوی کو منظوم شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ عالم نے اس مثنوی میں اپنا تخلص متعدد بار استعمال کیا ہے مثلاً:

الہٰی طفیل علیہ السلام ۔ تو ں عالم کوں دے زہد و تقویٰ تمام

الہٰی بحق صحابہ کرام ۔ مراداں کوں عالم کے دے الضرام

الہٰی کرم سوں امامین کے۔ دے عالم کوں کس فن میں دارین کے

توکیوں حق میں تس مغفرت کا خیال۔ مجی عالم پہ کرنا کہو تم ابتال

الہٰی طفیل نبی نیک ذات تو عالم کوں دشمن نے دے یوں نجات

عالم نے اپنی اس مثنوی میں عنوانات شعر کی شکل میں دئے ہیں۔ اور ان تمام عنوان کے اشعار کا مجموعہ ایک قصیدہ کی شکل اختیار کرتا ہے۔ چند عنوانات حسب ذیل ہیں۔

یو او بیاں یک شخص نے غافل اتھا صلوٰۃ سوں
آزردہ پایا خواب میں دل سید ابرار کا

یو او کبوتر سکے نیچے ہو رہاں کوں اس کے دام سوں
لایا پکڑ کر یک عرب حضرت انگے کو ہشیار کا

یو او بیاں تورات میں پایا سو نعت مصطفیٰ
نکلیا یہودی چھوڑ گھر تے اون ایک بار کا

عالم کہتا ہے کہ اس کی نظر سے عربی زبان میں ایک کتاب گزری جس میں حضرت صلعم کے معجزات تحریر تھے دوستوں نے مجھے اس کام پر آمادہ کیا اور میں نے یہ کام شروع کیا۔ اس میں ڈیڑھ سو معجزے تھے۔ اس میں سے اس نے چالیس کا انتخاب کر کے انھیں منظوم کر دیا۔

عربی یو تھی اصل میں سب کتاب
نکوی اس کو پڑتے تھے بے حجاب

بتاں اس کوں لانے میں کیا سیر جب
عجائب دسے معجزے اس میں سب

اتھے ڈیڑھ سو معجزے اس منجہار
کیتا اس تے چالیس میں اختیار

نبی کے تو ہیں انگنت معجزات
کہوں سکنے تو کوئی نیں ہے ممکن یو بات

قدیم شعرا نے جس طرح اشعار کی خوبیاں بیان کی ہیں۔ عالم نے بھی خوبیاں بیان کر کے معترضین سے مخاطب ہوا ہے اور کہتا ہے کہ اگر آپ اصلاح دے سکتے ہوں تو دیں ورنہ خاموش رہیں فضول اعتراض کرنے سے فائدہ نہیں۔ نصرتی اور ہاشمی جیسے عظیم شعرا پر بھی لوگ اعتراض کرتے ہیں تو میرے اشعار کی کیا قدر ہو سکتی ہے اگر کوئی احمق اعتراض کرے تو اس کی بات کو گوز شتر سمجھنا چاہیئے۔

عالم کی یہ مثنوی ابھی تک شائع نہیں ہوئی ہے اور یہ صبر و تحمل اور روانی میں اس کی شاعری پر دال ہے اس کا ایک طویل حصہ پیش کرنا مناسب ہوگا۔ اس کے عنوان کا شعر ہے۔

یو او بیان معجزہ فضل خدا ہو رہی طفیل مصطفیٰ
کیتا ہر ایک معجزے پڑنے کوں جگ سنسار کا

جو ہیں صاحب طبع انصاف داں
کریں گل تھے جم سیر صفت آسماں

دیکھتے سوں ہر یک کا کہیں دل کی بات
نکالیں ہر یک حرف سوں سو نکات

یو ہے عرض اب ان کی خدمت منجہار
کہ جم خوشہ چیں پر رکھ ہینگا پیار

اک حرف یا بیت ہوئے کم زیاد
دے اصلاح کرنا بھلائی سوں یاد

مرکب خطا سہو تے ہے بشر
لکھ کر آپ کئے ہیں نبی نامور

کیا ہوں لکھ کر معجزات نبی
رکھو پیار رنج پر مسلمان سبھی

اگر بیت یک اس میں آوے پسند
چو بیتے پسند آیدت از ہزار
سکت جس کوں ہے کچھ تو اصلاح دیو
مقرر یو بعضی ہے لوکاں کی چال
یکئے شعر کے فن میں اصلا خبر
سکتے اس میں کر دل سوں حرفاں تغیر
اگر حرف کاتب سوں ہوئے کم زیاد
مصنف بچارے یو کیا حرف ہے
کو انا تو ہرگز یچ آتا نہیں
سخن ہے مرا نزد اہل شعور
جو نادان یو بیاب سمجھے کوں بڑا
کہ دشمن کے بد کہے رکا کیا مجکوں ڈر
خدا کوں نہیں دشمناں چھوڑتے
محمدؐ کو کہتے تھے ساحر لکر
رکھے مفرق سر کے شاعر یو بات
کیا تو کہے شاعری کیا ہوا
زمانہ کہے ہاشمی کا سخن
جب ایسے رکھے شاعراں یہ او بول
وے میں کیا ہوں سو یک بد کا کام
نبی کے یا معجزیاں کی پناہ
دنیا لکے بھنے تو ہوئیں جل کباب
اگر خوب بنیں گے تو ایمان جائے
پڑے آبرو میں خلل اس گھڑی
قدر ل اس مگر مجکوں جوہر چتر
آتا دشمناں کے تو دے سر پو خاک

تو کو آفریں ہے یہ سعدی کا پند
بمردی کہ دست از نصیحت مدار
دگر نیں تو چپ کس کا مت نانوں لیو
کہ ہر بات میں چپ انھیں موں کوں ڈال
تو بے بربرا چپ انھیں بول کر
پڑیں سر کو کر پاتوں پانواں کوں سیر
تو کرتے بدی توں مصنف کوں یاد
جو کوئی بد کہے سو چو کم ظرف ہے
سرانا الیس اپ سمجھاتا نہیں
گنا مجکوں نادان سوں کیا ضرور
تو عالم نہ کر دل الیس کھر کھرا
نبی کے کرم کی ہے تج پر نظر
سے جو بوت کیا نستاں جوڑتے؟
تو مجہ سا رعاجز کا کیا ان کو ڈر
کیا . . . کہ ہندوی دیوذات
کہ جیوں کھود ڈونگر کوں پایا چوا
کہ جن ہے لطافت کے کھن کا رتن
اُنو پایا ہیں مجہ شعر کیا پاسے مول
ادیکھاں کے موں بند کیا ہوں تمام
تو دشمن کی نیں چلتی مجہ پر نگاہ
نہ سکتے ہیں کو مجہ سکے کوں خراب
ہر یک شخص کے مول تے ادیکھے کو اے
دیگر غیب سوں تس یو آفت پڑی
یو جو بات احمق کی گو ڈشتر
کرے گا خدا آپ ان کو ہلاک

نصیحت قول سعدی کی اب کرکے یاد | درست اپنا تس پور رکھ اعتقاد
مراں غنیمت ہیچ کس بر زبان | کہ طاعت زغیبت فقد در زبان
قوں اب شہرکے اپنے مطلب کوں بول | ے نقد آفریاں کا لیوں سب تے مول
سخن کے مرے گوہراں شب چراغ | دیکھت دوستاں سب ہوش باغ باغ
لگے ہات جس بے بہا نور تن | تو راکھے اسنے جیو سوں اپنے جتن

عالم نصرتی اور ہاشمی کا معاصر ہے۔ اس کا اور بھی کلام ملتا ہے۔ کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں معجزات نبی کا یہ دوسرا نسخہ ہے۔ پہلا نسخہ بہت ناقص ہے اس میں صرف ۵۰۴ اشعار ہیں۔ (تفصیل کیلئے دیکھئے تذکرہ اردو مخطوطات جلد پنجم صفحہ ۶۹ تا ن ۹۲۹ ۔)

کتب خانہ انجمن ترقی اردو کراچی میں حیات النبی ۔ ۸/۳ وفات نامہ (سنہ تصنیف ۱۰۸۷ھ) (۸/۳) مرثیے ' (۸۹۵ اور ۸۹۹) بیاضوں میں غزلیں موجود ہیں۔ انجمن ترقی اردو ہند (دہلی) میں نشان سلسلہ ۷۹۶ بمبر کتاب ۳۴ پر شہادت نامہ کا ذکر ملتا ہے۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عالم بہت پرگو اور خوش کلام شاعر تھا اس نے اپنے کلام میں کبھی کسی کی دل آزاری نہیں کی ۔

۱۲۰۱۔ رتن پدم مصنف ضیاء الدین عبرت اور غلام علی عشرت

تقطیع ۲۲ × ۱۵ سمر ۔ خط نستعلیق کاغذ دیسی اوراق ۱۱۶۔ مسطر ۱۳ سطری ناقص الآخر تعداد اشعار تقریباً تین ہزار۔

یہ کتاب کا دوسرا نسخہ ہے۔ پہلا نسخہ پدماوت کے نام سے موسوم ہے اس کا ذکر مخطوطات کی پہلی جلد میں صفحہ ۱۸۸ پر آگیا ہے۔

ضیاء الدین عبرت رام پور کے رہنے والے تھے ۔ انھوں نے یہ داستان لکھنی شروع کی اور بارہ سو اشعار لکھ کر انتقال کر گئے انھوں نے ابتدا میں اپنے کچھ حالات بھی دیئے ہیں۔ عبرت نے دکھنی مثنویوں کے انداز پر یہ مثنوی لکھنی شروع کی ۔ عنوانات کے لئے قصیدہ کی شکل اختیار کی کہ اگر تمام عنوانات کو سلسلہ وار یک جا کیا جائے یہ ایک قصیدہ بن جائے۔ اور قصہ کا خلاصہ سامنے آجائے ۔ چند عنوانات حسب ذیل ہیں۔ حمد کا عنوان ہے ۔

ہر ایک صورت میں آکر وہ نیا جلوہ دکھاتا ہے ۔ کہیں یوسف کہیں لیلیٰ کہیں عذرا بناتا ہے ۔

مدح پیر کا عنوان ہے۔

کہاں سے تیر جوں پہنچے ہدف ہے دل جواں میرا رسائی کا وسیلہ پیر کو اپنے بناتا ہے۔

مدح امیر کا عنوان ہے۔

امیر وقت کی لکھا صفت یوں جو کہ عالم میں نظر سے آسماں کی گر پڑے اس کو اٹھاتا ہے

استاد کی مدح کا عنوان

صفت استاد کی لکھنا مجھے لازم ہوا اے دل کہ بے استاد بزم شعر میں الزام آتا ہے

اس طرح عنوانات کے بائیس[۲۲] اشعار عبرت نے لکھے ہیں اور تیسویں[۲۳] شعر غلام علی عشرت نے لکھا ہے

کہا یاں تک تو قصہ ضیاء الدین عبرت نے اور اب شوق ہر دم مجھ کو یوں رغبت دلاتا ہے

عبرت نے دوران قصہ فارسی میں غزل کہی ہے۔ مقطع ہے۔

بان آفتاب عالم افروز دلش عبرت بکف ساغر گرفتہ

عشرت نے بھی اس کی تقلید کی ہے۔ مقطع ہے۔

سر پہ بادشاہی سے ہے عشرت مجھے خوش تیرے کوچہ کی گدائی

حمد و نعت کے بعد عبرت نے اپنے پیر سید حسن شاہ کی مدح لکھی ہے۔ کہتا ہے۔

سر دمیر قبیل مقبولان درگاہ ہے اپنے عصر کا سید حسن شاہ

ان کی توصیف کے بعد امیر وقت فیض اللہ خاں کی مدح شروع کی ہے۔ چند شعر ہیں۔

لکھوں اب مدح فیاض زماں کی فدیو عصر فیض اللہ خاں کی

کہاں ایسا جواں ہوتا ہے پیدا کہ نوکر ہیں گے جس کے زہد و تقویٰ

نہیں ہے طبع میں ان کے کوئی یاں دل عاشق سدا ازنار نالاں

کسی کا چشم نیں دیکھا تھا ایسا کہ نت بے دست و پا جلتا ہے پیسہ

میں اس کی خوبیاں کیا کیا بتاؤں غزل یک فارسی پڑھ کر سناؤں

وہ غزل لکھی ہے جس کا مقطع اوپر دیا گیا ہے۔

اس نے اپنے استاد نواب محبت خاں محبت ابن حافظ رحمت خاں کی مدح کی ہے۔ اس کے چند اشعار حسب ذیل ہیں۔

مضامیں کس طرح کرتا میں ایجاد نہ ہوتا گر محبت خاں سا استاد

کہوں کیا میں وہ نواب زمانہ ہے قلم آسا سراسر نکتہ دانا ہے

اصول و منطق ہے اس کی زباں پر　　ہے فن شاعرانہ اس کا جوہر
سخن کے مقسم کا ہے وہ فلاطون　　کہ اسکے ہاتھ میں ہے فیض مضموں
کرے اصلاح یاں تک وہ سخن کو　　کہ معنی آپ ہووے آفریں کو
غزل سے اس کے مطلب کو نظر کر　　خجل ہے مطلع خورشید انور
وہ مجھ کو نقشۂ مضموں رنگیں　　کرے ہے منتظم جوں تقدیر دیں
دل و بازو و چشم اس کے ہیں عبرت　　سخاوت اور شجاعت اور مروت
خدا اس کو رکھے دولت دائم　　بحق پنجتن پاک منظم

استاد کے بعد اس نے اپنے مُربّی مصطفیٰ خاں کی مدح میں اشعار کہے ہیں۔

زہے تو بادۂ باغ جوانی　　چمن آرائے سرو زندگانی
رہے کیونکر نہ اس کا ہاتھ خالی　　کہ ہے رسم اسکی بخشش کی نرالی
کس نے ایسا دیکھا ہے اولوالعزم　　کہ جاسکے بزم کو سمجھے ہے جوں بزم
بڑا کیوں کر نہ ہو اس کا ارادہ　　کبیر شیخ محمد سے جس کا دادا
بہ نیکی جب یہ نام اسکا ہے　　کہ کہتے ہیں غلام مصطفیٰ خاں

سبب تالیف کے سلسلہ میں پہلے شاعر نے اپنے کمال کی تعریف کی ہے اور کہتا ہے۔

ہے دل میں تا کہ میں ہو کر نواساز　　نکالوں پردہ دل سے اک آواز
برائے خاطر یاراں بے کیں　　لکھوں اک داستاں شوخ و رنگین
کروں خورشید ساں طبع آزمائی　　شہابی کی بنا دوں روشنائی
ملاحظہ کے میں پوچھوں ہوں تجھ کو　　کہ کرتا ہوں بیاں عشق ہندو
کہے کوئی کہ عبرت سا ملا ں　　ہوا ہے عشق کا فرسے سخن داں

عبرت نے خود ستائی بہت کی ہے اور کہا ہے کہ ایران و توران کے تو بے شمار قصے لکھے گئے ہیں۔ اپنے وطن عزیز کا قصہ قلم بند کروں گا۔ اس لئے بھی کہ اس اعتراض سے. یوں جو لوگ بیرونی قصوں کی بجائے اپنے لکھنے پر کرتے ہیں کہتے ہیں کہ ہمارے شعرا کو وطن سے کوئی دلچسپی نہیں۔

ہندوستان کی تعریف میں اس نے جو اشعار لکھے ہیں اس سے اس کی وطن دوستی کا اظہار ہوتا ہے۔ توصیف ہندوستان کے زیر عنوان حسب ذیل اشعار ملاحظہ ہو۔

ولیکن فقط کہتا ہوں وطن کا　　کہ ہوں میں عندلیب اپنے چمن کا

سواد ہند کو اسے مونس جاں — بناؤں سرمۂ چشم صفاہاں
کروں ہندوستاں کا وصف مرقوم — پیے جس سے عرب کے ملک میں دھوم
ہے سلسلۂ عشق ہندی کا شرر بیز — کہ ہے گا آفتاب اس جانپٹ تیز
عجم میں ہند کا ہے عشق خونخوار — قیامت ہند کی کالی ہے تلوار
لکھوں ہندوستاں کی گر میں توصیف — تو دفتر ایک علاوہ ہوے تصنیف
نہایت طول یہ مذکور ہو جائے — ہزاروں کوس مطلب دور ہو جائے
غرض آتش ہے اس کی آتش دل — ہوا اوس کی ہے روح مرغ بسمل
بتاؤں اس کا پانی آہ کیا ہے — مگر طوفاں کا پانی رہ گیا ہے
جلی پروانہ کی ہے خاک داں کی — کہ عشق افزا ہے خاک ہندوستاں کی
جو کوئی عاشق و معشوق یاں ہے — دوی ہرگز نہ ان کے درمیاں ہے
برنگ شعلہ و خس ہوتے ہیں ساتھ — جو مرتے ہیں تو دونوں مرتے ہیں ساتھ

عبرت اپنے موضوع کا اس طرح اظہار کرتے ہیں۔

مجھے اس پر جو تائید سخن ہے — جنوں سرمایۂ عشق رتن ہے
رتن کے عشق کا شعلہ تھا سرکش — پدم کے بھی لگائی دل کو آتش
سو ان کا میں نے لکھ کر قصہ تمام — مثال شمع پروانہ رکھا نام

مندرجہ بالا شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ عبرت نے اپنی اس مثنوی کا نام "شمع پروانہ" رکھا۔ لیکن چونکہ اس میں رتن اور پدم کا قصہ نظم کیا گیا ہے اس لئے رتن پدم کے نام سے اس مثنوی نے شہرت پائی۔

اس شعر سے قصہ کی ابتدا ہوتی ہے۔

سمند خامہ طوفان بلا خیز — ہوا جوں اشک گلگوں گرم مہمیز

عبرت نے قصہ کے دوران غزلیں بھی کہی ہیں۔ ایک غزل کا مطلع اور مقطع ہے

بیتاب کوئی شئے نہیں سیماب کے مانند — پر وہ بھی نہ ہوگا دل بے تاب کے مانند
عبرت تو عجب طور سے باندھے ہے مضامیں — ہر بحر غزل میں در خوش آب کے مانند

عبرت نے ڈاکٹر زور کے خیال کے مطابق ۱۲۱۱ھ میں اپنے استاد کی موت سے گیارہ سال قبل وفات پائی۔

غلام علی عشرت پر جناب ڈاکٹر احمد سجاد صاحب نے ایک مبسوط کتاب لکھی ہے جو شائع ہو چکی ہے۔

۱۲۰۲۔ ترجمہ جواہر خمسہ

اوراق ۱۴ ۔ مسطر ۷ یا ۸ سطری ۔ سائز ۵½ × ۷½ ۔ خط نستعلیق

اس رسالے میں مصنف اسلامی تصوف کی بنیادی باتوں کا مفہوم ہندی میں واضح کیا ہے۔ مثلاً مارک چار۔ راہ شریعت۔ کرم مارک۔ راہ طریقت۔ بھگت مارک۔ راہ حقیقت۔ وہراک مارک راہ معرفت گنیان مارک۔ اسی طرح پانچ عناصر پچیس گن کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

آغاز:

"حضرت خواجہ ابراہیم الثانی قامرشد کامل حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی چشتی قدس سرہ العزیز بزبان ہندی فارسی جواہر خمسہ رایکے راہ نمودہ اند"۔

اختتام:

"دادو دیہی وہی راہر مورت من مان باہر یوجن جان مورکھ لوک ابخان ہیں جو باہر پوجن جان"

۱۲۰۳۔ مختصر سوانح عمری حضرت مولانا سید غلام حسین صاحب۔ مصنف: نامعلوم

اوراق ۔ ۷ مسطر ۔ ۱۵ سطری ۔ سائز ۸ × ۱۳ ۔

آغاز:

"آپ کے آباواجداد استراباد ایران کے رہنے والے ہیں۔ زمانہ قطبیہ میں وارد حیدرآباد ہوئے۔ ۱۲۷۶ھ میں ولادت باسعادت ہوئی۔"

اختتام:

انتقال ۲۲ جولائی ۱۹۲۳ء کو ہوا۔ آپ تلمیذ رشید مولوی مرزا بہادر علی صاحب صفی پروفیسر جاگیردار کالج (حال مرحوم) نے آپ کا تاریخی قطعہ اس طرح کہا ہے۔

یکشنبہ دہشتم ربیع الاول — رفت از تن پاک جان صدر العلما آہ

در سجدہ اے صفی نوشتم تاریخ — شد باغ ارم مکان صدر العلما"

اس رسالے میں جیسا کہ اس کے عنوان سے ظاہر ہے حضرت سید غلام حسین صاحب صدر العلماء کی مختصر سوانح بیان کی گئی ہے۔ چند عنوانات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

ولادت۔ ابتدائے تعلیم حیدرآباد۔ تحصیل علم از عراق۔ تبلیغی حالات۔ قیام بمبئی
قیام زنگبار۔ تصانیف۔ تلامذہ۔ اولاد ذکور و اناث۔ انتقال۔

۱۲۰۴۔ رسالہ ہفت گروہ   مصنف: نامعلوم

چھ اوراق۔ تقطیع ۲۱ × ۱۷ سمر ناقص الآخر۔ مسطر۔ گیارہ سطری۔

اس رسالے میں دکنی فقرا کی طریقت کا اظہار کیا گیا ہے۔ فقرا کے جو مختلف گروہ ہیں اس کی بنیاد کن آیات پر رکھی گئی اور انھیں کس شخصیت سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس کا ذکر ہے۔ مثلاً چہار ترک۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منسوب ہے۔ گودڑی (دلق) کا طریق حضرت ابراہیم ادھم بلخی سے، طریق عامی رومال پکڑنے کا خواجہ حسن سنجری کا ہے۔ اسی طرح گدائی، ٹکڑا مانگنے، سوال کرنے وغیرہ کے طریقوں سے متعلق آیات کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

ابتداء:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اول فقیری پانچ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ پر اوتری ہے۔ حدیث نبی فرمائے ہیں۔ الفقر فخری والفقر منی اور تاج محمد اوپر رودرا ہے۔ تاج کا یو منہ ہے۔ و توکل علی اللہ دکنی باللہ وکیلا۔

اختتام:

اور طریق چکو نیکل تال دیوان سے نکلا ہے۔ اوس کی آیت یو ہے۔ ان فی جسد ابن آدم لمعہ رب قلب فی القلب روح فی الروح سرّی۔

۱۲۰۵۔ رسالہ وحدت وحقیقت   از حسام الدین صوفی شاہ آزاد تخلص

تقطیع ۲۲ × ۱۷ اوراق ۳۲۔ مسطر ۱۳ تا ۱۵ سطری ترقیمہ۔ ندارد۔

اس کے صفحہ اول یعنی ٹائٹل پر رسالہ آزاد حقیقت وحدت لکھا ہے۔ اور ناصیہ پڑ مرید کے لیے یہ رسالہ بنایا گیا ہے۔ وحدت حقیقت" تحریر ہے۔ اور نیچے یہ رسالہ سید حسام الدین مولوی صوفی شاہ قادری" لکھا ہے۔ آزاد صوفی شاہ کے نام سے مشہور تھے اور نثر اور نظم میں اپنے صوفیانہ خیالات کا اظہار کرتے تھے۔ ایک بیاض میں ان کی متعدد نظمیں نظر سے گزری ہیں۔ یہ بیاض نورالاسلام صاحب منتظم موظف رجسٹرار آفس عثمانیہ یونیورسٹی حال و مہتمم کتب خانہ سرنظامت جنگ کی ملکیت ہے۔ آزاد بلند پایہ

شاعر نہیں۔ انھوں نے نعت اور تصوف کے مضامین باندھے ہیں اور اپنا تخلص بھی استعمال کیا ہے لیکن یہ تخلص معنویت کے لئے ہوا ہے۔ مثلاً

کہنا یہ آزاد کا　　عین ہے ارشاد کا

لہٰذا اوس کو دے غیر رنگ کے رنگ　　آزاد بیچے کا دے اسے ڈھنگ

پیر کامل سے میں بھی پا کر زور　　ہو کے آزاد پھرتا ہو خوش نود

کتاب میں نثر کا جو حصہ ہے اس میں محاورے سے زیادہ استعمال کئے ہیں۔ نمونتاً عبارت کا ایک ٹکڑا درج کیا جاتا ہے۔

" مثل مشہور ہے " پاؤں ہاتھ کی کاہلی میں سو جہاں ہے بڈھن ہو گیا سمجھیں ماٹی مثل مشہور ہے "۔ سانی بڈھا ڈ اگر یوں میں اس دنیا سے گیا کم بخت جیسا جیا ویسا نہ مرنے والا ہو تا نہ مرا مثل مشہور ہے " منگا نہ گھر رکھا "۔ کتاب کے آخری صفحات میں رادت اسلیم جامی، شمس تبریز، مولائے روم کی فارسی غزلیں درج ہیں۔ اردو کی تین غزلیں غلطی کی بھی تحریر ہیں۔

ابتدا :-

" گم آگم موجودات۔ احدیث واحدیت لا تعین تعین اول تعین ثانی۔ لا اعتبار تجلی اول تجلی ثانی۔ بالبشرط شئے بشرط لا شئے۔ حقیقت حق۔ حقیقت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

اسی طرح الفاظ ہی الفاظ ہیں۔

اختتام :- کھری غلطی۔

مالنیا چونکہ (چن کے) لائے ہیں پھول۔ گوندے گوندے خاب بتول

احمد پیارے ہم تم یہ وارے　　اتنی عرض ہو قبول

محمد پیارے گوندکے لائیں پھول۔

کتاب کے ٹائٹل پر اور آخر میں محمد شریف تاجر کتب مسجد چوک حیدرآباد کی مہر کی ایک مہر ثبت ہے یہ کتاب انھیں سے ادارہ کے لئے خریدی گئی ہے۔

۱۲۰۵- مفید الصبیان (منظوم)　مصنف : رضا

اوراق - ۱۸- مسطر ۱۵ سطری - کاغذ چینی - تاریخ تصنیف ۱۲۲۴ء　کاتب

سید محمد نظام الدین احمد فرزند حضرت خواجہ سید شاہ ابو الحسن الحسنی ۔ کتابت ۱۲۷۵ھ
خط عمدہ نستعلیق

یہ رسالہ مفید الصبیان بچوں کی ابتدائی تعلیم کے لئے لکھا گیا ہے ۔ عموماً منظوم باتیں جلد یاد ہو جاتی ہیں اس لیے یہ رسالہ نظم میں لکھا گیا ہے ۔ اس میں بیشتر حصہ الفاظ اور ان کے معانی پر مشتمل ہے ۔ ابتداء حمد کے اشعار سے ہوتی ہے۔

حمد و ستایش اور ثنا　　　جان مرا ہنلہے حق کا
نعت مرا ہنلہے اوس کا　　　رسول حق کا جو بھیجا
آل پیمبر اور اصحاب　　　اور جو ان کے احباب
بھیجے رضا تو سب پہ مدام　　　درود بے حد اور سلام

زمانے کی قسمیں نثر میں بیان کی ہیں۔ فارسی مصادر سے گردانیں کی ہیں اور اردو ترجمہ سرخی سے لکھا ہے۔

آمد ن سے متعدد مصادر اور ان کا ترجمہ منظوم ہے۔

اختتام :

بتیس یا بارا برس کا ہے قرن　　　صدی سو برسوں کی اے شیریں سخن
بارہ سو چوبیس سن کے درمیاں　　　از طفیل سرور کون و مکاں
ہو چکا اس سال یہ نامہ تمام　　　جان اس کا ہے مفید الصبیان نام
ہے دعا میری ہی اے ذوالمغنی　　　نہیں کہیں تیرے سوا مجکو امن
یاد سے تیری نہ رکھ غافل کبھو　　　رکھ مجھے کونین میں تو سرخرو
فضل سے تیرے عفو ہو سب گناہ　　　نام سے تیرے میرے ہو خاتمہ
کر مجھے ایمان کامل تو عطا　　　از طفیل آل پاک مصطفٰے

ترقیمہ :-

تمت تمام شد نسخہ مفید الصبیان بخط خام شکستہ نظام سید محمد نظام الدین احمد فرزند حضرت خواجہ سید شاہ ابو الحسن الحسنی قدس سرہ العزیز در قمر نگر عرف کرنول برائے خواندن برادر بجان برابر بلکہ از جان بہتر سید غلام حمید مد اللہ عمرہٗ و زاد علمہٗ ، بوقت سہ پہر روز ہفتہ قریب نماز عصر در ۱۲۷۵ھ پیرایۂ اختتام پوشیدہ ہر کہ خواند دعا طمع دارم ۔ زانکہ

من بندہ گنہ گارم
تاریخ پنجم جمادی الاول ۱۲۷۵ھ ۔
سنہ کو مکرر سرخی سے لکھا ہے ۔
اس کے بعد دعائے باراں اور مناجات ۔ نیا چاند دیکھ کر کیا دیکھیں ۔ دعائے میت درج کی گئی ہیں ۔

۱۲۰۷ - رسالہ سوال وجواب فارسی

اوراق ۱۶ - مسطر ۱۶ سطری تقطیع (۱۹ × ۱۲) کاتب سید محمد نظام الدین فارسی
اس رسالہ میں ضروری جملے لکھ کر اس کا اردو ترجمہ درج کیا گیا ہے ۔ فارسی آموز مفید رسالہ ہے
ابتداء :

ابتدائے سوال وجواب ۔ سوال وجواب کا شروع کا ست ۔ کوئی ہے ۔ نوکراں آمدند نوکر آئے ہیں ۔ ہمہ نیامدند ۔ سب نہیں آئے ۔ کدام کس نیامدہ است ۔ کون نہیں آیا ہے ۔

اختتام :

فریادی گوکل چند سرکار در کچہری حاضر است ۔ فریادی گوکل چند سرکار کچہری میں حاضر ہے ۔
خداوند شنیدہ ام اد ۔ ۔ ۔ ۔ دوکیلش نیز امروز حاضر نیست ۔ خداوند سنا ہے کہ وہ کسلمند ہے اور وکیل بھی اس کا حاضر نہیں ہے ۔ (اس کے بعد بائیں طرف ورق قدرے پھٹ کر خلاصہ ہو گیا ہے)
ترقیمہ :-

در ۱۲۷۵ ہجری بتاریخ ششم ماہ جمادی الاول ۱۲۷۵ ہجری در قمر نگر عرف کرنول بروز یکشنبہ پیرایہ اختتام پوشیدہ اس کے آخر میں قرآن کے پاروں کے نام الم تا عمو درج ہیں

۱۲۰۸ - ختم شریف مرتبہ : شیخ عبداللہ بن ابوبکر

۲۵ - اوراق ۔ کاغذ دولت آبادی ۔ مسطر ۹ سطری تقطیع ۲۲ × ۸ سمر
سرخ حاشیہ اور عربی کے ترجمے کے لئے بین السطور سرخ لکیریں ہیں غالباً وہ ترجمہ کرنا چاہتے تھے لیکن

تکمیل نہ کر سکے۔

ابتدا: یہ ختم ہے قرآن شریف کا اور اس میں بہت دعایاں اپنے ماں باپوں کے حق میں ہے
اختتام: د ختم ثواب د نشتیفع کہا الی حضرت النبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم فاتحہ

۱۲۰۹- شرح

اوراق ۱۶۔ تقطیع (۲۴ × ۱۴ سمر) خط قدرے جلی۔ خوشخط
یہ کسی عربی کتاب کی شرح ہے جس میں احادیث جمع کی گئی ہیں۔ یہ صفحہ ۱۶۷ سے شروع ہو کر ۱۸۶ پر ختم ہو جاتی ہے گویا۔ یہ شرح کل ۲۰ صفحات کی ہے۔ یہ حصہ نماز اور روزے کے احکام پر مشتمل ہے۔
ابتدا:

درست و جائز ہے۔ رمضان سے قبل عشرہ محرم کا روزہ فرض تھا۔
اختتام: شروع میں بسم اللہ نہیں لکھتے تھے۔ قبول دعا میں شک نہ کرے۔ عزم سے کرے
دلیعزم اور چاہیئے پکا وعدہ کرے اس لئے براۃ کے شروع میں نہیں ہے۔
کتاب صفحہ میں دو کالم بنا کر لکھی گئی ہے۔ ترقیمہ نہیں ہے۔

۱۲۱۰- پنچھی باچھا

اوراق ۷۶ تقطیع ۲۸ × ۱۸ سمر وجیہ الدین وجدی۔ سنہ تصنیف ۱۲۴۶ھ
یہ ادارہ کے کتب خانہ کا گیارہواں نسخہ ہے۔ اس کا ذکر اس سے قبل گزر چکا ہے۔
یہ اول و آخر ناقص ہے۔ یہ مطبوعہ پنچھی باچھا کے صفحہ ۱۳ سے شروع ہو کر ۱۳۳ صفحے پر ختم ہوتا ہے۔ مخطوط میں صفحہ ۱۸ تا ۱۷۷ سے بغیر نقطے ہیں۔ درمیان میں ۵ تا ۲۲ اوراق اور ۵۶ تا ۵۹ اوراق ندارد۔ کتاب کی شیرازہ بندی کے وقت اوراق مقدم و موخر تلف ہو گئے ہیں۔
وجیہ الدین وجدی پر محمد بن عمر مرحوم کا مقالہ شائع ہو چکا ہے۔ اور ان کی تین مثنویوں 'پنچھی باچھا' تحفہ عاشقاں اور باغ جانفزا کا ذکر محمد بن عمر مرحوم نے اپنی کتاب وجدی میں تفصیل سے کیا ہے۔

۱۲۱۱- منتخب النحو (قواعد فارسی) مصنف: امیر حیدر حسینی بلگرامی

تقطیع (۱۸ × ۱۵ سمر) اوراق۔ خط نستعلیق کاتب۔ سید حسین ولد سید عبدالقادر

سنہ تصنیف ۱۲۱۴ھ سنہ کتابت ۱۲۷۴ھ۔

ابتدا:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

حمد فاعل اشیاء و جل علا را کدام نحو بیان گویم کہ شائستہ جناب او آید و شکر آلائی او را ابکد از کلمہ فصیح و بلیغ گوید کہ ادائے حق آن نماید

اختتام:

ترجمہ ایں رسالہ منتخب النحو فارسی بتاریخ دوم جمادی الاول سنہ ۱۲۷۴ھ۔ بدست سید حسین عاصی ولد سید عبد الحق در مرحوم و مغفور الغرام یافتہ۔

۱۲۱۴۔ قصہ منظوم پنجابی۔ از ہاشم

اوراق ۲۳۔ سطر ۱۰ سطریں۔ تقطیع ۲۲×۱۴ سم

ابتدا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حکمت اوس خداوند والی مالک جو ملک ملک دا

لکھ کر . . . . کوئی کھان نیک دا

حکمت نال رہی سرکر جان دا لم چرخ فلک دا

خوب سنولی گل کاری فراش فنا خلق دا

آخری بند:

رکھا اوی فقیر سنو یوں کھل حقیقت سارے

آئی نار پر بدن صورت کری بار اوتارے

جیسے نام بینو دا آئی درد عشق دے مارے

ہاشم تھا ٹکانا ں بجانا ں آئی کون بچارے

گل سن ہوت زمین پر ڈھا کہانی کلیجہ کانے

کھل گئے کور سیاہی قبر ے مادیلی دل جانے

بعض بندوں کے آخری مصرعے سرخی سے لکھے گئے ہیں۔

۱۲۱۳۔ مراثی حیدر

اوراق۔ ۹۰　مسطر۔ ۶ تا ۸ سطری　سائز ۴½ × ۶½ ناقص الاول (آخر کے ۱۰ صفحات خالی ہیں)

ابتدا:

آفات و بلیات سے اب اس کو بچا و زحمت سے چھڑائے اے بادشاہ ہر دو جہاں
دین کے سردار یا حیدر کرار۔

تمت

نوحہ دوم

اے نور خدا جان و دل حضرت آدم اے قبلہ عالم
اے راکب دوش نبی خالق اکرم اے قبلہ عالم

اختتام:
امام راکع و ساجد امام زاہد و عابد
ہوا خیر البریہ شہریار اصفیا زخمی
یہی نوحہ ہے حیدر کا بصد حزن و غم و نالہ
ہوا خیر البرایا بادشاہ اتقیا زخمی

تمت تمام

حیدر تخلص کے دو شاعروں کا پتہ چلتا ہے ایک تو فقیر اللہ شاہ حیدر ہیں جن کی تین کتابیں (تن ولی۔ نظم انور۔ چادر کرسی) ادارے میں محفوظ ہیں دوسرے میر حیدر شاہ دکنی ہیں لیکن یہ کلام موخر الذکر شاعر کا معلوم ہوتا ہے۔

میر حیدر شاہ دکنی سپاہی تھے تذکرہ مخطوطات جلد اول میں ڈاکٹر زور نے حیدر کی ایک غزل کا ذکر کیا ہے۔ (ص ۲۸۰) حیدر شاہ دکنی نے دیوان ولی کی تخمیر اور حافظ کی تضمین بھی کی ہے۔ حیدر بنگال میں نواب سرفراز خاں کے ملازم تھے۔ انھوں نے سو برس کی عمر میں بمقام ہگلی وفات پائی۔ زیر نظر مخطوطہ میں حیدر کے چند مرثیے اور نوحے ہیں۔

۱۲۱۴۔ بیاض مراثی و نوحہ جات　مصنف: مختلف شعراء

اوراق ۳۸۔ مسطر ۱۳ تا ۱۵ سطری　سائز ۶½ × ۹، سنہ کتابت ۱۲۲۰ھ

کاتب - بنکٹ پرشاد خرم - ہیرالعل - سید علی

ابتدا: روایت شتر اسوار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہے روایت شتر اسوار کہی کا تھا رسول
ایک جگہ شہر مدینہ میں ہوا اوس کا نزول
جس محلے میں کہ رہتے تھے حسین ابن بتول
ایک لڑکی کھڑی دروازے پہ بچار ملول

اختتام:

کچھ نہیں پھر تو چلتا ہے چارا
چوڑیاں میں بڑھانے نہ دوں گی
رو رو کہتی ہے قاسم کی دلہن
چوڑیاں میں بڑھانے نہ دوں گی

المرقوم بتاریخ ۱۲ جمادی الثانی ۱۳۳۰ھ ہجری ہیرالعل

ترقیمہ: الحمدللہ والمنہ نسخہ روایت شتر اسوار مع شہادت فرزندان حضرت مسلم رحمتہ اللہ علیہ بتاریخ ۱۰ شہر صفرالمظفر بحسن انتظام کاربرداران مطبع موصوف ختم ہوئی۔ المرقوم بتاریخ ۱۷ ماہ شوال ۱۳۳۰ ہجری تمام شد سید علی ساکن بنکٹ پرشاد خرم مورخہ۔

آخر کے درمیان اوراق پر یادداشتیں منتخب اشعار اور نصیحتیں "دشمن کو دوست بنانا" "فوائد علم" وغیرہ لکھی گئی ہیں۔ زیر نظر بیاض میں مختلف شعرا کے مراثی اور نوحے ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔

روایت شتر اسوار	از	سکندر
نوحہ برادران مسلم	از	اخلاص
نوحہ زہرا	از	نجمی
سلام شاہ ظفر - ۲	"	ظفر
مثنوی شہادت فرزندان مسلم رض	"	دستگیر
نوحہ حضرت امام حسین	"	نبی

نوحہ		از	ضیا
نوحہ		"	احقر

اوراق ۹۸ - مسطر ۱۱ تا ۱۳ سطری سائز ۴/۱-۸" × ۶" - سنہ کتابت ۱۳۲۵ھ ناقص الآخر
آغاز: "یا ہادی
تاریخ ۲ ربیع الثانی ۱۳۲۵ء روز جمعہ درمکان مسلم جنگ بوقت چہار زدہ .... کے تین ہزار کام ہیں اور سب اچھے ہیں۔ مگر اون سب میں دو نام اوّل نمبر کے اول درجے کے ہیں۔ سب نام خدا کے صفاتی ہیں"
اختتام: ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ یعنے اے حبیب ہمارے ذمہ میں ہے کہ تم کو قرآن کے معنی بتانا۔ اور قرآن میں تو۔ دونوں قسم محکم و متشابہ رہیں تو یقیناً اللہ نے"
سرخیاں فٹ نوٹ میں لکھی گئی ہیں۔ چند ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔

۱۔ اللہ اور رحمٰن کی تعریف
۲۔ نقل فرشتوں کے دیکھنا سوال کرنا حضرت عباس رض
۳۔ مولانا شاہ عبد العزیز کو جنت کی خبر دینا لونڈی کا
۴۔ نقل عمل کرنا سنت پر اور اعمال نامہ میں مٹی کی تھیلی کا آنا
۵۔ نقل یک نند دو شد
۶۔ حال ترک سلطنت حضرت ابراہیم ادہم بلخی رح
۷۔ نقل حضرت عمر جو راتوں کو پھرتے تھے۔
۸۔ پیغمبر علیہ السلام کے امتحانات کا بیان

۱۲۱۵ - مختصر حالات راجہ نند - مصنف: نامعلوم

اوراق ۵۲ - مسطر ۱۲ سطری - تقطیع ۶" × ۱۲" (ناقص الآخر) زمانہ تصنیف بعد از ۱۲۵۰ھ
آغاز: عیسوی سنہ کے تین سو سال قبل کو سوم پور میں (جو مگدھ دیس یعنی ملک بہار میں واقع تھا) پہ چھتری قوم کے خاندان نند کے راجہ فرماں روائی کرتے تھے۔"

اختتام:

"جس کا جسم سراسر امرت سے بھرا ہوا اور پر نور ہے۔ وہ باوجود اس قدر عظمت و قدرت رکھنے کے سورج کی قربت پانے سے بے نور ہو جاتا ہے۔ جب چاند کا یہ حال ہے"۔

اس رسالہ میں جیسا کہ اس کے عنوان سے ظاہر ہے راجہ نند کے حالات زندگی قلمبند کئے گئے ہیں۔ کتاب کو پندرہ (۱۵) ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ابتدائی چھ صفحات میں راجہ نند کے مختصر حالات بیان کئے گئے ہیں اور بتلایا گیا ہے کہ تین سو سال قبل مسیح میں مگدھ دیس میں چھتری قوم کے خاندان نند کے راجہ حکمران تھے۔ اس خاندان میں سردارتھ سدھی ایک باعظمت راجہ گزرا ہے جس کی دو بیویاں تھیں۔ اسے پہلی بیوی سے ۹ لڑکے تولد ہوئے اور دوسری سے ایک ہی لڑکا پیدا ہوا جس کا نام موریا تھا جو بڑا ذہین اور لائق تھا اور یہی لڑکا بعد میں خاندان موریا کا بانی ہوا۔ موریا نے بہت سی عورتوں سے شادی کی تھی اور اسے (۱۰۰) سو لڑکے تولد ہوئے۔ موریا کا بڑا بھائی راجہ نند جو سردارتھ سدھی کا جانشین بن گیا تھا باوجود اپنی حکومت، عظمت و بزرگی کے موریا سے حسد کرنے لگا اور موریا اور اس کے سو بیٹوں کو ایک غار میں بند کروا دیا اور انھیں روزانہ اتنی کم غذا دیا کرتا تھا کہ وہ ایک شخص کے لئے بھی ناکافی ہوتی تھی۔ موریا نے خیال کیا کہ اگر ہم اتنی غذا سب میں برابر تقسیم کر لیں تو یقیناً ہم سب کچھ ہی دنوں میں فوت ہو جائیں گے چنانچہ اس نے اپنے ایک لڑکے چندر گپت سے کہا کہ یہ غذا صرف وہی کھائے اور اس کو وصیت کی کہ وہ اپنے چچا نند سے باپ کا بدلہ لے لے۔ کچھ عرصے بعد موریا اور اس کے تمام لڑکے فوت ہو جاتے ہیں اور تنہا چندر گپت اس غار سے زندہ باہر نکل کر اپنے باپ کا بدلہ لیتا ہے۔ اور تین سو پندرہ (۳۱۵) سال قبل مسیح تخت نشین ہو کر ۲۴ سال تک حکومت کرنے کے بعد ملک عدم کو سدھارتا ہے۔ راجہ اشوک بانی مذہب بدھ اس کا پوتا تھا۔

راجہ نند کے حالات کے بعد چانکیہ کی سوانح عمری بیان کی گئی ہے جو ۴۶ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔
ناقص الآخر اس مخطوطے کے آخر کے پانچ یا چھ صفحات درمیان سے کرم خوردہ ہو گئے ہیں۔

۱۲۱۶۔ تصویر کاری   مصنف: امجد علی

اوراق ۲۸ - مسطر ۱۸ سطری - تقطیع ½۶" × ½۸" زمانہ تصنیف ۱۹۶۵ء

آغاز:

"تنقیحات:- پہلی ہی نظر میں جب حسن کار کی انفرادی خصوصیات کا پتہ چل جاتا ہے تو تصویر

کو ناظر کی ابتدائی تائید حاصل ہو جاتی ہے۔ اس شخصی عنصر کو معلوم کرنے کے بعد بھی اگر آپ کو وہ تصویر پسند نہ آئے تو اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ کے اور حسن کار کے ذوق فن میں نمایاں فرق پایا جاتا ہے"۔

اختتام :-

" تصویر کے اہم عناصر :- پیرس کا ایک پادری بھی اسی طرح کہتا ہے کہ " میں بالعموم مانے (Manne) ہی کی تصویریں خریدتا ہوں۔ کیونکہ مانے اپنی تصویروں میں ساری وہ چیزیں اکھٹی کر دیتا ہے جن کو دیکھ کر میں اپنے خطبوں میں شامل کرنا چاہتا ہوں یعنی سادگی خیال آفرینی اور منطقی تواتر " (ترجمہ) امجد علی "

یہ مخطوطہ دراصل امجد علی صاحب کا تصویر کاری کے موضوع پر صبا رس کی خصوصی اشاعت کیلئے لکھا ہوا مسودہ ہے۔ جس میں درج ذیل عنوانات کے تحت معلومات آفریں مضامین لکھے گئے ہیں

۱۔ تصویروں پر تنقید کے اصول ۔ ۲۔ صنعت اور حسن کاری
۳۔ تنقیدی فیصلوں میں طرفداری ۴۔ رنگ کی تاریخ
۵۔ تصویری شعور۔

ابتدا میں حمید الدین شاہ صاحب کے نام ایک خط ہے جس میں ــــــ ان مضامین کو صبا رس کی خصوصی اشاعت میں واضح خط میں لکھوانے کی خواہش کی گئی ہے۔

۱۲۱۷۔ فرہنگ بہار دانش۔ مصنفہ منشی شیخ عنایت اللہ

ورق ۱۱۔ مسطر۔ ۲۰ سطری سائز ۔ ۶½ × ۹½ ۔ زمانہ تصنیف :
کاغذ قدیم (کرم خوردہ)

آغاز :

" فرہنگ بہار دانش من تصنیف منشی شیخ عنایت اللہ رحمۃ اللہ علیہ
آفرینش امضا اغضان انقباض اتفے اسمار استنباط
پیدائش جاری شاخہا بستگی نہایت قصہ برآوردن "

اختتام :

پرند ...ن یاداشتی بدرہ ...ل بہتر کپر
چدر نہایت بدلہ رخصت نام وزن ضعیف لڑکا تمت تمام شد

منشی شیخ عنایت اللہ کی فارسی تصنیف "بہار دانش" کی اردو فرہنگ ہے۔ کتاب کے آخر میں کوئی ترقیمہ نہیں ہے جس کی وجہ سے مرتب یا کاتب کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

۱۲۱۸۔ دیوان قیس ۔ محمد صدیق قیس

شاعر۔ قیس ۔ ورق ۴ ۔ مسطر ۱۳ سطری ۔ زمانہ تصنیف قبل ۱۲۳۰ھ
سائز ۔ ۵½ × ۸" ۔ خط نستعلیق (کرم خوردہ)

آغاز :۔

تیرے ہاتھوں میں جو یہ اور سے سونے کے ہیں بند دے رہے ہیں۔ سانپ کے لہریں تمھاری چوڑیاں
ہاتھ چھلتا ہے بنانے سے چڑھا جوڑا ہے تنگ ورنہ یوں مڑ تو بد جاویں گی ساری چوڑیاں

اختتام :

کہوں قیس کے کی کہاں ہیں بتے ہوئی اوسکے میری لڑائی کہار رو
چلی اس لئے اس نگوڑے کے گھر کو کروں جا کہ اوس سے صفائی کہار رو

محمد صدیق قیس (متوفی ۱۲۳۰ھ) کے دیوان ریختی کا ناقص الاول نسخہ ہے صرف دس غزلیں موجود ہیں۔ زیر نظر مخطوطہ ردیف "ن" سے شروع ہو کر ردیف "و" پر ختم ہوتا ہے۔ آخر میں کوئی ترقیمہ نہیں ہے۔ قیس کی ریختیوں کا ایک انتخاب ڈاکٹر حفیظ قتیل نے شائع کیا تھا۔ "دیوان قیس کی تنقیدی تدوین" کے موضوع پر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ کی ریسرچ اسکالر صالحہ بیگم نے ایم فل کا مقالہ قلمبند کیا ہے۔

۱۲۱۹ - دیوان سیف

ورق ۴۶ ۔ ۱۲ سطور فی صفحہ۔ سائز ۴½ × ۵½ ۔ زمانہ تصنیف خط شکستہ نستعلیق

آغاز :۔

یہ گل وہ گل ہے کہ جس نے چمن کو چھوڑ دیا
ہزار حیف کہ بلبل وطن کو چھوڑ دیا
سلام ہے مرا اس پر جو برسر نیزہ
سوار ہو کے زمین ہی پہ تن کو چھوڑ دیا

۱۲۲۰۔ دیوان عظیم۔

اوراق ۔ ۶۵۔ سطور ۲۵ فی صفحہ ۔ کاغذ دولت آبادی دبیز تقطیع (۲۹×۲۲ سم)
خط نستعلیق ۔ کتابت تقریباً ۱۲۵۰ھ کاتب ۔ غالباً خود مصنف (اکثر مقامات پر اسی
خط میں اضافہ و اصلاح ہے)

عظیم تخلص کے چار شعرا کا ذکر ملتا ہے ۔ جن میں زیادہ شہرت مرزا عظیم بیگ شاگرد حاتم و سودا کو حاصل ہوئی ۔ مجموعہ نغز میں ان کے اشعار کا بہت زیادہ انتخاب دیا گیا ہے لیکن اس دیوان میں کوئی شعر نہیں ۔ اس لیے یہ مرزا عظیم بیگ کا دیوان نہیں ہے ۔ ایک مرزا زین الدین یا زین العابدین میں ان کا بھی یہ دیوان نہیں ۔ یہ عظیم علی کا دیوان ہو سکتا ہے صرف نام کے لحاظ سے ورنہ ان کا منتخبہ شعر بھی اس دیوان میں نہیں ۔ یہ دیوان ناقص (اول و آخر) بھی ہے ۔ اس لیے قطعی فیصلہ مشکل ہے ۔ البتہ دیوان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عظیم مذہب امامیہ سے تعلق رکھتے تھے چنانچہ کئی شعر اس سلسلے میں لکھے ہیں ۔ ایک شعر نمونتہً پیش ہے ۔

ہے قدر مومنوں میں مری اس لئے عظیم   دل سے غلام ہوں شہ دلدل سوار کا

دوسری بات یہ کہ وہ اپنا وطن چھوڑ کر تلاش معاش میں باہر نکلے اور وطن سے دور ہو کر ہمیشہ وطن کو یاد کرتے رہے لکھتے ہیں ۔

کہیں کیا شعر پر معنی عظیم ہم آ کے غربت میں   وطن سے بے سر و سامان بے نان و نمک نکلے

اور دعا کرتے ہیں کہ

عرض کرتا ہوں کہ دلوا کے کوئی کار عظیم   جلد پہنچا تو وطن خالق غفار مجھے

شاعر نے ایک دوسرے شاعر فاضل کا ایک مصرع اس طرح لکھا ہے ۔

پڑھ مصرعہ کو عظیم جگر افگار   آباد کیا خوب یہ ویرانہ کسی نے

عظیم ناسخ کے مرید معلوم ہوتے ہیں۔ ایک شعر میں کہتے ہیں

گر ملاقات ہوا آتش سے تو میں پوچھوں عظیم
مثل ناسخ کے متانت میں سخن کس کا ہے

مرزا عظیم بیگ عظیم کی طرح انھوں نے بھی دو غزلہ اور سہ غزلہ لکھے ہیں۔
غالب کی زمین میں بھی غزلیں موجود ہیں۔ مثلاً

جب خیال آئنہ رو سامنے آجائے ہے — دیکھتے دل پر مرے حیرانی سی چھا جائے ہے
کھول کر دل اپنے صاحب مے پرستی ایک دن — بند کر در کو کرے یہ بندہ مستی ایک دن
ناز اور شوخی اور ادا کیا ہے — در چھڑے میرا دلربا کیا ہے

عظیم نے سنگلاخ زمینوں میں بھی غزلیں کہی ہیں۔ اور استادانہ مہارت کا اظہار کیا ہے مثلاً
انشاءاللہ خاں انشا کی غزل پر غزل کہی ہے۔

اڑنے لگتی ہے جہاں جنگ و جدل کی مکھی — پہلوان بنتی ہے واں روئے بغل کی مکھی

یہ دیوان مسودہ معلوم ہوتا ہے اس لئے غزلیں ردیف وار لکھی نہیں گئیں بلکہ منتشر ہیں۔ عظیم قادر الکلام شاعر تھے۔

یہ دیوان جناب ڈاکٹر خلیل احمد صاحب صدیقی شیر کا عطیہ ہے۔

۱۲۲۱۔ آداب المریدین۔ مترجم۔ محمد عبدالباسط۔

اوراق ۱۶۳۔ ٹائپ شدہ۔ مسطر ۲۳ سطری۔ کاغذ انگریزی ناقص۔
تقطیع (۳۴ × ۲۲ سمر) کتابت ۲۲ر اپریل ۱۹۶۵ء

اصل کتاب عربی میں ہے جس کے مصنف شیخ ضیاالدین ابوالنجیب عبدالقادر سہروردی (۴۹۰ھ ۔ ۵۶۳ھ) ہیں۔ اس کے فارسی میں متعدد ترجمے ہوئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حضرت بندہ نوازؒ نے بھی اس کے ترجمے فارسی میں کئے۔ پیش نظر ترجمہ حضرت بندہ نوازؒ کی کتاب سے کیا گیا ہے جس کو عطا حسین صاحب نے ترتیب و تدوین کے بعد شائع کیا تھا۔

محمد عبدالباسط صاحب گلبرگہ کے اول تعلقدار تھے۔ اور صوبہ دار غوث یار جنگ عبدالباسط صاحب نے دیباچہ میں ظاہر کیا ہے کہ

"جس زمانہ میں راقم الحروف بہ تقریب ملازمت گلبرگہ شریف میں تھا۔ اس وقت نواب غوث یار جنگ بحیثیت صوبہ دار وہاں کارفرما تھے۔ اور درگاہ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز رح کی درستی و زیبائش و آرائش کی طرف بطور خاص متوجہ تھے۔

راقم نے ان کو توجہ دلائی کہ جہاں درگاہ کی ظاہری حالت کو درست کرنے کی جانب اس قدر روپیہ صرف کیا جارہا ہے وہاں خواجہ صاحب کی تصانیف کی طبع و اشاعت پر بھی اگر کچھ رقم خرچ کی جائے تو ان کی تعلیم و ارشادات سے لوگوں کو استفادہ کا موقع ملے گا۔

چنانچہ اس تحریک پر ایک کمیٹی قائم کی گئی فراہمی کتب اور ترتیب و تدوین کے بعد کتابیں شائع کی گئیں۔ پیش نظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

یہ کتاب (۳۲) فصلوں پر مشتمل ہے۔ فصلوں کے چند عنوانات حسب ذیل ہیں۔ ۱۔ صفات الہٰی ۲۔ صفات متشابہات کے متعلق صوفیا کا عقیدہ ۳۔ قرآن کے متعلق عقیدہ۔ رویت باری جنت و دوزخ۔ فقر بہتر ہے یا غنا فقر کے معنی کرامات اولیا اور معجزہ کا فرق۔ لباس کے احکام قرآن شعر خوانی اور سماع کے احکام۔ تصوف کے بارے میں صوفیا کے اقوال۔ مختلف آداب کے بیان میں (مثلاً آداب صحبت، آداب ملاقات، آداب لباس، آداب سماع وغیرہ)

اہل علم تصوف کے لئے یہ ایک دستاویز خیال کی جاتی ہے۔ اسی لئے اس کے ترجمے زیادہ ہوئے اور اس کی اشاعت بھی زیادہ ہوئی۔

ابتدائی:۔ صفات الہٰی)۔ صوفیا نے اس بات پر اجماع کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور نہ اس کا کوئی ضد ہے اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے اور نہ اس کا کوئی مشابہ ہے۔ وہ ان صفات سے موصوف ہے جو اس نے اپنے لئے بیان کئے اور ان ناموں سے پکارا جائے جو اس نے اپنے لئے نامزد کئے ہیں۔

اختتام:

خدائے عز و اسمہٗ ہم سے قریب اور دعا کو قبول کرنے والا ہے اور اس میں مستحب امر اللہ کی تعریف ہے جو ایک ہے۔ اور درود ہو ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی تمام آل پر۔ اس میں فہرست مضامین، دیباچہ اور اشاریہ مترجم کے قلمی ہیں اور اصل کتاب تائپ نہیں ہے۔

۱۲۲۴۔ تہافۃ الفلاسفہ (اردو ترجمہ) ڈاکٹر میر ولی الدین منشی فاضل۔ ایم اے (عثمانیہ) پی ایچ ڈی (لندن) بار ایٹ لا۔ صدر شعبہ فلسفہ عثمانیہ یونیورسٹی

اوراق ۲۸۲۔ تقطیع ½۸" × ½۳" مسطر ۱۶ اور ۱۷ سطری۔ کاغذ۔ رولدار جدید
کاتب۔ خود مترجم۔ تاریخ کتابت۔ ۲۰ اگست ۱۹۶۲ء

تہافۃ الفلاسفہ۔ یہ حضرت امام غزالی کی تصنیف ہے۔ مختلف زبانوں میں اس کا ترجمہ ہوا ہے۔ اور ہر صدی میں صوفیوں اور فلسفیوں میں مقبول رہی ہے۔ اس کا پہلا ایڈیشن نکل چکا ہے۔ یہ دوسرا ایڈیشن کا مسودہ ہے۔ اس کا پیش لفظ ڈاکٹر سید عبد اللطیف صدر انڈو مڈل ایسٹ کلچرل اسٹڈیز حیدرآباد نے لکھا ہے اور مقدمہ مصحح و حاشیہ نگار علامہ سید سلیمان ندوی ہیں۔ وہ مقدمہ کے آغاز میں فرماتے ہیں۔

میں نے حضرت امام غزالی کی بہت سی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے۔ جن سے ان کی بلند پایہ شخصیت کا عام طور پر اعتراف کیا جاتا ہے۔ مگر مجھے کتاب تہافۃ الفلاسفہ میں ان کی ایک خاص حیثیت نظر آتی ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ہر وہ شخص جو اس کتاب کا بہ نظر غایر مطالعہ کرے خود اس کو محسوس کیے بغیر نہ رہے گا۔

ڈاکٹر سید عبد اللطیف مرحوم اپنے پیش لفظ میں فرماتے ہیں۔

پیش نظر کتاب، امام غزالی کی شہرہ آفاق کتاب تہافۃ الفلاسفہ اردو زبان میں ایک دلکش اور متین اظہار ہے۔

مترجم سلمہٗ نہ صرف فلسفہ اسلام سے خاص شغف رکھتے ہیں بلکہ انھوں نے اس کتاب کا جامعہ عثمانیہ میں ایم اے کے طلبا کو سالہا سال درس بھی دیا ہے۔ امید کی جاسکتی ہے کہ انھوں نے امام غزالی کے مفہوم کو سمجھ کر اردو زبان میں صحیح طریقہ سے ادا کر دیا ہے۔

کتاب میں چار مقدمے اور بیس مسائل پر بحث ہے آخر میں خاتمہ ہے۔

ابتداء: (دیباچہ) مشہور عالم مستشرق ڈنکن بی میکڈ نالڈ کی نظر میں "امام غزالی تاریخ اسلام کی نہایت عظیم المرتبت اور یقیناً سب سے زیادہ دردمند فرد تھے۔ وہ بعد میں آنے والی نسلوں کے لیے ایسے معلم ہیں جن کو چار عظیم الشان ائمہ کا ہم مرتبہ قرار

دیا جا سکتا ہے۔

اختتام :۔

معاد کے قائل تین قسم کے لوگ ہیں ایک وہ جو صرف روح کے بقا کے قائل ہیں دوسرے وہ جو اسی جسم کے ساتھ روح کے اعادہ کے قائل ہیں۔ تیسرے وہ جو کسی دوسرے جسم کے ساتھ بغیر اعادہ جسم اول، آخری طبقہ میں قابل ذکر غزالی و فارابی ہیں۔

۱۲۲۳ ۔ تقاریر سید علی اصغر بلگرامی ۔

اوراق ۔ ۱۳ ۔ تقطیع (۳۷ × ۲۲ سمر) مسطر ۲۲ تا ۲۶ سطری کاتب۔ سید علی اصغر بلگرامی تاریخ کتابت ۔ مختلف اوقات ہیں۔

سید علی اصغر بلگرامی کا ذکر پچھلے صفحات میں آ چکا ہے۔ پیش نظر مخطوطہ ان کی پانچ تقاریر کا مجموعہ ہے۔ جو مختلف اوقات میں مختلف مقامات پر کی گئیں ۔ عنوانات تقاریر حسب ذیل ہیں :۔

۱۔ سیر بغداد

۲۔ سیرت حسین علیہ السلام

۳۔ خواجہ عماد الدین محمود گاواں۔

۴۔ نظام الملک آصف جاہ اول

۵۔ سلاطین قطب شاہیہ کے تعلقات خارجہ

پہلا مضمون سیر بغداد ان کے سیاحت نامے کا ایک حصہ جو تاریخی معلومات سے مملو ہے۔ وہ تاریخ کے طالب علم اور آثار قدیمہ کے ناظم رہے ہیں اس لیے ان کی نظر تاریخ پر بہت گہری ہے۔ دوسرے مضامین کا بھی یہی عالم ہے۔

ابتداء :۔ خواتین و حضرات

آج بغداد کے جو تاریخی حالات آپ سماعت فرمائیں گے۔ وہ میری غیر مطبوعہ سفرنامہ عراق کا ایک اقتباس ہے۔

اختتام :۔

لیکن اتفاق سے شہزادہ محمد کا انتقال سلطان عبداللہ کی حیات میں ہو جانے کی وجہ

سے یہ شرط (۲۱) سال کے بعد اس وقت پوری ہوئی جبکہ خود شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر کے ہاتھوں ۱۰۹۶ھ میں سلطنت قطب شاہی کا ابوالحسن تانا شاہ کے زمانے میں خاتمہ ہوگیا۔ چنانچہ سلطان عبداللہ نے ۱۰۶۶ھ میں جو تعہد نامہ اپنی مہری دستخط سے بتوسط شہزادہ محمد بادشاہ اورنگ زیب کے پاس باستدعائے انعقاد صلح روانہ کیا تھا حسب ذیل ہے۔"

(اسی جملے پر عبارت کا خاتمہ ہوا ہے)

۱۲۲۴۔ رسالہ خواجگان چشت۔

اوراق ۲۔ تقطیع (۲۰ × ۱۲م) مسطر ۱۹ سطری۔ کاغذ۔ انگریزی

یہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی سے منسوب ایک فارسی رسالہ ہے۔ جس میں تصوف وعرفان کے رموز ظاہر کئے گئے ہیں۔ اس میں آخری ورق سے پہلے دو صفحے سادے ہیں غالباً یہ ورق الٹتے وقت دو ورق الٹ گئے ہیں۔ رسالے کے آغاز سے پہلے ایک صفحہ پر حضرت شاہ کمال کی ایک غزل تحریر ہے۔ حضرت شاہ کمال الدین بخاری کمالی دکن کے ایک بڑے صوفی تھے۔ آپ نے ۱۲۲۳ھ میں انتقال کیا۔ اور گرمِ کنڈہ ضلع چتور آندھرا پردیش میں اپنے جد امجد کے پائین میں دفن ہوئے۔ آپ نے کئی کتابیں تصنیف فرمائیں۔ آپ شاعر بھی تھے۔ دیوان "مخزن عرفان" چھپ چکا ہے۔ آپ کا ۲۷ اشعار فی البدیہہ کہا ہوا گچی نامہ مشہور ہے اور اب تک دکن کی عورتیں گاتی ہیں۔

آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں۔

آداب مریدین۔ اذکار (ترجمہ اذکار تصنیف حضرت خواجہ بندہ نواز) ترجمہ چہل حدیث منظوم فارسی۔ حسن السوال وحسن الجواب (شرح فصوص الحکم بطور سوال وجواب) دیوان کمال فارسی، دیوان مخزن العرفان اردو (یہ ۱۳۳۱ھ میں بنگلور سے طبع ہو چکا ہے)۔ رحیا۔ ضیافت نامہ، کلمات کمالیہ، کمال المعرفت۔ معدن مجالس بطرز پند نامہ عطار۔ معراج نامہ، نصاب البحیان کے طرز پر ایک نعت۔ یہ سب منظوم ہیں۔

آپ کے خلفا میں میر حیات ہیں جو متعدد رسائل اور کتابوں کے مصنف ہیں۔ اور جن کے

متعدد قلمی نسخے ادارہ کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں۔

جو غزل اس رسالہ میں دی گئی ہے اس کا مطلع اور مقطع حسب ذیل ہے ۔

مطلع :۔ محبت میں عطاے فتنہ بر پا ہم نے کیا دیکھا ستم دیکھا الم دیکھا جفا دیکھا بلا دیکھا

مقطع :۔ کمال اعیاں کے درپن میں عیاں شبیر کے تینوں عدم دیکھا قدم دیکھا فنا دیکھا بقا دیکھا

اس سے پہلے ایک معروف شاعر ندرت کے چار شعر تحریر ہیں۔

مطلع :۔ کس منہ سے کیجئے کوئی شکر منعم تیرا انداز سے زیادہ ہے یا رب کرم تیرا

مقطع :۔ ندرت یہ دوسرا بھلا کیا چاہیے دوسرا بس ایک آسرا اسے شاہ امم تیرا

رسالہ خواجگاں چشت کی ۔

ابتدا :۔ گفتار خواجہ معین الدین السنجری قدس اللہ سرہ العزیز بیان فرمودند کہ رگ اول سکمنا بعدہٗ انگلا و پنگلا ۔ بعدہ سرناگہ شدند ۔

اختتام :۔

پس ایں تصور تصور محمدی بہ تصور خدائی رساند ایں باحقیقت نو دو ند نام اظہار گردد وایں نود و نہ نام بہ یک نام محو شوند و یک نام کہ ہست آں الف بود دور کشیدن ہوشد و مقام خود یم ساخت و از میم نون تمت تمام شد کار من نظام شد رسالہ خواجگان چشت مرتب شد

۱۲۲۵۔ رسالہ درالاسرار۔

اوراق ۲۳۔ تقطیع ۲۰×۱۷ سم مسطر ۷ سطری کاغذ انگریزی

اس رسالے کا موضوع تصوف ہے ۔ مصنف کے نام کا پتہ نہ چل سکا۔ ڈاکٹر زور مرحوم نے تذکرہ مخطوطات جلد اول میں صفحہ ۱۰۲ پر اس کو خواجہ بندہ نواز کا بتا کر شبہ ظاہر کیا ہے۔ دوسرے نسخہ کا ذکر صفحہ ۲۶۱ پر ہے اور اس میں مصنف مرید سلطان ظاہر کیا ہے ۔ اور زمانہ تصنیف قریب ۱۱۰۰ھ تعین کیا ہے۔

وضاحتی فہرست کتب سالار جنگ میں نصیر الدین ہاشمی نے لکھا ہے کہ یہ خواجہ بندہ نواز کے سلسلے کے کسی بزرگ نے لکھا ہے اور شبہ کیا ہے کہ یہ گولکنڈے کے شاعر سلطان کی تصنیف ہو سکتی ہے

کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں یہ تیسرا نسخہ ہے۔ کتب خانہ سالار جنگ میں چار نسخے ہیں
در الاسرار کا نام بعض نسخوں میں دار اسرار بھی لکھا ہے۔

اس کو نو حصوں میں تقسیم کیا ہے اور ہر حصہ کا نام در رکھا ہے۔

پہلا در: وفی انفسکم افلا تبصرون کی تشریح ہے۔

دوسرا در: ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن کی تفسیر ہے۔

تیسرا در: نحن اقرب الیہ من حبل الورید کی تفسیر ہے۔

چوتھا در: الذین ھم فی صلوٰتھم دائمون کا مفہوم بیان کیا گیا ہے۔

پانچویں در: میں شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا شرقیۃ و لا غربیۃ کی تشریح کی گئی ہے۔

چھٹے در میں: اَمَتَّنَا اثنتین و احییتنا اثنتین کا مفہوم بیان ہوا ہے۔

ساتویں در میں: موتوا قبل ان تموتوا کی تشریح کی گئی ہے۔

آٹھویں در میں: فاینما تولوا فثمّ وجہ اللہ ما رأیت شیئاً الا رأیت اللہ کا اظہار ہے۔

اور نواں در: لا ربّاً و لا عبداً و لا انتم و لا لنا کا مفہوم سمجھایا ہے۔

اور اس تفہیم کے دوران حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کے ایک شعر کا حوالہ دیا ہے۔ "ارشاد سید محمد حسینی گیسو درازؒ نے سن

دیں عجب نیست کہ سرگشتہ بود طالب دوست
عجب ایں است کہ من سرگشتہ و سرگردانم

ابتداء: الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین۔

ای رسالہ در اسرار کا ہے۔ بیان کھول کہتا ہوں خوب سن اون جو بے خودی کا حال تھا سو آج ذات کا دریا ہے۔

اختتام:

ای تمام راز تجے جو کوئی کھول کر دیوے تو اسے رنما کر کھان انتاج اشارت بس ہے زیادہ کہنا صاحب نیں ہے۔ تمت تمام شد۔

۱۲۲۶۔ رسالہ تصوف

اوراق ۵ تقطیع ۲۰ × ۱۷ سمر سطور فی صفحہ ۵

اس رسالے کا کوئی نام نہیں اور مصنف کے متعلق کوئی اشارہ ملتا ہے۔ البتہ اس کا موضوع ہاہوت، لاہوت، جبروت، ملکوت وغیرہ کی تشریح ہے۔

ابتدا:

وسلطان دونوں جہاں کا اول بے خود ہور بے ہوش ہوکر جو تھا اس مقام کوں ہاہوت کر نام رکھا۔

اختتام: ہور آتے وقت عشق سے آیا ہے۔ ہور جاتے وقت لذت کی مثنوی لے جاوے گا ہور بندہ ایسی کون ہے کہے تو میں پیا ہے سو یچ بندہ ہور بندہ کا گھر سو یچ فنا ہے۔
تمت تمام شد

۱۲۲۷۔ رسالہ نزول بطون ذاتی۔

اوراق ۸ تقطیع ۲۰ × ۷ سمر سطور ۷ موضوع تصوف

ابتدا: نزول نہ بطون ذاتی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ذات الہ ذات مطلق۔ نقطہ گنج خفی۔ یو تینوں ذات کا مرتبہ عشق بی کہتے ایمان بی کہتے۔

اختتام: خوف مراد من و امید مراد تو وازیں دو حجاب بیروں لا ایمان قائم شود۔ تمت

۱۲۲۸۔ رسالہ رایت ربی فی صورۃ

اوراق ۳ تقطیع ۲۰ × ۱۷ مسطر ۷ سطری۔

یہ حضرت شاہ برہان الدین جانم کے سلسلے کے بزرگ کا لکھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

اس رسالے کا موضوع تصوف ہے اور اس میں خفی، سری، روحی، قلبی اور خلی اذکار کی تعلیم کی گئی ہے۔

ابتدا: رایت ربی فی صورۃ نبی کہے میرے رب کو معراج کی رات دیکھا

اختتام: لڑکا سو ماں ہور باپ کوں پچھانتا تو اس محبت اور لذت میں ہوش کم ہوتا ہے
یو رمز بہت تاریک ہے پیر تے پاتا ہے۔
یہی اذکار نظم میں بیان کئے گئے ہیں۔ لیکن شاعر کا نام یا تخلص استعمال نہیں ہوا ہے۔ اس کے ایک سو تیس (۱۳۰) اشعار ہیں۔

ابتدائی اشعار:

اول اللہ تعالیٰ ہے قدیم	گنج خفی میں آپ مقیم
پنج ذکراں سوں نکتا یہی	جلی قلبی روحی سری خفی

آخری اشعار:۔ بیانت دیگر

ظاہر دستا لو واجب الوجود	باطن میں سیر کرتا سو ممکن الوجود
دونوں کو لیبر تا سو ممتنع الوجود	تینوں کو سمجھتا سو عارف الوجود
چاروں کا کو جاتے ہادا سو روح	پانچوں کو دیکھن ہارا سو نور
پچھوں کو ظاہر کرتا سو قدرت	ساتوں کو جتاتا سو عشق
آٹوں کو لذت دیتا سو اللہ	یو لا جان بوجھ کر چلیا سو بندہ

اختتام: اس باب میں شاہ برہان صاحب فرماتے ہیں۔

بیت: اخیان تا یک اس کا نا   کوں تو نیں بھاؤں

تمت تمام شد

۱۲۲۹۔ اسرارالتوحید۔

اوراق ۴۴ تقطیع ۲۰ × ۱۷ سمر سطور فی صفحہ ۷
ترقیمہ نہیں اور نہ کاتب اور مصنف کا کوئی ذکر ہے۔
البتہ متن میں حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز اور حضرت برہان الدین جانم کے اشعار بطور حوالہ دیے گئے ہیں۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ ان کے سلسلے کے بزرگ اس کے مصنف ہو سکتے ہیں
حضرت شاہ میراں جی نے بھی اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے جو کتب خانہ سالار جنگ میں محفوظ ہے۔

ابتدائیہ: الحمد للہ رب العلمین۔ تمام ثنا ہور صفت ہور سرانا ازل سوں ابد تک ثابت ہور سزاوار

ہے۔ خدائے تعالیٰ کی ذات کوں کہ او بے چون و بیچگونہ ہور بے شبہ و بے نمونہ ہے کہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْر۔

اختتام:

یو رسالہ اگر مطالعہ کریگا تو کچہ یک معلوم ہووے گا انشاء اللہ تعالیٰ ہور اس رسالہ کا نام اسرار التوحید رکھیا گیا ہے۔ طالب کوں مرشد کامل کی زبان کوں کشف ہووے۔ والسلام۔

خواجگان چشت سے اسرار التوحید تک تمام رسائل ایک جلد میں ہیں اور اس کو محمد اکبر الدین صدیقی نے ادارہ کے کتب خانہ کی نذر کیا ہے۔

۱۲۲۳۔ راز حقیقت عرف جذب الفت

مصنف۔ سید اکبر حسینی عمر۔ تقطیع ۲۱ × ۱۶ سمر اوراق ۱۲۶ سطر ۱۶ سطری آخر میں ۱۲ اوراق سادہ کاغذ۔ حالیہ تاریخ تصنیف وکتابت ۱۹ اپریل ۱۹۲۷ء

مصنف کے متعلق کوئی علم نہیں۔ یہ ایک طربیہ ڈرامہ ہے۔ جس کو تین ابواب پر منقسم کیا گیا ہے پہلا باب سات پردوں پر دوسرا بارہ پردوں پر اور تیسرا چھ پردوں پر مشتمل ہے۔ سین کے لئے پردہ کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ ہر باب میں ایک پردہ ظرافت کے عنوان کے تحت ہے۔ یہ ظرافت ادنیٰ معیار رکھتی ہے۔ ڈرامہ نگاری کا انداز بہت قدیم ہے۔ جس میں مسجع اور مقفیٰ عبارت استعمال کی جاتی تھی۔ پہلے باب کا پہلا پردہ حمد پر مشتمل ہے جس کو سہیلیاں گاتی ہیں۔ یہ سہیلیاں ایک وزیرزادی بدر کی ہیں جو راہ گیر اطہر کے عشق میں مبتلا ہوتی ہے اور انجام کار دربادشاہی میں بادشاہ اطہر کو اپنا بیٹا بناکر بدر سے شادی کر دیتا ہے۔ حمد کے اشعار حسب ذیل ہیں۔

ابتداء:

رہتا دلوں میں تو ہے او لامکاں والے آنکھوں میں نور تیرا اے آسمان والے
روئیں یہ ہمارے ہو جائیں گر زبانیں ممکن نہیں ادا ہو تو تعریف شان والے
خورشید و ماہ قدرت بتلائے ہیں تیری ہر روز و شب چمک کر او آن بان والے
تو جلوہ گر ہے خالق ہر جا عیاں نہاں ہو دو نوں جہاں میں تو ہے دونوں جہان والے

اختتام: اطہر۔ لیکن فدوی بدلہ لینا نہیں جانتا۔
بادشاہ۔ اچھا تیری سنا۔ اس سے اس کی جان بخشی کی جاتی ہے۔

بادشاہ:- یہ میرا بیٹا ہے کیونکہ میں لاولد ہوں اور وہ تیری بیٹی ہے۔ اچھا بدر کو تو بلا لا۔
(بدر کا داخل ہونا) ان کی جذب الفت کامل ہے (دونوں کے ہاتھ میں ہاتھ دیتا ہے)

۱۲۳۱۔ مجموعۂ احادیث ۔ مصنف نامعلوم

تاریخ کتابت و نام کاتب۔ نامعلوم - اوراق مقدمہ ۱۵ تقطیع ۱۹ × ۱۵ سمر
مسطر ۱۷ سطری - اوراق کتاب۔ ۶۷ - تقطیع ۲۵ × ۱۹ مسطر ۲۴ سطری
تاریخ تصنیف ۔ قیاساً بعد از ۱۳۲۵ھ

یہ احادیث کا مجموعہ ہے۔ پہلے ایک مقدمہ ہے جس میں محدثین کرام کا مختصر حال بیان کیا گیا ہے۔ احادیث کے مرتب کرنے کا مقصد جامع نے اس طرح بیان کیا ہے۔

"میں نے ایمان اور اسلام اور احسان کی تشریح کی ہے اور اس پر علم، صحیح احادیث رسول امین صلی اللہ علیہ وسلم احادیث نبوی اور آثار صحابہ سے (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) اس پر اضافہ کیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے حق کے طالبوں کو نفع بخشے گا۔

اس مجموعہ احادیث کو ۱۹ ابواب پر تقسیم کیا گیا ہے ۔ اور فہرست عربی میں دی گئی ہو۔ متن میں احادیث عربی نفیس خط میں اور اس کے محاذی اردو ترجمہ اور حاشیہ میں لغات اور تشریح ہے ۔ چند ابواب نمونتاً حسب ذیل ہیں۔

پہلا باب : علم اور عالم کی فضیلت میں
دوسرا باب: علم کے آداب میں
تیسرا باب: تعلیم کے آداب میں
چوتھا باب: اللہ کی کتاب سے دلیل لینے کے بیان میں۔
پانچواں باب : بعض باتیں جو حسنہ ہیں وہ نئی باتیں جو سنت سے ملحق ہو جاتی ہیں۔

ابتدا: مختصر تحریر حدیث کی تاریخ۔
مقدمہ فتح الباری میں حافظ ابن حجر عسقلانی تو یہ تحریر فرماتے ہیں " خدا تمہیں اور ہمیں علم عطا فرمائے۔ جان لو کہ احادیث نبوی صحابہ اور تابعین کے زمانہ میں کتب جو میں مدون و مرتب نہ تھے ۔ اس کے دو وجوہ ہیں۔

اختتام: حضرت امام اعظم رحمۃ جن احادیث سے کسی مسئلہ کا فیصلہ کیا وہ بڑی احتیاط سے کیا۔ کسی

محدث کی کمزوری سے ضعیف سمجھنا بعد کی بات ہے۔ مگر کسی حدیث کا سرے سے انکار کرنا غلط ہے۔ البتہ کسی ضعیف بیان کردہ حدیث پر عمل کرنے سے تامل کرنا درست ہے۔

۱۳۳۴۔ اصول اثریات

مصنف ایم اے رحمٰن اسٹنٹ ریسرچ اسکالر ان آرکیالوجی ریڈر شعبہ تاریخ جامعہ عثمانیہ
تاریخ تحریر ۱۹۴۶ء اوراق ۱۳۱ ٹائپ شدہ
آخری باب کے ۱۸ صفحات مصنف کے قلمی آخر میں انگریزی سے اردو اصطلاحات ۵ صفحے
ٹائپ میں سطور فی صفحہ ۲۳۔ مصنف کے قلمی سطور فی صفحہ ۲۶

محمد عبدالرحمٰن صاحب عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبہ تاریخ میں ریڈر ہیں اور اس کے ملحقہ کالج نظام کالج میں برسوں تاریخ کا درس دیتے رہتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے اصول اثریات پر مقالہ لکھنے کی فرمائش کی گئی جس کی موصوف نے تکمیل کی اور یہ مقالہ پیش کیا۔

یہ مقالہ تیرہ ابواب پر منقسم ہے۔ ابواب حسب ذیل ہیں۔

۱۔ (ا) علم الآثار کا تعارف (ب) آثاریات کی وسعت
۲۔ آثاریات کے مقاصد و طریق
۳۔ نظام تعلیم میں آثاریات کا مقام و مفاد
۴۔ علم الآثار بحیثیت سائنس
۵۔ عملی آثاریات (وسعت و طریق)
۶۔ اصول تحفظ
۷۔ اصول قلمبندی
۸۔ پیمائش
۹۔ عکاسی
۱۰۔ اشیاء کا تحفظ بدرون تحفظ
۱۱۔ رپورٹ کی تیاری
۱۲۔ عجائب خانہ کا ابجدی کام

۱۳۔ قدیم تمدن اور ان کے زمانہ کا تعین

ابتدا: پیش لفظ: ہمارے ملک ہندوستان میں اثریات یعنی آثار قدیمہ کے کام انگریزوں کے دور حکومت میں شروع ہوئے۔

اختتام:

جہاں مختلف ماہرین کے اندازوں میں (جو کہ مختلف اصول اور طریقوں کی روشنی میں قائم کئے جاتے ہیں) اگر ایک نسبت پیدا ہو جائے تو اس سے بہت جلد صحیح نتیجہ پر پہنچنے میں مدد ملتی ہے۔ اور اسی میں صحت کا عنصر بھی زیادہ غالب رہتا ہے۔

آخر میں نقشے (بلو پرنٹ) دیئے گئے ہیں جو کھدائی، کھنڈرات، منصوبہ بندی (پلاننگ) اور کارڈنگ سے متعلق ہیں۔

۱۲۴۳۔ ہندوستان کی تاریخ ثقافت:

اوراق ۱۱۳ تقطیع (۳۱ × ۲۱ سمر) سطور فی صفحہ ۲۴، ۲۶۔ مصنف۔ تاریخ کتابت نامعلوم کاتب غالباً خود مصنف

یہ کتاب ہندوستان کی ثقافت کی تاریخ ہے اس کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حصہ ہند آریائی ثقافت سے متعلق ہے۔ جس میں سات باب ہیں۔ پہلا باب ہندوستان کی قبل آریائی ثقافت، دوسرا ویدی مذہب اور معاشرہ، تیسرا ویدی فلسفہ چوتھا بدھ مت اور جین مت کا عروج پانچواں مابعد وید ادب چھٹا ہند ثقافت کی تشریح اور ساتواں ابتدائی زمانہ میں غیر ملکوں پر ثقافتی اثر پر مشتمل ہے۔ اسی طرح دوسرے حصے کو پانچ الواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ آٹھواں باب سے شروع ہوتا ہے جو مسلم ثقافت کے اثرات پر ہے۔ نواں باب ایک نئی مخلوط زبان کا ظہور دسواں ہندی فارسی ادب قرون وسطیٰ کے ہندوستان میں۔ گیارہواں بھکتی اور مذہبی اصلاح کی تحریکات اور بارھواں ہندوستان اور تصوف کے بیان میں ہے۔

اس کتاب کے ہر صفحہ پر پینسل پر نشانات لگے ہوئے ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس کی کتابت ہوئی ہے اور یہ کتاب (۲۸۱) صفحات پر ختم ہوئی ہے۔ لیکن اس کا مطبوعہ نسخہ نظر سے نہیں گزرا۔

ابتدا: باب اول: ہندوستان کی قبل آریائی ثقافت

ہندوستان کی ثقافت دنیا کی قدیم ترین ثقافت ہے۔ جو اب تک زندہ ہے۔ اس کی تاریخ گذشتہ پانچ ہزار سال پر پھیلی ہوئی ہے۔

اختتام:

قرون وسطیٰ میں چھوٹے بڑے تمام سلسلے (سلاسل طریقت) سارے ہندوستان میں پھیل گئے تھے۔ اور ان ہی سلسلوں کے توسط سے بنی نوع انسان کو تقویٰ و محبت کا ایسا پیام پہنچا۔ جس نے نہ صرف بہت سے افسردہ دلوں کو سکون عطا کیا بلکہ ہر طبقہ کے لوگوں میں انسان دوستی، ہمدردی اور باہمی مفاہمت کے جذبہ کو ایسا ابھارا کہ جس کی بدولت مختلف ثقافتوں کے باہمی امتزاج کی رفتار ترقی تیز تر ہوگئی اور یہی قرون وسطیٰ کے ہندوستان کا طرۂ امتیاز تھا۔

۱۲۳۴۔ تذکرہ خطاطاں۔ مصنف سید عباس حسین

تاریخ تصنیف و کتابت ۱۹۷۶ - اوراق ۴۴ + ۶۱ + ۵۹ + ۵۔ ٹائپ شدہ مسطر ۲۵ سطری تقطیع (۲۹ x ۲۲ سمر)

سید عباس حسین نواب سالار جنگ کے کتب خانہ کے مہتمم تھے۔ مقدمہ کے آخر میں لکھتے ہیں۔

"چونکہ نواب سالار جنگ بہادر مغفور کے کتب خانہ سے میرا آبائی تعلق رہا ہے۔ اس لئے اس کا مختصر تذکرہ مناسب رہے گا۔ درگاہ قلی خاں سالار جنگ پشت میں نواب صاحب کے جدامجد تھے۔ ان کو صرف کتابوں کے جمع کرنے کا ہی شوق نہ تھا۔ بلکہ علم اور اہل علم سے بھی خاص انس تھا۔ چنانچہ ان کے زمانے کی اکثر کتابوں پر درگاہ قلی خاں کی مہر موجود ہے۔ اس زمانہ کا طریقہ یہ تھا کہ کتابوں کا مطالعہ کرنے کے بعد اپنے قلم سے "دیدہ شد" لکھ دیتے تھے۔ یا مہر کر دیتے تھے۔ لہٰذا اس سے ان کے معلومات اور علم کا پتہ چلتا ہے یہ کتب خانہ نسلاً بعد نسلاً اس خاندان میں رہا۔ نواب یوسف علی خاں سالار جنگ نے اس میں خاطر خواہ اضافہ کیا۔ چنانچہ بہترین قرآن مجید، کتابیں اور قطعات جو دنیا میں ایران کے مشہور خوش نویسوں کے لکھے ہوئے ہیں۔ انکو انہوں نے جمع کئے افسوس ہے

کہ مرحوم نے ایسے بہترین ذخیرے کو گمنامی میں رکھا"۔ لہ

سید عباس حسین صاحب نواب سالار جنگ ثالث کے بعد بھی مہتمم کتب خانہ رہے اور تقریباً ۲۷ سال عمر کے پورا کرنے کبر سنی کے باعث سبکدوش ہوئے۔

یہ تذکرہ چار حصوں پر منقسم ہے۔ پہلا حصہ فن خطاطی پر تبصرہ ہے۔ جس میں حسب ذیل ذیلی عنوانات ہیں۔ خط کے مختلف ادوار، صوری، ہیروغلیفی، مقطعی سیاہی د کاغذ۔ ہیروغلیفی کے مشتقات، یونان اور یورپ میں تحریر، قبطی اور لاطینی تحریریں۔ ایشیا میں عبرانی، ارامی اور قبطی خطوط، عربی، کوفی، اور سریانی رسم خط۔ مکہ میں خط کوفی کا رواج اور عروج، ان پر اعراب، علم تجوید، فن حفظ اسلام اور خط کوفی، تذہیب طلاکاری اور نقاشی، صحافی یا جلد سازی اور آخری عنوان مسلمانوں کے علمی خزانے۔

ان تمام عنوانات پر نہایت تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

کتاب کا دوسرا حصہ مشہور خطاطوں کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔ اس میں (۳۰۵) خطاطوں کے حالات مختصراً بیان کئے گئے ہیں۔

تیسرے حصے میں (۱۴۵۰) خطاطوں کی ایک فہرست دی گئی ہے۔ آخری حصہ کتابیات کا ہے جو بجائے خود بہت اہم ہے۔

ابتدا:

مقدمہ۔ خط کا پہلا دور۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الرحمٰن۔ علم القرآن۔ خلق الانسان علمہ البیان۔ متکلمین نے انسان کی تعریف حیوان ناطق کی ہے۔

انتہا:۔

(۳۰۴) سید حسین دکنی۔ نواب محمد اشرف صاحب کے کتب خانہ میں فقیر نے ان کا ایک قطعہ بخط نستعلیق دیکھا۔ جس پر سن کتابت نہیں ہے۔ یہ میر عماد کی ایک تحریر کی نقل ہے۔

(۳۰۵) سید حسین شیرازی۔ (تذکرہ خطاطان کا اختتام)

۱۴۵۰۔ یوسف مشہدی (خلاصہ) (فہرست خطاطان کا اختتام)

۱۱۲۔ وفیات الاعیان۔ قاضی القضاۃ ابن خلکان (مصادر کتب کا اختتام)

یہ مخطوطہ جناب سید عباس حسین صاحب نے اپنے بھانجے جناب سید علی اکبر صاحب صدر ادارہ

ادبیات اردو کے توسط سے ادارہ کے کتب خانہ کو عنایت فرمایا ہے۔

۱۲۳۵۔ رسالہ طریقت

اوراق ۸۔ تقطیع (۲۳ × ۱۷ سمر) سطور ۱۱۔ کاغذ نیلا۔ اول و آخر ناقص۔ جلی قلم

اس رسالہ کا نام رسالہ طریقت متن کے اعتبار سے رکھا گیا ہے۔ ورنہ کتاب میں اس کا کہیں ذکر نہیں۔ ناقص الطرفین ہونے کی وجہ سے کوئی معلومات حاصل نہیں ہوتیں۔

یہ کسی کم سواد شخص کی تحریر ہے۔ املا کی غلطیاں بہت ہیں۔ مثلاً ذاہر (ظاہر) سفتاں (صفتاں) صابت (ثابت) کمنا (کہنا) کلمہ (کلیمہ) فوز (فوج) غس (غسل) پیلی (پہلی) وغیرہ۔

ابتدا: سیوم کلیمہ تمجید تیسرا کلماں دسکی بزرگی کا سبحان اللہ اللہ تعالیٰ مخلوقاں کے صفتاں تے پاک ہے۔

اختتام: تیسرا فرض آنکھ بھگانا بال برابر کا رہیا تو غسل تے پاک ہوتا تین سو کے پر ایسا پانی مستی دسکی اپرال تھو کھوی نیں۔ (ترک) فرض

۱۲۳۶۔ روضۃ الشہدا ۔ میر ولی فیاض ولی ویلوری

تاریخ تصنیف ۱۱۱۹ھ ۔ صفحات (۳۳۳) تقطیع (۲۵ × ۱۴ سمر) کاغذ دیسی دولت آباد سطور فی صفحہ ۱۷ ۔ تاریخ کتابت ندارد ۔ ناقص الاول۔

ادارہ کے کتب خانہ میں اس سے پہلے آٹھ نسخے موجود ہیں۔ یہ نواں نسخہ ہے۔ تذکرہ مخطوطات جلد اول میں چار نسخوں کا ذکر آیا ہے۔ جن کے نمبر ۳۱، ۳۲، ۹۲ اور ۱۰۰ ہیں۔ تاریخ تصنیف بعض نسخوں میں ۱۱۱۳ھ اور بعض میں ۱۱۳۷ھ بتائی گئی۔ اس نسخہ میں تاریخ سے متعلق دوسرے مصرعہ کا ایک جز "ادگیارہ سو لو تھا" کے بعد کا حصہ خارج ہوگیا ہے۔ لیکن کاتب نے جوڑ کر انیسواں سال لکھدیا ہے۔

کتب خانہ نواب سالار جنگ میں روضۃ الشہدا کے نو نسخے ہیں۔ ایک نسخے میں ۱۱۳۰ھ لکھا ہے۔ اور ایک میں ۱۱۲۹ھ۔ روضۃ الشہدا کا جو نسخہ بمبئی (محمدی پریس) میں طبع ہوا ہے اس میں ۱۱۱۹ھ کی تاریخ دی ہے۔ اس طرح تاریخ تصنیف مشکوک ہو جاتی ہے۔ اس کے نسخے کتب خانہ آصفیہ جامعہ عثمانیہ اور خانگی کتب خانوں میں بھی ملے ہیں۔

ابتدا: ددنے مجھ حکم پر جاکر جاں فشانی　　بجا تلوار کیتا کفر.....
سو بہت دیکھ اس کا جالا تھا پر　　ملایک لافتی بولے گگن پر
مرا ہے وہ غضنفر شاہ مرداں　　بجے پل میں کیا سب گرد گرداں

اختتام :-

محمد ہور علی ہور فاطمہ سب　　کریں عاصی کوں اس اپنا مقرب
کیا ہوں ختم جب یو درد کا حال　　رو گیا را سو یو تھا.....
ولی رب رکھ قلم ہور ختم کر بات　　.........　(ورق پھٹ گیا ہے)

یہ نسخہ پروفیسر سید محمد مرحوم کا عطیہ ہے۔

۱۲۳۷۔ حمد باری (منظوم) مصنف۔ سردار

اوراق (۱۰) تقطیع (۱۵ × ۱۰ سمر) کاغذ دیسی دولت آبادی۔ تاریخ کتابت و نام کاتب ندارد۔ خط نستعلیق خوش۔

بحر طویل میں یہ ایک حمد ہے۔ اس میں فارسی، اردو اور ہندی سب ہی الفاظ استعمال ہوئے ہیں اس کی ابتدا اور آخر میں نواب عنایت جنگ کی مہر "سعید الملک و عنایت حسین" ثبت ہے یہ انھیں کا عطیہ ہے۔

ابتدا :-

الایق آنست۔ سزاوار اور ہما نست کہ من بگذرم از جملہ حکایات و خیالات پریشاں نکو بیدہ ہم از گفتن بیہودہ بے فائدہ گویم پس از آں از سر اخلاص متین ہم زدہی عہدی و یقین حمد بر آں ایزد خلاق کہ داری جہان است و نہان است و عیان است مکین است و مکان است امین است و امان است و دین است و دوران است ہمیں است و ہمان است زمین است و زمان است بہار است و خزان است

اختتام :

تو ہیں ہور کن راتار مجھ چوک کا لبتار ترے نام سوں لنار اسی نام کا آدھا کئی دور سبھی کا انتھا ہور تا ہیں یار مکر ددل یا چار رہی باب سما چار دکھ سمجھ ہشیار سمر نام او لکار سزا انگار نزاد ہوار پر کار جہاں بال اد جہاں تار ہوں صدقہ ہویا تو نہوں قرباں ترے

موہنوں سردار کی کہو ریا میں سب جیو جان تاسیں نایک — سائیں نایک غریب

سائیں تو بخش خطارا۔

۱۲۳۸۔ بیاض۔ مثنوی (حمد)

اوراق ۳ تقطیع ۳۲ × ۱۸ سمر جملہ اشعار ۱۶۹ کاغذ دیسی درلت آبادی

ابتدا۔ سری گنیش اُم

سمرتا ہوئے یس یا ن نام گوبند — پرم گورد پرم آتم سدا انند
زمیں کا تخت جن سکارن بنایا — زماں ساتاج اس کے سر پھرایا
کیا اول میں جن محبوب شیدا — ہوں آخر کوں اوسکا ہے آپ شیدا
گدا اوس شاہ کی درگاہ کا آج — میں دیکھا ہوں کہ شاہاں اس کے محتاج

اختتام:

نہ کیوں کرتا ہے اوس کی بندگی کوں — عبث کھوتا ہے اپنی زندگی کوں
جہاں میں زندگی سب کو لگے ہے پیاری — دے بے بندگی انھیں دو کھاری
سری تو زندگی ہے بندگی کیا — کرے جب بندگی شرمندگی گیا
تجھے شرمندگی نے بندگی ہے — کرے جو بندگی سو زندگی ہے

آخر میں نواب عنایت جنگ کی بیضوی مہر "مصدر الطاف و عنایت حسین" ثبت ہے ادارے کے کتب خانہ کو یہ موصوف ہی کا عطیہ ہے۔

۱۲۳۹۔ بیاض مراثی

یہ بیاض بہت اہم اور گراں قدر ہے۔ اس میں پانچ مقامات پر تواریخ کتابت درج ہیں۔ دو مرثیوں کے ختم پر سنہ ۱۱۸۳ھ ایک کے ختم پر پنجم شعبان المعظم سنہ ۱۱۸۸ھ دوسرے مرثیے کے ختم پر دوم شہر شعبان المعظم سنہ ۱۱۸۴ھ اور ایک مرثیہ کے ختم پر ۶ ربیع الاول سنہ ۱۱۸۶ھ ہے۔ ایک قطعہ تاریخ شادی ہمشیر زادہ ضابط جنگ ہے یہ شادی سنہ ۱۱۹۰ھ میں ہوئی۔ اس میں فارسی، اردو اور ریختہ میں تحریر کردہ مراثی شامل ہیں۔ حسب ذیل شعراء کے مرثیے ہیں۔

۱۔ سید نجف علی مرحوم بلگرامی۔ پانچ مرثیے۔

۲۔ ہادی۔ ایک مرثیہ

۳۔ ہدایت۔ سید ہدایت اللہ بلگرامی۔ دو مراثی

۴۔ میر محمد صلاح ۔ چار مرثیے

۵۔ ندیم الہ آبادی ۔ ایک مرثیہ

۶۔ سید غضنفر حسین بلگرامی۔ آٹھ مرثیے

۷۔ سید علی حیدری دو مرثیے

۹۔ حکیم محمد علی علی

۱۰۔ مداح ۱۱۔ شریف علی شریف ۱۲۔ بسمل۔ ۱۳۔ غلام حیدر ۱۴۔ مخلص

بالائے کوٹ ایک ایک مرثیہ۔

۱۵۔ بیتاب دو مرثیے

۱۶۔ مہدی ایک مرثیہ

۱۷۔ اسد دو مرثیہ

۱۸۔ سید دربان علی دربان دو مرثیے

۱۹۔ شیخ نواز محی الدین ۲۰۔ غلام حیدر ۲۱۔ شہریار علی ۲۲۔ نظام الدین صالح

۲۳۔ سلیمی ۲۴۔ سید غلام شاہ ساندوی ۲۵۔ برکت بلگرامی ۲۶۔ محتشم ایک ایک مرثیہ

۲۷۔ مقبل دو مرثیے۔

۲۸۔ غلام قادر

۲۹۔ سودا

۳۰۔ قدمبوس

۳۱۔ نظام الدین نظامی ایک ایک مرثیہ

آٹھ مراثی ایسے بھی ہیں جن کے شاعروں کے نام نہیں دیے گئے۔ ایجاد کی ایک منقبت ہے مقبل کا واقعہ سواری حضرت امام حسینؓ۔ ایک عربی قصیدہ کا عنوان اس طرح ہے۔ "قصیدہ من تصنیف حضرت فاطمہ زہرہ خاتون جنت علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ بیاض میں میر ہدایت اللہ کی تین مقامات پر لہریاں ہیں۔ اور دوست دار علی واسطی کی دو لہریاں ہیں۔

اب مرثیہ نگاروں اور مراثی کی تفصیلات پیش کی جاتی ہیں۔

نجف ۔ سید نجف علی بلگرامی مرحوم

سخن شعرا کے الفاظ ہیں۔ "میر نجف علی شعرائے قدیم میں ہیں۔ عمدہ منتخبہ میں شاہ محمد علی الہ آباد خلف شاہ علیم اللہ کا ذکر ہے اور نجف علی بلگرامی کا نہیں۔ ایک مرثیہ کے آغاز میں " فی المرثیہ سید نجف علی مرحوم بلگرامی اور آخر میں ۱۱۸۳ ء یکصد و ہشتاد وسہ لکھا ہے۔ ایک ہزار سہواً رہ گیا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ نجف ۱۱۸۳ھ سے قبل انتقال کر چکے تھے۔

ان کے پہلے مرثیہ کا بند حسب ذیل ہے۔

آہ سبط مصطفیٰ ابن علی مرتضیٰ — دل بر خیر النساء یعنی حسین رہنما
اس کو لکھ نامہ بو لکر کوفیان بیوفا — تشنہ لب بن آب مارا از جفا در کربلا

اور آخری بند :۔

اے صبح . . . حق یہ اے غرقہ کربلا — منت خاتم بجاں آورد رحم کن مرا (مرا)
ہے نجف مداح تیرا اے شہید کربلا — وارہاں از منت خلق بجاں مصطفےٰ

دوسرا مرثیہ :۔

مطلع
{ ہوا حرم ستیں جس دن جدا امام حسین — غم والم کا ہوا مبتلا امام حسین
{ لیا سکینہ کو سینہ لگا امام حسین — جدائی اپنی کا خطبہ پڑھا امام حسین

مقطع
{ نجف غلام تمھارا ہے شاہ اوس کو سنبھال — خدا کے واسطے اب چاہ غم سے اوسکو نکال
{ بحق حیدر و زہرا و گریۂ اطفال — قبول کر یہ مری التجا امام حسین

تیسرا مرثیہ :۔

مطلع
{ آل نبی پر اے فلک تو نے یہ کیا جفا کیا — زہر بلا حسن کو دے شور و عزا بپا کیا
{ تشنہ دہن حسن کوں مضطر و مبتلا کیا — عابد بے پدر کے ساتھ ہائے یہ کیا دغا کیا

مقطع
{ لطف سوں ایک نظر کرو شاہ نجف سوے من — شامت نفس میں ہوا جرم و گناہ خوی من
{ حرمت جان مصطفیٰ کر نظرے بسوے من — مہر و کرم سوں کر قبول عرض جو مدعا کیا

یہاں بیاض سے ایک دو ورق غائب ہو گئے ہیں۔

چوتھا مرثیہ :۔ درمیانی کوئی بند { دیکھ دو لھے کو اندر ان میداں — سہرا سر پہ (ہے) ہاتھ میں کنگناں
{ دوست دشمن سبھی ہوئے گریاں — یہ عجب بیاہ کر خدا ای ہے

مقطع { یا حسین ابن حیدر کرار — سرو باغ محمد مختار
یترے روضہ او پرنثار نثار — یہ نجف عین کربلائی ہے

پانچواں مرثیہ :-

مطلع { اے رسول مجتبیٰ اے سید عالی گہر — کربلا میں بیکسوں کی کیوں نہیں لیتے خبر
جن کو تم نے لو ہو پلایا لا لقا وہ لخت جگر — خشک لہو میں بھیجے ہیں جھکے ہیں سر بسر

مقطع { اے شہید کربلا اے گوہر بحر شرف — عالم علم لدنی شہوار لو کشف
از جناب پاک تو امیدی دارد نجف — تا کنی روز جزا نخل مرادش بار ور

دوسرا مرثیہ نگار کا تخلص ہادی ہے۔ اور اس کا ایک ہی مرثیہ لکھا گیا ہے۔ اس کے متعلق تذکرے خاموش ہیں۔ گلشن ہند میں ایک ہادی کا ذکر ملتا ہے۔ اس کے بارے میں لکھا ہے

ہادی دہلوی :۔ زبانی شیخ فرحت شنیدہ شد کہ استعداد نہ داشت۔ ممکن ہے یہ کوئی اور ہو۔

مقطع { جامہ نیلی می کنم از غم علی مرتضیٰ — در عزای قرۃ العین نبی در کربلا
رحمت از خواہی تو ہادی از جناب کبریا — لعن کن بر دشمنانِ اہل بیت مصطفیٰ

سید ہدایت اللہ بلگرامی ۔ تخلص ہدایت

ہدایت تخلص رکھنے والے اور بھی شعرا ہیں لیکن سید ہدایت اللہ بلگرامی کا ذکر کسی میں نہیں۔ گلشن ہند، عمدہ منتخبہ، نکات الشعراء، خوش معرکہ زیبا، مجموعہ نغز، سخن شعرا اور چمنستان شعرا میں ہدایت اللہ خاں ہدایت کا ذکر کیا ہے۔ جو میر درد کے شاگرد اور نثار اللہ خاں فراق کے چچا تھے۔ وہ علم و فضل سے کافی بہرہ ور تھے۔ اور ہر صنف میں طبع آزمائی کی۔ ایک مرثیہ بھی کہے ہیں لیکن ہدایت اللہ بلگرامی کا کسی نے ذکر نہیں کیا۔ اس بیاض میں میر ہدایت اللہ نام کی مہریں ثبت ہیں۔ شبہ ہوتا ہے کہ یہ وہی ہدایت اللہ بلگرامی ہیں۔ بیاض میں ان کے دو مرثیے ہیں۔ اور صاف صاف تصنیف سید ہدایت اللہ بلگرامی لکھا ہے۔

پہلے مرثیہ کا پہلا بند { از ہجرت رسول بہ بطحا ستم ہوا — بعد از وفات حضرت طاہا ستم ہوا
فی الفور بعد سید عظمیٰ استم ہوا — خاتوں کوں ایسے غم میں ستانا ستم ہوا

مقطع بند ۵۶

کہتا ہے یوں ہدایت اے شاہ نامدار — سرور جہاں میں اپنا کرم کر کے بے شمار
سرسبز رکھ تو ان بچوں بحق نجبے کبار[1] — ظاہر اگرچہ جگ میں ہر یک جا ستم ہوا

---

[1] بحق ستے کبار رکھے تھے بحضرات ہشت و چار لکھا ہے۔

دوسرے مرثیہ کا پہلا بند:
آج ہے تشنہ دہن ہائے حسین ابن علی — رن منے زخمی بدن ہائے حسین ابن علی
ہو گئے مذبوح تن ہائے حسین ابن علی — بے سر نہ میسر کفن ہائے حسین ابن علی

بند ۱۲ مقطع:
ختم شہادت ہوا ظلم نہایت ہوا — شاہ حسین عنایت ہوا مجکو ل ہدایت ہوا
فرکمن کرامت ہوا میرا شفاعت ہوا — اون کو ن نجات ہوا ہائے حسین ابن علی

میر محمد صلاح۔ تخلص صلاح۔ صرف قدرت نے صلاح کا ذکر کیا ہے اور تبلایا ہے کہ یہ نبیرہ محمد افضل الہ آبادی کے تھے۔ انھیں درویشی سے لگاؤ تھا۔ عملیات اور تسخیر میں اپنا جواب نہ رکھتے تھے۔ فرخ آباد کو اپنا وطن بنا لیا تھا۔ تذکرہ نگاری کے وقت (۱۱۸۸ھ) انتقال ہو چکا تھا۔

بیاض میں ان کے چار مرثیے ہیں۔ مطلع اور مقطع پیش ہیں۔

۱۔ مطلع :۔ اے دو دنیا سبط پیغمبر کیا ہے الوداع — یادگار حیدر صفدر کہا ہے الوداع
مقطع :۔ لذت از زندگانی نیست مارا اے صلاح — ز انکہ میر آبادی اور رہبر کہا ہے الوداع

۲۔ ۹۴ اشعار۔ مطلع : اے محبان از غم آل عبا — سیل خوں جاری ہوا از دیدہ ہا
مقطع : اے صلاح اس مرثیہ کوں کر تمام — بر نبی و آل او بارا سلام

۳۔ ۸ اشعار۔ مطلع : آہ از درد غم دو نوجواں مصطفیٰ — نالہ اور شیون اٹھا از خاندان مصطفیٰ
مقطع : سرفرازی چاہے مجھے در روز حشر اے صلاح — گر سنوں میں حرف بخشش از زبان مصطفیٰ

۴۔ ۱۶ اشعار۔ مطلع : اے مجانا ہے سبب مارا گیا سلطان ترا — خاندان احمد مرسل ہوا ویران ترا
مقطع : لطف شاہ کربلا ہو شامل جان صلاح — روز محشر میں نہ ہووے محروم از احسان ترا

ندیم الہ آبادی

بیاض میں ندیم الہ آبادی لکھا ہے۔ سخن شعرا میں ندیم تخلص رکھنے والے چھ شعرا کا ذکر ہے۔ اس میں الہ آبادی ندیم کا نام سید محمد عسکری بتلایا ہے اور ان کا وطن کڑا ضلع الہ آباد شاگرد شاہ غلام اعظم افضل تخلص۔ ایک ندیم دہلوی بھی ہیں جن کا ذکر سخن شعرا، خوش معرکہ زیبا، گلشن ہند، عمدہ منتخبہ اور طبقات الشعرا کے حاشیہ میں فغاں کے ترجمے میں ملتا ہے کہ نام علی تقی تھا۔ صاحب گلشن ہند لکھتے ہیں شیخ علی تقی استاد اشرف علی خاں فغاں است از دہلی بہ مرشد آباد آمدہ بسرکار نواب میر جعفر خاں اتصال داشت و بسیدراں عہد وفات یافتہ۔ مرثیہ سید الشہداء علیہ السلام اکثر می گفت۔

لیکن بیاض ندیم کے ساتھ الہ آبادی لکھا ہے۔ اس لئے یہ مرثیہ اول الذکر ندیم کا ہے۔ ان کا ایک ہی مرثیہ تکلم بند ہوا ہے۔

۱۔ مطلع : اے صبا غمگیں خبر گھر گھر سوں کہو پھر مدینہ میں نبی سرور سوں کہو
تجھ غلاماں کے غلاماں کا ندیم ہے کیں جا کر شہید اکبر سے کہو

غضنفر۔ سید غضنفر حسین بلگرامی

تمام تذکرے ان کے ذکر سے خالی ہیں۔ بیاض میں ان کے اٹھ مرثیے نقل ہوئے ہیں۔ صاحب بیاض میر ہدایت اللہ بلگرامی سے ممکن ہے کہ ان کا قریبی تعلق ہو۔ جس کی بنا پر آٹھ مرثیے انھوں نے اپنی بیاض میں قلم بند کیے۔

۱۔ مطلع : یا رسول اللہ تمھاری پاک آل ہے ز تیغ شامیاں بد سگال
چور زخمی اوس کو جینا ہے محال کربلا میں آ کے دیکھو ان کا حال
مقطع: ہے یہی مقصد مرا تم سے شہا یہ غضنفر ہے سگ کوے شما
بخشیو اوس کے گنہ روز جزا راکھو اوسکی .... میں بے ملال

۲۔ مطلع : آئے جب لٹے ہوئے وے بیوہ اہل بیت روضۂ احمد ہوا ماتم سرائے اہل بیت
غل اوٹھا از فرز ہر اس صدائے اہل بیت ہائے پیچھے کیوں رہا ہے وہ شوائے اہل بیت
مقطع:۔ اے شہید کربلا وے کشتۂ تیغ جفا اے امام مقتدی و عزقہ بحر بلا
ہے یہی مقصد غضنفر کا کہ در روز جزا بخشیو اوس کے گنہ تم از برائے اہل بیت

۳۔ مطلع : شہ کا غم ہے سخت الم ہے تن بھی جلا ہے دل بھی جلا ہے
جان پیمبر نائب حیدر دین کا رہبر قتل ہوا ہے
قوم دغا نیں (دنی) اہل جفا نیں (رنی) دیا دغا ہے کیا جفا ہے
سبط نبی کوں ابن علی کوں خلق پیاسا ذبح کیا ہے
مقطع : ختم کر اب یہ قصہ غضنفر تاب نہیں ہے لکھنے دیگر
سوز الم سوں اس غم سوں زیادہ لکھے کیا حل کیا دفتر
آل نبی کا درد و مصیبت روز فزوں ہے تا دم محشر
اشک بہانا شاہ کے غم میں عفو الٰہی روز جزا ہے

۴۔ مطلع : نھا نو بلا شاہ قاسم بن حسن خوں سیتی اپنے وہ رنگیں پیرہن
یوں کہی رو رو کے اوس کی یہ دلہن ہائے نوشہ آج بچھڑا جاکے دن ؟

مقطع :۔ اب نہیں طاقت ہے جو کیجے بیاں ہے بڑی اس غم کی از بس داستاں
ہو گئی کہنے سے عاجز یہ زبان مختصر کر اب غضنفر یہ سخن

۵۔ مطلع :۔ مجھ کو وہ رہ رہ کے یہی جوش ہے دل پر آتا کہ عجب قدرت حق ہے نہیں بولا جاتا
جس کا خادم ہوئے جبرئیل امیں کہلاتا اوس کا سر تن سوں جدا دھوپ ... کھاتا
خنجر اوس حلق میں کیوں کر کے گذر نہیں پاتا

مقطع :۔ مدعا تجھ سے غضنفر کا ہے اے دیں کے امام کہ ازل سیتی کیا یا ہے تمہارا وہ غلام
وہ بدم دل سیتی یہ کہتے ہے تحیات و سلام کہ کرو روز جزا عفو گنہ اوس کے تمام
تم سوا کس سو کہے تیرا ہے وہ کہلا

۶۔ مطلع : اے جوان تازہ نخل بوستان فاطمہ ۔ آہ افتادہ زپا
مستزاد
گشت پنہاں آفتاب آسمان فاطمہ ۔ در طرف ابر بلا
شد خموش آں شمع بزم دودمان فاطمہ ۔ از ہوائے صد جفا
کشتہ شد یعنی حسین نوجوان فاطمہ ۔ در قضائے کربلا

مقطع یا الہٰی العالمین دارم ز تو فردا امید ۔ گرچہ ہستم پر گناہ
نامہ من خون غضنفر ز آب رحمت کن سفید ۔ بہر شاہ دیں پناہ
در جہاں از فیض عالم خود مگرداں نا امید ۔ کن بحال من نگاہ
زانکہ من ہستم غلام خاندان فاطمہ ۔ از سر صدق و صفا

۷۔ مطلع : ہائے فلک بیداد تری سو آج حیا سر گئی ہائے خشک دہن بے آب جہاں سو دیں گے وے رہ مر گئے ہائے
سادی روح پاک سے اور لخت دل حیدر گئے ہائے کہتے ہیں رو رو اور محرم سب آج مرے سرور گئے ہائے

مقطع :۔ ختم کر اب یہ قصہ غضنفر زیادہ نہ کر اب اس کا بیاں شعلہ غم سے جل گیا جان اور شمع صفت جلتی ہے زباں
مرثیہ تیرے کہنے سے عالم کرتا ہے زاری اور فغاں ہم نے سنا غم اور نہ دیکھا آج کے دن جیدھر گئے ہائے

۸۔ بحر طویل آہ دردیغا نوشہ قاسم کشتہ شد امروز از بد ظالم
چون رواں گشت سوئے لشکر کفار ستمگار جفا کار پئے عربدہ آں نوشۂ مظلوم بکوبند ہمہ اہل حرم
آہ و فغاں سر۔
شیر شاہ حملہ کناں تیغ علم کردہ بمیداں چو رسیدہ سر کفار بریدہ جگر شاں بدریدہ ہمہ را
کردداراں معرکہ چو روبہ مضطر
قطعہ آخری ہست ایں قصہ جاں سوز غم اندوز بے زور غماندہ است مرا طاقت تقریر و تحریر کہ سازیم
معرفہ بیاں در غمش حملہ غضنفر۔
اس مرثیہ کے خاتمہ پر میر ہدایت اللہ کی جو کور ہر تبعا ہے۔

سید علی حیدری بلگرامی۔

حیدری بلگرامی کا تذکرہ کسی تذکرے میں نہیں۔ ممکن ہے کہ یہ بھی ہدایت اللہ بلگرامی کے عزیزوں یا رفقا میں ہوں۔ ان کے دو مرثیے بیاض میں تحریر کیے گئے ہیں۔ جن میں ایک بحر طویل میں ہے۔

۱۔ مطلع : کیا بلا ہے ظلم کا طوفاں ہے آج ان میں بے سر فاطمہ کا جاں ہے آج
مقطع مختصر کر حیدری طاقت نہیں اس الم سوں دل ہو ابریاں ہے آج

۲۔ بحر طویل۔
آہ درد او دردیغا کہ دگر ماہ محرم شدہ ظاہر ہمہ اولاد علی آل نبی جامہ نیلی بہ بر و خاک سیہ ریختہ و بر سر۔
آہ حسیناں آل پیمبر شاہ شہیداں بستہ نہ بخیر حملہ یتیماں آہ حسیناں وائے حسیناں
مطلع :۔ ماتم جاں کاہ گرفتہ قلم آہ سر شق بریدہ جگر خویش دریدہ سطر اشک نوشتہ است بقرطاس الم سر۔
مقطع :۔ آہ حسیناں بزباں طاقت تقریر چنیں واقعہ از حد بشر نیست غمش روز فزوں است تحریر۔
قلم سینہ چاک است بیاں کیے رکنم احوال چنیں ماتم عظمیٰ قلم حیدر و صفدر۔

میر عبداللہ مسکین

جناب علی جواد زیدی کا نے میر عبداللہ مسکین پر ایک تفصیلی مقالہ تحریر (سہ ماہی) کی جلد ۴ شمارہ ۳

۱۹۶۰ء / ۱۳۸۰ھ میں سپرد قلم کیا ہے۔ اس میں موصوف نے مسکین کا سال ولادت ۱۱۱۰ھ تا ۱۱۱۵ھ کے درمیان ہونا قیاس کیا ہے اور بتلایا ہے کہ ۱۱۳۵ھ سے پہلے ہی مرثیہ نگار کی حیثیت سے شہرت حاصل کر لی تھی مسکین تین بھائی تھے۔ مسکین، حزیں، غمگین اور تینوں مرثیہ نگار تھے۔ درگاہ قلی خاں نے اپنی تصنیف مرقع دہلی میں لکھا ہے کہ "ان کے دل میں منقبت کے سوا اور کوئی فکر نہیں آتی۔ ان کے مرثیوں کو سن کر عزاداروں پر وہ غم طاری ہوتا ہے جو نہ "روضۃ الشہدا" سے طاری ہو سکتا ہے۔ اور نہ "وقائع مقبل" سے۔ ان کی مرثیہ گوئی ضرب المثل بن گئی تھی۔ سودا نے اپنی قصیدے "تضحیک روزگار" میں مسکین کا ذکر کیا ہے۔ شعر ہے۔

اسقاط حمل ہو تو کہیں مرثیہ ایسا — پھر کوئی نہ پوچھے میاں مسکین کہاں ہے

مسکین فن موسیقی سے بھی واقف تھے۔ بعض مراثی راگنیوں پر نظم کئے ہیں۔ بیاض میں تیسرے مرثیہ کے آغاز میں بطور عنوان لکھا ہے۔

"مرثیہ امام معصوم من تصنیف میر عبداللہ مسکین مرحوم"

۱۱۸۶ھ سے قبل ان کا سنہ وفات متعین ہوتا ہے۔

مسکین کے مراثی

۱۔ مطلع: شہربانو دکھ سہتیں اور و پکارا یا رسول — بیکسی میں کوئی نہیں تم بن ہمارا یا رسول
مقطع: سن کے اس واقع کو ہے مسکین گریاں روز و شب — ظالموں پر لعن کہنا آ تو پکارا یا رسول

۲۔ مطلع: دکھ پڑا آل عبا پر آل درماں کوئی نہیں — محرم درد یتیماں و اسیراں کوئی نہیں
قتل ہوا ابن حیدر حال پرساں کوئی نہیں — صاحب الطاف غیر از پاک سبحاں کوئی نہیں
مقطع: یہ مصیبت . . . . زین العبا اور سب حرم — شام کوں قیدی چلے اور پیشوا تھے سر علم
لکھنے آگے غم کی باتوں پر نہیں چلتے قلم — اس آگے مسکین اب لکھنے کا عنواں کوئی نہیں

۳۔ اس مرثیہ کے ۶۰ بند نقل ہوئے ہیں۔ اور ۶۱ لکھ کر اس کو ختم کر دیا گیا ہے۔
مطلع: قضا نے کربلا میں جیسے نما کا مقدر کی — کر دیکھوں کہ شباہت اور شجاعت آل حیدر کی
پکڑ کر اپنے ہاتھوں میں علم شمشیر و خنجر کی — کہا منظور ہے سب تو ج یہ سبط پیمبر کی

کہا اماں نے بیٹا جیسی مہمانی وہاں ہوتی ہے مجھے معلوم ہے راحت نہایت قدرداں ہوتی ہے
ساٹھواں بند
تمہارے سر اوپر شمشیر او ہنونگی مہماں ہوتی ہے سو وہ کرتی چلی ہے خوں خلدی اولاد حیدر کی

مسکین کے مراثی بڑا ذخیرہ سید مسعود حسن رضوی ادیب کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ کتب خانہ ایڈنبرا اور حیدرآباد کے کتب خانوں کی بیاضوں میں بھی مسکین کے مراثی محفوظ ہیں۔

علی، حکیم محمد علی:

صرف سخن شعرا میں حکیم محمد علی تخلص علی کا ذکر ملتا ہے۔ لکھتے ہیں۔ حکیم محمد علی تاجر ولد حکیم غلام حیدر لکھنوی شاگرد جرأت سارا مدینہ منورہ میں راہی ملک عدم ہوئے۔

ان کا صرف ایک مرثیہ نقل ہوا ہے۔

مطلع: کیوں نبی کی آل کو ناحق ستایا ہائے ہائے تشنگاں کوں نیر بن لوہو پلایا ہائے ہائے

مقطع: ہیں حوالہ تیغ حیدر وہ ستم گرائے علی سر جھوں نے شہ کا کاٹا اور کٹایا ہائے ہائے

اس کے بعد ایک فارسی نوحہ ہے نہ شاعر کا نام لکھا ہے اور نہ شاعر نے مقطع لکھا ہے۔

مطلع ہے:-

زمیں ز خون شہیداں دیگر بجوش آمد فلک ز آہ جہاں سیاہ پوش آمد

مداح: تمام تذکرے مداح کے ذکر سے خالی ہیں۔ ممکن ہے کہ غیر معروف شاعر ہوں۔

مطلع:- ظالماں مل کے یتیماں کئے اونٹاں پو سوار ۔ شہ کے خیمہ کوں لوٹا

قافلہ اہل حرم یوں کہیں رو رو کے پکار ۔ کیا کیا ہائے خدا

مقطع:- شاہ کے غم سیتی بریاں ہوا مداح کا دل ۔ جیسے ہو نام کباب

ہوا کے گریاں ہوا یوں پہ حسینا کے نثار ۔ پھر دہا لاسے واد کھا

شریف علی مرحوم بلگرامی

کسی تذکرہ میں ان کا ذکر نہیں۔ ۱۲۸۸ھ سے قبل وفات پائی۔ ان کا مرثیہ مستزاد ہے اور چار مصرعوں کا ایک بند ہے۔ تخلص بھی استعمال نہیں ہوا ہے۔

مطلع:- افسوس کہ آں سرو گلستان پیمبر ۔ بر خاک بیفتاد

افسوس کہ آں آب رخ ساقی کوثر ۔ لب تشنہ بغریاد

آں لخت دل فاطمہ و شافع محشر۔ با خاطر ناشاد
شد کشتہ ز جور و ستم شمر ستمگر از خنجر بیداد

بسمل

بیاض میں بسمل کا نام نہیں بتلایا۔ تذکروں میں شفیق اور قائم نے کسی اور بسمل کا ذکر کیا ہے۔ سخن شعرا میں آٹھ بسمل ہیں۔ لیکن کسی کے تعلق سے مرثیہ گوئی کا اظہار نہیں کیا۔ سرور نے دو بسمل کا ذکر کیا ہے۔ گلشن ہند میں تین بسمل ہیں اور ان تذکروں سخن شعرا۔ عمدہ منتخبہ اور گلشن ہند میں سید حیدر علی کا ذکر ملتا ہے۔ جو جہانگیر گڑھ کے رئیس تھے۔ علی ابراہیم خاں خلیل نے لکھا ہے کہ " ۱۱۹۶ھ گیارہ سو چھیانوے ہجری میں میر مذکور سے بلدہ محمد آباد بنارس میں مکرر اتفاق ملاقات کا ہوا۔ جوان سلیم الطبع اور سخن فہم نظر پڑے "۔ بسمل نے کچھ عرصہ بنارس میں راجہ کے وکیل کی حیثیت سے اور کچھ عرصہ عظیم آباد میں بسر کیا ہے۔ تقدیم زمانی کے لحاظ سے یہی حیدر علی بسمل اس مرثیہ کے کہنے والے ہو سکتے ہیں۔

مطلع :- بشنید ز نوشیوں لا ماتم زندگاں را ۔ گفتا چہ غم است ایں
زد بر سر گردوں چہ غم پشت کماں را ۔ دور الم است ایں
اے دہر مکن سینہ پر آہ و فغاں ۔ تیغ دو دم است ایں
خواہی کہ پر از نوحہ کنی لوح زباں را ۔ کار بے قلم است ایں (کذا)

مقطع
آغشتہ بخوں گشتہ تن سرور دوراں ۔ از خنجر بیداد
با داغ جگر تشنگی شاہ شہیداں ۔ کردند دلی یاد
گشتند ز دو شاں ہمہ چوں موجہ مہماں ۔ غلماں پر یزاد
با حور و قصور و ملک و خازن رضواں ۔ از صرصر فریاد
دادند بتاراج الم باغ جناں را ۔ بسمل چہ غم است ایں

حیدری۔ غلام حیدر

حیدری کا ذکر سخن شعرا اور گلشن ہند میں ملتا ہے۔ سخن شعرا میں " حیدری تخلص غلام حیدر دہلوی مقیم عظیم آباد " لکھا ہے۔ اور گلشن ہند میں " اسمش غلام حیدر احوالش معلوم نیست " ہے۔ بالائے کورٹ بیاض میں لکھا ہے کسی تذکرہ میں یہ لفظ نہیں۔ ان کا صرف ایک مرثیہ نقل ہوا ہے۔

مطلع: ہیہات کہ گل کرد شفق خون شہیداں ۔ در شام محرم
بنشست بخوناب جگر مہر درخشاں ۔ بر چرخ معظم
زد تیغ الم گرمہ نو گشت نمایاں ۔ بسمل شدہ عالم
خوں می چکد از دیدۂ ہم پاک بداماں ۔ از شیون و ماتم

مقطع: نرگس شدہ بیمار ازیں درد بہ گلشن ۔ با دیدۂ خوں بار
گل ریخت بسا خون دل از دیدہ پیدا من ۔ از بار مژہ بار
آں گلشن فردوس بریں گشت چو گلخن ۔ بلبل شدہ افگار
صد آہ جگر گشت بروں از دل غارن ۔ گل ریخت بہ یکبار
چوں حیدری غمزدہ در ماتم شاہاں ۔ ارض است و مملہم

ایک اور مرثیہ بھی ہے جس کے آغاز میں غلام حیدر بلگرامی لکھا ہے لیکن اس کا مقطع نہیں ہے۔

مطلع:
یا علی تم از نجف کربلا میں آتے کیوں نہیں
تشنہ لب بیکس کے تئیں پانی پلاتے کیوں نہیں
حوض کوثر سے اوسے پانی بھجاتے کیوں نہیں
عابدیں ہے قید میں اوس کو چھوڑاتے کیوں نہیں

اس مرثیہ کے بعد مقبل کا ترجیع بند ہے۔

مخلص

مخلص تخلص کے اندرام مخلص کے علاوہ "عمدہ منتخبہ" میں دو شاعروں کا ذکر ہے۔ ایک مرزا محمد حسین باشندہ دہلی اور دوسرے میر باقر اکبر آبادی۔ شاعر عہد فردوس آرامگاہ شاگرد مصطفیٰ خاں یک رنگ۔ قائم نے اپنے تذکرہ مخزن نکات میں مرزا محمد حسین کا یوں ذکر کیا ہے۔

"بنیرہ وزیر خاں مرحوم است کہ در عہد عالمگیر بادشاہ فوجدار بلدہ سہرند بود۔ ہر چند خانہ زاد موروثی است لیکن چوں ارکان سلطنت از احوال امثال چنیں مردم غافل شدہ اند بنا بریں بہ نقد قلیل مدد رسالہ گزر خدمت می نماید"

گلشن ہند میں بدیع الزماں (سرکار شجاع الدولہ وزیر ملک بود) کا ذکر ہے۔ دوسرے مخلص "مخلص علی خاں نام بھانجے نوازش محمد خاں کے ساکن مرشد آباد میر باقر کے

مشہور تھے " اور سنہ ۱۲۱۶ھ میں انتقال کیا۔ سخن شعرا میں سات شعرا کا ذکر ہے۔ جن کا تخلص مخلص تھا۔ مندرجہ بالا مختصر کے سوا یہ سات شعرا حسب ذیل ہیں۔

۱۔ میر مہدی حسن (کانپور) ۲۔ آنند رام ۳۔ مخلص علی خاں مرشد آبادی ۴۔ میر باقر اکبر آبادی۔
۵۔ بدیع الزماں خاں دہلوی شاگرد شاہ واقف ۶۔ مرزا کلب حسین خاں نہیں برادر کلب حسین خاں نادر تخلص خلف کلب علی خاں متوطن بنارس۔ ۷۔ منشی محمد حسین خاں دلد امانت خاں بھاگلپوری۔

یہ مرثیہ مخلص علی خاں یا میر باقر کا ہو سکتا ہے۔ قطعی طور پر نہیں کہا جا سکتا۔

مطلع : امشب است آں شب کہ فردا الوداع خواہد شدن
از تن شاہ شہیداں سر جدا خواہد شدن
تن بروے خاک و سر بر نیزہ ہا خواہد شدن
امشب آں شب کہ فردا مبتلا خواہد شدن
بے کس اندر کربلا زین العبا خواہد شدن

مقطع :۔ امشب است آں شب کہ فردائی کند جاں را فدا
مخلص خونیں جگر از بہر شاہ اولیا
اے سپہر خیرہ سر خود را چہ ساں داری بہیا
امشب است آں شب کہ فردا بہر شاہ کربلا
عیش گردوں نشیں نیلی قبا خواہد شدن

بیتاب :

بیاض میں بیتاب کے دو مرثیے ہیں۔ گلشن ہند میں تین شعرا کا ذکر ہے جن کا تخلص بیتاب ہے۔
۱۔ محمد اسمعیل شاگرد یک رنگ ۲۔ سنتوکھ رائے معاصر میاں محمد قائم ۳۔ شاہ محمد علیم برادر کہتر قاضی مفتخر۔

شفیق اور قائم نے محمد اسمعیل کا ذکر کیا ہے۔ مجموعۂ نغز میں محمد اسمعیل کے علاوہ محمد علیم الدین الہ آبادی کا ذکر ہے۔ سخن شعرا میں بارہ شعرا ہیں جن کا تخلص بیتاب ہے۔ محمد اسمعیل کا بھی ذکر ہے اور محمد علیم الدین کا بھی۔ قطعی فیصلہ مشکل ہے۔ ممکن ہے محمد اسمعیل ہوں۔

مطلع : اے فلک ہائے نبی کا گل گلزار کہاں | نونہال چمن حیدر کرار کہاں
حضرت فاطمہ کا راحت دیدار کہاں | وہ حسین ابن علی و اقف اسرار کہاں
مقطع : ہے یہی عرض را تم سے شہ عرش مقام | کہ دل و جاں سیتی بیتاب تمھارا ہے غلام
روز محشر کو شفاعت سے کرو اس کا تمام | تم سوا جاویگا اس روز یہ لاچار کہاں

مطلع (بحر طویل) جب خلف شیر خدا زخمی ہو گھوڑے سیں گرا شمر نے خنجر کو چلا سر کوں اوتارا
چرخ زمیں آج زیر و زبر ہے۔
سے چلے شام کے تیئں لشکر اسلام کے تیئں صاحب اکرام کے تئیں دل کئے خارا
آج قیامت کا یار وا ثر ہے۔

مہدی

"خوش معرکہ زیبا" میں مہدی علی خاں خلف سعادت علی خاں اور سخن شعرا میں ان کے علاوہ دو اور مہدی ایک مرزا مہدی الہ آبادی اور ایک نواب مہدی علی خاں مرشد آبادی کا ذکر ہے۔ تیفق نے عبد الولی عزلت کے ایک شاگرد میر مرتضیٰ مہدی کا ذکر کیا ہے۔ اور وہ مرہٹہ جنگ میں ۱۱۷۴ھ میں ہلاک ہوئے۔ زیر تبصرہ مہدی سعادت علی خاں کے صاحبزادے ہو سکتے ہیں۔

مطلع :۔ موسم سیلاب غم شد برزمین کربلا | آہ واویلا دریغ
غوطہ زد در ورطۂ بحر الم ارض و سما | آہ واویلا دریغ
شد بنا لاسئے خانۂ دیں منہدم واحسرتا | آہ واویلا دریغ
مقطع :۔ ذاکراں عاجز و دل خستہ اے شاہ شہید | یا الہ العالمین
ہمچو مہدی ہر یکے از | دارند امید | جملہ گویند ایں چنیں
فی جمیعاً حالیًا یا ربنا ارحم لنا | آہ واویلا دریغ

اس کے بعد ایک مرثیہ ہے جس میں مقطع بھی نہیں اور کاتب نے ابتدا میں نام نہیں لکھا۔ مطلع ہے۔
امشب شب قتل بے کساں است | امشب شب نالہ و فغاں است

دربان۔ سید دربان علی بلگرامی

دربان کے ذکر سے تذکرے خالی ہیں۔ کاتب نے نام لکھدیا ہے۔ اور بیاض میں دو مرثیے شامل کئے ہیں۔

۱۔ مطلع : دفتر غم میں عجب بات سنی جاتی ہے — آل احمد کی یہ فہرست لکھی جاتی ہے
سب براتوں پہ مصیبت یہ ۔۔ جاتی ہے — جوں نشانی بھی علی کی سوٹی جاتی ہے

اس کے بعد کا ورق ضائع ہوگیا ہے۔ اور دربان کا دوسرا مرثیہ جہاں سے شروع ہوتا ہے وہ ورق بھی نہیں ہے۔ اس کے چھ بند ہیں۔ مقطع ہے۔

ختم کر قصہ جاں سوز تمیتن اے درباں — کہ نہیں تاب جو اب زیادہ کرے اس کا بیاں
(کس ہو) سن کر یہ روداد مصیبت نہیں کسہو میں جاں — نہ کبھی مجھ سے نہ کس ہو سے سنی جاتی ہے

وامق۔ شیخ نواز محی الدین

وامق کا کسی تذکرہ میں ذکر نہیں۔ غالباً غیر معروف شاعر تھے۔

۱ مطلع :۔ جلوہ گر ہو کر ہوا ہے ماہ ماتم اور گگن — لبستہ دل جوں غنچہ ہے زین عزم رسول ذو المنن
حیدر کرار تے بھاڑا ہے جیوں گل پیرہن — فاطمہ با داغ دل ہیں جوں شقایق در چمن
مقطع : گرچہ کچھ میرے گناہوں کا نہیں حدو حساب — مکر میں اس نفس شیطاں کے ہمیشہ خراب
ایک یہ ہے عرض وامق تجھ سے اذ عالیجناب — روز محشر کہ شفاعت اوس کا ہے جاود

شہریار۔ شہریار علی

کسی تذکرے میں ذکر نہیں نام کے ساتھ مرحوم ہے۔ مرثیے کے ختم پر ۱۱۸۳ھ تاریخ تحریر شہریار اس سے قبل انتقال کر چکے تھے۔

مطلع : یا مصطفیٰ ! زلطف سوے کربلا دیکھو — یا مرتضیٰ مصیبت کرب و بلا دیکھو
یا فاطمہ اسیر ہیں زین العبا دیکھو — قاسم کا سہرا دیا رحسن مجتبیٰ دیکھو
ہے ہے حسین کشتہ ز تیغ جفا دیکھو

مقطع :۔ اس غم سوں جن دانس و ملایک ہیں زار زار دلو پری و وحش و طیور ند بے قرار
روز جزا ساقی کوثر امید وار سیراب کن لب دگو اس گنا ہگار
اے شہر روضہ شہ ہ اکا جا دیکھو

صانع ۔ نظام الدین احمد بلگرامی

شفیق نے صانع کے حالات سرو آزاد سے لئے ہیں۔ نام سے تاریخ ولادت نکلتی ہے (۱۱۳۹) میر نوازش علی سے فیض حاصل کیا ہے اور ان کے طول عمر کی دعا کی ہے۔ سرور نے لکھا ہے کہ کبھی کبھار ریختہ میں طبع آزمائی کی ہے۔ شورش نے ایک شعر دیا حالات کچھ نہیں لکھے۔ علی ابراہیم خان خلیل نے لکھا ہے۔

" از دوستان این خاکسار و جان مرزا رفیع سودا است۔ اشعار فارسی مدون دارد و ریختہ کمتر گوید۔ . . . . . اطال بہ سال لبست ودویم شاہ عالم بادشاہ در مرشد آباد و کلکتہ بسر می برد۔ گلشن ہند میں ایک غزل کے ۵ شعر ایک غزل کے دو اور ایک غزل کا ایک شعر اپنے تذکرہ کے لیے انتخاب کیا ہے۔ سخن شعرا میں کوئی اضافہ نہیں۔ بیاض میں نظام الدین احمد صانع سلمہٗ لکھا ہے۔

مطلع : محرم آمدہ اے دوستاں برائے حسین کنند سینۂ خود چاک در عزائے حسین
مقطع : ہوائے کوثرت از بہشت از علی صانع بکن تو جان و دل نوشتن برائے حسین

سلیمی :

اے جہان زوج زہرا را ندانم چہ رشد نائب پیغمبر ما را ہمی دانم چہ رشد
جامہ دے اہلبیت از لغض وازکیں سوختند آیت بر دہ سلیمی رانمی دانم چہ رشد

غلام شاہ ساندوی :

ان کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔ بیاض میں صرف ایک مرثیہ نقل ہوا ہے۔

مطلع :۔ ایک دن پیمبر جن از سر تو دو بکا چاہتا تھا اپنی امت کی خلاصی از خدا
ناگہاں جبرئیل از حق داد گر نازل ہوئے حضرت خیر البشر . . . . لعد از دعا

آخری بند نمبر ۵۱ :- اے شہ ذی دو جہاں بیر علی شاہ زمین　　یہی زاری فاطمہ زہرا بدرد دل حسن
روے رحمت بو متاب اے کام جاں آرزو　　وارہاں از منت خلق یجی ابن مصطفیٰ

برکت بلگرامی

طبقات الشعرا میں شاہ برکت اللہ بلگرامی لکھا ہے۔ اور کسی بات کا علم نہ ہو سکا۔ دوسرے تذکرے ساکت ہیں۔

مطلع :- دکھ جد اور دجد عابد بیمار یتیم　　دشت غربت میں رہا عابد بیمار یتیم
مقطع :- ہے شفاعت کی نظر تم سیتی برکت کے تیئں　　اے شہ روز جزا عابد بیمار یتیم

مطلع اور مقطع کے بعد علامہ قادر کا ایک مرثیہ ہے۔ جن کے بارے میں بھی کوئی معلومات دستیاب نہیں۔

مطلع :- مجاں با ملاحظہ اپنے صاحب میں کرو مجرا　　امام دو جہاں سلطان غالب سیں کرو مجرا
مودب با قواعد با مناسب ہیں کرو مجرا　　تفاوت با ادب سیں با مراتب سیں کرو مجرا
مقطع :- غلام قادر گلشن ادب سے جوڑ ہاتھوں کوں　　بجا لانا جناب پنجتن میں کر نشان توں کوں
کہتا ہے مومنوں کوں صدق سیں پاکیزہ ذاتوں کوں　　تفاوت با ادب سیں با مراتب میں کرو مجرا

سودا۔ مرزا رفیع

سودا کے حالات تمام تذکروں میں موجود ہیں۔ سودا پر سب سے پہلے شیخ چاند مرحوم نے مقالہ لکھا جو انجمن ترقی اردو اورنگ آباد سے شائع ہوا۔ ڈاکٹر خلیق انجم نے سودا کی حیات اور کارناموں کا جائزہ لیا اور ڈاکٹر شمس الدین صدیقی نے کلیات سودا تین جلدوں میں مجلس ترقی ادب لاہور سے شائع کی۔ یہ کلیات عرصہ دراز پہلے نولکشور پریس سے شائع ہو کر کمیاب ہو چکا تھا۔ ہماری کوئی ادبی تاریخ سودا کے بغیر مکمل نہیں کہلائی جا سکتی۔ سودا نے ۱۱۹۵ھ میں رحلت کی۔

اس بیاض میں سودا کا صرف ایک مرثیہ نقل ہوا ہے۔

مطلع : بدن پہ زخم ستم رن میں جب اٹھائے حسین　　گرے زمین کے اوپر لیٹ زمیں موں پائے حسین
اٹھا کے سر یہ کہا تب کہ اے خدائے حسین　　جو کچھ کہ تیری رضا ہے سو ہے رضائے حسین

مقطع :- بحق شاہ شہید (و) قتیل تیغ ستم الٰہی غم نہ ہو سودا کو چھٹ حسین کا غم
نہ ہوئے حشر بھی اس کی بجز محرم غم جو مرگ بعد ہو مدفن تو کربلائے حسین

اسد - میر امانی

دہلی کے مشہور شعرا میں ہیں۔ عشقی نے میر اسد علی نام بتایا ہے۔ سودا کے شاگرد تھے عرصے تک دلی میں رہے۔ عشقی نے " بالفعل بہ بنگالہ استقامت دارد " لکھا ہے۔ " گلشن ہند " میں لکھا ہے کہ " بہ عہد شاہ عالم بادشاہ وارد بنگالہ گشتہ در مرشد آباد انتقال نمود۔ ندرہ منتخبہ میں بتلایا ہے کہ " بہ شاہ جہان آباد در کوچہ ارباب نشاط کہ مشہور محلہ دار الخلافہ است مسکن داشت "۔ اس کے اول الذکر تذکروں سے اختلاف ہے یعنی وہ " برائے تلاش معاش از وطن خود عازم لکھنؤ شدہ بود۔ بہ حسب تقدیر از دست رہزناں جام حیات او از زہر ممات لبریز گردید۔

صاحب " مجموعہ نغز " بھی سرور کے ہمنوا ہیں ان کا بیان حسب ذیل ہے۔

" چندے در سرکار دولت مدار نواب افضل خاں مغفور کے یکے از بنی اعمام نواب معلیٰ القاب امیر الامرا نجیب الدولہ مبرور بود۔ تعلق داشت بعد انقضاء ایام دولت ایشاں برائے تحصیل اسباب معاش رخت سفر بجانب بلدہ لکھنؤ کشیدہ از جہاں جا سفر آخرت گزید۔ عبد الغفور نساخ نے لکھا ہے کہ " شاہ عالم بادشاہ کے عہد میں لکھنؤ کی راہ میں رہزنوں کے ہاتھ سے مارے گئے۔ "

بیاض میں اسد کے مرثیے نقل کیے گئے ہیں۔

۱۔ مطلع : دفتر غم میں عجیب بات سنی جاتی ہے آل احمد کی یہ فہرست لکھی جاتی ہے
سب براتوں پہ مصیبت جو پڑی جاتی ہے جو نشانی تھی علی کی سو مٹی جاتی ہے
مقطع :- آگے اب تاب نہیں کہتا اسد بیچارہ جو لکھے بانو بیکس کا بیاں غم مارا
مجھ اوپر لطف علی ہے گا نہایت سارا میری دنیا میں سبھی خوب بنی جاتی ہے

۲۔ مطلع : کہہ صبا سرور شہدا کو قدمبوس مرا جانشین علی اعلیٰ کو قدمبوس مرا
لائق افسر طاہا کو قدمبوس مرا دلبر حضرت زہرا کو قدمبوس مرا

مقطع : سر سوپا لگ ہے اگر غرق گناہوں میں اسد ‌ ‌ ‌ لیکہ نجہ فضل اوپر اوس کی شفاعت ہے سند
حشر میں او سیہ کرم کرکہ چھوڑا ہے اسد ‌ ‌ ‌ ہادئ راہ مصطفا کو تہمیوسس مرا

۳۔ مطلع :۔ بلا کے دشت میں جب دن رہا حسین غریب ‌ ‌ ‌ تب اوس کا نالہ فلک پر ہوا حسین غریب
جنگل میں بے سر و اقربا حسین غریب ‌ ‌ ‌ شہید ہونے کو اترا رہا حسین غریب
مقطع :۔ اگر چہ غرق گناہوں میں ہے اسد بکسر ‌ ‌ ‌ امام ہو دینگے اوس کے شفیع روز حشر
دنے ذرا بھی نہیں دل میں اوس کے وہم و قطر ‌ ‌ ‌ ہے جن کا نام شہ کربلا حسین غریب

اس کے بعد بیاض میں فارسی اور عربی نوحے، سلام اور قطعے بہ تفصیل ذیل ہیں۔
۱۔ فارسی نوحہ سکینہ ۲۔ تاریخ گو خدائی مرزا خاں بہادر ضابطہ جنگ ۳۔ قصیدہ من تصنیف حضرت فاطمہ زہرہ خاتون جنت علیہ الصلوٰۃ والسلام (عربی)
بیاض میں اس قصیدہ کے ختم پر دوستدار علی واسطی کی دو مہریں ثبت ہیں۔ یہ بیاض ان کے پاس ایسی ہے۔
۴۔ اسمائے چہاردہ معصوم ۵۔ طویل بحر میں مرثیے اور آخر میں زیارت نامہ ابی عبداللہ تحریر ہے۔ لسانیاتی نقطہ نظر سے بیاض کی اہمیت ہے۔ بلگرام کے بہت سے شعرا کا بھی اس سے تعارف ہو جاتا ہے۔

۱۲۴۔ مرغوب القلوب :

تقطیع (۲۰ سمر x ۱۰ سمر) اوراق ۵ سطر فی صفحہ (۱۳، ۱۴) کاغذ دیسی۔ خط شکستہ نستعلیق۔
پہلی سطر میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے اس کی سیدھی طرف رسالہ اور بائیں طرف مرغوب القلوب لکھا ہے۔
مرغوب القلوب نام کا ایک فارسی رسالہ حضرت شمس تبریز کے نام سے موسوم ہے۔ جس کا ایک نسخہ ادارہ کے کتب خانے میں موجود ہے۔ جس کا ذکر تذکرہ مخطوطات جلد سوم صفحہ ۸۷ سے کیا گیا ہے مرغوب القلوب نام کے ایک اور نسخہ کا ذکر تذکرہ مخطوطات جلد پنجم صفحہ ۲۸۶ پر ہے لیکن یہ اردو ہے اس کو مرتب تذکرہ نے شاہ کمال کا بتلایا ہے۔ یہ شاہ کمال کے مرید اور خلیفہ حضرت میراں جی

شمس العشاق کا ہے اور دوسرے نسخوں میں اس کا نام مغز مرغوب ہے۔ اس کو ڈاکٹر ہاشم علی پروفیسر اردو میسور یونیورسٹی نے شائع کر دیا ہے۔ مرغوب القلوب منسوبہ حضرت شمس التبریز منظوم ہے جس کے ابتدائی تین شعر حسب ذیل ہے۔

بگویم حمد رب العالمیں را — عطا کو کرد بر ما عقل و دیں را
درود مصطفیٰ بعد از ثنایش — فرستم از دل و جاں با ثنایش
مقام چند از سالک بگویم — درآں گفتن ز حق توفیق جویم

ڈاکٹر زور صاحب نے لکھا ہے کہ یہ رسالہ ۱۲۵ ابیات پر مشتمل ہے۔ مخطوطات فارسیہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور میں بھی اس کا ایک نسخہ موجود ہے۔ اور مرتب نے بتلایا ہے کہ اس میں ۱۴۰ اشعار ہیں۔

پیش نظر نسخہ جس کے مصنف کا کوئی ذکر نہیں۔ دکنی زبان میں نثر میں ہے۔ اور یہ کسی کا ترجمہ بھی نہیں معلوم ہوتا لیکن موضوع کے اعتبار سے یکساں ہے۔ یعنے سلوک کے چند مقامات بیان کئے گئے ہیں۔

ابتداء :- کلا امر ذی بال لم یبدو یہ بالبسم اللہ فھو ابتراً بیغمبر کہے جو کوئی کام کرے گا۔ گدائی خدا کا نام نا لیکر تو کریگا تو اسکا کام پائمال ہووے گا۔

اختتام :- آدمی کے تن میں دل ہے ہور دل میں عارف الوجود ہے ہور عارف الوجود میں روح ہے۔ ہور روح میں سر ہے ہور سر میں نور ہے ہور نور میں خدا ہولا کہتا ہے یوں خدائے تعالیٰ ہر کس کوں یو چیز ہی پیدا کیا ہے خدائے تعالیٰ

رسالہ یہاں پر ختم ہو جاتا ہے۔ آخری صفحے پر حسب ذیل عبارت ہے۔

"تن ما کعبہ است و سر ما مصحف است و دل مومن است و زہرہ ما کافر است و پائی ما ما فراست"

رسالے کے آغاز پر ایک مہر نواب عنایت جنگ کی ثبت اور آخر میں بیضوی مہر مصدر الطاف و عنایت حسین ثبت ہے۔ یہ نواب صاحب موصوف کا عطیہ ہے۔

۱۴۲۱۔ لغات القرآن

اوراق ۷۰ (ورق ۶۹ سادہ) تقطیع (۱۸ × ۱۱ سمر) تالیف بعد از ۱۲۵۰ھ۔ کاتب و مصنف کا نام نہیں ہے نہ کوئی ترقیمہ ہے۔

یہ قرآنی الفاظ کی لغت ہے۔ درمیان اور حاشیہ دونوں پر تحریر موجود ہے۔ کسی صاحب ذوق نے حرف تہجی کے لحاظ سے ترتیب دیا ہے۔

ابتدا:۔ اکٹھا ہونا آزمائش آبادکرنا۔ واہیات بکنا (متن میں)

اَلاجتماع اَلفتنۃ الزخرفتہ

اسلام لا انکار کرے تو آج کا دن آخر شب آخر رات کی تاریکی

اسلم اَبیت اَلیوم السَّحر اَلغلس حاشیہ میں

اختتام:

واسطے کس دن کے وعدہ دیے گئے ہیں ایک وقت معلوم تک وقت مقرر

لِلّذیِ یوم اُجلت اِلیٰ قدرٍ معلوم میقاتًا

وحشی جانور وائے ہے وائے ہے واسطے میرے دین میرا ہے

وحوش ویلٌ ویلٌ ولیَ دین

۱۲۴۲۔ رسائل خواجہ بندہ نواز

صفحات ۷ تقطیع (۳۵ × ۲۰ سم) خط نستعلیق خوش الفاظ "سوال وجواب" سرخی سے تحریر ہیں۔ کتابت مابعد ۱۲۵۰ھ۔

یہ رسالہ تصوف میں ہے اور حضرت بندہ نواز کا بتلایا گیا ہے۔ اس میں چار وجود چار نفس چار عقل اور پانچ عناصر پچیس گن کی تشریح کی گئی ہے۔ ایک سوال کیا جاتا ہے اور اس کا جواب دیا جاتا ہے۔

ابتدا:۔ اے عزیز ان چار باتاں چار وجوداں چار نفساں چار عقلاں پانچ عناصر پچیس گن حواس خمسہ سبع صفات دوم مقام سوم برتنے ہارا روح شاہی و سلام چوسٹھ گھر اسی کو بولتے ہیں یہ چوسٹ گھر صفاتی ہیں۔

اختتام:

یہ رسالہ تصنیف کیا ہوا حضرت خواجہ بندہ نواز گیسودراز کا ہے۔ اتمام یافت مَن لا شیخ لہٗ فشیخہ شیطان۔ جس کا پیر نہیں اوس کا پیر شیطان ہے۔

رسالہ۔ اس رسالے میں ایک صفحہ ہے۔

ابتدا:۔ اے عزیز کچھ نہ تھا آپ ہی تھا یعنی خدا کی ذات تھی بجز خدا کے کوئی شئے

نہ تھی۔ اوس حد تک جو صفات بھی تھی اور اس مرتبہ کو گنج مخفی کہتے ہیں ۔ یہ ذات کا وجود ہے۔
اختتام : اوس دیکھ کو روح جاری کہتے ہیں ۔ اوس شاید کو من نور کہتے ہیں۔ اور اس حق کو واجب الوجود کہتے ہیں۔ یہ تینوں مرتبہ بندہ کے ظاہر کا وجود ہے۔ تمت تمام شد

رسالہ (ج) رسالہ ۔ تیسرا رسالہ ہے جو اسی میں شامل ہے۔ اس کا کوئی نام نہیں دیا گیا ہے
۲½ صفحے ۔ مسطر ۱۷ سطری

ابتدا :۔

اے عزیز ۔ لا حق گنج تھے لا مخفی نہیں اور اس نہیں سے یہ تمام زمین و آسمان اور نباتات اور حیوانات اور انسانات اور عناصرات یہ تمام کا حق نکلا مانند حباب کہ اور وہ نہیں سو دریا ہے ۔ یہ تمام اس کے حباب ہیں۔

اختتام :۔

رنگ بو قلموں لباس رسول کا وہ سویدت القلب ہے اوس کا وہ نقطے سے اظہر ہے اور کل ذات ہے شاہ مطلق سوا ے اوس کے نہ رنگ نہ لباس ہے یہ جزو کل ہے سب ہی وہی وہی ہے ۔ تمام شد

رسالہ بیان معراج ۔ دو صفحے (اسی رسالے میں شامل ہے)

ابتدا :

درود شریف کے بعد ۔ سمجھ اے سالک یہ تلاوت المعراج ہے ۔ مترغ کے عالم فرماتے ہیں کہ پیغمبر خدا صلعم کو معراج اوپر آسمان کے ہوا۔

اختتام :۔

اور وہاں پردہ تھا سو عربیت کا یعنی بندہ پنے کا اور وہاں شیر و شکر کی طرح راز و شد حضرت صلعم اکیلے نہیں تھا ے سو وہاں علی تھے ۔

۱۲۴۳-۱ اعجاز احمدی ۔ نوازش علی خاں شیدا (۱۱۴۵ھ - ۱۲۱۰ھ)

اوراق (۸۴م) تقطیع ۲۲×۲۱ سمر مسطر ۱۷ سطری ۔ خط نستعلیق معمولی

شیدا کا ذکر قبل ازیں تذکرہ مخطوطات کی ہر جلد میں آ چکا ہے ۔ تاہم بہ نظر سہولت حوالہ دیا جاتا ہے ۔

مخطوطہ نمبر ۳۲۲ جلد دوم ص ۷
" " ۸۳۷ جلد چہارم ص ۱۳۹
" " ۹۱۵ جلد پنجم ص ۵
" " ۹۱۶ " "

لیکن یہ چاروں نسخے نامکمل ہیں۔ پیش نظر نسخہ مکمل ہے۔ ابتدا تا آخر کوئی ورق بھی ضائع نہیں ہوا۔ البتہ قدرے کرم خوردہ ہے۔ اس کی چار جلدیں ہیں۔ پہلی جلد کا عنوان ہے۔

جلد اول در بیان نور محمد بر آوردن از گنج مخفی صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم

ابتدائی چار شعر حسب ذیل ہیں۔

اول حمد مولا میں کھولوں زباں ۔ آتا ہوئے سرسبز میرا بیاں
وہ خالق و رازق وہ ستار ہے ۔ وہ رحمان وہ وہاب و غفار ہے
۸ وہ صانع ہے قدرت کے مصنوع کا ۔ وہ نقاش ہے نقش مطبوع کا
ہویت کے کشور کا ہے بادشاہ ۔ اوسے بے نیازی کی سپاہ

حمد کے اشعار کے بعد مناجات میں نو اشعار لکھے ہیں۔ اور اس کے بعد اپنے حسب حال ایک حکایت بیان کی ہے جس کے ۱۵ اشعار ہیں۔ پھر تالیف کتاب کا عنوان ہے۔ اس کے چند شعر حسب ذیل ہیں۔

کہ اے نخل بند ریاض سخن ۔ ترے شعر کا دھوم ہے جو کہ من
بہت لغت کے توں قصاید کیا ۔ معطر دماغ سخن کوں رکھوں
توں کر مثنوی معجزوں کی تمام ۔ رکھا گلشن ایمان کر اس کا نام
میں آیا ہوں دینے تجھے اب نوید ۔ کہ ہے مغفرت تیری جس سے امید
توں سن ہوش سے کان دھر یہ سخن ۔ بیاں تجھ سے میں کرتا ہوں من و عن
جناب رسالت کا سب ماجرا ۔ سیر میں مفصل گیا ہے لکھا
عربی ہے یا فارسی وہ کلام ۔ سمجھ اوس کو سکتے نہیں ہیں عوام
توں ہندی زباں میں لکھے گا اگر ۔ سبھی پڑھ اوسے ہوینگے بہرہ ور

اس میں ۳۷ اشعار ہیں۔ اور کتاب کا نام اس طرح بتلایا ہے۔

یہ اعجاز ہے احمد کا سربسر ۔ کیا میں نے موسوم اسی نام پر

اس کے بعد اصل کتاب اعجاز احمدی شروع ہوتی ہے۔ عنوان یہ ہے۔

" آغاز داستان در کیفیت ظہور نور محمدی و شعشہ افروز شدن نیر احمدی از صلب عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد المنان "

پہلی جلد ورق ۷۶ پر ختم ہوتی ہے۔ اس طرح اشعار کی تعداد تقریباً (۱۵۰۰) ہے۔ اس جلد کے آخری اشعار حسب ذیل ہیں:۔

اسے رشید کہاں تک کہا جائے گا ۔۔۔ سمندر کوں کوزے میں کیوں لائے گا
توں کر اختصار سخن پر عمل ۔۔۔ طرف راہ بہشت کے بہتر ہے چل
کرت ورتوں درود اور کرت وتوں سلام ۔۔۔ وہ روح مقدس پہ بھیجو مدام

اس کے بعد دوسری جلد شروع ہوتی ہے۔ عنوان ہے۔

" جلد دویم در بیان سال چہلم ولادت باسعادت و ظہور علامات نبوت و اظہار نمودن سید الانبیا صورت احوال ..... و تسلی دادن و نشان آں جناب "

ابتدائی تین شعر حسب ذیل ہیں۔

الہٰی مرے دل کوں پر نور کر ۔۔۔ محبت ستے اپنے معمور کر
ایس عشق میں کر توں مفتوں مجھے ۔۔۔ یہ لیلیٰ کا کر رکھ تو مجنوں مجھے
بے مجھے مرحمت جام تحقیق کر ۔۔۔ صبوحی کش بزم توفیق کر

دوسری جلد ۸۵ اوراق پر مشتمل ہے۔ یعنے یہ دو ہزار آٹھ سو سے زاید اشعار پر مشتمل ہے۔ اس جلد کے آخری دو شعر حسب ذیل ہیں۔

اسے رشید اقلم پر ہے یہ اضطراب ۔۔۔ کہ منزل کوں مقصد کے پہنچے شتاب
بھلا ہے توں کر اوس کے مطلب کا کام ۔۔۔ کرت وتوں سے کہتا نبی پر سلام

اس کے بعد تیسری جلد شروع ہوتی ہے۔ پہلا عنوان حسب ذیل ہے۔

جلد سوم در بیان شرف بخشی شدن اشرف الانبیا مدینہ شریف را ...

اس کے ابتدائی اشعار حسب ذیل ہیں۔

الہٰی توکر فضل کا فتح باب ۔۔۔ مجھے میرے مطلب سے کر کامیاب
عنایت کے لشکر کوں دے میرے ساتھ ۔۔۔ کروں نفس سرکش سے جنگ دن رات
مرے تیغ توکر اوس پہ نصرت نصیب ۔۔۔ ظفر کی دکھا مجکوں شکل عجیب

یہ جلد ۲۵۵ اشعار پر مشتمل ہے۔ گویا اس میں ۸۰۰ سے زائد اشعار ہیں۔ آخری دو شعر ہیں۔

مجاں! کر اول اچھوسے وضو کرجس سے ملے حشر میں آبرو
کروڑوں درود کروڑوں سلام وہ روح مقدس پہ بھیجو مدام

اس کے بعد چوتھی اور آخری جلد شروع ہوتی ہے۔ عنوان ہے

جلد چہارم متضمن حالات بعد از وفات و بیان معجزات و فضائل الصلوات بیان آمدن از ملک شام حضرت بلال برزیارت شریف مقدسہ خیر الانام

ابتدائی چار اشعار حسب ذیل ہیں۔

الہیٰ ترا نام ہے گا نجیب محبت نبی کی مرے کر نصیب
دو تسمیع نبوت کا پروانہ کر جیوں بلبل مجہ اوس گل کا دیوانہ کر
غلاموں میں کر اون کے مجھ کامیاب سعادت کا بخشیں مجھے وو خطاب
زیارت مدینہ کی کر مجھ عطا کریوں قبر انوار پر میں فدا

چوتھی جلد ۶۰ اوراق پر مشتمل ہے۔ اس طرح اس میں ایک ہزار سے زاید اشعار ہیں اور کل مثنوی (۱۵۰۰۰) پندرہ ہزار سے زائد اشعار پر مشتمل ہے۔

اس مثنوی کے مطالعے کے بعد شیدا کی پرگوئی اور قدرت زبان کا اندازہ ہوتا ہے۔ وہ نظام علی خاں آصف جاہ ثانی کے میر سامان تھے۔ ان کا ایک فرض دربارداری بھی اور بادشاہی عاشورخانے کی نگرانی بھی۔ اس کے باوجود وہ شعر گوئی کے لیے وقت نکالتے تھے۔

ان کی دوسری طویل مثنوی روضۃ الاطہار ہے۔ جس کا اب تذکرہ کیا جائے گا۔ ان کی ایک فارسی کتاب جامع الفواید بھی ہے۔

اعجاز احمدی مطبع کریمی بمبئی سے ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۸۹۵ء میں چھپ چکی ہے۔ اس کے ۸۱۲ صفحات ہیں۔ یہ مطبوعہ نسخہ بھی ادارہ میں موجود ہے۔

اعجاز احمدی ڈاکٹر الدین صدیقی نے ادارہ کے کتب خانہ کو بطور عطیہ دیا ہے۔

۱۲۴۴۔ روضۃ الاطہار۔ نوازش علی خاں شیدا (۱۱۴۵ - ۱۲۱۰) کتابت ۱۱۷۶

اوپر اعجاز احمدی کا ذکر ہوا ہے۔ یہ شیدا کی دوسری تصنیف ہے۔
صفحات (۲۸۸) تقطیع ۲۴×۱۲ سمر مسطر ۱۵ سطری۔ کاغذ دیسی

روضۃ الاطہار کے کئی نسخے کتب خانے میں موجود ہیں۔ اس نسخے کی اہمیت اس لئے ہے کہ یہ تصنیف کے صرف تین سال بعد ۱۱۷۶ھ میں قلمبند ہوا ہے۔ اس سے پہلے جو نسخے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

بنمبر ۳۹ -	جلد اول	صفحہ	۶۵
۵۱۲ -	"	"	۶۶
۷۸۱ -	جلد چہارم	"	۱۳۷
۲۷۲ -	"	"	۱۳۸
۸۴۵ -	"	"	۱۹۹

پیش نظر نسخہ مکمل ہے۔ البتہ قدرے کرم خوردہ ہے۔ اس کا کاتب شیخ عبد النبی ہے۔ اور یہ نسخہ حیدرآباد میں نقل کیا گیا ہے۔

ابتداء: اول حمد خدا میں ہو سرافراز کروں میں روضۃ الاطہار آغاز
دو عالم نام پر اوس کے ہے شیدا شہادت کا کیا عالم وہ پیدا

حمد اور نعت کے بعد عنوان ہے۔ "در بیان تالیف کتاب رقت نصاب روضۃ الاطہار" ابتدائی چار شعر یہ ہیں:-

ہوا ایک دن مجھے الہام از غیب کہ تو حسنین کا شیدا ہے لاریب
پڑا تجھ ہر تیوں کا جگ میں ہے دھوم مجاں کے گلہ یا دل کوں جوں موم
کتاب ایک تو بنا ہندی زباں سوں انکھیاں عالم کے کر انجھواں سے جیوں
رہے عالم میں یہ تری یادگاری یہا ہے بولتے میں فیض جاری

کتاب بارہ مجلسوں پر مشتمل ہے۔ اس میں تقریباً سات ہزار اشعار ہیں۔ اس سے شیدا کی پرگوئی کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

اختتام:-

بدرقہ سات دے فضل و عطا کا مسافر کر مرتے ہیں کربلا کا
عنایت کر وہاں یک قبر کی جائے کہ اس عاصی کا در خسید وہاں آئے
قیامت ہو ویگا جس روز قایم یہی امید ہے مجھ دل میں دایم
تصدق لیں تو اپنی صاحبی کے غلاموں میں اولاد آل نبی کے

ہزاراں سے درود اں اور تحیت
نبی پر جو ہیں ان کی آل و عترت

ترقیمہ :۔ تمت الکتاب بعون ملک الوہاب فی اسرع الاعوان و اسمٰعیل الزماں من نسخہ روضۃ الاطہار تصنیف خاں صاحب قبلہ مشفق قدرداں فیاض زماں نوازش علی خاں بہادر عطا اضعف العباد شیخ عبد النبی تحریر چہاردہم ماہ رجب المرجب ۱۱۷۶ھ۔
یہ نسخہ محمد اکبر الدین صدیقی نے کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو کو تحفہ دیا ہے۔

۱۲۴۵- پنچھی باچھا۔

اوراق (۱۰۴) تقطیع (۲۵ x ۱۶سمر) مسطر ۱۵ کاغذ دیسی دولت آبادی
عنوانات تاریخ کتابت و نام کاتب ندارد ہے

ادارہ کے کتب خانہ میں اس کے متعدد نسخے ہیں۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

نمبر ۵۸	تذکرہ مخطوطات	جلد اول	صفحہ ۶۱
۱۵۸	"	"	" ۶۰
۲۲۸	"	جلد دوم	" ۴۰/۸
۴۰۱	"	اول	" ۱۱۳
۵۱۱	"	" "	" ۶۳
۵۲۶	"	" سوم	۴۹
۶۲۴	"	"	۲۳۷
۷۲۹	"	چہارم	۷۰
۷۳۰	"	"	۷۲
۹۱۹	"	پنجم	۶۲

ابتداء: ترجمہ کتاب منطق الطیر شیخ فریدالدین عطار کا شیخ وجدی دکنی کئے سو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے پنچھی پیارے سخن آغاز کر سو حق کی بلند آواز کر

اختتام : اس سنے یارب مرا ہوتا ہے کام شکر ہے جے ہو دے پیچھے تا جاہ تمام

جب کیا تاریخ کا اوس کی حساب　　تب ہوئے میزاں میں کیا خاصی کتاب

ترقیمہ :- تمت کتاب ہذا من تصنیف حضرت شیخ فرید الدین عطار نقل از حضرت والد جدی نمودہ شد
جہت صحب ترقیم ایافتا۔

الہی دے توفیق پر ہنار کو　　عفو کی امید ہے لکھنہار کو
لکھیا یو رہے تب سیاہ بر سفید　　لکھنہار کو نین صبح کی امید

۱۲۴۶۔ پنچھی باچھا (دوسرا نسخہ)

اوراق (۱۵۷) تقطیع (۲۴ × ۱۷ سمر) مسطر ۱۱ سطری تاریخ کتابت ۱۲۳۰ھ
کاغذ دیسی دولت آبادی ۔ ناقص الاول

ابتداء :

روز و شب تھا کارا ب کرد الفرام　　کار زد دا لطر فی بجا　　و تمام
حاضر ای سب حکم میں ان کے تمام　　تھے خلافت میں نبی کے سوا اسلام

اختتام :-

بحث اگر یاری کرے تو کیا عجب　　نار ہے مردار دنیا کی طلب
تھا وتی جیوں فارسی میں وہ کلام　　کم سمجھ سکتے تھے اوس کو خلق دعام

ترقیمہ :-

تمت الکتاب در حیدرآباد بتاریخ بست دیکم ماہ جمادی الاول ۱۲۳۰ھ روز سہ شنبہ
بوقت دوپہر دو گھڑی روز بر آمدہ بہ اتمام رسید۔

۱۲۴۷۔ پنچھی باچھا (تیسرا نسخہ)

کاتب ۔ محمد ناصر در مکان کلین نواب صاحب
اوراق ۔ (۱۴۲) تقطیع (۲۳ × ۱۷ سمر) مسطر ۱۳ سطری کاغذ دیسی دولت آبادی
قدرے کرم خوردہ تاریخ کتابت ۱۲۳۵ھ

ابتداء :　اسے پنچھی پیارے سخن آغاز کر　　حمد سوں حق کی بلند آواز کر
شوق سوں ایک اوچھا ایک پنچھا　　بجے رہے تر لوک کا عالم لوبھا

اختتام: اس سے یارب مرا ہوتا ہے کام شکر ہے بے ہوئی پنچھی باچھا تمام
جب کیا تاریخ کا دل میں حساب تب ہوا میزاں میں کیا خاصی کتاب

ترقیمہ:

احقر محمد ناصر در مکان کلبن نواب صاحب دام دولتہ علاقہ سید پور عرف......
محل ۱۱۵۵ھ روز دوشنبہ در شہر رمضان المبارک تاریخ بیست یکم ۱۳۳۵ھ روز

۱۲۴۸- پنچھی باچھا (چوتھا نسخہ) ناقص الاول

اوراق (۱۰۳) تقطیع (۲۹ × ۱۹ سمر) مسطر ۱۷ اسطری کاغذ۔ دیسی دولت آبادی
کاتب محمد سرور عرف دادا میاں۔ سنہ کتابت ۱۲۶۰ھ۔ خط قدرے نسخ
یہ اس سلسلے میں چوتھا نسخہ ہے جو ناقص الاول ہے۔ اس کا کاتب کم سواد ہے۔

ابتدائی اشعار:-

او بھی چوکا ایسی سمجھے مدام میں اچھوں اوس کا سدا جو ہوں غلام
ہور رہنا باپ میرے ایک نقش مجھ پنکھی جد ہو کوں اتنا قدر دیس
بولتے ہیں مجھ کو پنکھی نامور میں گیا شہر صبا کو مار پر۔

اختتام:-

تاکہ بخشے جائیں میرے سب گناہ ہوئے اُجلا یوں مرا نامہ سیاہ
اس ستے یارب میرا ہوتا ہے کام شکر ہے جے ہوئی پنچھی باچھا تمام
جب کیا تقاریخ کا دل میں حساب تب ہوا میزاں میں خاصا کتاب

آخری شعر میں لفظ تاریخ کو کاتب نے " تقاریخ " لکھدیا ہے اور دوسرے مصرعہ میں دیگر نسخوں سے برخلاف صرف " خاصا کتاب " لکھا ہے۔ جس سے ۱۱۱۵ھ مستخرج ہوتے ہیں۔ بیشتر نسخوں میں " کیا خاصا کتاب " لکھا ہے جس سے ۱۱۵۵ھ مستخرج ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ نسخہ تصنیف کے سو سال بعد لکھا گیا ہے۔

ترقیمہ:-

تمت الکتاب بعون ملک الوہاب از خط کمترین محمد سرور عرف دادا میاں در ماہ
جمادی الاول ۱۲۶۰ھ بتاریخ نہم ماہ مذکور بروز دوشنبہ ارقام پذیر فتہ۔

بہ پچھا یا چھا کے یہ چاروں نسخے محمد اکبر الدین صاحب صدیقی کا عطیہ ہیں۔

۱۲۴۹۔ مراثی و رباعیات میر انیسؔ مرزا دبیرؔ :

اوراق ۴۳۔ سائز (۲۲ × ۱۶ سمر) مسطر ۱۸ سطری فی صفحہ کاتب مرزا رحیم بیگ کاتب نے یہ مراثی میر غلام علی کے لئے ان کی فرمائش پر لکھے ہیں۔ میر ببر علی انیسؔ (۱۸۰۲ - ۱۸۷۴) فیض آباد میں پیدا ہوئے۔ جب اودھ کا پایہ تخت لکھنو بنا تو میر انیس بھی اپنے والد میر خلیق کے ساتھ لکھنو آ گئے۔ شاعری ان کے اجداد سے چلی آرہی تھی۔ میر خلیق کے والد میر حسن ان کے والد میر ضاحک اور ان کے والد میر امامی سب شاعر تھے۔ مرثیہ نگاری کو میر انیس نے جس بلند مقام پر پہنچایا اس سے آگے لے جانا تو کجا کوئی اس کی برابری نہ کر سکا۔ میر انیسؔ کے ذکر سے کوئی ادبی تاریخ خالی نہیں ہے۔ ان کے مراثی پانچ جلدوں میں مطبع نولکشور سے چھپیں۔ نظامی پریس بدایون نے کلام کو بچپن، جوانی اور بڑھاپا تین حصے کر کے شائع کیا ہے۔ پاکستان سے پورا کلام ۱۹۵۶ء میں چار جلدوں میں شائع ہوا ہے۔ نقوش (لاہور) نے نومبر ۱۹۸۱ء میں انیس نمبر شائع کیا ہے۔ اس میں ۲۹ مرثیے غیر مطبوعہ ہیں۔ پیش نظر مرثیہ بھی اس میں شریک ہے جس کے (۱۰۸) بند ہیں۔

پہلا بند :-

عباس علی شیر نیستان نجف ہے   تابندہ در مہ تاج سلیمان نجف ہے
آئینۂ روئے سر کشاں نجف ہے   سرد چمن خضر بیابان نجف ہے
وصف اس کا ہے ممکن نہ قلم سے نہ زباں سے
تحریر سے افزوں ہے زیادہ ہے بیاں سے

آخری بند نمبر ۱۰۸ :-

خامہ کو بس اب روک انیس جگر افگار   ہر بیت ہے اس مرثیہ کی مطلع انوار
برگشتہ زمانہ ہے تو کچھ غم نہیں زنہار   حامی ہیں ترے حضرت عباس علمدار
فیاض دو عالم ہیں انیس الغربا ہیں
سب مشکلیں آساں ہیں وہ عقدہ کشا ہیں

انیس کا مرثیہ لکھتے وقت کاتب ایک صفحے کے تین حصے کئے ہیں۔ اور ہر حصہ میں ایک ایک بند ترچھا لکھا ہے۔

مرزا دبیر۔ مرزا سلامت علی دبیر فرزند مرزا غلام حسین

(۱۸۰۳ - ۱۸۷۵)

مرزا دبیر دہلی میں پیدا ہوئے۔ لیکن والد کے ساتھ لکھنؤ آ گئے۔ اور یہیں تحصیل علم کی۔ شاعری میں میر مظفر حسین ضمیر کے شاگرد ہوئے۔ دبیر کا ذکر ہماری ہر ادبی تاریخ میں موجود ہے۔ ان کا کلام بیس جلدوں میں "دفتر ماتم" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ دوسرا مجموعہ ابواب المصائب کے نام سے شائع ہوا ہے۔ دبیر نے تقریباً تین ہزار مرثیے کہے ہیں۔ پیش نظر مرثیہ جس کو مرزا رحیم بیگ نے نقل کیا ہے (۱۷) بند کا ہے۔ پہلا بند یہ ہے۔

شبیر عزا ال حرم لم یزلی ہے حقا کہ وہی شیر نیتان علی ہے
محبوب پیمبر ہے تو خالق کا ولی ہے شاہ شہدا جس کا خطاب ازلی ہے
پابند رہا رشتۂ فرمان خدا کا
تا ہو ہے وہی کعبہ تسلیم و رضا کا

آخری بند:۔

خاموش دبیر اب نہیں تحریر کی طاقت کہہ شہ سے کہ مجھ میں نہیں کوئی
تم صاحب جود و کرم و خلق و مروت داحوں کو کیا کیا نہ دی ... اپنی خلعت
ہے امر میں مولا امداد کرو تم
پہلے مگر اس مرثیہ پہ صاد کرو تم

ترقیمہ:۔

مرثیہ ہذا بپاس خاطر عزیز و شفیق میر غلام علی بقلم اضعف العباد منشی مرزا رحیم بیگ حسن تحریر یافت۔ تاریخ ماہ جمادی الثانی ۱۲۷۰ھ۔

اس مرثیہ کے بعد عنوان ہے "مسدسات بفضیلت غم امام حسین علیہ السلام اور ۲۵ بند تحریر کئے گئے ہیں۔ پہلا بند یہ ہے۔

عزیز و شاہ کی یہ مجلس مصیبت ہے یہ وہ مقام ہے یاں فاطمہ کو رقت ہے
خموش تم ہو جو بیٹھے مقام حیرت ہے غم حسین میں رونا بڑی فضیلت ہے
و ایک داغ غم مصطفیٰ دارد
بمغفرت رقم مہر کربلا دارد

آخری بند :۔ "مسدس بحال صغرا" کے عنوان سے حسب ذیل ہے۔

اکیلی گھر میں جو گھبراتی فاطمہ صغرا	تو آکے ڈیوڑھی پہ موہنہ کرکے سوئے کرب و بلا
یہ بین کرتی تھی روکے آمرے بابا	کسے میں بھیجوں سناوے جو حال ہم کو مرا
نہ قاصدی نہ صبائی نہ مرغِ نامہ بری
کسے نہ بے کسی ماتی بر دخبری

مسدسات کے بعد مخمسات کے زیر عنوان ۱۲ بند ہیں۔ پہلا بند ہے۔

آنسو جو غم شاہ میں بہائے گا	وہ گوہر اشک بے بہا ہے
دریا میں حباب کہہ رہے ہے	اس زیست کا اعتبار کیا ہے
ایک دم میں یہ زندگی فنا ہے

آخری بند : "بہ شان مولا علی علیہ السلام" اس طرح ہے۔

ایک دن مولا سے روکر یوں کہے حضرت نبی	تجھ سے کریگی میرے بعد امت نہایت ہی بری
اس واسطے حق میں تیری کہتا ہوں تجھ سے اے علی	من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی
تا کس نگوید بعد ازاں من دیگرم تو دیگری

مخمسات کے "رباعیات دربیان فضیلت امام حسین علیہ السلام تحریر ہیں ہر رباعی پر مسدسوں اور مخمسوں کی طرح عنوان لکھا ہے۔ پہلی رباعی یہ ہے۔

عزیزو محفل ماتم میں تم جو آتے ہو	سوائے غم کے کہو کیا خیال لاتے ہو
کسی عمل میں بھی اس طرح فائدہ ہوگا	کہ ایک اشک میں آٹھوں بہشت پاتے ہو

کل ۲۸ رباعیاں ہیں۔ آخری رباعی حسب ذیل ہے۔ رباعی حسب ذیل ہے۔ عنوان ہے۔
رباعی :۔ محب حسین ابن علی

مختار ہمارے ہیں حسین ابن علی	بخشش کے سہارے ہیں حسین ابن علی
... جو ابن حلال اونکو دہر	ماں باپ سے پیارے ہیں حسین ابن علی

ترقیمہ :۔ بفضلہ تعالیٰ نسخہ این جنید اوراق بپاس خاطر شفقتی میر غلام علی از دستخط خام۔ بندہ اضعف العباد منشی مرزا رحیم بیگ متوطن حیدرآباد حسن از قلم یافت۔

یہ کتاب محمد اکبرالدین صدیقی کا عطیہ ہے۔ جو ادارہ کے کتب خانہ میں داخل ہوا ہے۔

مرثیہ

اوراق ۱۳۔ تقطیع۔ (۲۴ × ۱۴ سمر) ایک صفحہ میں تین بند ترچھے لکھے ہوئے ہیں۔ یہ مرثیہ بھی غالباً میر غلام علی کے لئے مرزا رحیم بیگ نے حیدرآباد میں لکھا۔ گزشتہ مراثی انیس و دبیر اور اس مرثیہ کے خط میں یکسانیت ہے۔ صرف ۷۵ بند ہیں۔ اور ۵ اوراق ضائع ہو گئے ہیں۔ پہلا بند ہے۔

ہم شکل نبی فخر حسیناں جہاں ہے　　خورشید زمیں ہے سرتاباں جہاں ہے
وہ عزت شمشاد گلستان جہاں ہے　　ماں باپ کا ہے جان و جگر جان جہاں ہے
تصویر بعینہ ہے رسول دوسرا کی
ہے چہرہ پر نور کہ قدرت ہے خدا کی

۷۵ واں بند:۔

عزت نے کہا بانو سے بی بی ادھر آؤ　　رنڈسالہ کا جوڑا ہے اب آ کے پہناؤ
یہ لٹ گئی رانڈوں کی سی شکل اس کی بناؤ　　پردیس میں ویراں ہوا گھر خاک اڑاؤ
اب کہہ کے بنے رو کے پیارے علی اکبر
گھر میں دولہن آئی تو سدھارے علی اکبر

محمد اکبرالدین صاحب صدیقی نے یہ مرثیہ ادارہ کے کتب خانہ کو نذر کیا ہے۔

۱۲۵۰۔ مرثیہ انیس۔ میر ببر علی انیسؔ

اوراق (۱۶) تقطیع (۲۴ × ۱۴ سمر) خط نستعلیق۔ کاتب مرزا رحیم بیگ

انیس کا یہ مرثیہ ۹۶ بند کا ہے۔ جس کو غالباً مرزا رحیم بیگ نے میر غلام علی کے لئے لکھا۔ طرز تحریر سے یہ اندازہ ہوتا ہے ورنہ اس میں ترقیمہ نہیں اور نہ کہیں کاتب نے اپنا نام لکھا ہے۔ گزشتہ تذکرہ مرثیہ انیس و دبیر کو پیش نظر رکھ کر یہ قیاس قائم کیا گیا ہے۔ ہر صفحے کے تین حصے کر کے ہر حصہ میں ایک ایک بند ترچھا لکھا گیا ہے۔ پہلا بند ہے۔

شیریں سخنی ختم تھی ہم شکل نبی پر　　غنچہ دہنی ختم تھی ہم شکل نبی پر
گل پیرہنی ختم تھی ہم شکل نبی پر　　نازک بدنی ختم تھی ہم شکل نبی پر
آغوش میں خورشید امامت کے پلے تھے
سب عضو ... نور کے سانچے میں ڈھلے تھے

آخری بند :-

بس طول انیس جگر افگار کہاں تک　　پہنچے یہ مری نظم سر کون و مکاں تک
ہر حرف تحریر کبھی لا نا نہ زباں تک　　سو عجز ہے گر عجز کیا جائے جہاں تک
سب کچھ مجھے آقا کے تصدق سے ملا ہے
اس نظم کی تعریف سخن فہم صلا ہے

۱۲۵۱۔ رازق باری : سید محمد والہ موسوی ۔

اوراق (۱۴) تقطیع (۲۲ × ۱۷ سمر) مسطر ۔ ۱۰ سطری کاغذ ۔ غالباً بدیسی
کاتب شیخ مسعود تاریخ تصنیف قریب ۱۱۵۰ھ ۔

سید محمد والہ کی ایک مثنوی طالب و موہنی کا ذکر تذکرہ مخطوطات جلد سوم کے صفحات ۹۱ تا ۹۷ پر درج ہے ۔ ان کی دوسری کتاب رازق باری ہے جو خالق باری کے طور پر لکھی گئی ہے ۔ ادارہ کے کتب خانہ میں اس کا ایک نسخہ موجود ہے ۔ جو نواب عزیز یار جنگ کا معطیہ ہے ۔ جس کا ذکر جلد سوم کے صفحات ۲۲۷ پر کیا گیا ہے ۔ یہ نسخہ بہت صاف خط میں لکھا گیا ہے ۔ لیکن کاتب کم سواد معلوم ہوتا ہے ۔

ابتدا :-

رازق باری حق ہے جان　　اوس کا نور نبی پہچان
آل اولاد اور یار اصحاب　　قرآن بھیجا حق نے کتاب
عشق محبت کیا ہے پیار　　حسن ہے خوبی درسن دیدار
شکل بہ معنی صورت آیا　　گشت پسندم مجھ کو بھایا

آخری اشعار :-

خواندن پڑھنا (پھرنا) نمودن سے بتانا　　علم آموختن دونو سکھایا
ختم کلام سے کے بات تمام　　ختم کیا میں بنام امام
والہ ۔ ۔ ۔ اور موتی رولہ　　وس لغت کے معنی سب کھولہ
جس کا ذہن جو ساقی ہے　　یو رازق باری کافی ہے

ترقیمہ :-

الراقم شیخ مسعود برائے خواندن اخوی خواجہ والدار جعفر احمد را نوشتہ یافت اگر کے

دعویٰ کند باطل و جا　　است۔

ہر کہ خواند دعا طمع دارم　　زانکہ من بندہ گنہ گارم
نوشتہ بماند بخط قریب　　کہ نصر من اللہ فتح قریب

۱۲۵۲۔ قصہ فیروز شاہ۔ سید محمود

تاریخ تصنیف ۱۱۰۰ھ تاریخ کتابت نام کاتب ندارد اوراق ۲۰
تقطیع (۲۲ × ۱۷ سمر) مسطر ۱۰ سطری۔

سید محمود کے متعلق تذکرے خاموش ہیں۔ "دکن میں اردو" میں ان کو سید اخوند شاہ کا مرید بتایا ہے۔ پیش نظر مثنوی میں مرشد کا نام نہیں بتایا۔ بلکہ صرف اس طرح ذکر کیا ہے۔

اسے محمود اب پیر کا نام لے　　کلم ختم کر درازی کے تیں چھوڑ دے

حمد و نعت کے بعد سبب تالیف بتلاتے ہوئے کہتا ہے۔

بزاں ایک دن ذوق کے خیال میں　　دیکھا اس قصہ کوں ایس حال میں
اٹھایو قصہ فارسی نصر (نثر) سب　　کہ خاطر جمع کر رکھا دل میں سب
بہ کچھن مانگ توفیق اپن پیر پاک　　کیا فارسی کوں دکھن سال راس

قصہ یہ ہے مصر کا بادشاہ فیروز شاہ تھا۔ اس کی ایک حسین و جمیل لڑکی تھی جو باپ کے انتقال کے بعد وارث تخت ہوئی۔ اس نے ایک ایسے نوجوان سے شادی کرنی چاہی جو اس کے سو سوالوں کے صحیح جواب دے۔ بہتوں کی ناکامی کے بعد ایک شخص عبدالعلیم جو ہندوستان کا باشندہ تھا آیا اور اس کے سوالوں کے صحیح جواب دے دیئے۔ اور ملکہ نے جس کا نام بھی ملکہ تھا عقد کر لیا۔

ابتداء:　　کہوں میں ثنا صفت حق کا اول　　بنایا (بنایا) جنے دو جگت بے بدل
رکھا ہے معلق یو سات آسماں　　جلاتا ہے سنت یو زمین و زماں
دریا تا (دریا تا) ہے سب نو ستاب سلول　　کریں دین روشن چندر لور سوں
بنایا ہے آدم کوں مانی ستی　　رسی دھات پیدا ایو خلوت جتی

اختتام:　　اسے محمود اب پیر کا نام لے　　کلم ختم کر درازی کے تیں چھوڑ دے
کریں گا اگر تو کہ ہوس بہوت　　تو تھوڑے میں اس داد کرتے وقت
اتایا ذکر توں جو اپنا امام　　درود بر محمد علیہ السلام

ترقیمہ نہیں ہے۔ اکثر صفحوں پر کسی نے بعد دواخانہ سرکار عالی لال دروازہ" لکھا ہے۔ اس کے دو نسخے کتب خانہ سالار جنگ اور ایک کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے۔

۱۲۵۳۔مقرری قانون مدراس کے لشکر کی انفانتری کے لئے۔

اوراق (۵۵) مسطر ۱۰ سطری

یہ کتاب نثر میں ہے۔ اور اس میں فوجیوں کے لئے قوانین کی متعدد دفعات نقل کی گئی ہیں۔

ابتدا:

نواب والاجناب معلی القاب کمانڈر ان چیف صاحب بہادر فرماتے ہیں کہ اس لشکر کی نیٹوی انفانتری کے رجمنٹان حکموں اور قانون کو تقدمے مانیں اور قدیم دنوں کے اسٹانڈنگ آرڈر موقوف ہوویں۔

اختتام:

چاہیئے کہ سب دوکان دار ولا اجٹین صاحب کے آفس میں لکھا دیوین اور سوائے حکم کمانڈنگ آفیسر صاحب کی معرفت سے ملے گا بازار میں کوئی شخص گھر نہ جانا۔ اور دوکان کو کبھی کوئی نہ لگانا۔

۱۲۵۴۔مثنوی لال وگوہر۔ عارف الدین خاں عاجز۔

اوراق (۲۱)

پہلا نسخہ ۔ (رازق باری۔ قصہ فیروزشاہ۔ مقرری قانون اور مثنوی لال وگوہر ایک ہی شخص کے قلمی اور ایک ہی جلد میں ہیں)

عاجز کی یہ مثنوی بہت مقبول رہی ہے۔ تقریباً ہر کتب خانہ میں اس کے متعدد نسخے موجود ہیں۔ عاجز اورنگ آباد کے مشہور شعرا میں ہیں۔ ان کے والد بلخ کے رہنے والے تھے۔ ان کے والد اورنگ زیب کے عہد حکومت میں ہندوستان آئے اور غازی الدین خاں فیروز جنگ کی سفارش پر منصب دار مقرر ہوئے۔

عاجز ابھی کم سن تھے کہ والد نے وفات پائی۔ اور نواب لشکر خاں نصیر جنگ اور لطف الدولہ کی سرپرستی میں رہے۔ اور بعد میں ان کی سفارش آصف جاہی دربار میں پہنچے وہ

صاحب دیوان شاعر ہیں۔ ان کا اردو دیوان ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ وہ سنگلاخ زمینوں میں شعر کہتے تھے۔ ان کا ذکر مختلف تذکروں مثلاً چمنستان شعراء، گل عجائب، گلشن گفتار، تذکرہ بے نظیر تذکرہ شعرائے دکن میں موجود ہے۔ عاجز کسی سلسلے میں اپنے عزیز کے پاس مانڈیڑ (مہاراشٹرا) میں مقیم تھے اور وہیں ۱۱۷۸ھ میں انتقال کیا۔ (تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو جلد اول صفحہ (۲۰۷ تا ۲۰۸)

مثنوی لال و گوہر کے متعدد نسخے ملتے ہیں۔ یہ مثنوی مدراس سے ۱۸۷۳ء میں اور بمبئی سے ۱۸۷۷ء میں شائع بھی ہوئی ہے۔ کتب خانہ سالار جنگ میں اس کے آٹھ نسخے ہیں جن میں تین مصور ہیں۔ کتب خانہ آصفیہ میں نسخے ہیں اور ادارہ کے کتب خانہ میں بھی ہیں (۵۸۳ تذکرہ مخطوطات جلد سوم ۱۷٦)

ابتدا:

الہیٰ دے مجھے رنگیں بیانی عطا کر مجھکوں یعقوت (یاقوت) معانی
سخن کا لال دے میری زباں کو در معنی سے پھر میرے بیاں کو
سخن کے در کا مجھکو جوہری کر سخن سمجھوں کو میرا مشتری کر

اختتام:

ارے عاجز سخن کب لگ کہے گا سخن کی فکر میں کب لگ رہے گا
خموشی میں زباں کوں آشنا کر ہوا افسانہ آخر اب دعا کر
الہیٰ عاشقوں کی آبرو رکھ اونوکوں دو جہاں میں سرخرو رکھ

یہ مخطوطہ محمد اکبر الدین صدیقی کا عطیہ ہے۔

۱۲۵۵۔ مثنوی لال و گوہر (دوسرا نسخہ)

اوراق (۲۱) تقطیع (۲۳ × ۱۴ سمر) خط نستعلیق شکستہ تاریخ کتابت ۱۲۱۹ھ
کاتب محی الدین بادشاہ عرف چھوٹے صاحب

بلحاظ کتابت یہ نسخہ قدیم ہے۔ مصنف کی وفات کے (۴۱) سال بعد لکھا گیا ہے۔ آخر میں ایک مدور مہر محمد نذیر ابن .... محمد (پڑھا نہ جا سکا) ثبت ہے۔

ابتدا :

الٰہی دے مجھے رنگیں بیانی عطا کر مجکو یعقوت (یاقوت) معانی
سخن کا لعل دے میرزباں کو درے معنی سے بھرمیرے بیاں کو
دری معنی کا مجکوں جوہری کر سخن سنجوں کوں میرا مشتری کر

اختتام :-

خموشی سے زباں کو آشنا کر ہوا فسانہ آخر اب دعا کر
الٰہی عاشقوں کی آبرو رکھ انزں کوں دو جہاں میں سرخرو رکھ

ترقیمہ :- تمت تمام شد بتاریخ بست و چہارم شہر ذیحجہ ۱۲۱۶ھ روز یکشنبہ بوقت سہ پہر تحریر یافت ایں خط محی الدین بادشاہ عرف چھوٹے صاحب نوشتہ شد"

۱۲۵۶۔ مثنوی لال وگوہر (تیسرا نسخہ)

اوراق (۷۴) تقطیع (۲۱ × ۱۱ سمر) مسطر ۱۰ سطری کاتب ، تاریخ کتابت ندارد اس مخطوطہ میں ایک سطر میں ایک مصرعہ جلی لکھا گیا ہے۔ اور یہ ناقص الاول ہے۔ کوئی ترقیمہ نہیں ہے۔

ابتدا :- نہنگ بحر غم مجکو بنا رکھ
مری فریاد کو دے عشق کا زور مری ہر آہ میں بھر حشر کا شور

اختتام : خموشی میں زباں کو آشنا کر ہوا افسانہ آخر اب دعا کر
الٰہی عاشقاں کی آبرو رکھ اونوکو دو جہاں میں سرخرو رکھ

یہ دونوں مخطوطے محمد اکبر الدین صدیقی کا عطیہ ہیں۔

۱۲۵۷۔ مثنوی گلزار نسیم۔ پنڈت دیا شنکر نسیم

اوراق (۶۱) تقطیع (۱۹ × ۱۳ سمر) مسطر ۱۲ سطری جلی قلم ناقص الآخر
تاریخ تصنیف ۱۲۵۴ھ

۱۸۱۱ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد گنگا پرشاد کول نے زمانہ کے رواج کے مطابق اردو اور فارسی کی تعلیم دلائی۔ شعر گوئی کا ذوق ہوا تو خواجہ حیدر علی آتش کے شاگرد ہوئے اور بہت

جلد شہرت حاصل کی۔ ایک دیوان بھی مرتب کیا جس میں ناسخ کے رنگ کی غزلیں ہیں اور آتش کی طرح دنیا کی بے ثباتی، بے باکی اور خودداری کے مضامین سے مملو ہیں۔

ان کی شہرت کا باعث یہ مثنوی ہے۔ جس میں تاج الملوک اور بکاؤلی کا قصہ نظم کیا گیا ہے مثنوی بارہا چھپ چکی ہے۔ اور اب تک بھی تازہ ایڈیشن نکلتے رہتے ہیں۔ نسیم نے اس مثنوی میں اختصار اور تناسب لفظی کو آخری حد تک پہنچا دیا ہے۔ ہماری کوئی ادبی تاریخ نسیم کے ذکر سے خالی نہیں۔

نسیم نے عین عنفوان شباب میں صرف بتیس سال کی عمر میں ۱۸۴۳ء میں انتقال کیا۔

ابتدا:

ہر شاخ میں ہے شگوفہ کاری　　　ثمرہ ہے قلم کا حمد باری
کرتا ہے دو زباں سے یکسر　　　حمد خدا و مدحت پیمبر

اختتام:

وہ مرد کا بھیس تھا زنانہ　　　دھو کا کچھ کھا گئی وہ دانا
پوچھا کہو نام کیا کہا ننگ　　　پوچھا کہ نشاں کہا، دل تنگ

یہ نسخہ محمد اکبر الدین صدیقی نے کتب خانہ ادارہ کو عطا کیا ہے۔

۱۲۵۸۔ اصول تعلیم

۱۳ سطری مسطر۔ ناقص الآخر۔ تقطیع ۲۱ × ۱۷ سمر۔ اوراق ۳۶۔ خط نستعلیق

مصنف نامعلوم

یہ قلمی نسخہ نظم ونسق مدرسہ، ضبط مدرسہ، اور طریق تعلیم وغیرہ مختصر مضامین درج ہیں۔ اس کو چھ فصلوں پر منقسم کیا گیا ہے۔ یہ ساٹھ ستر قبل کی تحریر معلوم ہوتی ہے۔ کاغذ ناقص ہے۔

آغاز:-

نظم ونسق مدرسہ سے کیا مراد ہے: وہ جو انتظامات جو کسی مدرسہ کے اعلیٰ طور پر چلتے رہنے کے لئے ضروری ہیں۔

انتہا:- ایک اور اصول نئی عادت کے ڈالنے کا پرانی عادت کے ترک کرنے کا یہ کہ اگر کسی بات کے کرنے کا جی چاہتا ہے۔ بلا لحاظ اس کے کہ اس بات کی عادت ڈالنا ہو

یا نہ ہو۔ تو اسے نہ کرو۔ اگر تم سویرے اٹھنے کی عادت ڈالنا چاہتے ہیں۔ اس کے۔

۱۲۵۹- بیاض :

اوراق ۳۰۔ تقطیع (۲۱ ½ × ۱۷ سمر) خط نستعلیق قدرے کرم زدہ۔ ناقص الآخر

اس بیاض میں احادیث اور اقوال بزرگان دین کو جمع کیا گیا ہے۔

آغاز :۔

خدا نے جس قدر بھی نعمتیں اپنے بندوں کو عطا کی ہیں۔ اس میں بڑی سے بڑی نعمت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے۔

اختتام :۔

پس ان لوگوں نے پھیرا اپنے ہاتھ اپنے موہنوں میں یعنی امتوں نے اپنے ہاتھ اپنے موہنہ سے کاٹے۔ بعضوں نے کہا اپنے ہاتھ پیغمبروں کے منہ پر رکھے۔

۱۲۶۰- بیاض :

۴۷ × ۱۶ سمر۔ اوراق ۱۹۔ یہ اوراق لٹو کاغذ پر چسپاں کیئے گئے ہیں۔

پہلے صفحہ پر فرد حساب ہے جو ۴ شوال ۱۲۵۶ھ لکھی گئی۔ اس کی پشت پر فدا کا ایک مرثیہ حضرت امام علیہ السلام تحریر ہے۔ اس کے دس اشعار ہیں اور پہلا شعر ہے۔

آج ہوا مرا لوداع شاہ اسے ہائے ہائے　　پیاسے نہ جو شاہ دیں پیاسے رہے ہائے ہائے

دوسرے ورق پر حضرت شاہ برہنہ اولیا کے عرس کی کیفیت مختصر مثنوی میں بیان کی گئی ہے۔ ایک شعر ہے۔

سنو جب آتا ہے ماہ جمادی الاول　　ہر ایک طرف سے ہے بس منہ نے کی طغیانی

سید حسن برہنہ شاہ کے لیئے دیکھئے تذکرہ مخطوطات جلد اول صفحہ (　　) لیکن یہ عرس اب ۱۶ جمادی الاول کو ہوتا ہے۔ یہ مثنوی بلہار نے لکھی ہے۔ اس کی ورق کی پشت پر اسی عرس سے متعلق بلہار ہی کا ایک مخمس درج ہے۔ جس کا پہلا شعر ہے۔

اے دلا کچھ ہے خبر کس اولیا کا عرس ہے　　اہل باطن واقف راز خدا کا عرس ہے

تیسرے ورق پر درود تاج کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ اور اس کا ترجمہ ہے۔

تمت تمام شد بتاریخ بست سوم ماہ رجب المرجب ۱۲۸۰ھ

اس ورق کے بعد جلال اکبر، سودا اور میر کے متفرق اشعار قلم بند کیئے گئے ہیں کہ ورق ۵۱ پر فیض کی طویل غزل ہے۔ جس کا مطلع ہے۔

اچھا ہوا جو ضعف سے ہم نقش پا بنے   گم کردہ کاروں کے لیئے رہنما بنے

ورق ۶ پر بہادر علی شاہ کے عرس پر ایک نظم ہے اور اس کے بعد حضرت حسین شاہ ولی پر ایک مدس ہے۔ عرس حضرت بندہ نواز گیسو دراز پر نظام الدین کی ایک نظم ہے۔ اور ان کی مدح میں بلہار کا ایک مدس ہے۔ اس کی تاریخ کتابت ۱۲۶۲ھ ہے۔ ورق ۸ پر بلہار نے حضرت بابا شرف الدین کی مدح لکھی ہے۔ اس کے بعد حضرت بدیع الدین زندہ شاہ مدار کی مدح میں بلہار ہی کا مدس ہے۔ اس کی تاریخ کتابت ۱۲۳۸ھ ہے۔

اس کے بعد سید محمد بادپا کی مدح ہے۔ اور اس کی تاریخ کتابت ۱۲۱۴ھ ہے۔ حضرت معشوق ربانی کی مدح میں ایک مدس ہے جس کی تاریخ کتابت ۱۲۶۱ھ ہے۔ حضرت خواجہ مخفی حسینی بندہ نوازی متوفی صفر ۱۲۰۲ھ کی مدح میں ایک ترجیع بند ہے۔ تاریخ کتابت ۱۲۶۲ھ۔ مخدوم بیابانی اور حضرت جمال بہار کی مدح میں ایک ترجیع بند ہے۔

ہے یہاں موضع آلور میں حضرت کا مزار
آتے ہیں خورد و کلاں پر زیارت ہر بار

۱۲۶۱- دیوان چندا۔

یہ ماہ لقا بائی چندا کا نامکمل دیوان ہے۔ سائز ۱۸ × ۲۰ اس میں ردیف ت سے ردیف م تک کی غزلیں درج ہیں۔ اوراق ۳۱۔ چندا کے حالات کے لئے دیکھئے تذکرہ مخطوطات جلد اول صفحہ (۲۱۳)

پہلی غزل کا مطلع ہے۔

یکایک ہم سے تو بیدل ہوا ہے اس کا کیا باعث
مگر دل اپنا دے غیروں کو ہم پر ہو خفا باعث

آخری غزل کا مقطع ہے۔

معروف یہ چندا کو ہے تب شاہ نجف سے   دیکھیں نہ کبھو گردش افلاک سے غم ہم

۱۲۶۲ # تاریخ عزیز دکن

مصنف :۔ محمد عبدالعزیز

صفحات (۱۶۵) تقطیع (۳۰ × ۱۲ سمر) مسطر ۱۳ سطری جلی قلم خوش خط

کاغذ سفید اور نیلا انگریزی تاریخ تصنیف ۱۳۰۷ھ ہجری کاتب دستخط محمد حمید اللہ

محمد عبدالعزیز کے والد محمد مہدی واصف تھے جو اپنے عہد کے مشہور شعرا میں تھے۔ محمد عبدالعزیز کی زندگی بھی علمی ماحول میں گذری۔ تاریخ سے لگاؤ کے باعث انہوں نے خود ایک تاریخ دکن لکھی اور اس کا نام تاریخ عزیز دکن رکھا۔ اس تاریخ میں بہمنی سلطنت کے زوال کے بعد دکن میں جو پانچ سلطنتیں قائم ہوئیں ان کا مختصر حال درج ہے۔ قطب شاہوں کا حال قدرِ تفصیل سے لکھا ہے اور اس کے بعد سلطنت آصفیہ کا قیام اور یکے بعد دیگر آصف جاہ اول تا خامس کے حالات بیان کئے ہیں اور اس طرح ۱۳۰۲ھ ہجری تک یہ واقعات ختم ہوتے ہیں۔ اس کے بعد "حال سلطنت عثمانیہ" کے عنوان کے تحت ص ۱۳۰ تا ص ۱۴۶ تحریر ہے۔

اس کے بعد آصف جاہ سادس کے سفر نیلگری اور مدراس کی روئداد قلم بندکی ہے۔ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا ذکر ہے۔ خود مختار ریاستوں میں فوج کے اعداد و شمار دئے ہیں۔

ابتداء :۔

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

امابعد۔ ناظرین کی خدمت میں یہ بندہ ناچیز منشی عزیز فرزند مولوی محمد مہدی واصف گذارش کرتا ہے کہ بہت سے میرا ارادہ تھا کہ کوئی مختصر تاریخ قطب شاہوں کی لکھوں لیکن کثرت اشغال و قلت فرصت سے تکمیل اس کام کی نہیں ہوسکی تھی۔

اختتام :۔

جو ترقی اوس کے ملک و مال کی۔ اور درازی حشمت و اقبال کی۔ اے عزیز اس کو دعا پر ختم کر۔ لطف شہ کا ملتجی ہوں بس۔ آخر میں کاظم علی خاں شعلہ (۱۲۵۲ ہجری ۱۳۰۸ ہجری) اور عبدالواحد کے تاریخی قطعات ہیں۔

مسئلہ کا قطعہ ہے۔

منتق من مولوی عبد العزیز
در فن تاریخ استاد زمن
شعلہ زن طبع تا رخش بگفت
نسخۂ حالاتِ حکامِ دکن

اور عبدالواحد کا تاریخی قطعہ ہے۔

چوں حضرت عمی عزیز والا
تاریخ دکن امع نوشت د زیبا
واحد پئ اُو از سیر اعزاز نوشت
تاریخ دکن ہست عزیز دلہا

آخری سطر تاریخ کتابت اس طرح درج ہے۔

بفضل قادر ذو الجلال کتاب ہذا بتاریخ ۲۲/ربیع الثانی ۱۳۰۷ھ ہجری زینت انجام پائی۔ کاتب الحروف عاصی پر معاصی محمد حمید اللہ یہ مخطوطہ نواب عنایت جنگ نے کتب خانہ کو بطور عطیہ عنایت کیا ہے۔ اول و آخر میں ان کی چوکور مہر ثبت ہے۔

۱۲۶۳ تاریخ فیاض محبوبی (فارسی)

مصنف :۔ محمد فیاض علی خاں منصبدار

صفحات (۱۴۸) تقطیع (۳۰ × ۲۱ سمر) کاغذ حالیہ۔ مسطر ۱۲ سطری
جلی قلم خوش خط تاریخ تصنیف

یہ فارسی تاریخ دکن ہے۔ ابتداء میں ایک فہرست دی گئی ہے جس کا عنوان ہے " سلاطینان اہل اسلام کہ در اقلیم عجم و ہندوستان صاحب سکہ و خطبہ بودا ہر یہ آراگشتند"۔

اس فہرست کے بعد سلاطین آصفیہ کی فہرست دے کر آصفجاہ اول کے جد امجد عابد خاں کی سوانح حیات بیان کی ہے۔ ذکر آصف جاہ اول تا سادس کے عنوان کے تحت شاہان دکن کے دور کے واقعات کو قلم بند کیا ہے۔

ابتدا۔ "پس از حمد و سپاس بے قیاس او ذات منزہ و مبرہ واحد احدیت حضرت رب العلیٰ کہ بمصون است از چون و چرا"

اختتام :۔

و دیگر عمارت بر تالاب حسین ساغر بنائے تو اصلات تعمیر فرمودند و سایر آں زمین قطعات بہ محبوب یار جنگ بہادر، افسر جنگ بہادر و اقبال یار جنگ بہادر مرحمت گردیدہ برائے تعمیرات او حکم دادند۔ فقط

ترقیمہ :۔

بتاریخ ششم ماہ رمضان المبارک روز دوشنبہ ۱۳۱۲ھ ہجری مطابق ۳۰/فبروری ماہ الہٰی ۱۳۰۲ فصلی انگریزی میں تحریر ہے۔ میر عباس علی خاں ۴/مارچ ۱۸۹۵ عیسوی۔

میر عباس علی خاں نے اردو میں دستخط کی ہے اور اپنا تخلص صفر بتایا ہے۔

یہ کتاب نواب عنایت جنگ بہادر کا عطیہ ہے اول و آخر میں ان کی چوکور مہر اس پر ثبت ہے۔

۱۲۶۴ مثنوی سحر البیان

مصنف :۔ میر حسن

سنہ تصنیف ۱۱۹۹ ہجری اوراق (۱۲۵) تقطیع (۲۳ × ۱۶) سمر مسطر ۱۲ سطری

کاغذ دولت آبادی (دیسی)

میر حسن کی اس مثنوی کے متعدد نسخے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ اور ان کے حالات بھی گذشتہ تذکروں میں بیان کئے جا چکے ہیں۔ نسخوں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۔ مخطوط نمبر	۱۴۷	کتابت ۱۲۴۷ ہجری	جلد اول	صفحہ	۹۶
۲۔ مخطوطہ نمبر	۳۲۱	کتابت ۱۲۳۹ ہجری	جلد دوم	صفحہ	۷۸
۳۔ مخطوطہ نمبر	۳۲۳	کتابت ۱۲۲۸ ہجری	جلد دوم	صفحہ	۷۹
۴۔ مخطوطہ نمبر	۳۷۳	کتابت ۱۲۳۹ ہجری	جلد اول	صفحہ	۲۷۵
۵۔ مخطوطہ نمبر	۴۰۴	کتابت . .	جلد اول	صفحہ	۲۱۸
۶۔ مخطوطہ نمبر	۵۱۶	کتابت ۱۲۷۷ ہجری	جلد اول	صفحہ	۹۵
۷۔ مخطوطہ نمبر	۵۱۸	کتابت ۱۲۲۳ ہجری	جلد اول	صفحہ	۹۷
۸۔ مخطوط نمبر	۵۹۲	کتابت ۱۲۳۷ ہجری	جلد سوم	صفحہ	۱۹۷
۹۔ مخطوط نمبر	۹۰۸	کتابت . . .	جلد پنجم	صفحہ	۵۲
۱۰۔ مخطوطہ نمبر	۹۰۹	کتابت . .	جلد پنجم	صفحہ	۵۳

متذکرہ نسخہ دولت آبادی کاغذ پر جلی قلم سے خوشخط لکھا ہے عنوانات سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں آخر کا ایک ورق نہیں ہے اس لئے کاتب اور تاریخ کتابت کا علم نہ ہوسکا۔

ابتدا:۔

کروں پہلے توحید یزداں رقم ۔۔۔ جھکا جس کے سجدے کو اول قلم
سر لوح پر رکھ بیاض جبیں ۔۔۔ کہا دوسرا کوئی تجھسا نہیں

موجودہ صورت میں اس کی آخری ابیات حسب ذیل ہیں۔

ہوئی اب یہاں یہ کہانی تمام ۔۔۔ سلامٌ علیکم علیکم سلام
خدا دیوے ایسے سبھوں کی مراد ۔۔۔ دلِ غمزدوں کو کرے یوں ہی شاد
ملیں سب کے بچھڑے الٰہی تمام ۔۔۔ بحق محمد علیہ السلام

مثنوی سحر البیان

۱۲۶۵

مصنف:۔ میر حسن

تصنیف ۱۱۹۹ھ ہجری دوسرا نسخہ اوراق (۸۷) تقطیع (۲۹ × ۱۸ سمر) مسطر ۱۳ سطری کاغذ دیسی۔ متعدد اوراق پر حوضہ کی شکل میں کاغذ چسپاں کیا گیا ہے۔

ادارہ کے کتب خانہ کا بارھواں نسخہ۔ پچھلے گیارہ نسخوں کی تفصیل اس سے پہلے دی جا چکی ہے۔

یہ بارھواں نسخہ ہے اور ناقص الآخر ہے

یا فتاح - و بہ نستعین - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

ابتدا۔

کروں پہلے توحید یزداں رقم ۔۔۔ جھکا جس کے سجدہ میں اول قلم
سر لوح پر رکھ بیاض جبیں ۔۔۔ کہا دوسرا کوئی تجھ سا نہیں

موجودہ صورت میں آخری ابیات حسب ذیل ہیں

گرا پانوں پر کہہ کے یہ باپ کے ۔۔۔ خدا نے دیکھا یا قدم آپ کے
سنی یہ صدا جو ہیں اوس ماہ کی ۔۔۔ تو اوس غم رسیدہ نے یک آہ کی
اوٹھا سر قدم پر سی چھاتی لگا ۔۔۔ لپیٹ کر گھڑی دو تلک خوب سا

۱۲۶۶ **مذہب عشق** (گل بکاولی)

مصنف:۔ نہال چند لاہوری

سنہ تصنیف ۱۲۱۷ ہجری تقطیع (۲۵ × ۱۵ سمر) اوراق (۴۶) مسطر ۱۳ سطری
کاغذ دیسی ۔ خط نستعلیق عنوانات سرخ روشنائی سے کرم خوردہ ۔ ناقص الاول
نہال چند لاہوری مشہور ہیں مگر ان کے آبا و اجداد دلی کے تھے وہ دلی کی تباہی پر نقل مقام کر گئے اور لاہور میں مقیم ہونے سے لاہوری کہلائے ۔ کپتان ڈیورث سے ان کی شناسائی تھی جس نے انھیں گل کرسٹ تک پہونچادیا اور گل کرسٹ نے انھیں تالیف و ترجمہ کے شعبہ میں ملازم رکھ لیا۔

اس زمانہ میں شیخ حضرت اللہ بنگالی (م ۱۲۲۴ ہجری) فارسی کی کتاب تاج الملوک و گل بکاولی کا شہرہ تھا یہ فارسی انشاء کا بھی ایک شاہکار ہے اس لئے گل کرسٹ نے نہال چند کو اس کے ترجمے پر مامور کیا ۔ نہال چند نے اس کا ترجمہ کیا انہوں نے فارسی الفاظ زیادہ استعمال کئے اور ہندی کے بہت کم ۔ اس لئے اس کو بھی قبول عام حاصل ہوا اور اس کے متعدد ایڈیشن شایع ہو کر ان کی ایک طویل فہرست گریرسن نے لنگوسٹک سروے آف انڈیا میں دی ہے:۔

"مذہب عشق کی مقبولیت اس سے ظاہر کر دیا شنکر نسیم نے ۱۲۴۴ھ ہجری میں اس کو نظم کا جامہ پہنایا اور "گلزار نسیم" نام رکھا جو اردو کی اہم مثنویوں میں شمار ہوتی ہے ۔

ابتدا۔

موجودہ حالت میں اس کی ابتدا اس طرح ہے۔

"لیکن لڑتے لڑتے اور چالاکیاں کرتے کرتے وہ ماندہ بہت ہو گیا تھا غش ہو کر گر پڑا! تھیہوصح افزا دوڑ آئی اور سر اٹھا کر اپنے زانوں پر رکھا۔"

اختتام

تاریخ سال ہجری

یہ قصہ ہوا جب بخوبی تمام — تو پھر تاریخ کی تھی صبح شام
اچانک سنی میں نے آوازِ غیب — کہ ہے "مذہبِ عشق" تاریخ و نام

۱۲۱۷ھ

تاریخ سن عیسوی

ہوئی پھر یہ خواہش کہ کلک و زبان — کریں عیسوی سال کو بھی بیان
تو پھر ہاتف غیب نے دی ندا — کہ اس مذہب عشق میں کوئی آ
کرے "مشربِ وجام" گر اختیار — تو راز نہاں اس پہ ہو آشکار

مشرب وجام میں کاتب نے "و" لکھا ہے۔ یہ غلط ہے۔ صحیح مشرب جام ہے جس کے اعداد (۵۸۶) ہوتے اور مذہب عشق کے اعداد ۱۲۱۷ میں شامل کرنے سے ۱۸۰۳ برآمد ہوتے ہیں۔

ترقیمہ۔

تمام شد کتاب مذہب عشق عرف بکاولی بدست کاظم علی خاں مقام ۔۔۔ جالندھر تحریر یہ تاریخ دوازدہم ذی الحجہ ۱۲۵۶ھ ہجری نبوی بوائے پاس

۱۲۶۷ قصیدہ بردہ شریف مع ترجمہ فارسی واردو منظوم

تقطیع (۲۲ × ۱۲ سمر) اوراق (۴۸) مسطر (۱۲ تا ۱۴ سطری) کاغذ دیسی
عربی خط نہایت پختہ اور خوبصورت فارسی اور اردو بین السطور ہیں۔

قصیدہ بردہ شریف نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے۔ اس کے مصنف حضرت امام شرف الدین محمد البوصیری المتوفی ہیں۔ جو یکم شوال [illegible] مطابق ۷ مارچ ۱۲۱۳ء کو ابوصیر میں پیدا ہوئے۔ اسی نسبت سے آپ کو البوصیری کہا جاتا ہے حضرت امام سیوطی نے آپ کا مقام ولادت دلاص بتلایا ہے۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ آپ کے والدین میں ایک کا تعلق ابوصیر سے اور دوسرے کا دلاص سے تھا۔

آپ نے اوائل عمر کے دس سال بیت المقدس میں گذار کر اور پھر مدینہ منورہ میں قیام فرمایا۔ مکہ معظمہ میں ۱۳ سال تک قرآن کریم کا درس دیتے رہے۔ سرکاری ملازمت کے سلسلے میں بلبیس ہوگئے اور حاجی خلیفہ کی روایت کے مطابق سنہ ۶۹۴ھ میں علامہ سیوطی کی روایت کے مطابق سنہ ۶۹۵ھ میں اور مقریزی اور ابن شاکر کے بیان کے لحاظ سے ۶۹۶ھ میں بمقام اسکندریہ واصل بحق ہوئے اور فسطاط میں حضرت امام شافعی کے مزار کے قریب دفن ہوئے۔

امام البوصیری کا یہ قصیدہ جو فالج سے بیمار ہونے پر شفا پانے کی نیت سے تصنیف کیا بارگاہ نبوی میں مقبول ہوا اور آپ

کو شفا ہوئی اس لئے عام طور پر اس کی فیوض و برکات کو تسلیم کیا جاتا ہے اس کا ترجمہ اکثر زبانوں میں ہو چکا ہے اور اس کی بے شمار شرحیں عربی، فارسی، اردو، لاطینی اور فرانسیسی میں لکھی جا چکی ہیں۔

فارسی میں ملا عبدالرحمٰن جامی کا ترجمہ مشہور ہے۔ مطلع ہے۔

اے زیادِ صحبت یارانت اندر ذی سلم — اشک چشم آمیختی باخوں رواں گشتہ بہم

پیش نظر مخطوطہ میں عربی اشعار سرخی سے نہایت جلی اور خوشخط لکھے گئے ہیں اور بین السطور فارسی ترجمہ اردو منظوم ترجمہ لکھا گیا ہے۔ اس کی ابتدا قصیدہ بردہ شریف کے پڑھنے کے طریقے سے ہوتی ہے اور اس کے بعد قصیدہ شروع ہوتا ہے۔ پہلے شعر کا متن اور فارسی ترجمہ اور اردو شعر پیش ہے۔

أَمِنْ تَذَكُّرِ جِيرَانٍ بِذِي سَلَمِ
ایا از یاد کردن ہمسایگاں کہ در ذی سلم اند نام درخت
دوستوں کی یاد میں ذی سلم سے آن کر
مَزَجْتَ دَمْعًا جَرَى مِنْ مُقْلَةٍ بِدَمِ
آمیختی اشک را کہ جاری گشت از درون چشم بخون
اشکِ خوں آمیختہ جاری کے شام و سحر

ابتدا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترتیب خواندن قصیدہ اینست کہ وقت نصف شب ایستادہ سر کردہ بخواند و ابیات کہ مقام دعا و اجابت نوشتہ شد آں را ہر قدر کہ بہ تکرار خواند بہتر است

اختتام۔ ابیات دعائیہ اینست۔

یا نبی تم شمس عرفاں اور شفیع المذنبین — سب محبوں پہ کرو تم مہر کی ہر دم نظر
جو پڑھے ابیات کو ہر روز با صدق و یقیں — دیکھو اس کے تئیں اپنی محبت کا ثمر
اپنے صدیقوں اور پر کیو کرم یا مصطفیٰ — تم او نہیں انعام کر لو خیر و خوبی تا عمر
نفس ان کا مطمئن اور قلب ان کا ہو سلیم — تو رہیں تیرے کرم سے آدمی یا زیب و فر
از قدوم بہجت افزا شاد کر ان کو مدام — تا کہ ہوں دونوں جہاں میں بہ کلدی بہرہ ور
از برائے حضرت زہرا و اولاد علی — ان کے دشمن کو کرو مثل ہشیم المحتضر
اس گدائے کمترین کی عرض یو ہے یا نبی — تیرے در کو چھوڑ کر ہرگز نہ ہووے در بدر
جلد کر یو یا الٰہی سب دعا میری قبول — حکم تیرا ہے نہیں الا کلمح بالبصر

تمت کلمۃ ربک صدقاً و عدلاً لا مبدل
لکلماتہ وھو السمیع العلیم

تمت تمام باشد

ترقیمہ نہیں ہے اور نہ شاعر نے کہیں تخلص استعمال کیا ہے اسی لئے تاریخ کتابت نام کاتب مقام کتابت وغیرہ سے ہم لاعلم ہیں۔

زبان کے اعتبار سے شاعر دکنی معلوم ہوتا۔

۱۲۶۸ مآثر دکن (مسودہ ثانی مبیضہ)

مصنف سید علی اصغر بلگرامی

تقطیع (۳۲×۲۱ سمر) اوراق (۱۱۱) مسطر ۱۶ سطری۔ کاغذ نہایت دبیز

سید علی اصغر بلگرامی ریاست حیدرآباد میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ کلکٹر بھی رہے اور ناظم آثار قدیمہ بھی۔ اردو، انگریزی اور فارسی کے ادیب تھے۔ مآثر دکن ان کے دور نظامت آثار قدیمہ کی یادگار ہے۔ شہر حیدرآباد کی مشہور عمارتوں گنبدوں قطب شاہی واقع گولکنڈہ اور مزارات کی کیفیت اور ان کے کتبوں کی تصویریں اس کی زینت ہیں۔ مآثر دکن دارالطبع جامعہ عثمانیہ سے ۱۹۲۳ء میں شایع ہوچکی ہے جس میں عمارتوں و گنبد تصاویر اور کتبوں کے چربوں کی تصویریں دی گئی ہیں۔ یہی کتاب حافظ محمد حیدر میموریل اکیڈمی کراچی سے ڈاکٹر معین الدین عقیل کے تعارف کے ساتھ ۱۹۷۶ء شایع ہوئی ہے۔ کتابت طباعت اور کاغذ نفیس ہے لیکن تصویریں واضح نہیں۔

پیش نظر مسودہ ہے جس میں بلگرامی صاحب نے جابجا تصحیح اور اضافے کئے۔ یہ خوش خط نستعلیق میں لکھا گیا ہے۔ آخر میں اشاریہ بھی ہے جس کا عنوان ضمیمہ ہے۔ ان کی اور بھی کتابیں اور متفرق مضامین ادارہ کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں عمارتوں اور کتبوں کی تصویریں نہایت صاف اور واضح ہیں کراچی کے ایڈیشن میں یہ بہت دھندلی اور غیر واضح ہیں۔

مآثر دکن کا انتساب آصف جاہ سابع میر عثمان علی خاں سے کیا گیا ہے یہ بعد کے ایڈیشن میں شامل نہیں۔

ابتدا

نذر

مدظلہم العالی

یہ امتیاز اس موروثی نمک خوار کے لئے اہمیت سرمایہ ناز رہے گا کہ شہریار عزیب پرور، سلطان معارف نواز، تاجدار اقلیم سخن، ہز اگزالٹیڈ ہائی نس اعلیحضرت قدر قدرت بندگان عالی متعالی سپہ سالار مظفر الملک والممالک، نظام الدولہ نظام الملک، نواب سر میر عثمان علی خاں بہادر فتح جنگ آصف جاہ سابع یار وفادار سلطنت برطانیہ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی، جی سی ای خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ، کی پیشگاہ سے براحم خسروانہ و توجہات شاہانہ ذریعہ فرمان عطوفت نشان مورخہ ۱۲/شعبان المعظم ۱۳۴۲ھ اس کتاب کو اسم ہمایونی سے معنون کرنے کا شرف و اعزاز عطا فرمایا گیا ہے۔

مرا مرتبہ فزوں شد مرتبہ از کجا لیکن
مور پروردۂ سلیمان است

میں نہایت ادب و افتخار کے ساتھ "مآثر دکن" کو حضور پُر نور حضرت اقدس و اعلیٰ سلطان دکن دام ملکہ کے نام نامی و اسم ہمایونی سے معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہوں۔

گذرا ہندہ

نمک خوار موروثی ۔ فدوی سید علی اصغر بلگرامی

اختتام ۔ (اشاریہ سے پہلے)

محب برادر زادہ سید مہدی علی مرحوم پسر سید علی اکبر صاحب بلگرامی چند ماہ بعد از تسوید این نسخہ در عنفوان شباب رہ صبا قرہ مرگ ۔ اللھم اغفرلہ ولـہم ۔ دستخط سید علی اصغر ۲/ رمضان المبارک ۱۳۴۳ھ

۱۲۶۹ سیاحت نامہ مصر

مصنف سید علی اصغر بلگرامی

تقطیع ۳۵×۲۱ سمر مسطر ۴۳ تا ۴۸ سطر کاغذ روپ کار حالیہ

کاتب خود مصنف

بلگرامی صاحب نے یہ سفر سنہ ۱۹۴۶ء میں کیا تھا ۔ ان کے سفر کی غرض وغایت حصول معلومات اور تجربوں میں اضافہ تھی چنانچہ انہوں نے اپنے پیش لفظ میں اس کا اظہار کر دیا ہے لکھتے ہیں ۔

میرا نظریہ ابتدا سے یہی رہا ہے کہ جس ملک کے مشاہدات کو قلم بند کیا جائے وہ وقتیہ دلچسپی سے متجاوز ہو کر کسی پائدار حیثیت کی بھی حامل ہوں تاکہ ناظرین عرصہ دراز تک اس سے استفادہ کرتے رہیں' موصوف اپنے اس بیان پر پوری طرح کاربند رہے ۔

مصر اہراموں اور ممیوں کا ملک ہے اور سیاح کے لئے یہ کشش کا بڑا ذریعہ ہیں بلگرامی لکھتے اس کو بہ نظر غائر دیکھا اور نہایت تفصیل کے ساتھ قلم بند بھی کیا اور مختلف تاریخی اہمیت رکھنے والے آثار کی تصویروں سے اس کو مزین کیا اس سیاحت نامہ کو سات ابواب اور بارہ ضمیموں میں تقسیم کیا ہے ۔ تفصیل حسب ذیل ہے ۔

پہلا باب ۔ بمبئی سے قاہرہ کے سفر کی روداد اور قاہرہ کے حالات' عمارات' قہوہ خانے' آبادی ۔ پیداوار اس کی تاریخ اور اس کا جغرافیہ بیان کیا ہے ۔

دوسرا باب ۔ قاہرہ کی مساجد سے متعلق ہے ۔ ۔۔۔ مساجد کا اور کتب خانہ جامع ازہر کا ذکر ہے ۔ اس باب کا آخری عنوان مزار حضرت امام شافعی ہے جس کے تحت آپ کی تاریخ وصال اور گنبد وغیرہ کا ذکر ہے ۔

تیسرا باب ۔ عربی دارالآثار (عجائب گھر) سیس اول' ثانی' ثالث' توت ... اور دیگر متعلقہ عنوانات ہیں

چوتھے باب میں اہرام کی تفصیلات ہیں ۔ پانچویں باب میں قدیم منادر کا ذکر ہے ۔

چھٹا باب اسکندریہ کے لئے وقف ہے اس کے ذیلی عنوانات میں اہم حسب ذیل ہیں ۔

روشنی کا مینار' کتب خانہ اسکندریہ ۔ پامپائی کا ستون' بندرگاہ' رشید کا کتب' ممیانے کے طریقے' مصریوں میں ممی کے مراسم' مردوں کے اعمال کا محاسبہ' کفن چور' مصریوں کے عقائد ۔ مصری منادر کے قیمتی اشیاء کی فہرست ۔

ساتواں باب ۔ مصر کی قدیم وجدید تاریخ سے متعلق ہے ۔

اس کے بعد بارہ ضمیمے ہیں جن میں خلفاء (بنی امیہ، بنی عباس، طولون، فاطمین، ایوبی، بنی المیہ اور سلاطین مصر کی فہرستیں ہیں جو مصر اور اس کی تاریخ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے نہایت مفید اور گراں قدر ہیں اور دیگر ضخیم کتابوں کے مطالعہ سے بے نیاز کرتی ہیں۔

سیاحت نامہ مصر کو متعدد تصویروں سے مزین کیا گیا ہے۔

ابتدا

پیش لفظ مصر کی سیاحت سلطان احمد فواد اول کے عہد میں کرنے کے بعد اب موقع ملا کہ میں ان یادداشتوں کو جو دوران سفر میں متفرق طور پر قلم بند کی گئی تھیں۔ موجودہ صورت میں مرتب کروں۔

اختتام: ضمیمہ (ل)

۱۸۸۷ء میں کیمبرج کے ڈاکٹر ریڈھوس (DR RED HOWS) قدیم عربی تاریخ اور لغات کی ورق گردانی کے بعد آفرینش عالم سے ۱۰۹۶ھ کے اہم واقعات کا جو تاریخی گوشوارہ مرتب کیا تھا اس میں علاوہ مصر کے جزیرۃ العرب اور ایران کے بعض تاریخی واقعات کا اندراج ہے بلحاظ مناسبت مقام اس کا ضروری اقتباس درج ذیل کیا جاتا ہے۔

(اس کے بعد تاریخی واقعات کا سنہ وار گوشوارہ دیا گیا ہے)

۱۲۷۰ **مآثر دکن** (مسودہ)

مصنف سید علی اصغر بلگرامی

تقطیع (۳۴ × ۲۱ سمر) اوراق ۶۱ مسطر ۳۰ تا ۳۵ سطری کاغذ کہنہ بوسیدہ

کاتب خود مصنف تاریخ کتابت غرہ جنوری ۱۹۲۴ء

یہ مآثر دکن کا پہلا مسودہ ہے اس میں حذف و اضافے بہت زیادہ ہوئے۔ کہیں کھلا کھلا لکھا ہے اور کہیں بہت باریک اور گنجلک۔ حیدرآباد کی قدیم عمارتوں کا حال اور ان میں جو کتبے لگے ہیں ان کی عبارتوں کی نقل دی گئی ہے لیکن اس میں کسی کتبے یا عمارت کی تصویر نہیں ہے۔

بلگرامی صاحب، ۱۳/تیر ۱۳۳۱ف (۱۸/مئی ۲۲ء) سے ۵/اردی بہشت ۱۳۳۳ف (۹/مارچ ۲۴ء) تک، غلام یزدانی ناظم آثار قدیمہ کے رخصت پر جانے کے بعد ناظم آثار قدیمہ رہے۔

ابتدا

مملکت محروسہ سرکار عالی کے قدیم آثار اپنی تنوع اور دلفریبی کے لحاظ سے ہندوستان کے تاریخی آثار سے اہمیت میں کسی طرح کم نہیں۔ ممالک محروسہ کی جس جانب نگاہ ڈالی جائے ازمنہ ماضیہ کی گوناگوں یادگاروں کا نا ختم ہونے والا سلسلہ چلا گیا ہے۔

اصل مطبوعہ نسخہ اور اس مسودہ میں ترتیب اور متن کے لحاظ سے اختلافات ہیں۔ یہ پہلا مسودہ ہے اس کے بعد یہ صاف کاپی تیار کی گئی جو نہایت خوشخط ہے اور خوشنویس سے لکھوائی گئی ہے اور اس کا ذکر پہلے آچکا ہے۔

ماثر دکن (مطبوعہ) کا متن ختم ہونے کے بعد اس مسودہ میں اضلاع اورنگ آباد۔ بیدر۔ نظام آباد۔ گلبرگہ شریف یادگیر، شاہ پور، گوگی (قاضی محمود بحری) سگر شریف کے آثار قدیمہ کی تفصیل ہے یہ تاریخی اعتبار سے نہایت اہم ہے اور ابھی تک شایع نہیں ہوئے۔

آخر میں ۶½ صفحہ کا ایک مضمون "آفتاب وقت" کے عنوان کے تحت ہے اور یہاں سید علی اصغر بلگرامی صاحب کی قلمی تحریر ختم ہوتی ہے۔

ابتدا (پچھلے صفحہ پر کی حلقہ میں کی عبارت دیکھئے)
اختتام (آخری نقرہ از آفتاب وقت)

یہی لوگ ہیں جو دنیا میں ہتم بالشان کارنامے چھوڑ گئے ہیں اور آنے والی نسلوں کی نصیحت و بصیرت کے لئے حکمت و موعظت کے ایسے ذخیرہ کر گئے ہیں کہ ارباب نظر ان سے سعادت ابدی حاصل کر سکتے ہیں۔ انھیں کی ٹکسالی میں لحظوں سے گھنٹے اور گھنٹوں سے دن اور دنوں سے مہینے و سال بنا کرتے ہیں۔ ابھی لوگ بار امانت کے صحیح معنوں میں حامل اور قدرت کے کاشف اسرار نہیں ہیں۔

وقت را غنیمت داں آں قدر کہ بتوانی — حاصل از حیات اے جاں یکدم است تا دانی

نیچے لکھا ہے (روح ترقی مئی جون سنہ ۱۹۵۰ء)

غالباً یہ مضمون روح ترقی مئی جون سنہ ۱۹۵۰ء میں چھپ چکا ہے۔

۱۳۶۱ انسپکشن رپورٹ دورہ اورنگ آباد

مصنف سید علی اصغر بلگرامی

ٹائپ شدہ تقطیع (۳۲ × ۱۸ سمر) اوراق (۱۰) مسطر ۳۳ سطری کاغذ ٹائپ کی کاپی ہیں بلگرامی صاحب آثار قدیمہ کے ناظم تھے اس وقت انھیں صدر المہام آثار قدیمہ نے دورہ کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔ یہ رپورٹ اسی حکم کی سررشتہ تعمیل میں تیار کی گئی تھی۔ رپورٹ کا آغاز "مقبرہ والجہ دورانی" سے ہوتا ہے۔ اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے متعلقہ باغ کے انتظام کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی تھی جس کے ارکان اورنگ آباد کے اول تعلقدار صدر مہتمم تعمیرات مولوی عبد الحق صاحب صدر مہتمم تعلیمات اور مہتمم تعلیمات تھے۔

اس کے بعد عجائب گھر مورت بائے جوہری بازار ـ پن کی اینٹ، خلد آباد کے مضمون میں شاہزادہ محمد اعظم ان کی بیوی اور شاہزادہ بیدار بخت کے مزاروں کا ذکر ہے۔ اورنگ زیب عالمگیر کے مزار کے کتبہ کا ذکر ہے جو آصف سابع کے حکم کی تعمیل میں نصب کیا گیا ہے۔

آصف جاہ اول اور نواب ناصر جنگ شہید اور ابوالحسن تاناشاہ کے مزاروں کے ذکر کے بعد حضرت امیر حسن سنجری المتوفی ۷۲۶ھ اور غلام آزاد بلگرامی متوفی سنہ ۱۲۰۰ کا ذکر ہے اور تجویز کی گئی ہے کہ ان تمام مزاروں پر کتبے لگائے جائیں باغ منی بیگم (زوجہ شاہزادہ بیدار بخت) اور نیا مسجد، غار ہائے ایلورہ، اجنٹہ آخر میں نظام آباد اور بودھن کے آثار سے

سے متعلق لکھا گیا ہے۔

ابتدا

مقبرہ رابعہ دورانی۔ یہ عمارت دکن میں عہد مغلیہ کی ایک لاثانی یادگار اور باشندگان اورنگ آباد کے لئے ایک عمدہ تفریح گاہ ہے۔

اختتام

خودرو نباتات کا پوری عمارت کی چھت اور دیواروں سے استیصال ہونا چاہیے اور بقیہ کو اس وقت تک قائم رہنے دنیا کے لئے کروہ خود بخود منہدم نہ ہو جائے۔ تاکہ جو اس عمارت کو حاصل ہے وہ زایل نہ ہو جائے۔

شہر عدستخط

سید علی اصغر بلگرامی

۲۵۔ رمضان المبارک ۱۳۴۱ھ

۱۲۷۲ مجموعہ مضامین

مصنف سید علی اصغر بلگرامی

تقطیع (۳۲ × ۲۲ سم) اوراق متفرق ۔ مسطر متفرق تاریخ کتابت ۱۹۲۴ تا ۱۹۶۱ء

سید علی اصغر بلگرامی کی تصانیف ماثر دکن اور سیاحت نامہ مصر کے علاوہ یہ ان کے مختلف مضامین کا مجموعہ ہے۔ اس میں حسب ذیل عنوانات پر مضامین شامل ہیں۔

۱۔ فلسفہ شاعری ۔ ۲۔ مسالک ترقی ۔ ۳۔ کردار کی تہذیب ۔ ۴۔ خصلت کی تہذیب ۔ ۵۔ لارڈ کلایو ۶۔ اخلاق کی پاکیزگی ۔ ۷۔ شاہراہ کامرانی ۔ ۸۔ کلید مردحسنہ ۔ ۹۔ معرفت حق ۔ ۱۰۔ لسانی کمیشن اور تقسیم حیدرآباد ۱۱۔ حضور نظام اور آرٹ کی سرپرستی ۔ ۱۲۔ حیدرآباد۔ غلطیوں کا ایک خزینہ

یہ مضامین بعض رسائل اور روزناموں کے خصوصی شماروں کے لئے تحریر کئے گئے۔ اور اسی رسائل میں اشاعت پذیر بھی ہوں لیکن پیش نظر مضامین ان کا کوئی حوالہ نہیں ملتا۔ خاص شماروں میں رہبر دکن اور صبح دکن کے سالنامے اور سالگرہ نمبر اور رسائل میں ماہنامہ سب رس میں شایع ہوئے ہیں۔ بلگرامی سرکاری مصروفیتوں کے باوجود ادبی خدمت کے لئے وقت نکالتے مطالعہ کرتے اور مضامین لکھتے رہے ہیں۔

۱۲۷۳ منظومات وجد

مصنف سکندر علی وجد

تقطیع مختلف اوراق ۳۳ مسطر مختلف کاتب مصنف

اورنگ آباد انٹرمیڈیٹ کالج سے انٹر عثمانیہ یونیورسٹی سے بی۔ اے کیا اور حیدرآباد سیول سروس کرکے

منتخب ہوکر سررشتہ عدالت میں لئے گئے۔ عدالت میں نظامت ضلع اور سشن جج کے عہدوں پر فائز رہ کے وظیفہ حسن خدمت پر علحدہ ہوئے۔

انجمن ترقی اردو اورنگ آباد کے صدر اردو اکیڈیمی مہاراشٹرا کے رکن اور پھر ترقی اردو بورڈ وزارت تعلیمات حکومت ہند میں اعلیٰ عہدہ پر فائز ہیں۔

یہ مخطوطہ انھیں کے قلم سے ہے جو مختلف تواریخ میں وہ اپنے استاد ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور کو بھیجتے رہے جن میں سے بعض کی اشاعت ادارہ ادبیات اردو کے ترجمان ماہنامہ "سب رس" میں ہوتی رہی۔

اس مجموعہ میں ڈاکٹر زور صاحب کے نام دو خط ہیں ۱۲ غزلیں۔ ۵۔ نظمیں ۸۔ مسدس اور مخمس ہیں۔

ان میں سے بعض نظمیں ان کے پہلے کلام کے مجموعہ "لہو ترنگ" میں شایع ہوچکی ہیں بعض سب رس میں بھی شامل ہوئی ہیں۔

چونکہ مجموعہ خود شاعر کے قلم سے لکھا ہوا ہے اس لئے اہمیت رکھتا ہے۔

سہنس رس

۱۲۷۴

تقطیع (۳۰ × ۱۹ سمر) اوراق (۱۱۷) مسطر ۱۵ سطری کاغذ دیسی دولت آباد خط نستعلیق روشن جلی کتابت مابعد سنہ ۱۲۰۰ھ

یہ کتاب فن موسیقی پر ہے حضرت نے کتاب کی وجہہ تسمیہ کا اس طرح اظہار کیا ہے۔

دریں عشرت نامہ از تصانیف نایک بخشو ہزار بگارش یافتہ و بہ ہندی ہزار استیس می گویند

دلذت ما رہیں این مجموعہ بہجت افزا کہ لذت انگیز مشتمل بر ہردو معنی بہ سہنس رس موسوم گردیدہ۔

عشرت نامہ بخشو نایک کی ایک تصنیف ہے جس میں فن موسیقی پر بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ اسی کتاب سے ایک ہزار راگ دھرپد کا انتخاب کرکے یہ سہنس رس تیار کیا گیا۔

اس میں چار راگ ایک ہزار دھرپد اور چھیالیس راگنیاں بیان کی گئی ہیں۔

نایک بخشو گوالیار کا باشندہ اور راجہ مان کے دربار کا متوسل تھا۔ وہ اپنے فن میں اس قدر کامل تھا استادان موسیقی اس کی شاگردی کو اپنے لئے باعث افتخار سمجھتے تھے۔ اس نے فن موسیقی پر تصانیف لکھیں لیکن گجرات اس دور میں ایک دور افتادہ صوبہ ہونے سے اس کی خاطرخواہ تشہیر نہ ہوسکی۔ تاہم اس کے شاگرد ہندوستان کے دیگر صوبوں میں گئے اور اس کے نام کو روشن کیا۔

موسیقی کا فن ہندوستان میں ابتدا ہی سے قابل قدر رہا ہے چنانچہ اکبر اعظم عرش آشیانی کے زمانے میں تان سین خاں کی شہرت تھی اور وہ دربار شاہی سے خطابات سے نوازا گیا تھا۔ اس طرح گجرات، گوالیار موسیقی کے مرکز تھے اور تان سین کی تصانیف ان مرکزوں میں مقبول تھیں۔ تان سین کے شاگرد لعل خاں تھے جن کے چار لڑکوں نے بھی موسیقی میں نام پیدا کیا۔ اگر ان سب کے دھرپد جمع کئے جائیں تو دو ہزار سے متجاوز ہوجائیں اس لئے

اس کتاب میں تانا یک بخشو کے ایک ہزار دھرپد جمع کر کے پیش کئے گئے ہیں۔

ابتدا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چوں نقوش مقدسہ تجرد نہادرا میل ملذات روحانی پیشرو ادراک سرورازامورے کہ مستلزم قرب میداوی باشد کامل تراست بناء بر یں بندگان اعلیٰ حضرت سلیمانی حشمت خلافت مرتبت قدر قدرت آفتاب سپہر سلطنت ماہ فلک عظمت۔ بہین نتیجہ آفرینش منتخب نسخہ دانش و بینش اساس ایجاد کائنات نظام سلسلہ موجودات عقل اولی راثانی تاج تارک بے مثالی آب شمشیر جہانگیری راصفا میر فلک جہانداری ہا ضیا نائب تادر علی الاطلاق خلیفہ ایزدبے چوں باستحقاق ...... الخ

شاہ جہاں۔ (یہ لفظ ہر دھرپد سے پہلے استعمال ہوا ہے)

من دولات پرت پہرت نار بہائے اور سچا وست

کشاچہ سرستدہاکوں بہریوں سنوسر سرا رعد ہاوت

۱۲۷۵ معراج نامہ

مصنف :- سید بلاقی

اوراق - ۳۲ - مسطر ۱۲ سطری

سائز - ۶½ × ۹ کتابت ۱۲۶۷ھ

ناقص الاول

آغاز

ترے در کنے میں ٹھہرا بار گاہ

کہ آسا ہے توں مجہ نزا آدھار کا

کہ دل جان مانند دریا اچھے

بھرے لعل موتی سو اس میں سچے

اختتام

الہٰی توں سید بلاقی اوپر

نبی کے کرم سوں توں کرنا نظر

ہزاراں درود ہزاراں سلام

درود بر محمد علیہ السلام

تمت تمام شد کار من نوشتہ شد

۱۲۶۷ ہجری نظام شد بتاریخ ماہ جمادی الآخر پانزہم درساکن ہمتاباد

سید بلاقی قطب شاہی عہد کے دور آخر کا شاعر ہے، اس کی مثنوی معراج نامہ کافی مقبول ہوئی، ہندوستان اور پاکستان کے علاوہ یورپ کے کتب خانوں میں بھی اس کے قلمی نسخے موجود ہیں۔ پیش نظر مثنوی (۷۴۷) اشعار پر مشتمل ہے جس میں معراج کے واقعات نظم کئے گئے ہیں۔ ادارہ ہذا میں اس کے حسب ذیل تین مخطوطے محفوظ ہیں۔

۱۔ مخطوطہ نمبر ۹۸ جلد اول صفحہ ۲۷

۲۔ مخطوطہ نمبر ۱۵۹ جلد دوم صفحہ ۳۰

۳۔ مخطوطہ نمبر ۹۲۳ جلد پنجم صفحہ ۶۳

ادارہ ادبیات اردو کے علاوہ معراج نامہ کے مخطوطات حسب ذیل

کتب خانوں میں بھی موجود ہیں۔

۱- کتب خانہ سالار جنگ ۵ نسخے فہرست ص۴۷ تا ص۵۰
۲- کتب خانہ جامعہ عثمانیہ ایک نسخہ فہرست ص۶۱
۳- کتب خانہ آصفیہ تین نسخے جلد اول دو نسخے ص۱۸۳
جلد دوم ایک نسخہ ص۳۳۵

۱۲۷۶ شمائل نامہ

مصنف : عبدالمحمد ترین

اوراق ۴ مسطر ۱۲ سطری

سائز $6\frac{1}{2}'' \times 9''$ کتابت اوائل بارھویں صدی ہجری

آغاز

الٰہی سچا توں ہے پروردگار
دونو جگ میں قدرت تری آشکار
سچا توں ہے صانع سچا تو رحیم
سچا توں ہے قادر سچا توں حکیم

ایک شعر میں شاعر کا نام اس طرح آیا ہے

کہ صفتاں نبی کے سمجھ بہترین
کیا نظم دکھنی میں عبدالترین

اختتام

بحق محمد ہے تیرا رسول
دعا مجہ گنہ گار کی کر قبول

ہزاراں درود ہزاراں سلام
زبان بر محمد علیہ السلام

پیش نظر مثنوی ایک دکھنی شاعر عبدالمحمد زین کی تصنیف ہے ۷۵ اشعار پر مشتمل یہ مثنوی دراصل پشتو زبان کے ایک شاعر اخوند رویزہ دانی کی کتاب کا دکھنی ترجمہ ہے جس میں آنحضرت محمدؐ صلعم کے شمائل بیان کئے گئے ہیں۔

اس مثنوی کا ایک اور نسخہ ادارے میں نمبر (۱۸۴۱) پر موجود ہے (جلد چہارم صفحہ ۱۹۵)

۱۲۷۷ **معجزۂ فاطمہ**

مصنف : فاروق

اوراق ۱۰ سطر ۱۲ سطری

سائز ۶½ × ۹

آغاز

روایت کتا ہوں سنو اے عزیز
سنو دل کے کاناں یوں تم با تمیز
صحیح یو روایت بوقت رسول
دل و جان سوں بات کرنا قبول

اختتام

اے فاروخ یوں بول ہر صبح و شام
بحق محمد علیہ السلام
کیا معجزہ فاطمہ کا کلام
کہ دو سو اپر سات بیتاں تمام
ہزاراں درود اں ہزاراں سلام
زبان پر محمد علیہ السلام

فاروق نامی کسی دکھنی شاعر نے خاتون جنت حضرت فاطمہ کا ایک معجزہ بیان کیا ہے۔

ادارے میں اسی موضوع پر ایک اور مثنوی موجود ہے جس کا مصنف قادر ہے۔ (جلد اول صفحہ ۱۵۹) لیکن ابتدائی اشعار دونوں مثنویوں میں ایک جیسے ہیں صرف تخلص کے اشعار میں تھوڑا بہت ردو بدل کیا گیا ہے۔ تخلص کے اشعار درج ذیل ہیں۔

اے فاروخ یوں بول ہر صبح و شام
بحق محمد علیہ السلام

اے قادر ثنا بولنا صبح و شام
شفاعت بحق نبی السلام

پیش نظر مثنوی کے اشعار کی تعداد شاعر نے (۲۰۷) بتائی ہے حالانکہ اس میں (۲۱۱) اشعار موجود ہیں۔

معجزہ فاطمہ کے موضوع پر کتب خانہ سالارجنگ میں بھی چند مخطوطات موجود ہیں فہرست (صفحہ نمبر ۵۰۲ تا ۵۲۰) جو حسب ذیل شاعروں کی تخلیق ہیں۔

محب - امین - مطلبی وغیرہ

۱۲۷۸ نور نامہ

اوراق - ۱۴ مسطر ۱۲ سطری

تقطیع $6\frac{1}{2} \times 9$ - سنہ تصنیف ۱۱۱۱ھ ہجری

آغاز

الہٰی کرنہار کرتا رتوں	سنواریا ہے قدرت سوں سنسار کوں
زمیں کوں بھی اپنے توں خلعت دیا	رنگا جگ میں سب کوں توں گلشن کیا

اختتام

کر یو نور نامہ پڑی یو سدا	نبی پر پڑے فاتحہ ابتدا
تو بعد از مرے نادں سوں ایکبار	توں پڑ فاتحہ ایک رسول قرار
ختم کرکو فاتحہ کیا تب مدام	بحق محمد علیہ السلام

تمت تمام شد

مثنوی "نورنامہ" دراصل آنحضرت صلعم کی نعت پر مبنی ہے جس میں حضور کی افضلیت اور سراپا کے محاسن تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ نورنامہ دکنی کی ایک مقبول مثنوی ہے۔ اس کے بیسوں مخطوطات مختلف کتب خانوں میں محفوظ ہیں ادارے میں اس مثنوی کے ۳ نسخے موجود ہیں جن کی تفصیل یوں ہے۔

۱- جلد اول دو نسخے صفحہ نمبر (۴۳ - ۴۴)

۲- جلد چہارم ۱ نسخہ صفحہ نمبر (۱۹۶ ــــ ۱۹۷)

ادارے کے علاوہ کتب خانہ سالار جنگ، کتب خانہ آصفیہ، کتب خانہ انجمن ترقی اردو

پاکستان، کتب خانہ جامعہ عثمانیہ وغیرہ میں بھی اس مثنوی کے متعدد نسخے دستیاب ہوئے ہیں۔
"نور نامہ" مکتبہ محمدی بمبئی سے کئی بار شایع ہوا ہے۔

۱۲۷۹ ## دیوان ولی

اوراق ۷۷ - مسطر ۱۷ سطری
تقطیع (۵" × ۹½) کرم خوردہ - کاغذ قدیم

آغاز

"کرتا ہوں تیرے ناوں کوں میں ورد زبان کا
کہتا ہوں ترے شکر کوں عنوان بیان کا
جب گرد اوپر پاوں رکھیں تیرے رسولاں
اس گرد کوں میں کحل کروں دیدہ جاں کا
مجھ صدق طرف عدل سوں اے اہل حیا دیکھ
تجھ علم کے جیہر بہیہ نیس رنگ گماں کا"

اختتام

"..... عاشقاں ہر آن ہے دیدار یار
کے دیدار بن دو جا عبث ہے
..... نوجواں میرا برنگ ماہ نو
ہوتا ہے اکثر اے عزیزاں
..... عاشق حق میں ہے نگاہ گرخاں
کوں جگیں پایا ہوں ولی میں
تمت تمام شد

ولی محمد ولی اورنگ آبادی کے دیوان کا یہ نسخہ انتہائی کرم خوردہ ہے کاغذ اور کتابت بھی قدیم ہے۔ یہ مخطوطہ اس قدر کرم خوردہ ہو گیا ہے کہ غزلوں کی تعداد کا شمار بھی ناممکن ہے۔

دیوان ولی کے متعدد قلمی نسخے ہندوستان اور پاکستان کے علاوہ یورپی ممالک میں بھی موجود ہیں۔ ڈاکٹر زور نے "یادگار ولی" میں دیوان ولی کے ۶۰ مخطوطات کی نشاندہی کی ہے۔

(دیکھیے یادگار ولی مرتبہ سید محمد ۱۹۳۷ء)

مخطوطات دیوان ولی کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ ادارہ ہذا میں دیوان ولی کے چھ نسخے موجود ہیں (مخطوطات نمبر ۹۳ – ۱۱۲ – ۶۷۷ – ۸۱۶ – ۸۲۰ اور ۸۲۱)

۲۔ کتب خانہ سالار جنگ (۱۲ نسخے) دیکھیے فہرست صفحہ ۳۸۳)

۳۔ کتب خانہ آصفیہ (چار نسخے)

۴۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو علی گڑھ (۱۲ نسخے) (دواوین ۴۱ تا ۵۲)

۵۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو پاکستان (۲ نسخے) فہرست اردو مخطوطات جلد چہارم صفحہ ۲۰۴

۶۔ کتب خانہ پنجاب پبلک لائبریری (۲ نسخے) فہرست اردو مخطوطات صفحہ ۳۳

۷۔ کتب خانہ اہل اسلام مدراس (۳ نسخے) فہرست اردو مخطوط صفحہ ۲۱۸

۸۔ نیشنل میوزیم نئی دہلی ایک نسخہ دہلی کے اردو مخطوطات صفحہ ۹۷

۹۔ کتب خانہ جامع مسجد ایک نسخہ فہرست مرتبہ حامد اللہ ندوی

۱۰۔ سبحان اللہ اورینٹل لائبریری علی گڑھ ایک نسخہ فہرست مرتبہ سید کامل حسین

۱۱۔ کتب خانہ جامعہ نظامیہ ایک نسخہ فہرست مرتبہ نصیر الدین ہاشمی

دیوان ولی کو سب سے پہلے گارساں دتاسی نے ۱۸۳۳ء میں پیرس سے شائع کیا تھا اس کے بعد اس کتابچہ کے حسب ذیل ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔

۱۔ دیوان ولی مطبوعہ مطبع حیدری بمبئی سنہ ۱۲۹۰ھ
۲۔ دیوان ولی مطبوعہ مطبع نول کشور لکھنؤ سنہ ۱۲۹۵ھ
۳۔ دیوان ولی مرتبہ احسن مارہروی سنہ ۱۹۲۷ء
۴۔ دیوان ولی مرتبہ نورالحسن ہاشمی سنہ ۱۹۴۵ء

۱۲۸۰ دیوان شاداں

اوراق ۲۰ مسطر ۱۱ سطری
تقطیع (۶ × ۹) زمانہ کتابت سنہ ۱۲۳۹ھ
ناقص الاول

آغاز

"شاداں کو چین ہیگا سدا وصل یار میں
ایں غزل ہم در بحر مذکورہ وقافیہ مجرد متدارک
جس سمت دیکھئے تو ہے تو جلوہ گر یہاں تیرا ہی نور چھایا ہے نورنظر یہاں
غافل نہ اس قدر ہو تو اے بے خبر یہاں گر چاہتا ہے اپنا بھلا کچھ تو کر یہاں

اختتام

حقائق معارف کہیں اس میں ہیں کہیں ذکر ہے شغل اور دید کا
سمجھنے کا تاریخ دیواں کی جب ارادہ ہو سہل فہمید کا
کہا میں نے روے ہدایت سے تب
یہ دیوان دفتر ہے توحید کا
۱۲۳۹ ہجری "

پیش نظر مخطوطہ چندو لال شاداں کے دیوان کا ایک ناقص الاول نسخہ ہے جس میں صرف ردیف "ن" "و" "ہ" اور "ی" کی غزلیں، قصاید، مخمس اور رباعیاں شامل ہیں غزلوں اور قصائد کے اوپر سرخ روشنائی سے بحور کی صراحت بھی کی گئی ہے۔

ادارہ ہذا میں دیوان شاداں کا ایک اور نسخہ موجود ہے دیکھئے فہرست تذکرہ مخطوطات (مخطوطہ نمبر ۷۵۹) علاوہ ازیں دیوان شاداں کے تین قلمی نسخے درج ذیل کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

۱۔ دیوان چندو لال، کتب خانہ سالار جنگ۔ (فہرست ص۲۲۳)

۲۔ دیوان شاداں، کتب خانہ انجمن ترقی اردو علیگڈھ (دواوین ع۳۵)

۳۔ دیوان شاداں، کتب خانہ انجمن ترقی اردو پاکستان (فہرست مخطوطات (اردو جلد چہارم ص۱۷۶)

۱۲۸۱ — علی نامہ

مصنف : شاہ عبدالعلی

ورق ۱۰ مسطر ۱۲ سطری

تقطیع $6\frac{1}{2} \times 9$ کتابت ۱۲۶۷ھ

سنہ تصنیف ۱۲۰۰ھ

آغاز

کہ یک دن محمد علیہ السلام — جو بیٹھے تھے اصحاب یاراں تمام

ابا بکر اور عمر عثمان تھے — علی مرتضیٰ شاہ مرداں استھے

مدینہ کی مسجد میں بیٹھے اٹھے — روایت حدیثاں جو پڑتے اتھے

اختتام

مجھے خوش لگے سو مجے حال دے
کہ عبدالعلی کوں تیرا خیال دے

مرتب ہوا ہے یو نامہ تمام
بہ حق محمد علیہ السلام

ہزاراں درود ہزاراں سلام
زبان پر محمد علیہ السلام

تمت تمام شد بہار خوش پیتے

نوشتہ شد بتاریخ ۱۰ رجب المرجب ۱۲۴۷ھ ہجری

یہ ۲۲۸ اشعار کی مثنوی ہے۔ جس میں عبدالعلی نامی ایک دکنی شاعر نے حضرت علی کا ایک معجزہ بیان کیا ہے۔ کتاب کی پیشانی پر سرخ روشنائی سے "علی نامہ" لکھا گیا ہے۔

مثنوی کی آخری ابیات میں شاعر نے اپنا نام سنہ تصنیف، ابیات کی تعداد اور فارسی سے دکنی زبان میں ترجمہ کرنے کا ذکر اس طرح کیا ہے۔

بندہ شاہ عبدالعلی میں تیرا
گنہ بخش صاحب نبی توں میرا

اول فارسی تھا سو دکھنی کیا
کرم کی نظر لطف تیری تھیا

یو بیتاں مرتب ہے دو سو پہ سات
انتہا روز پنجشنبہ کا سو نجات

کہ سنہ یک ہزار ہور دسو برس
مرتب یو نامہ ہوا ہے سرس

اس مثنوی میں جملہ (۲۲۸) ابیات موجود ہیں جبکہ شاعر نے (۲۶۰) ابیات کا ذکر کیا ہے۔

مثنوی "علی نامہ" کا ایک اور نسخہ "نامہ علی" کے نام سے ادارہ میں موجود ہے جس میں ڈاکٹر زور نے اس مثنوی کے قصہ کو تفصیل سے پیش کیا ہے (دیکھئے نامۂ علی مخطوطہ نمبر (۶۸) جلد اول صفحہ ۴۸) ڈاکٹر زور نے اشعار کی تعداد (۲۰۷) بتلائی ہے جبکہ اس نسخہ میں (۲۱) ابیات زاید ہیں سنہ تصنیف کے سلسلہ میں مثنوی کے دونوں نسخوں میں حسب ذیل اختلاف پایا جاتا ہے۔

نامہ علی: از شاہ عبدالعلی (جلد اول صفحہ ۴۸)

غ سنہ ایک ہزار ایک سو دس برس
۱۱۱۰ھ

جبکہ علی نامہ کے پیش نظر نسخہ میں ۱۲۰۰ھ لکھا گیا ہے

ع کہ سنہ یک ہزار ہور دوسو برس
۱۲۰۰

میری رائے میں آخرالذکر مصرع ہی زیادہ موضوع معلوم ہوتا ہے۔

۱۲۸۲ فاختہ نامہ

مصنف :۔ عبدالرزاق

اوراق ۳ مسطر ۱۲ سطری

تقطیع ۶½ × ۹ کتابت ۱۲۶۷ھ

زمانہ تصنیف تقریباً ۱۱۰۰ھ

آغاز

کہوں معجزہ یک نبی خاص کا | دو عالم کے صاحب و اخلاص کا
کہ یک دن محمد نے یاراں سنگات | مدینے کی مسجد میں کرتے تھے بات
کہ ویسے میں یک فاختہ اوس گھڑی | لرزنے نبی کے انگے آ پڑی

اختتام

سچا نام تیرا حیات النبی | سچا توں محمد سچا توں نبی
کہ صلوات بولو نبی کے اوپر | جو کلمہ ہوئے تجہ نبی کا چھتر
کہ عبدالرزاق بولیا کیا یو بیان | کہ حق نے کیا لطف مجہ پر عیاں

تمت تمام شد

۲۳ اشعار کی اس مثنوی میں حضرت محمد صلعم کی سخاوت کا ایک قصہ نظم کیا گیا ہے۔
ایک روز جبرئیل اور عزرائیل باز اور فاختہ کی شکل میں حضورؐ کے پاس آئے فاختہ نے کہا کہ باز مجھے

کھانا چاہتا ہے' باز نے کہا کہ اگر حضورؐ اپنے رخسار کا گوشت عنایت فرمائیں تو میں فاختہ کو چھوڑ دیتا ہوں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ نے اپنا اپنا گوشت پیش کیا لیکن باز نے لینے سے انکار کر دیا اور جب حضورؐ چھری سے اپنے رخسار کا گوشت کاٹنے لگے تو باز نے یک لخت انھیں روکتے ہوئے کہا کہ یہ محض ایک امتحان تھا در اصل ہم فرشتے ہیں اور آپؐ کی سخاوت آزمانے آئے تھے۔

"فاختہ نامہ" یا "بازو فاختہ" دکنی کی ایک مقبول مثنوی ہے ادارہ میں اس کا ایک اور نسخہ موجود ہے (دیکھئے جلد اول مخطوطہ ۹۷ صفحہ ۱۸۱) ادارے کے علاوہ کتب خانہ سالار جنگ اور آصفیہ میں بھی اس کے چند نسخے موجود ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔

۱۔ کتب خانہ آصفیہ ایک نسخہ جلد اول صفحہ نمبر ۱۴۵

۲۔ کتب خانہ سالار جنگ دو نسخے فہرست صفحہ ۵۰۹

۱۲۸۳ فقر نامہ

مصنف : عنایت

اوراق ۲۱ ـ مسطر ۱۲ سطری

تقطیع $\frac{1}{2}$۶ × ۹ سنہ تصنیف ۱۱۲۹ ہجری

آغاز

ہوالاول ہوالاخر توں معبود ہوالظاہر ہوالباطن توں موجود

اول کہوں حمد میں پروردگارا کیا قدرت سوں جن منڈان سارا

سو اس کے لطف سوں اب دلکوں کہوں محمد مصطفیٰ کا فقر بول

نبوت ہے ختم احمد نبی پر ولایت بخش ہے مولا علی پر

عنایت ہے اماماں پر شہادت — فقر ہے بخش بر خاتون جنت
درو داں ہور صلواتاں نبی پر — کرو پھر کر فقر نامہ کو آخر

تمت تمام شد

۲۷۳ اشعار کی اس مثنوی میں حضرت محمد صلعم کے فقر و فقیری کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔ ایک خاتون جنت فاطمہ زہرہ نے حضور اکرم سے کہا کہ آپ سے پہلے جتنے بھی پیغمبر گذرے ہیں انھیں خدا نے مال و دولت، بادشاہت اور عیش و عشرت عطا کی تھی لیکن آپ کو کس لئے فقر و فاقہ کی زندگی گذارنی پڑ رہی ہے۔ تب حضور نے فاطمہ رض سے فقر و فاقہ کی حرمت کا راز بتلایا معراج کے واقعے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ جب خدا نے مجھ سے پوچھا کہ تم میرے لئے کیا لائے ہو تو آپ نے کہا کہ میں "عاجزی" "غریبی" "یتیمی" اور "ناچیزی" کا تحفہ لایا ہوں یہ جواب رب العالمین کو پسند آیا اور خدا نے میری امت کے لئے فقر و فقیری کی دولت عطا کی۔ فقر کی تعریف کرتے ہوئے شاعر کہتا ہے۔

لباس اس فقر کا ہوا کیا ہے زیور
توکل ہور قناعت شکر ہور صبر
ختم ہے تم اوپر رتبہ فقر کا
کرو اب فقر پر تقویٰ صبر کا

اس مثنوی کا ایک نسخہ کتب خانہ انجمن ترقی اور کراچی کے کتب خانہ میں ہے جس میں مصنف کا نام سید محمد عاشق وحشی لکھا گیا ہے۔

قصہ میراں محی الدین

۱۲۸۴

مصنف :- محمد افضل قادری

ورق ۸ مسطر ۱۲ سطری

تقطیع ۲×۶×۹

زمانہ تصنیف قریب ۱۱۰۰ھ ہجری

آغاز

توہیں قطب عالم محی الدین قدیر　　دو جگ ہے تیرے ہات توں ہے دستگیر

توہی چاند تجہ نور دو جگ منے　　توں سلطان روشن ہے ربی منے

محمد کے اولیاوں میں توں روشن　　علی فاطمہ کے توں دل کا چمن

اختتام

تصدق کیا جیو دونو او پر　　کیا ختم افضل ثنا سر بسر

اگر کوئی سنتا میں جکوی شک لے آئے　　گنا گار عاصی ہو دوزخ میں جائے

کہ یک سو ستر دس یو بتیاں امول　　کیا ہوں عشق دکھنی سوں کھول

غب کچھ ہے نعمت آ ہے منقبت　　مجھے کیا ہے طاقت کروں میں صفت

تمت تمام شد

"قصہ میراں محی الدین" یا "محی الدین نامہ" دکنی کی ایک مقبول ترین مثنوی ہے جس کے بیسوں نسخے ہند و پاک کے سرکاری اور غیر سرکاری کتب خانوں کی زینت ہیں۔

قصہ میراں محی الدین کا مصنف افضل قطب شاہی عہد کے آخری دور کا شاعر ہے وہ حضرات میراں شاہ معروف کا مرید تھا جنھیں وہ محی الدین ثانی سمجھتا ہے۔

میراں شاہ معروف مقبول ہے

محی الدین کے باغ کا پھول ہے

محی الدین کا لاڈلا جیا ہتا

او ثانی محی الدین ہو آیا

میراں شاہ۔ معروف کے خلیفہ شاہ سلطان تھے۔ افضل کی روحانی تربیت میں شاہ سلطان کو بڑا دخل حاصل ہے۔ شاہ سلطان صاحب دیوان شاعر ہے۔ اس کے ایک مرید مرتضیٰ کا کلام بھی ادارہ میں موجود ہے۔

اس مثنوی میں افضل نے حضرت محبوب سبحانی کی منقبت اور ان کی کرامتیں تفصیل سے پیش کی ہیں شیخ صفا کا واقعہ اور اس بڑھیا کا قصہ بھی اس مثنوی میں شامل ہے جس کا نوجوان بیٹا جو دریا میں ڈوب کر فوت ہو چکا تھا لیکن محبوب سبحانی کی کرامت کی بدولت زندہ ہو جاتا ہے۔

"محی الدین نامہ" یا "قصہ میراں محی الدین" کے مخطوطات کی تفصیل یوں ہے۔

۱۔ محی الدین نامہ ادارہ ادبیات اردو ایک نسخہ (جلد اول صفحہ ۲۵۳)

۲۔ محی الدین نامہ کتب خانہ آصفیہ پانچ نسخے (جلد اول صفحہ ۲۰۲)

۳۔ محی الدین نامہ سالار جنگ تین نسخے (فہرست صفحہ ۷۸۴)

۴۔ محی الدین نامہ برٹش میوزیم اورینٹل نمبر ۵۔ ۶۵

۵۔ محی الدین نامہ انڈیا آفس د بلوم ہارٹ نمبر ۵/۷۳)

۶۔ محی الدین نامہ انجمن ترقی اردو کراچی چھ نسخے

(فہرست جلد اول صفحہ نمبر ۸۳ ــ ۴۱۱ ــ ۴۲۰ ــ ۴۴۳)

۱۲۸۵ وفات نامہ رسول

مصنف :- دریا

ورق ۱۰ مسطر ۱۲ سطری

تقطیع ۶½ × ۹ زمانہ تصنیف ۱۱۱۱ھ ہجری

آغاز

بنا اول کروں حمد سے خدا میں ۔۔۔ زبان اوپر الپس کے ابتدا میں
کیا قدرت سوں ظاہر اپنی قدرت ۔۔۔ بنا کر جگ دکھایا اپنی حکمت
نتھا سو سب کیا ہر شئی کو موجود ۔۔۔ کو ایا سب کسی کا آپ معبود

اختتام

کیا نین ہے رہے گا جاودانی ۔۔۔ بچھانت خوب کر دیک عمر فانی
ہوا نسخہ یو ہجرت یاد سارا ۔۔۔ ہوے تھے برس آبلیارا ہور الگیارا
دیا توفیق اپنا فیض رے آب ۔۔۔ ہوا اس بیت ابر آخر مرتب

تمت تمام شد

۲۳۵ ابیات کی اس مثنوی میں حضور صلعم کی وفات کے حالات بیان کئے گئے ہیں جسے ایک دکنی شاعر دریا نے نظم کیا ہے۔

شاعر کا نام ابیات کی تعداد اور سنہ تصنیف کا ذکر ان اشعار میں آیا ہے۔

لیجا جنت نبی کی امتاں سب ۔۔۔ کیا دریا رسالہ نظم سوں سب
یو بیتاں ہیں دو سو دو بیس اوپر دو ۔۔۔ بقا نیں سے دائم سبھی سبھی لو
۲۴۲
ہوا نسخہ یو ہجرت یاد سارا ۔۔۔ ہوئے تھے برس ایکیارا ہوا ایکبارا
۱۱۱۱

اس مثنوی کے اور دو نسخے ادارے میں موجود ہیں (دیکھیے جلد اول صفحہ ۳۵، جلد چہارم صفحہ ۱۹۷) ادارے کے علاوہ اس مثنوی کے مخطوطات ذیل کے کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

۱ــ انجمن ترقی اردو پاکستان چار نسخے (جلد اول صفحہ ۵۵۷)

۲ــ جامعہ عثمانیہ ایک نسخہ (فہرست صفحہ ۵۷)

۳ــ سالار جنگ دو نسخے (فہرست صفحہ ۵۹۷)

قصہ ابوشحمہ

۱۲۸۶

مصنف : اولیا

اوراق ۲۷ مسطر ۱۲ سطری

تقطیع ۶ ۱/۲ × ۹

زمانہ تصنیف ۱۰۶۷ھ

آغاز

الٰہی مرے دل میں تو گیان دے — ہمیشہ تو مجکوں تیرا دھان دے

نہ تجہ بن مجھے کوئی آدھار ہے — ہمیشہ تو مجکوں تیرا یاد رہے

تیرا ذکر دایم میں کرتا اچھوں — تیرے ناؤں کا ورد کرتا اچھوں

اختتام

میں بیناں جو چھ سو اپر سات کر — پرویا ہوں موتی نمن دات کر

اگر کوئی پڑنگے اسے پیار کر — رکھیں گے اپس کے گلے ہار کر

ہزاروں درود و ہزاراں سلام — زبان پر محمد علیہ السلام

تمت تمام شد کار من نظام شہر

اولیا قطب شاہی دور کا شاعر ہے یہ مثنوی ۶۰۷ ابیات پر مشتمل ہے جس میں ابتدا حمد، نعت، مدح گیسودراز، مدح عبداللہ قطب شاہ اور تعریف سخن موضوعات کے تحت خیال آرائی کی گئی ہے اور اس کے بعد اصل قصہ کا آغاز ہوتا ہے۔ قصہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت عمر کے فرزند ابوشحمہ نے شراب پی اور زنا کیا جس کے باعث شرعی احکام کے بموجب انھیں کوڑے مارے گئے ابھی ان کی سزا مکمل نہیں ہوئی تھی کہ وہ انتقال کر گئے، باقی کوڑے ان کی قبر پر مارے گئے۔ ابوشحمہ

نے خواب میں آکر کہا کہ ان کو شرعی سزا دینے کے باعث خدا نے انھیں بخش دیا اور وہ جنت میں ہیں۔

آولیا نے اس مثنوی میں صراحت کردی ہے کہ اس نے نعمت اللہ نامی کی فارسی تصنیف کو دکھنی میں مختصراً ترجمہ کیا ہے۔

اتھا یو قصہ بھی اول فارسی — نظم خوش لکھا دکنی ہے آرسی
او تصنیف بنا نعمت اللہ کا — کیسے سو مدد پائے اللہ کا
تخلص اونو کا جو نامی رہے — یو نامی تخلص گرامی رہے
پروتے تھے دریو اس وقت پر — اتھی ان کی سولا برس کی عمر

شاعر کا نام، زمانہ تصنیف اور تعداد ابیات کا ذکر درج ذیل ابیات میں آیا ہے۔

بھی اس نے انگے تون ہرا اولیا — قصہ مختصر بھوت موزوں کیا
ہزار یک برس ہور نود سات میں — رجب کی تالیس ویں رات میں
۱۰۹۷ھ
یو توفیق خدا نے مجے جب دیا — پردیا ہوں موتی ثمن دات کر

اس مثنوی کے دیگر نسخے حسب ذیل کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

۱۔ کتب خانہ آصفیہ دو نسخے (فہرست جلد اول صفحہ ۱۰۰)
۲۔ ایک نسخہ یورپ میں ہے (یورپ میں دکھنی مخطوطات)
۳۔ کتب خانہ سالار جنگ میں ایک نسخہ (فہرست صفحہ ۲۰۳)
۴۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو پاکستان ایک نسخہ

(فہرست جلد چہارم صفحہ ۲۱۸)

۱۲۸۶ **حضرت مخدوم الاولیاء**

مصنف : فیض کرشاہ چشتی

تقطیع ۲ ½" × ۷ ½" اوراق ۲۰ مسطر ۱۹ سطری

زمانہ کتابت قریب ۱۳۵۰ھ

آغاز

"الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم و لا ھم یحزنون"

آنانکہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشہ چشمے بہ ما کنند

جب بارگاہ نبوت سے یہ ارشاد ہوا کہ " اے معین الدین ! تم سراپا دین ہو۔ تمہیں ہندوستان جانا چاہیے " سلطان الہند نے آفتاب کی طرح طرح افق اجمیر سے طلوع ہوکر ہندوستان کے گوشہ گوشہ کو نورِ ولایت سے منور فرما دیا۔"

اختتام

"ہر سال ۱۹ ربیع الاول کو عرس ہوتا ہے چونکہ آپ کا نسب اوس و خزاج کو منتہی ہوتا ہے اس لئے آپ انصاری کے لقب سے مشہور ہیں۔"

یہ نثری رسالہ مخدوم الاولیاء حضرت خواجہ مخدوم محمود صدیق انصاریؒ کے حالات پر مبنی ہے۔ مرتب کا بیان ہے کہ

"آج سے پچیس سال پہلے حضرت مخدوم انصاریؒ کے مناقب اور حالات

میں ایک قلمی مثنوی مصنفہ محمد علی محررہ ۱۲۷۹ھ مولوی امین الدین صاحب پاتوڑی کے ذریعہ حاصل ہوئی تھی۔ قدیم دکنی زبان تھی اس لئے میں نے اس کی نقل کر لی اور ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد کے ذریعہ اس کو شائع کرنا چاہتا تھا مگر ۱۹۴۷ء کے پولیس ایکشن میں میرے جملہ اثاث البیت کے ساتھ وہ نقل بھی لوٹ کھسوٹ میں چلی گئی جب ذرا سکون ملا تو پھر اس قلمی نسخے کے حاصل کرنے کی کوشش شروع کی۔ تو الحمدللہ مولوی سید زین العابدین صاحب مشائخ منجلے گاؤں اور مولوی حفیظ الدین صاحب خادم درگاہ پاتوڑ شریف نے اپنے اپنے قلمی نسخے مرحمت فرمائے۔ ان ہی دو قلمی نسخہ جات اور تاریخ بیڑ کی روشنی میں حضور مخدوم انصاری کے حالات قلم بند کئے جا رہے ہیں۔"

اس رسالہ میں درج ذیل موضوعات کے تحت حضرت مخدوم انصاری کے حالات لکھے گئے ہیں۔

نام و نسب — وطن اور شاہی — ترک سلطنت — ترک وطن — دھارور میں ورود — شجرہ بیعت — وصال — عرس شریف وغیرہ

ابتدا میں مصنف نے "التجا" کے عنوان سے ایک نظم لکھی ہے جس کے چند اشعار یہ ہیں۔

خواجہ مخدوم شاہ انصاری — ہے سدا فیض آپ کا جاری
فیض مل جائے آج فیضی کو — وہ بھی خادم ہے شاہ انصاریؒ
لاج رکھ لو معین دیں کے لئے — دین و دنیا میں کر مددگاری
اے گل گلستان ہارونیؒ — قلب ہو جائے رات دن جاری
اک نظر کرم ہو فیضی پر — دور ہو جائیں مشکلیں ساری

اس رسالے کے درمیان ایک علحدہ کاغذ پر ایک قطعہ تاریخ طباعت

درج ہے، جس سے اس کی تاریخ اشاعت ۱۳۸۷ھ نکلتی ہے۔

۱۲۸۸ **دیوان دانش**

مصنف : دلاور علی دانش

اوراق : ۹۱ مسطر ۱۰ سطری تقطیع ۸½ × ۶

کتابت ۱۳۲۷ ہجری

آغاز

"بحمد اللہ والمنۃ کہ حقیر پیر کا آغاز شاعری مداحیٔ حضرت رسول و آل مکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا تھا اور انجام بھی بفضلہ اوسی پر ہے۔ عالم شباب بتقاضائے سن وصحبت احباب گاہ گاہ مشاعروں میں شریک ہونے کا اتفاق ہوا اور غزل گوئی کا مشغلہ رہا اس لئے ایک مجموعہ غزلوں کا فراہم ہوگیا تھا۔

اختتام

"تاریخ مع الخیر واپسی نواب صاحب ممدوح از سفر مذکور ۔ جنٹے سے نواب سالارجنگ مع الخیر واپس جو تشریف لائے تو دانش نے خوش ہو کے اس واپسی کا کہا سن،

مع الخیر سالارجنگ آئے"

۱۳۲۷ھ

میر دلاور علی دانش ابن آقا سید علی رشتی، حیدرآباد کے منصبدار، کتب خانہ سالارجنگ مرحوم کے مہتمم، اردو اور فارسی کے ایک خوش گو شاعر ادیب ایک باکمال خوشنویس اور مورخ بھی تھے ان کی ایک کتاب کے "تاریخ ریاض مختار یہ" ادارہ

ادبیات اردو کی جانب سے طبع ہو چکی ہے۔ اس کتاب کے علاوہ دانش کی درج ذیل قلمی کتابیں ادارے میں محفوظ ہیں۔

۱ــ مجموعہ قواعد خوش نویسی (جلد دوم ص۴۶)

۲ــ تذکرہ سلاطین دکن (منظوم) (جلد چہارم ص۱۱۵)

۳ــ ہفت بند نعتیہ (نظم فارسی) (جلد پنجم ص۲۶۵)

۴ــ پنجۂ حیدری (نظم فارسی) (جلد پنجم ص۲۶۶)

پیش نظر کتاب دانش کا قلمی دیوان ہے، جس کا اب تک کوئی اور نسخہ دستیاب نہیں ہوا۔ یہ دیوان نہایت خوش خط لکھا گیا ہے اور پہلی نظر میں یہ مخطوطہ نہیں بلکہ مطبوعہ معلوم ہوتا ہے گمان غالب ہے کہ دانش کی دوسری کتابوں کی طرح یہ بھی انھیں کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔

دیوان دانش میں ۱۰۱ غزلوں کے علاوہ ایک قصیدہ "قصیدہ تہنیت و تاریخ وزارت میر لایق علی خاں بہادر سالار جنگ منیر الدولہ مختار الملک عماد السلطنۃ مرحوم" اور چند تاریخی قطعات بھی ہیں۔

دانش نے اپنے دیوان کی ترتیب و تدوین کا قطعہ تاریخ بھی لکھا ہے جس کے چند شعر یہ ہیں۔

اردو غزلوں کے مختلف پرچے تھے
تھا مثل مرے میرا پریشان سخن
احباب سخن شناس لیکن از بس
تدوین کے لئے مصر ہوئے سرو علن

جو حاصل طبع مختلف زمینوں میں تھا
مل کر ہوا سب وہ ایک چھوٹا خرمن
کہہ مصرعِ سال دانش اس دیوان کا
اکجلئے ہوا آج پریشانِ سخن

۱۳۲۴ھ

دیوان کے آغاز میں دانش نے ایک مختصر سا مقدمہ لکھا ہے جس میں انہوں نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ ان کی شاعری کا آغاز اور اختتام "مداحی حضرت رسول وآل مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" میں ہوا۔ نوجوانی کے زمانے میں انھیں مشاعروں میں شرکت کرنے کا موقع ملا، جس کی وجہ سے غزلیں بھی ان کے ہاں خاصی تعداد میں جمع ہوگئیں ۱۳۲۴ھ میں دوستوں کے اصرار پر انہوں نے اپنا ایک مختصر دیوان مرتب کیا تھا لیکن اس میں بعض ردیفوں میں غزلیں نہیں تھیں اس کمی کو پورا کرنے کے لئے انہوں نے "گلزار داغ" سے استفادہ کیا اور داغ کی ردیفوں میں غزلیں کہہ کر مکمل دیوان مرتب کر لیا۔

دیوان کی پہلی غزل کے چند اشعار یہ ہیں۔

مجاز مثل حقیقت کے حق نما نہ ہوا
ہوے بہت سے خداوند پر خدا نہ ہوا
خدا کا خاص نبیؐ مثل مصطفیٰ نہ ہوا
نبی ہوے پہ کوئی شاہ انبیا نہ ہوا
وہ دار دہر میں بدتر ہے چار پایوں سے
کہ جس سے شاد کوئی بندۂ خدا نہ ہوا

گنوائی عمر عبث اہلِ دھر میں دانش
ضرر اوٹھائے بہت کچھ یہ فایدا نہ ہوا

ایک شعر میں دانش نے میر محبوب علی خاں آصف جاہ سادس کی رعایا پروری کی اس طرح تعریف کی ہے ؎

رعایا پروری میں آج کوئی بادشہ دانشؔ
نظیر میر محبوب علی خاں ہو نہیں سکتا

آخر میں دیوانِ دانش سے چند منتخب اشعار پیش ہیں جن سے دانش کے رنگ تغزل کا انداز ہوگا۔

دوست ہے کون مرا جو کہ مجھے یاد کرے
ہچکی کیوں آئی انھیں، میں کسے یاد آیا

جان دینا ہجر میں تیرے مجھے مشکل نہیں
تو مگر رسوا جہاں میں میری جاں ہو جائے گا
ایک بوسہ خالِ لب کا آپ اگر دانشؔ کو دیں
نکتہ داں ہو جائے گا شیریں زباں ہو جائے گا

نہیں سجدے سے سر اُٹھتا ہے اپنا
کسی کا نقشِ پا ہے اور ہم ہیں
خبر دین کی ہے نہ دنیا سے مطلب
تصور آپ کا ہے اور ہم ہیں

بگڑ کے ہم سے چلے ہو کہاں سنو تو سہی
نہ اس قدر ہو خفا میری جاں سنو تو سہی
سوا تمہارے کسی پر فدا نہیں دانش
عبث تم اس سے ہو کیوں بدگماں سنو تو سہی

۱۲۸۹ فتح نامہ

مصنف : سید محمود

اوراق ۲۴۷ مسطر ۱۱ سطری

تقطیع $\frac{1}{2}$ ۵ × ۷ زمانۂ تصنیف قریب ۱۲۰۴ھ

(ناقص الاول و آخر)

آغاز

...... باریکی ہنر کی لگایا جگمیں چنگاری نظر کی
...... گل دہن کا ثمر بخشا او سے شیریں سخن کا
...... کو سنوارا گگن کو سب ستاروں سے چپارا

اختتام

..... حنیف شہ کوں بلاتے محمد مصطفیٰ کوں جب سناتے
.... زین لعبادکوں دے خلافت کئے تفویض ساروں کوں امامت
کئے تب بندوبست وہ شاہ غافل ہوا تب گھرطرف شہ کا مائل

اردو کی ادبی تاریخوں اور تذکروں میں محمود نام کے تین شاعروں کا ذکر ملتا ہے ۔

۱ــ سید محمود۔ سید محمود قطب شاہی عہد کے دور اول کا شاعر اور فیروز اور ملاخیالی کا ہم عصر ہے۔ جس کے بارے میں ابن نشاطی کہتا ہے ؎

۱ــ ہے صد حیف جونیں سید محمود کتے پانی کوں پانی دودکوب دو د

۲ــ محمود بحری :۔ قاضی محمود بحری (من لگن ۱۱۱۲ھ) شایع ہو چکی ہے

۳ــ سید محمود :۔ سید محمود نام محمود تخلص : ان کی تاریخ پیدائش اور سنہ پیدائش کا پتہ نہیں چلتا۔ مولوی نصیر الدین ہاشمی محمود کے بارے میں رقمطراز ہیں۔

"افسوس ہے کہ ہم پوری طرح ان (محمود) کے حالات سے باخبر نہیں ہیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک مذہبی آدمی تھے۔ سید اخوند میر شاہ سے بیعت تھی غالباً ان سے خلافت بھی حاصل ہوئی تھی۔"

(دکن میں اردو صفحہ ۴۳۹)

موخرالذکر شاعر پیش نظر مثنوی کا مصنف ہے جس کی دو مثنویوں کا پتہ چلتا ہے، ایک فتح نامہ یا ظفر نامہ (۱۲۰۴ھ) ہے اور دوسری "ملکہ مصر" (۱۲۰۶ھ) ہے۔

"فتح نامہ کا ایک نسخہ ادارہ میں "ظفر نامہ" کے نام سے موجود ہے جس کا ذکر تذکرہ مخطوطات جلد اول میں صفحہ ۹۱، ۹۲ پر آیا ہے، اس مثنوی کے بارے میں ڈاکٹر زور کا خیال ہے کہ اس کا واحد نسخہ ادارہ ادبیات اردو میں محفوظ ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

"زیر نظر مثنوی "ظفر نامہ" کا کوئی اور قلمی نسخہ غالباً حیدرآباد کے کسی مشہور کتب میں موجود نہیں ہے"

(تذکرہ مخطوطات جلد اول ص ۹۲)

حالانکہ ظفر نامہ کا ایک اور مخطوطہ کتب خانہ سالار جنگ میں موجود ہے (دیکھئے فہرست

مخطوطات سالار جنگ۔ مخطوطہ نمبر ۴۸۳۴ صفحہ ۲۶۰)

پیش نظر مثنوی کے درج ذیل ابیات میں اس کا نام فتح نامہ لکھا گیا ہے ؎

پکڑ اب جلد ے تو ں ہات خامہ

شروع کر شاہ کا اب فتح نامہ

تلاطم روضۃ الشہداء کا لے کر

بنایا فتح نامہ اس وزن پر

فتح نامہ تقریباً پانچ ہزار اشعار پر مشتمل ایک ضخیم مثنوی ہے، جو محمد بن حنیفہ کے حالاتِ زندگی، جنگ اور شہادت کے بیان پر مشتمل ہے ابتداء میں حمد نعت ہے پھر چاروں خلفاء کی مدح، سبب تالیف اور اس کے بعد نفس مضمون شروع کیا گیا ہے۔ اس موضوع پر دکنی میں متعدد مثنویاں لکھی گئی ہیں چنانچہ قطب شاہی عہد کے ایک شاعر سیوک نے ۱۰۹۲ھ "جنگ نامہ محمد حنیف" مرتب کیا ہے، سیوک کی مثنوی کی تصنیف کے تین سال بعد ۱۰۹۵ھ میں حیدرآباد کے ایک اور شاعر غلام علی خاں لطیف قزلباش (سنہ پیدائش ۱۰۵۰ھ) نے بھی ایک ضخیم مثنوی لکھی ہے اور اس کا نام بھی ظفر نامہ ہے۔

سید محمود نے اپنی مثنوی کو ولی ویلوی کی "روضۃ الشہدا" کی طرز پر لکھ کر اس کو بھی دس مجلسوں میں منقسم کیا ہے "فتح نامہ" کے سبب تالیف کے سلسلہ میں وہ "در نعت اشعار میگوید" کے عنوان کے تحت لکھتا ہے ؎

یکا یک ہم نے دیکھا اک مکاں پر

مصور تھی ایک مجلس لے منور

وہاں ایک یار پڑتا تھا جنگ نامہ
شہنشاہ یمن کا فتح نامہ
جو قاسم بن غلی نے درنا در
پروتے ہیں ظفر کے لڑ میں نظاہر
نہ پایا فتح نامہ انے نامی
ولیکن وزن ہے اس کا گرامی
سبب اس کے میرا ایک یار جانی
محب و دلیر با دلدار گیانی
سنو دلبر غلام محی الدین ہے
سمن بر سیم تن اور مہ جبیں ہے
کہا مجکوں کہ اے دلدار دلبر
مرا ایک عرض سن اے نیک محضر
پکڑا ہے جلد توں ہات خامہ
شروع کر شاہ کا اب فتح نامہ
تلاطم روضتہ الشہدا کا لے کر
بنایا فتح نامہ اس وزن پر
ولی اد روضتہ الشہدا کا مانی
فراست کے کیا گلشن کون خالی
مجھے طاقت کہاں اس کے برابر
جو بولوں شعر تازہ اس برابر

ولے تجہ حکم سے میں ہر کے لاچار
کہا ہوں اے مر دلبند دلدار
ختم کر یہاں سے اے محمود اب زود
خدا بر لاویگا تجہ دل کا مقصود

فتح نامہ کے تمام عنوانات سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ ہر مجلس کا ابتدائی اور آخری شعر اور چند دیگر عنوانات یہ ہیں۔

۱۔ درنعت سیدالمرسلین ۲۔ درنعت حضرت صدیق اکبر
۳۔ درنعت حضرت عمر ۴۔ درنعت حضرت عثمان
۵۔ درنعت حضرت علی مرتضیٰ ۶۔ درنعت شاعر میگوید

مجلس اول

قلم ہو مجلس اول میں شاطر چلا میدان میں کاغذ کے رکھ سمر
ارے محمود اب یہاں ماجرا چھوڑ حنیفہ کی حکایت سے سخن جوڑ

مجلس دوم

حکایت مجلس دویم کا بولوں دین کے جام میں شکر گھولوں
ارے محمود کر اب بات آخر قلم دشت فرح میں کر مسافر

مجلس سیوم

قلم سوں مجلس سیوم کو مرقوم کروں اخبار یہاں کی کوں معلوم
ارے محمود اب کر مختصر بات الیس کے دل سے اب کہہ زود صلوات

مجلس چہارم دربیان خلافت

قلم اب ہات میں ہے باشجاعت — تو کہہ مجلس چہارم کا حکایت
بزاں کہتے ستی خاموش راہ کر — پڑے فاتحہ بروح پاک سرور

مجلس پنجم

اتا اب مجلس پنجم بیاں کر — گرا دے شور سب روئے زمین پر
ارے محمود ہو جلدی سوں رہوار — شہ بغداد کوں پہنچا تو اخبار

مجلس ششم

قلم کا ہات میں اب ہے کے نشتر — ششم مجلس کے تین لطف سوں رقم کر
ختم کر یہاں ستی صلوات کہہ کر — بروح سید عالم پیغمبر

مجلس ہفتم

قلم ہو مجلس ہفتم میں چالاک — چلا عقیہ کے سر پر ڈالنا خاک
ارے محمود سٹ موزی کا گفتار — شہنشاہ کو لیف کرنوں اظہار

مجلس ہشتم

ستو شب نیر کلک جلد رفتار — ہوا کاغذ کے چوگاں میں رہوار
ارے محمود تو ں اپنی کمر بند — حضوری میں کھڑا رہ ہو کے خورسند

مجلس نہم در بیان شہادت مبارک محمد حنیف

قلم کا سر کٹا در ماتم حال — لکھا تب مجلس نہم کا احوال
ارے محمود سنگ بت شاہ کا چھوڑ — سعادت ہے قدم سوں اپنا دل جوڑ

مجلس دہم در بیان زین العابدین

قلم غواص ہو دریا سے غم کا — دہم مجلس منے لا دُرّ الم کا

(ناقص الآخر)

"فتح نامہ" کے صفحہ نمبر ۴، ۵، ۶ اور ۷ کے حاشیے پر دکنی اردو رنگ کی دو غزلیں لکھی گئی ہیں جن کے مطلع ذیل میں درج کئے جاتے ہیں ؎

کیتا ہوں تیرے نام کوں میں ورد زبان کا
کیتا ہوں تیرے شکر کوئی عنوان بیان کا

وو صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ
آتش عشق پڑی عقل کے سامان میں آ

یہ مخطوطہ جناب محمد اکبر الدین صدیقی صاحب کا عطیہ ہے جس کو موصوف نے اس کتاب کی ترتیب کے دوران ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ میں داخل کیا ہے۔

۱۲۹۰ روایح الانفاس (اردو ترجمہ)

اوراق (۶۲۵) تقطیع (۲۲ × ۱۷ سم)

مسطر ۱۷

کاتب۔ خود مترجم محمد اشرف خلف نواب لقمان الدولہ متخلص بہ دل

روایح الانفاس حضرت برہان الدین راز الہٰی کے ملفوظات کا مجموعہ جس کو حضرت شیخ ابراہیم گاذر الہٰی نے جمع کیا اور ان کے وصال کے بعد ان کے مرید و معتقد عبدالحی الحسنی الحسینی نے مرتب کیا۔ حضرت شیخ ابراہیم قادری گاذر الہٰی اُدھین میں پیدا ہوئے ان کے والد شیخ موسیٰ بن شیخ احمد (۵۶۹ھ۔ ۶۶۴ھ) بن شیخ محمد شیخ الاسلام حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر کی اولاد سے تھے۔ آپ سترہ سال کی عمر میں حقیقت

کی جستجو میں برہان پور پہونچے ۔ یہاں حضرت نسیم الرشید فرید خلیفہ حضرت عین العرفا شاہ عیسیٰ جند اللہ معروف بہ مسیح الاولیا (م ۱۵/ شوال ۱۰۳۱ھ) کے دست حق پرست پر بیعت کی اور پھر حضرت شاہ برہان الدین راز الٰہی داماد حضرت نسیم الرشید شیخ فرید قدس سرہٗ سے فیض باطنی حاصل کی۔

عبد الجبار خاں ملکاپوری نے تذکرہ اولیاء دکن میں لکھا ہے کہ آپ شیخ لشکر محمد عارف باللہ کے خلیفہ ہیں اور وہ حضرت محمد غوث گوالیاری کے خلیفہ ہیں حضرت محمد غوث گوالیاری نے شیخ ابراہیم کو غوث الاولیاء کا خطاب عطا کیا تھا ۔ آپ کی تاریخ وفات ۹۹۱ھ دی ہے لیکن یہ تاریخ صحیح نہیں معلوم ہوتی اس لئے کہ شاہ برہان راز الٰہی نے ۱۰/ شعبان ۱۰۸۳ھ کو وصال فرمایا۔

تاریخ برہان پور کے مصنف لکھتے ہیں کہ آپ کی ولادت بھروچ میں ہوئی ۔حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری نے خرقہ خلافت سے سرفراز کیا۔ جب گجرات سے برہان پور آئے تو محمد شاہ فاروقی اور اس کا وزیر اعظم سید زین الدین حضرت میاں آیا شیخ ابراہیم کے مرید ہوئے۔ سوائے شطاریہ طریق کے دوسرے سلاسل کے مشائخین سے بھی باطنی فیوضات حاصل کئے ۹۹۵ھ میں راہئ ملک جاودانی ہوئے اور مقبرہ محمد شاہ فاروقی واقع برہان پور میں مدفون ہیں ۔

اِن ملفوظات کو حضرت ابراہیم گاذر الٰہی کے خلیفہ عبد الحی الحسنی الحسینی نے مرتب کیا ہے اس میں (۳۲۲) روایئح ہیں ۔ مرتب نے ان ملفوظات کو اپنے اشعار سے دوآتشہ بنانے کی کوشش کی ہے فاضل مترجم نے ان کا ترجمہ نہیں کیا ہے بلکہ بجنسہٖ پیش کر دئے گئے ہیں ۔

پہلے حمد ہے پھر نعت اس کے بعد سبب تالیف بیان کیا ہے ۔ روایح کی ترتیب کی تاریخ میں ایک قطعہ لکھا ہے اور "جوشش ہائے اسرار" سے تارزیخ کا استخراج کیا ہے۔
۲۸۷ھ

ابتدا
آغاز

جو نقطہ کہ بہارستان معنی کے باغبان کی فیض افشاں زبان سے نکلتا ہے اس کا رسیلا پہلا پھل حضرت جل و جلالہ' کی حمد ہے۔

ترقیمہ

جس نسخہ سے ترجمہ کیا گیا ہے اس کا ترقیمہ حسب ذیل ہے۔

شوال المکرم ۱۱۵۶ھ کے مہینے میں بارہ تاریخ قلعہ بنگلور سے متصل زمین دار سری رنگ پٹن کے تعلقہ میں آصف جاہ کی فوج میں بندوں میں سب سے حقیر محمد اشرف ولد حاجی محمد کے ہاتھ سے غفر اللہ ذنبہ' و ستر عیوبہ (یعنی اللہ اس کے گناہ بخشے اور اس کے عیوب کو چھپائے)

"اصلی نسخہ نادر الوجود ہے شاید ہی دوسرا نسخہ کہیں ہو[1] چونکہ نسخہ کرم خوردہ ہے اس لئے فقیر (محمد اشرف) نے اپنے قلم سے اس کی نقل ۲۹/ رمضان المبارک ۱۳۷۱ھ کو مکمل کرلی۔ اور مولوی قدرت رحیم صاحب اس کی ایک اور نقل تیار کروائی جو ۲۰/ ذی قعدہ الحرام ۱۳۷۱ھ کو مکمل ہو[2]۔

فقیر نے اس بصیرت افروز ملفوظات کا ترجمہ ۱۸/ ذی قعدہ الحرام ۱۳۷۱ھ ہجری کو سرسری طور پہ مکمل کرلیا اور ۲۵/ ذی الحجہ الحرام ۱۳۷۱ھ کو نظر ثانی مکمل کرلی۔

---

[1] سید محمد مطیع اللہ صاحب راشد کے پاس اس کا ایک نسخہ تھا جس کا ذکر انہوں نے "برہان پور کے سندھی اولیاء" میں کیا ہے ایک اور نسخہ محمد عمر یافعی صاحب کے کتب خانہ میں بھی جو اور ہزاروں مخطوطات کے ساتھ انجمن ترقی اردو کراچی میں انجمن کے کتب خانہ کو ملا۔ میں (محمد اکبر الدین صدیقی) محمد اشرف مرحوم انجنیئر کے ملکی نسخہ کے مطالعہ کا شرف حاصل کرچکا ہوں۔

[2] یہ نسخہ اب کتاب خانہ گنج بخش لاہور میں ہے (دیکھئے فہرست نسخہ ہائے خطی کتاب خانہ گنج بخش جلد دوم صفحہ ۷۲)

مرتبہ :- احمد منزوی

چونکہ یہ ترجمہ فقیر نے اپنی معلومات میں اضافہ کرنے کی خاطر کیا ہے اور اس کے سوا وقت جو بیکاری میں گذرتا ہے اور بیکاری میرے نزدیک موت سے بدتر ہے اس لئے وقت بحمد اللہ اچھا گزرا۔ اب دعا یہ ہے کہ ہادی مطلق بطفیل ہادی برحق صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ واصحابہ واہل بیتہ وسلم صراط مستقیم پر رکھے اور عاقبت بخیر فرمائے بحق پیران جملہ سلاسل وبحق خواجگان چشت اہل بہشت رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین آمین ثم آمین

مولوی قدرت رحیم صاحب کی سفارش پر فقیر نے اس ترجمہ کے مسودہ کو ان کے کسی دوست کو جو عربی اردو فارسی کے عالم ہیں بغرض تصحیح حوالے کیا۔ موصوف کے نام اور نشان سے یہ فقیر واقف نہ تھا اور نہ ہے مصحح صاحب (۷) تو تصحیح تو کم فرمایا مگر تنقید دل کھول کے کی۔ ان کی تنقید کو حذف نہیں کیا گیا۔ مگر جہاں کہیں بزرگانِ دین کی شان میں انہوں نے گستاخی کی تھی اس کے جواب لکھدیا گیا۔ پھر تصحیح کردہ مسودہ کو فقیر نے اپنے قلم سے صاف کرنا شروع کیا اور یہ کام یکم صفر المظفر ۱۳۷۲ھ سے شروع کیا اور رائحہ (۲۵۳) تک مسلسل نقل کرتا رہا یہاں تک کام ۲۸/ صفر ۱۳۷۲ھ پھر ۲۹/ صفر ۱۳۷۲ھ سے نظر ثانی شروع کیا۔ کتاب کے شروع سے رائحہ (۹۷) تک از سر نو تصحیح کر کے عربی کا ترجمہ جہاں جہاں چھوٹ گیا تھا اور احادیث قدسی کا حوالہ مشکوٰۃ شریف سے دیتے ہوئے اس حصہ کو مولوی قدرت رحیم صاحب کے حوالے ربیع المنور ۱۳۷۲ھ کو کیا تاکہ اس کی نقل کی جائے۔ اس کی نقل کی جائے۔ اس کی نقل چھ ماہ میں مکمل ہوئی اور ۲۵/ رمضان المبارک کو تکمیل پائی۔

مبیضہ کی تصحیح ۵/ شوال سے شروع اور اس کے ساتھ، ساتھ ان روائح کے عنوانات وحصول جو فقیر نے اضافہ کیا تھا ان کو علحدہ ترتیب دے لیا اور اس کتاب میں جو نام آئے ہیں ان کی ابجد واری فہرست کا مسودہ ۲۱/ شوال کو مکمل کر لیا۔

اشعار پہ شعرا کے ناموں کا اضافہ کیا اور ایک سال سے زیادہ کے عرصے میں فقیر نے ثمرات الحیات (ملفوظات حضرت شاہ برہان راز الٰہی مرتبہ عاقل خاں رازی) اور مناجات عبداللہ انصاری بھی ترجمہ کر لیا اور "شرح آمنت باللہ"[1] وصیت نامہ (تصانیف حضرت شاہ برہان راز الٰہی) کا بھی

[1] شرح آمنت باللہ حضرت شاہ برہان راز الٰہی کی تصنیف ہے جسکو قدرت رحیم نے نقل کیا تھا اب یہ نسخہ کتب خانہ گنج بخش لاہور میں نمبر ۔۔۔ ہے دیکھیے فہرست کتاب خانہ گنج بخش جلد اول مرتبہ احمد منزوی صفحہ ۹۹۔

نوٹ :۔ الحاج مولانا محمد اشرف پیشہ کے لحاظ سے انجینیر تھے ان کے والد نواب لقمان الدولہ متخلص بہ دل حاذق ڈاکٹر اور صاحب دیوان شاعر تھے وہ کتب خانہ سالار جنگ میں غالباً ۵۹، ۱۹۵۸ء میں اسپیشل افسر برائے کیٹلاگنگ مقرر ہوئے اور ۱۹۷۳ء تک اس خدمت پر فائز رہ کر تذکرہ فارسی مخطوطات کی ۱۷ اور تذکرہ عربی مخطوطات کی دو جلدیں مرتب کیں فارسی کی ۵ جلدیں ان کے حین حیات اور دو بعد میں شائع ہوئیں عربی کی دوسری اور تیسری جلد بھی مرتب کی دوسری ان کے حین حیات اور تیسری بعد شایع ہوئی ۔ وہ حیدرآباد سے پاکستان گئے اور ۱۹۷۴ء میں وہیں انتقال کیا ۔

ڈاکٹر ذاکر حسین، پروفیسر ہمایون کبیر اور ڈاکٹر بیگم نے فہرستوں میں جو پیش لفظ لکھے ہیں اس میں مولانا محمد اشرف مرحوم کے تبحر علمی تشغف اور لگن کی تعریف کی ہے ۔

قدرت رحیم صاحب کم سنی ہی میں کتب خانہ آصفیہ میں ملازم ہوئے اور نصف صدی سے زاید وہ ان مخطوطات کے شعبہ میں خدمت انجام دی ۔ حصول وظیفہ حسن خدمت کے بعد کتب خانہ نواب سالار جنگ میں مخطوطات کے شعبہ میں محمد اشرف صاحب کے ساتھ کام کرتے رہے ۔ اچھے خوشنویس تھے ۱۹۷۸ء میں انتقال کیا ۔

۱۲۹۱ فقہ ممات

نام مترجم ندارد سنہ ترجمہ ۱۲۳۸ھ

اوراق (۳۸) تقطیع (۲۰ × ۱۵ سمر)

مسطر ۱۱ سطری کاغذ دیسی

اصل کتاب فارسی میں ہے جس کے مصنف ابوبکر محی الدین صدیقی ولد حبیب الہندیری برہان پوری ہیں ۔ عبد الرحمٰن نے مترجم سے فرمائش کی کہ فارسی کو مواد نہیں سمجھتے اس لئے اس کا ترجمہ زبان ہندی میں ہو تو عوام مستفید ہوسکیں گے ۔

مترجم نے اس کا ترجمہ کیا ۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے

دران دنوں میں کہ سنہ یکہزار دوصدوسی وہشت ہجری نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے جمیل الاخوان

عبدالرحمٰن بواسطہ فرمائش اکثر احبا اپنے دامن گیر حال نقیر کے ہوں کہ اگر بیان اس کتاب کا زبان ہندی میں یہ سبیل دست ہوئے بہوت ایک مرد و زن کہ آرائش زیور فارسی سے عاری ہیں ذخیرہ اندوز فواید ہوں گے۔"

اس میں ایک تنبیہ، بارا فصلیں اور ایک خاتمہ ہے۔

"فصل اول: بیچ بیان غسل میت کے مسلسل دوسرا: بیچ کفن و غسل دینے شہدا کے فصل تیسرا بیچ کو میت مرد و زن کے فصل چوتھا: بیچ احکام و ارکان و وجوب نماز جنازہ کے فصل پانچواں: بیچ اٹھانے جنازے کے فصل چھٹواں: بیچ دفن و نقل میت کے یک جاے دوسری جا پر و بنانے قبر کے فصل ساتواں بیچ عذاب قبر و مناسب اوس کے فصل آٹھواں: بیچ مسائل متفرقہ کے فصل نواں: بیچ عدت بیٹھنے کے فصل دسواں: بیچ حیلہ کفارت نماز روزے کے فصل گیارواں: بیچ تعزیت و بھیجنے کھانا طرف وارثان میت کے فصل باروان: بیچ زیارت کے کہ جو ہماری و تمہاری آبادیوں میں حاضر کوں تیسرے روز یعنی خبر موت کی سن کے دوسرے روز جو کرتے ہیں۔

خاتمہ الکتاب: بیچ جانے قبرستان کے تنبیہ: بیچ سکرات کے

ابتدا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ گوہر حمد وثنا بارگاہ خالقی کہ یخرج الحی من المیّت قطرہ ایک دریائے صفات سے اوس کے مروارید ثنا اینار صانع کہ یخرج المیّت من الحی دانہ ایک انبار سے کمالات اوس کے۔

اختتام

اگر قبور مسلمین و کفار ملے ہوئے تو یہ فرماتے تھے السلام علی من اتبع الھدیٰ یا ز فرماتے۔ السلام علی اھل لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ترقیمہ۔

نقہ حمات بتارنخ بست و ہفتم رمضان المبارک روز چہار شنبہ از دست فقیر حقیر سید شاہ عبدالقادر قادری با تمام رسانید۔

۱۲۹۲ قصہ جمجمہ

مصنف کمترین۔ کاتب عبدالقادر قادری

تعداد اشعار (۱۰۹) تاریخ تصنیف بعد از ۱۱۵۰ھ

اوراق۔ ۵ تقطیع (۲۰×۱۰ سمر)

مسطر ۱۱ سطری کاغذ دیسی

مثنوی پر کوئی نام نہیں۔ قصہ کے لحاظ سے اس کو یہ نام دیا گیا ہے۔

کمترین دکنی شاعر ہے اس نے شاہ مصر کا قصہ نظم کیا ہے۔ اصل قصہ خواجہ فریدالدین عطار نیشاپوری نے نظم کیا ہے۔ کمترین نے اس کا ترجمہ کیا ہے۔ قصہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ ایک راستہ سے گذر رہے تھے ایک کھوپڑی نظر آئی اس سے پوچھا تو اس نے جمجمہ نام بتلایا اور کہا کہ وہ بادشاہ ظالم تھا اب اپنے ظلم کا بدلہ لے رہا ہے۔ حضرت عیسیٰؑ نے دعا کی اور اس کو عذاب سے نجات ملی۔

کمترین نے ماخذ کا پتہ اس طرح دیا ہے۔

فارسی نسخہ تھا یو عطار سے ــــ عطر پرور وہ تھا گو یا ہر کسے
اس لئے میں نے کیا ہر کہنی زباں ــــ تا کہ سمجھے ناقصاں اور جاہلاں

تخلص کا شعر ہے۔

اب دعا کا اس کے حق میں کمترین ــــ جن کیا تیرا سخن کرسی نشین
کمترین نسخہ توں کریاں سے تمام ــــ بھیج پیغمبر پو صلوٰۃ و سلام

ابتدا

از قضا روز نے بحکم کردگار — حضرت عیسیٰ چلے دریا کنار

ایک سر انساں کا کہیں رہ منے — حضرت عیسیٰ نے جا اس کے کہنے

سر تھا خالی نہ تھا تن کا نشان — لحم، چمڑا، کچھ نہ تھا جز استخوان

اختتام

نام اوس کا اوس منے سن با شعور — فیض سے مل ہے محمد کا ظہور

کمترین نسخہ توں کریاں سے تمام — بھیج پیغمبر پہ صلوٰۃ و سلام

از طفیل حضرت خیر الانام — ہو چکا نسخہ یہاں سارا تمام

کتب خانہ سالار جنگ میں اس کے دو نسخے قصہ حضرت عیسیٰ و جمجمہ اور قصہ عیسیٰ و بادشاہ مصر وشام کے نام سے موجود ہیں (دیکھئے وضاحتی فہرست صفحہ ۵۱۱، ۵۱۲)

۱۲۹۳ قصہ ابو شحمہ

نام مصنف ندارد — سنہ تصنیف ندارد

کاتب — سید عبدالقادر قادری

اوراق (۶) تقطیع (۲۰ × ۱۵ سمر)

مسطر ۱۱ سطری — تعداد اشعار (۱۰۷)

قصہ ابو شحمہ کو اولیا نے بھی لکھا ہے جو مثنوی کی صفت میں ہے۔ یہ قصہ قصیدہ کی صفت میں ہے۔ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت ابو شحمہ حضرت عمرؓ کے لڑکے تھے اور ناز و نعم میں پرورش پائی ـــ زاہد مرتاض اور عبادت گذار تھے یہ راستہ سے گذر رہے تھے کہ کسی نے ان کو زبردستی شراب پلادی یہ راستہ بھول کر غیر کے مکان میں چلے گئے جہاں ایک لڑکی سورہی تھی اس سے زنا کیا لڑکی کو حمل ٹھہرا وضع حمل کے بعد اس نے دربار فاروقی میں حاضر ہوکر واقعہ بیان کیا۔ ابو شحمہ کو بلایا

گیا۔ ان پر حد مقرر کی گئی نوے درے لگنے کے بعد انتقال ہو گیا۔ تدفین کے بعد دس درے قبر پر لگائے گئے۔ اس واقعہ کو زیب داستان کے لئے وسعت دے کر بیان کیا ہے۔ شاعر کا نام معلوم نہیں اولیا کے تحریر کردہ قصے کتب خانہ سالار جنگ اور کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہیں لیکن اس شاعر کا تحریر کردہ قصہ ابوشحمہ کسی اور کتب خانہ کی فہرستوں میں نہیں۔ اس طرح یہ واحد نسخہ ہے۔

ابتدا

وصف رب الحمد للہ بولتا ہوں ابتدا شوق سے اپنے دیکھو روشن کیا ہر دوسرا

نواسوں اپنے نبی نورنبی کوں سب جہاں تاج شاہی دے کیا ہے جن کو ختم الانبیا

ہے بنا (ہ) سب امتوں کوں ذات سوں اونکی مدام عاصیاں کے تئیں وہی ہیں شافع روز جزا

اختتام

دے کفن آکر ملایک یہ جنازے کی تمام

بولتے کلمہ شہادت دیں رکھے تربت میں لا

دس دُرے باقی اتھے تو مار کر تربت اوپر

چل دئے گھر کوں عمرؓ نے امر حق لا کر بجا

بس ایتا کر ختم ضم سوں فاتحہ پر دل سے

لادیں گے شحمہ نے یہ سب دل کے تیرے مدعا

۱۲۹۴ وفات نامہ سرور کائنات

دریا یا عاصی تعداد اشعار ۲۴۸

سنہ تصنیف ۱۱۱۱ھ اوراق ۱۲

تقطیع (۲۰ × ۱۵ سمر) سطر ۱۱ سطری کاغذ دیسی

کاتب سید عبدالقادر قادری

کتب خانہ ادارہ ادبیات اردو میں اس کے تین نسخے ہیں اور کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں ایک کتب خانہ آصفیہ میں ایک۔

ہر جگہ مصنف کا نام دریا بتلایا گیا ہے۔ اور بنیاد یہ شعر ہے۔

کیا دریا رسالہ نظم توں سا نچہ یو بیتاں میں دو صد دو بیت پر دا نچہ

پیش نظر نسخے میں یہ شعر اس طرح لکھا ہے۔

کیا ختم رسالہ نظم شعری ۔۔ لو یو بیتاں ہے دو صد دو بیت پر دو

لیکن پیش نظر رسالے میں ۲۴۵ ابیات ہیں
تخلص کا شعر

گنہ توں دور کر ہو۔۔۔۔ دروشنی بخش ترا عاصی گدا ہوں اے غنی بخش

ممکن ہے کہ یہ محمد اسمٰعیل عاصی ہوں جو ارکاٹ کے باشندے تھے۔

رسالے میں آنحضرت صلعم کی زندگی کے حالات آپ کے وصال تک دئے ہیں۔

ابتدا

بنا اول کروں حمد خدا میں زبان اوپر اس کی ابتدا میں

کیا قدرت سوں ظاہر اپنی قدرت بنا کر جگ دکھایا اپنی حکمت

آخری اشعار

ہوا نسخہ یو ہجرت بعد سارا
ہوے تھے برس اگیارہ سو یو اگیارا
دیا توفیق اپنے فیض سے اب
کیا اس بیت پر آخر مرتب

۱۲۹۵ معجزہ درود شریف

نام مصنف ندارد تاریخ تصنیف مابعد سنہ ۱۱۵۰ھ

تعداد اشعار (۲۷) صفحے (۳)

تقطیع (۲۰ x ۱۵ سمر) مسطر ۱۱ سطری کاغذ دیسی

کاتب سید عبدالقادر قادری

یہ ایک مختصر سی مثنوی ہے قصہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ آنحضرت صلعم اصحاب کرام کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ ایک اعرابی ایک برتن لے آیا اور کہا کہ میں نے ایک مچھلی خریدی اور پکانے کے لئے دی تین دن گذرے مچھلی گلی نہیں اس لئے یہاں لے آیا ہوں آنحضرت صلعم نے دریافت کیا تو مچھلی نے کہا کہ میں نے کسی کو درود شریف پڑھتے سنا تو اس کو یاد کر لیا اور ورد کرتی رہتی ہوں آگ مجھ پر اثر نہ کرنے کا یہی سبب ہے۔

ابتدا

کہ یکدن محمد علیہ السلام — کہ یاراں سوں کرتے تھے ہم کلام
کہ اتنے میں یک شخص کوئی آئیا — نبی کے انگے یک طبق لائیا
عربی (اعرابی) تھا مرد وہ نیکنام — ادب سے انگے ہو کو کیتا سلام

انتہا

محمد نے کئے تجہ کوں کچھ یاد ہے — کہی یو مچہ مجکوں او سب یاد ہے
جو بولو کہے تو علیہ السلام — جو کچھ یاد ہے سو کہی سب تمام
جو کچھ یاد تھا سو سنائی تمام — بحق محمد علیہ السلام

۱۲۹۶ فضیلت درود شریف

کاتب سید عبد القادر قادری

درود شریف کی فضیلت میں ایک چھوٹی سی بارہ اشعار کی مثنوی ہے۔ جو معجزہ درود شریف مندرجہ بالا کے بعد لکھی گئی ہے۔

ابتدا

درود شریف لکھا ہے اس کے بعد کا شعر ہے

محمد نے بولے سب اصحاب کوں یولکھ بیکو سارا تمہیں یاد سوں

آخری شعر

درود دیو بچہ ہے سب سنو یار ہو آتا سٹ کو غفلت کو ہشیار ہو

۱۲۹۷ گلسری حضرت خاتون جنت

محمد اسمٰعیل عاصی تعداد اشعار (۷۰)

اوراق (۴) تقطیع (۲۰ × ۱۵ سمر)

مسطر (۱۱) سطریں کاغذ بدلیسی

عاصی نے یہ قصہ منظوم کیا ہے۔ کہتا ہے کہ حضرت بی بی فاطمہ زہراؓ کی شادی کے موقع پر جبرئیل ایک گلسرے آئے۔ اس کا ایک کنگر کہیں دریا میں گرگیا اور ایک مچھلی نے نگل لیا۔ مچھلی کو مچھیرے نے پکڑا اور راجہ کے محل میں فروخت کیا۔ اس میں وہ کنگر ملا جس کو رانی نے بہ حفاظت تمام رکھا۔

ایک دن ایک فقیر حضرت خاتون جنت کے دروازہ پر آیا اور سوال کیا۔ گھر میں کچھ نہ تھا آپ نے گلسر دیدی۔ اس نے راجا کو بارہ ہزار دینار میں فروخت کیا۔

رانی نے محسوس کیا کہ اسی گلسر کا کنکر ہے اور وہ اس کے پہننے کے قابل نہیں اس کے سوئے خاتون جنت ہی اہل ہوسکتی ہیں ۔ بہرحال وہ گلسر پھر حضرت بی بی فاطمہ تک واپس آگئی ۔

ابتدا

کہوں حمد سبحان کا دم بدم | بعد نعت حضرت شفیع الامم
کیوں ایک قصہ ای (اہل) مقول | جو حضرت کی دختر بھی خاتون بتول
کہ خیرات کا ان کے پوروں بیاں | سنو اے عزیز اں کہوں یک نشاں

اختتام

سخی دوست حق کا اچھے فاسفا (باصفا) جمیل زشت حق کا اچھے عابدا
اسمٰعیل عاصی ہے او بے خبر | کرو یا نبی کرم کی (نظر) اوس اوپر
ہوا ہے یو قصہ مرتب تمام | کہو سب نبی پر درود و سلام

ترقیمہ

وفات نامہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم و گلسری حضرت فاطمۃ الزہرا صلوٰۃ علیہ السلام از دست عاصی فقیر حقیر سید شاہ عبدالقادر قادری بتاریخ یازدہم رمضان المبارک سنہ ۱۲۶۲ ہجری باتمام رسید

۱۲۹۸ محی الدین نامہ

حسینی قادری

اوراق ۲۵ تقطیع (۲۵ × ۱۵ سمر)

مسطر ۱۱ سطری کاغذ دیسی

کاتب سید شاہ عبدالقادر قادری

یہ ایک مثنوی ہے جس میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی منقبت کی گئی ہے حمد میں دس شعر

ہیں اور نعت میں نو۹ اس کے بعد منقبت شروع کی گئی ہے جس کے تین شعر ہیں پہلا عنوان

درمنقبت حضرت پیر دستگیر شیخ محی الدین سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ ہے

جس کے تیرہ شعر ہیں اور ہر شعر محی الدین سے شروع ہوتا ہے۔

دوسرا عنوان۔ دربیان تولد حضرت پیر دستگیر عالی جناب گوید ہے اس میں (۲۶) اشعار ہیں

تیسرا عنوان۔ دربیان سخن کردن گاؤ ہمراہ عالی جناب و روانہ کردند والدہ مکرمہ بطرف

مکہ معظمہ اس کے بعد ہی ایک عنوان درمیان مناجات گوید ہے جس میں پیر دستگیر نے خدا سے دیدار کی

التجا کی اور بہرہ ور ہوئے۔

چوتھا عنوان۔ دربیان آمدن حضرت خضر علیہ السلام نزد حضرت پیر دستگیر برائے

رفتن سیر۔ اس کے بعد کا عنوان خوارق عادات پہ ہے ایک عنوان دربیان اخلاق حمیدہ شاہ عالی

جناب گوید۔

ابتدا

ہر یک ذرہ موجود تجھ اسم سوں ۔۔۔ کہ جیوں اسم مقصود ہے لبسم سوں
الف بے کی صورت لیا ہے مگر ۔۔۔ اوسے بدسوں ظاہر ہوئی سر بسر
رہی (یہی) بحر و بر یعنی دو نو جہاں ۔۔۔ ترے اسم سوں سب ہوا ہے عیاں

اختتام

ایسا کون ہے جگ میں دوسرا تو پیر ۔۔۔ برائی کے بدلے دیوے نیکی پھیر
نجی شاہ کا کمترین ہے غلام ۔۔۔ حسینی لکر قادری ہے یو نام
کیا اس رسالے کوں میں اختتام ۔۔۔ بحق محمد علیہ السلام

تحیات صلوٰۃ سوں دبدم
محمد کے اوکہا میں ختم

۱۲۹۹ **نعت**

شاعر نامعلوم تعداد اشعار (۱۹)

ابتدائی دو شعر

پیدا کیا حق نے نبی ایسا کوئی نبیاں منے
دینے بڑائی ان کے تئیں نبیاں ستی محشر منے
سب اولیا اور انبیاء کر گئے ہیں دل میں آرزو
پاویں دو جگ میں ہم شرف ہوویں جو امت اس منے

آخری دو شعر

جنگلی جناور تھے جتے لاگے نبی کے آ چرن
توڑے کفر دل کا سبھی لیائے صدق سب دل منے
نیکی عبادت تم کرو غافل نہ ہو ہشیار ہو
پینا پیالہ موت کا دنیا جو ہے فانی منے

۱۳۰۰ **وصیت نامہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**

اوراق (۴) تقطیع (۲۰×۱۵ سمر)

مسطر ۱۱ سطری کاغذ دیسی

کاتب سید عبدالقادر قادری

یہ ایک ہدایت نامہ ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب ارشادات جمع کئے گئے ہیں اور اس کا نام وصیت نامہ رکھا ہے۔

ابتدا

وصیت نامہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی مرتضیٰ صلوٰۃ اللہ علیہ کے تئیں فرمائے ہیں

اختتام

یہ باتاں تمام دل میں یاد رکھو اور جو مسلمان ہے اس کو سکلاؤ اور تاکید کرو یہ وصیت نامہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اول نازل ہوا ہے یارب العالمین۔

۱۳۰۱ کشف الخلاصہ

حافظ شجاع الدین سنہ تصنیف ۱۲۳۲ھ

کاتب سید عبدالقادر قادری

اوراق (۲۰) تقطیع (۲۰×۱۵ سمر)

مسطر ۱۱ سطری کاغذ بدیسی

تذکرہ اردو مخطوطات (ادارہ ادبیات اردو) کی پہلی جلد میں صفحہ ۱۷۴ پہ اس کے متعلق نہایت تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ مصنف رسالہ کشف الخلاصہ کے حالات میں امیراور برادر انوار اللہ فضیلت جنگ۔ بانی مدرسہ نظامیہ نے "مناقب شجاعیہ" لکھی ہے جو چھپ چکی ہے۔ تذکرہ اولیائے دکن جلد دوم میں مصنف کے حالات صفحہ ۱۰۰۲ تا ۱۰۱۲ پہ دئے ہیں۔

اس کے متعدد نسخے تقریباً تمام بڑے اور چھوٹے کتب خانوں میں موجود ہیں۔ یہ کتاب بارہا چھپ چکی ہے اور اب تک چھپ رہی ہے پچاس سال پہلے تک دینی مدارس میں اس کو تقریباً حفظ کرایا جاتا رہا ہے۔ فقہ کے موضوع پہ بہت آسان اور بہت مقبول کتاب رہی ہے۔

محلہ غدی بازار حیدرآباد میں حافظ شجاع الدین صاحب کے مزار پہ ایک نہایت شاندار اور بلند گنبد بنا ہے۔

ابتدا

سب ثنا ہے حضرت رحمان کوں جان و عقل و دیں دیا انسان کوں
فضل سے اپنے ہمیں قرآن دیا اوس میں امر و نہی سب روشن کیا
عقل دے کر فقہ سمجھایا ہمیں راہ وہ نیکی کی بتلایا ہمیں

اختتام

آل و اہل بیت و اصحاب اجمعین تابعین و لبعد تبع تابعین
بعد ازاں سب مومنات و مومنین انتجب مولا ہے رب العالمین
یہ خلاصہ فقہ ہندی شد تمام بر محمد باد صلوٰۃ و سلام

بیان ختم کتاب گویند کے زیر عنوان مصنف نے رسالے کی تاریخ تصنیف دی ہے اور اس کے بارے میں اس طرح ذکر کیا ہے۔

ختم یہ گذرے تھے جو ہجرت کے سال ہندوی کشف الخلاصہ سے نکال
۱۲۳۲ھ
اس رسالے کی زبان تھی فارسی صاف اور پاکیزہ جیسے آرسی
اختصار اس کا بیاں کوئی کیا کرے جیسے کوئی دریا کوں کوزے میں بھرے
تھا مصنف اس کا مرد اہل دل دل بہت مشغول ظاہر آب و گل
باوجود اس کے تھا عالی مقام نام اپنا نئیں لکھا وہ نیک نام

۱۳۰۲ تملح النصائح

میر حیات

اوراق (۱۰) تقطیع (۲۰ × ۱۵ سمر)

کاغذ بدیسی

کاتب سید عبدالقادر قادری

میر حیات میسوری کے متعلق پچھلے صفحات (۴۶-۵۱) میں ذکر آچکا ہے۔ یہ تاج النصائح کا ایک اور نسخہ ہے۔

ابتدا

ربنا یا ربنا یا ربنا کیوں زبان سے ہوسکے تیری ثنا
یا رحیمی یا رحیمی یا رحیم یا کریمی یا کریمی یا کریم

اختتام

اس بیان طول کو بس کر حیات بول دے باقی رہی ہے ایک بات
شرک دو ہیں یک خفی دوسرا جلی جب ہوا تو دور اس سے ہے ولی
بھائی جان تاج النصائح ہوئی تمام مصطفیٰ پر ہو درود اور سلام

۱۳۰۴ وفات نامہ خاتون جنت

مصنف نامعلوم
کاتب سید عبدالقادر قادری
اوراق (۵۲) تقطیع (۲۰ × ۱۰ سمر)
مسطر ۱۱ سطری کاغذ دیسی

اس کا ایک نسخہ کتب خانہ سالارجنگ میں موجود ہے۔ (ملاحظہ ہو) وضاحتی فہرست کتب خانہ سالارجنگ صفحہ (۵۱۷) جناب نصیر الدین ہاشمی مرحوم نے اس کو امیدی کا بتلایا ہے اور ثبوت یہ شعر پیش کیا ہے۔

امیدی دعا مجھکو تم سنتی میں رکھوں تمہاری دعا کی یو برکت پچھوں

پیش نظر نسخہ میں یہ شعر اس طرح لکھا ہے۔ جو صحیح ہے۔

امیدِ دعا تم سیتے میں رکھوں ۔۔۔ تمھاری دعا کی برکت چھٹوں

تذکرہ نسخہ سالار جنگ غلط تحریر ہوا۔ شعر وزن میں بھی نہیں ہے۔ اس لئے امیدی اس کا مصنف نہیں ہوسکتا۔ امیدی قطب شاہی دور کا شاعر ہے اس کی ایک مثنوی "شمع و پروانہ" جو بالکل طبع زاد ہے "فکر ونظر" علی گڈھ کے دو شماروں میں راقم الحروف نے اپنے مقدمہ کے ساتھ شائع کردی ہے۔

اس مثنوی میں وزن سے گرنے والے شعر کئی ہیں اور امیدی کی شعر گوئی کا معیار بلند ہے۔

یہ مثنوی نگار خود کہتا ہے۔

محی الدین کا مدح بولوں جیتا ۔۔۔ مرگے رگ منے تازہ گی ہوی وتا

کئے جب مدد اپنی خادم کیتیئں ۔۔۔ کدین نےسو کہنے لگیا شعر میں

وہ کہتا ہے کہ میں گیارھواں باب لکھ رہا ہوں جس میں ایک جز تو ایک جز تو وفات حضرت بی بی فاطمہ کا ہے اور دوسرا تاج کا جو حضرت علیؓ کو پہنایا گیا۔

ممکن ہے کہ اس کی اصل کتاب کا نام شہنشاہ نامہ ہو۔ وہ لکھتا ہے۔

شہنشاہ نامے کوں قرآں جیاں ۔۔۔ یو قرآں کے جوہران کا ہے کھان

اس کا یہ گیارواں باب ہو۔ جس کے بارے میں وہ کہتا ہے۔

کیا یاز دہم باب قصہ بیاں ۔۔۔ ہزاراں سوں بیتاں دکھن کی زباں

ولیکن بھی باقی انگیں کئی ہزار ۔۔۔ کرے ختم بیگی سوں پروردگار

شروع اب کروں میں یہ گیارواں باب ۔۔۔ سنو دل سوں اب موثناں کامیاب

ایگارا میں حیدر کا ہے سب کلام ۔۔۔ جو خاتون جنت کوں ہوئے مقام

سنو ادہمیں ہے فاطمہ کا وفات ۔۔۔ یو سننا مسلماں کو ہے نجات

اس کے ہزاروں اشعار کی مثنوی شہنشاہ نامے کا ابھی تک کوئی سراغ نہیں ملا۔

پہلے جز کی ابتدا

محی الدین کا حسن کوں ہوے مدد	ہوے فضل حق اوس اوپر بے عدد
محی الدین کا جو ہوے دوستدار	مدد ہو دیں گے اس کیتیں چار یار
محی الدین پر جو ہویگا خدا	نواز یں گے اوس کوں رسول خدا

اختتام

طفیل محی الدین جیلانی شاہ	کرے عفو میرے خطایا الٰہ
الٰہی بلاوے منجے توں حضور	بلاسات ایمان کے یا غفور
کہا یو مدح فاطمہ کا الٰہ	مددسوں محمد کے صلو علیہ

ترقیمہ

این وفات حضرت خاتون دو جہاں رضی اللہ عنہ بتاریخ چہارم ربیع الاول روز جمعہ ۱۲۵۹ھ ہجری از دست فقیر حقیر سید شاہ عبدالقادر قادری صبغتہ اللہی باتمام رسید۔ حسب فرمایش رقیہ بی بی نوشتہ دادہ شد آیندہ کے تقاضا و دعوی کند باطل است۔

دوسرے جز کی ابتدا

سنو اے عزیزاں تو باتی بیاں	کروں تاج کی اب حقیقت عیاں
رکھا تھا حکایت یو موقوف میں	کتا ہوں اتا کھول کر اس کے تئیں

اختتام

طفیل محی الدین منجہ یا غفور	حضوری میں رکھ اپنے ہر دم حضور
ہوا گیارھوں باب سارا تمام	محمد پو بھیجو درود و سلام

ترقیمہ

این رسالہ تاج نامہ از دست فقیر حقیر سید شاہ عبدالقادر قادری شطاری صبغۃ اللہی بتاریخ یازدہم ربیع الثانی روز آدینہ ۱۲۵۹ھ ہجری اتمام رسانید حسب الفرمائش رقیہ بی بی نوشتہ دادہ شدہ آیندہ سے دعوی و تقاضا کفر باطل و نامسموم است۔

۱۳۰۴ ترجیع بند شاہ صادق

میر محمد صادق اورنگ آباد کے رہنے والے تھے ان کے دیوان کے تعلق سے راقم الحروف (محمد اکبرالدین صدیقی) نے ایک تفصیلی مضمون تحریر سہ ماہی جلد ۳ عدد ۱ ڈسمبر ۱۹۲۹ء میں شایع کیا ہے۔ دیوان کے علاوہ ان کی ایک فارسی مثنوی "محبوب المعانی" حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی منقبت میں ہے اور یہ محمد باقر آگاہ نے اپنی تصنیف "محبوب القلوب" لکھتے وقت پیش نظر رکھی ہے (ملاحظہ ہو تفصیلی فہرست اردو مخطوطات جامعہ عثمانیہ صفحہ (۱۱۰))

پہلا بند

جاگو جاگو میرے لالہ ہوا ہے وقت فجر کا — موذن نام لیتا ہے ستو اللہ و اکبر کا
قبادی تو طلعے کر جیتر تا محل سندر کا — کہ جوں زردوزے پھرتا ہر سو تارے زر کا
کیا کو ندن سکل گھر کوں ہر یک نور تن جوہر کندن — گلا دھن میں سارا صندل ہو رشک عنبر کا

آخری نواں بند

یو حضرت شاہ صادق کی حتی سب آل واولادیں — سبھی صاحب سجادہ او سہارے زیب منبر کا
ایچ آل کے دولارے میں اونو کو یوں کھلاتے ہیں — اچھو قائم ہو یو جھولا کہ جوں سد رہے سکندر کا

جاگو جاگو میرے لالہ ......

1305 **مجلس نہم دربیان شہادت حضرت امام حسینؑ**

و فرزندان و خویشان و اقاربان رضی اللہ تعالیٰ عنہم

اوراق (۲) تقطیع (۲۵ × ۱۵ سمر)

مسطر (۱۱) سطری ناقص الآخر

روضۃ الشہداء محمد فیاض ولی ویلوری کی مجلس نہم ہے کتاب میں دس مجالس ہیں یہ بارہا چھپ چکی ہے۔

ابتدا

قلم کا لیکے نشتر دل پو ماروں ۔۔۔ نہم مجلس کوں اب پھوں نگاروں

آخری دو شعر

مدینہ کوں گیا دیں کر کو پر واز ۔۔۔ کہ شہ کے قتل کا ظاہر کرے راز

رسول اللہ کے روضے کے اوپر ۔۔۔ لگیا چوگہ داوڑنے او کبوتر

1306 **آثار حیات**

مصنف سید علی منظور

اوراق ۱۰۶ مسطر ۱۰ سطری

تقطیع (۷ × ۸½) کتابت سنہ ۱۹۴۰ء

آغاز

" لکھے پڑھے شرفا کا دستور ہے کہ اور خاص خاص یادداشتوں کی طرح اپنی اولاد کی تاریخ ولادت بھی لکھ رکھتے ہیں، میرے والد ماجد نے بھی میری تاریخ ولادت کسی نہ کسی بیاض میں ضرور

لکھی ہوگی مگر افسوس ہے کہ مرحوم کی کوئی بیاض اور کوئی کتاب مجھے نہیں ملی۔"

اختتام

"جب مالک خانقاہ ہو جاتا ہے ۔۔۔ مجھ جیسا گدا بھی "شاہ" ہو جاتا ہے

دنیا میں ضیاے دیں کے پھیلانے کو ۔۔۔ ذرہ خورشید جاہ ہو جاتا ہے"

سید علی منظور حیدرآباد کے ایک پرگو اور کہنہ مشق شاعر تھے، ۱۹/ستمبر ۱۸۹۶ء میں حیدرآباد کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے اور ۱۱/نومبر ۱۹۵۵ء میں انتقال کیا، منظور بنیادی طور پر ایک نظم گو شاعر تھے، ان کا کلام ہندوستان اور پاکستان کے معیاری رسالوں میں شایع ہوتا تھا۔ علی منظور کے کلام کے حسب ذیل تین مجموعے شایع ہو چکے ہیں۔

۱۔ کلام منظور

۲۔ نمود زندگی ۱۹۴۰ء

۳۔ ترجمان زندگی ۱۹۵۴ء

کلام منظور کی مقبولیت کا سب سے بڑا سبب سادگی و پرکاری جدت بیان اور حقیقت نگاری ہے۔

علی منظور کے کلام کے دو مجموعے (نمود زندگی اور ترجمان زندگی) ادارہ ادبیات اردو کی جانب سے علی الترتیب ۱۹۴۰ء اور ۱۹۵۴ء میں شائع ہوئے ہیں پیش نظر مجموعہ بھی ادارہ کی جانب سے خواجہ حمید الدین شاہد کے زیر اہتمام مرتب کیا گیا تھا۔ اس مجموعہ کلام کا دیباچہ عمومی ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور نے لکھا ہے، ڈاکٹر زور کے دیباچہ کا آغاز اس طرح ہوتا ہے۔

"سید علی منظور صاحب جدید حیدرآباد کے پختہ مشق اور مشہور شاعروں میں سے ہیں اور حضرت امجد کی طرح ان کی شاعری کی شہرت صرف اس سرزمین میں محدود نہیں ہے۔ ان کے کمال کے قدردان دور، دور پھیلے ہوئے ہیں۔ اردو کا کوئی مشہور و مستند رسالہ ایسا نہیں جس میں آئے دن ان کی غزلیں اور

نظمیں نہ چھپتی ہوں۔"

پیش نظر کتاب میں علی منظور کی (۱۰۰) نظمیں (۱۷) غزلیں اور (۴۴) رباعیاں موجود ہیں اور ہر نظم یا غزل کے نیچے اس کی تاریخ اشاعت اور رسالہ کا نام لکھا گیا ہے۔

ابتدا میں "عرض حال" کے عنوان کے تحت علی منظور کی چند یادداشتیں جمع کی گئی ہیں۔

پہلی نظم (بزرگ خاندان) کے چند اشعار یہ ہیں۔

حجلۂ زرکار ہے مہر مبیں نکلا نہیں ‏ ‏ ‏ سامنے اب تک شعاعوں کا ہجوم آیا نہیں
نور پھیلاتا ہے جو اس کا نہیں حاصل شہود ‏ ‏ ‏ جلوہ فرما ہے مناظر میں ضیائے بے نمود
رشک جنت ہے مجھے یہ مختصر ساخانہ باغ ‏ ‏ ‏ میں نے اے ہمدم یہاں عشرت کا پایا ہے سراغ

"آثار حیات" ادارہ ادبیات اردو کی جانب سے ۱۹۴۰ء میں "نمود زندگی" کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔

۱۳۰۷ مثنوی اسرار قرآن

مصنف ‏ ‏ محب حسین

اوراق ‏ ‏ (۷۰) ‏ ‏ مسطر ‏ ‏ ۱۵ سطری

کتابت ‏ ‏ ۱۳۴۵ ہجری ‏ ‏ تقطیع (" ½۶ × " ½۸)

کاتب ‏ ‏ سید حبیب الدین

آغاز

نام سے اللہ کے آغاز کر ‏ ‏ ‏ اے محب یہ مثنوی مختصر
ہے وہی رحماں رحیم اے ذی شعور ‏ ‏ ‏ غرق رحمت ہیں یہ سب ابر و مجور
چھ مراتب ہیں تنزل کے یہاں ‏ ‏ ‏ ذرے ذرے میں وہی حق ہے نہاں

مرتبہ پہلا ہے ہویا ہویت ـــــ دو سرا ہے نام اس کا احدیت"

اختتام

اے محمد تم نہ ہو دل میں ملول ـــ تم سے پوچھے جائیں گے کیا وہ جہول
تم سے ہوگی کچھ نہ اون کی باز پرسش ـــ اور نہ اون سے جن کے وہ کرتے تھے عروس
ان سے پوچھے جائیں گے اون کے عمل ـــ کیا تمہارے کام میں ان سے خلل
جو کوئی کرتا ہے اچھا یا برا ـــ دوسرا پاتا نہیں اس کی جزا

ترقیمہ

"تمت بالخیر۔ طبعزاد مولوی محب حسین صاحب معلم نسوان مقام حیدرآباد دکن محلہ منگل ہاٹ تاریخ ۱۰/اردی بہشت ۱۳۳۶ف م ۱۰/رمضان المبارک ۱۳۴۵ھ روز سہ شنبہ بوقت ۳ آٹھ ساعت شب۔

کاتب الحروف وحقیر سید حبیب الدین عفی عنہ

محب حسین نام محب تخلص، حیدرآباد کے ایک کہنہ مشق صاحب دیوان شاعر تھے بقول مولوی نصیر الدین ہاشمی "محب حسین حامی حقوق نسواں" کے لحاظ سے خاص شہرت رکھتے تھے۔ حیدرآباد میں پہلے یہی شخص تھے جنھوں نے نسواں اور پردہ کے دور کرنے کے متعلق توجہ کی اور اپنے لکچروں اور کتابوں سے سالہا سال مسلسل کوشش کرتے رہے۔ خواتین کے لئے علیحدہ نصاب کے لئے متعدد کتابیں نظم و نثر میں لکھیں۔"

حیدرآباد کے مختلف کتب خانوں میں محب حسین کی متعدد منظومات کے قلمی نسخے موجود ہیں ان کا کلیات شایع ہوچکا ہے۔ محب حسین نے ۱۳۴۸ھ میں انتقال کیا۔

مثنوی اسرار قرآن سورہ "الٓمٓ" (پہلا پارہ) کا منظوم ترجمہ ہے جو کم و بیش (۲۴۰۰) ابیات پر مشتمل ہے ابتدا سورہ فاتحہ اور بعد میں سورۃ البقر کا منظوم ترجمہ کیا گیا ہے ذیل میں صرف "الحمد للہ" کے منظوم ترجمے کے اشعار نقل کئے جاتے ہیں جس سے محب حسین کی قادر الکلامی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

جتنی تعریفیں ہیں جتنی ہیں ثنا　　مستحق ان سب کی ہے ذات خدا
ذات کے محتاج ہیں سارے صفات　　اس کی ہستی سے ہے ساری کائنات
حسن بندہ اصل میں ہے حسن حق　　فکر سے پڑھ کچھ تو قرآں کے ورق
آسمان و آفتاب و ماہتاب　　سب اسی کے حسن کے رخ ہیں خیاب
جملہ افعال اور اشکال و صفات　　سب کی مظہر ہے وہی اک پاک ذات
گل کی جانب حسن کی نسبت ہے خام　　جانتے ہیں اس کو سب عالی مقام
نسبتی وہمی خیال ہیں محب　　اور حقیقت سے یہ خالی ہیں محب

مخمسات محب حسین

۱۳۰۸

مصنف　محب حسین

اوراق　۲۵　مسطر　۹ سطری

تقطیع ($6\frac{1}{4}$" × $8\frac{1}{4}$")　کتابت　۱۳۴۷ ہجری

آغاز

نفس بدکانہ پوچھے احوال　　ہے جہنم یہی یہی وجبال
بانیٔ ظلم اصل رنج و ملال　　خلق ہے اس کی چال سے پامال
اس کا ہر جا بچھا ہوا ہے جال

اختتام

نام حسین پر کبھی علم کو دے تو اشرفی　　بازو سے صنع کر تو بی ملک میں مدد سے بنا
خبر کے کام ہیں یہاں جب سے ہو جسم وجاں قوی　　حق سے نہیں ہے آگاہی مردوں کو قبر سے اٹھا
ماہ محرم ابرو بار　　تیرہ سو سات پر ہیں چہار
سنہ ہے محب بہ باوقار　　خوب لکھا یہ مرثیہ

یہ بیاض دراصل محب حسین محبؔ کے مخمسات کا مجموعہ ہے جس میں چار طویل مخمسات ایک ترجیع بند اور ایک مرثیہ شامل ہے۔ مخمسات کی تفصیل یوں ہے۔

۱۔ خصوصیات نفس امارہ ۱۰۲ بند

۲۔ مخمس در مذمت پردہ ۱۵ بند

۳۔ مخمس در بے ثباتی دنیا ۸ بند

۴۔ مخمس در ریاکاری اور اخلاص ۱۶ بند

۱۳۰۹ قصائد و ترکیب بند

مصنف محب حسین

اوراق ۱۳ سطر ۱۲ سطری

تقطیع ($\frac{1}{2}$۶" x $\frac{1}{4}$۸") کتابت قریب ۱۳۴۷ھ

آغاز

" غفلت میں کاٹی عمر سب۔ دیکھا نہ پھر کے سوئے رب

گذری جوانی کی جو شب۔ ہے صبح پیری سر پہ اب

سمجھا نہ تھا دنیا ہے کیا۔ ہے باوفا یا بے وفا

گذری جوانی تو کھلا۔ فرزند و دن ہیں غریب

دن رات فکر زر رہا۔ آیا نہ یاد اِک دم خدا

آئی قضا تو چل بسا۔ محنت میں گذرے روز و شب "

اختتام

دشمن جہل تعصب یہ ہیں جلے الو کے

الغرض ان کا رسالہ نہیں کچھ نوح سے کم

گر لکھوں میں یہی محب مختصر احوال ان کا

ان کے اوصاف حمیدہ نہیں ہونے کے رقم "

محب حسین کی دو منظوم بیاضوں کا ذکر اس سے قبل ہو چکا ہے پیش نظر بیاض میں تین قصیدے دو ترکیب بند اور ایک قطعہ شامل ہے ۔ قصائد کے عنوانات درج ذیل ہیں۔

۱ ـــ قصیدہ در مدح حضرت نفس (شیطان)

در صفت تاکید الذم بما یشبہ المدح

۲ ـــ قصیدہ در مدح مولوی منظور احمد خاں صاحب بتقریب خطاب (جنگ)

۳ ـــ قصیدہ بتقریب خیر مقدم مسز ہمایون صاحبہ (صغرا بیگم) از سفر یورپ

۱۳۱۰ کشف الخلاصہ

مصنف حافظ شجاع الدین

اوراق ۱۳ مسطر ۱۱ سطری

کاتب مرزا یوسف علی بیگ

تقطیع ($8\frac{1}{2}'' \times 5\frac{1}{2}''$) کتابت ۱۲۷۶ھ

(ناقص الاول) سنہ تصنیف ۱۲۳۲ھ

آغاز

مرد بائیں پانوں پر قعدہ کریں ۔۔ چوتڑوں پر بیٹھیں ساری عورتیں

فرض کے آخر کی جو رکعت ہیں دو ۔۔ اس میں صرف الحمد سنت ہے سنو

اور دو دو آخر کے قعدے میں پڑھے ۔۔ پھر دعا مانگے کہ حق بخشش کرے

سیدھے اور بائیں طرف بولے سلام ۔۔ ہو چکی سنت یہ ستر ہ اختتام

اختتام

بعدزاں سب مومنات و مومنین .... مولا سے رب العالمین

ہے شجاع حافظ کا کلام تم سنو...... خلاصہ کو تمام

بتاریخ بیس و سیوم ۲۳ ماہ صفر المظفر ۱۲۷۶ھ بوقت ظہر تمام شد کاتب الحروف مرزا یوسف علیبیگ نوشتہ

پیش نظر مخطوطہ مولوی سید شجاع الدین قادری (۱۱۹۱ھ ـــ ۱۲۵۶) کا ایک منظوم رسالہ ہے جو "کشف الخلاصہ" کے نام سے کئی دفعہ چھپ چکا ہے۔ حافظ شجاع الدین مولانا شاہ رفیع الدین قندھاری کے مرید و خلیفہ تھے۔ ان کے تفصیلی حالات "مناقب شجاعیہ" مرتبہ قاضی امیر اللہ قندھاری میں موجود ہیں۔ اس کتاب کے علاوہ تذکرہ اولیائے دکن، فہرست مخطوطات اردو جامعہ عثمانیہ، تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اور جلد اول، اسٹیٹ سنٹرل لائبریری کے اردو مخطوطات جلد دوم میں بھی حافظ شجاع الدین کے حالات کا ذکر ہے۔ ان کی تصانیف حسب ذیل ہیں۔

۱۔ جوہر النظام ۔ عربی میں فقہ کا رسالہ ۔ ۲۔ رسالہ علم قرات (اردو)

۳۔ رسالہ رویت (فارسی) ۔ ۴۔ رسالہ فوائد جماعت (فارسی)

۵۔ رسالہ جبر و قدر (فارسی) ۔ ۶۔ رسالہ رضا و تسلیم (فارسی)

۷۔ رسالہ سماع (فارسی) ۔ ۸۔ رسالہ قادریہ (فارسی)

۹۔ رسالہ سلوک نقشبند ۱۰۔ مناجات ختم قرآن (عربی)

۱۱۔ خطبہ عربی (خطبوں کا مجموعہ) ۱۲۔ غزلیات فارسی

۱۳۔ معمات (فارسی) ۱۴۔ مکتوبات و قصائد

۱۵۔ تفسیر پارۂ عم ۱۶۔ کشف الخلاصہ (اردو)

مندرجہ بالا کتب میں سب سے زیادہ شہرت و مقبولیت کشف الخلاصہ کو ہی حاصل ہے۔ حیدرآباد کے کتب خانوں میں اس کتاب کے متعدد مخطوطے محفوظ ہیں خود ادارہ میں اس کے تین قلمی نسخے ہیں دیکھو مخطوطات نمبر (۱۳۱، ۱۳۱، ۱۳۱م، اور ۸۰۹)

اس مشہور و مقبول رسالہ میں فقہ کے مسائل قلم بند کئے گئے ہیں حسب ذیل بیت سے تاریخ تصنیف نکلتی ہے۔

ختم پر گذرے تھے جو ہجرت سے سال — "ہندی کشف الخلاصہ" سے نکال
۱۲۳۲ھ

شاعر کے بیان سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ "کشف الخلاصہ" دراصل فقہ کے موضوع پر ایک فارسی رسالہ تھا جو غالباً ۱۱۵۰ھ میں تالیف ہوا اور جس کے مصنف نے اپنا نام ظاہر نہیں کیا (کشف الخلاصہ ۱۱۵۰ھ سے اس کی تاریخ تصنیف نکلتی ہے) اسی کتاب کو حافظ شجاع الدین نے اردو نظم میں منتقل کیا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

اس رسالے کی زباں تھی فارسی — صاف اور پاکیزہ جیسے آرسی
اختصار اس کا بیان کوئی کیا کرے — جیسا کوئی دریا کو کوزے میں بھرے
تھا مصنف اس کا مرد اہل دل — دل بحق مشغول ظاہر آب و گل
باوجود اس کے تھا عالی مقام — نام اپنا نہیں لکھا اسے نیک نام
اور جو اس کا ترجمہ ہندی کیا — بندۂ مسکین ہے تجھ درگاہ کا

کتاب کے آخر میں ایک نسخہ "ترکیب تیار کردن پنیر" چند منتخب اشعار اور ایک رباعی موجود ہے جن میں سے ایک غزل فیض کی ہے جس کا مطلع اور مقطع درج ذیل ہے۔

مردود خلائق ہیں کہ مقبول خدا ہیں — اتنک نہیں معلوم کہ ہم کون ہیں کیا ہیں
کہتے ہیں جنھیں فیض انھیں جانتے ہیں ہم — درویش کی صورت ہیں عجب فقرا ہیں

(یہ مخطوط محمد اکبر الدین صدیقی صاحب کا عطیہ ہے)

۱۳۱۱

تفسیر پارہ عم

مصنف حافظ میر شجاع الدین

اوراق ۶۱ مسطر ۱۱ سطری تقطیع ۵½ × ۹

کتابت ۱۲۴۳ھ

آغاز

سزاوار کل حمد ہے پاک ذات کیا فرض بندوں کے اوپر صلوٰۃ

ہے دو ماحیہ للذنوب وخطا ہے دو مصطفیٰ النار نور خدا

تو ہے مالک الملک ذی من تشا تو ہے تنزع الملک ممن تشا

اختتام

" بعضے جن بھی وسوسہ ڈالتے ہیں اور خدا کی عبادت سے باز رکھتے ہیں وہ سب شیاطین ہیں حق تعالیٰ سب مومنوں کو شیطانوں کے وسوسوں سے اور بد خطروں سے اپنے پناہ میں رکھے بحق محمد وآل محمد اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم تسلیما کثیرا کثیرا تفسیر حسینی میں لکھے ہیں کہ حق تعالیٰ نے قرآن شریف شروع کیا "ب" سے اور ختم کیا "س" یعنے بس مومنوں کو جو کچھ کہ اس میں ہے تمام من تصنیف حضرت شجاع الدین صاحب تمت تمام شد بروز دوشنبہ تحریر فی التاریخ نہم ماہ شعبان المعظم سنہ ۱۲۴۳ھ

حافظ سید شجاع الدین قادری کے حالات کا ذکر اس سے قبل ہو چکا ہے پیش نظر کتاب پارہ عم کے ترجمے اور تفسیر پر مبنی ہے اس مخطوطے کے دو اور نسخوں کا پتہ چلتا ہے جن کی تفصیل یہ ہے

۱۔ تفسیر تقریح ۔ تذکرہ مخطوطات ادارہ ادبیات اردو مخطوطہ ۱۰۶۷ جلد پنجم صفحہ ۲۴۳

۲۔ تفسیر پارہ عم یتساون ۔ اسٹیٹ لائبریری کے مخطوطات مخطوطہ نمبر (تفسیر ۲۹) جلد دوم صفحہ ۳۶ ۔

اس کتاب میں قرآن مجید کے تیسویں پارہ کی تفسیر بیان کی گئی ہے۔ اگرچہ کہ اس کی ابتدا حمد و نعت سے ہوئی ہے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی دو اوراق کسی اور رسالے کے اس کے ساتھ چسپاں ہو گئے ہیں جن کا مسطر ۱۳ سطری ہے۔ مخطوطے کے آخر میں کچھ منتخب اشعار اور حضرت بندہ نواز کا ایک فارسی رسالہ نقل کیا گیا ہے جو تین اوراق پر پھیلا ہوا ہے۔

(یہ مخطوطہ محمد اکبر الدین صدیقی صاحب کا عطیہ ہے)

۱۳۱۲ ملک الشعراء غواصی کے حالات زندگی اور اس کی شاعری

مصنف محمد بن عمر

اوراق ۱۲۸ مسطر ۲۳ سطری

تقطیع "۸ × "۱/۲ ۱۳ ٹائپ شدہ

آغاز

" تفصیلی فہرست مندرجات

بہمنی سلطنت کی پانچ شاہی خاندانوں میں تقسیم۔ گولکنڈہ میں قطب شاہی حکومت کا قیام سلطان قلی قطب شاہ بانی قطب شاہی خاندان کے حالات۔ قلعہ گولکنڈہ کی تعمیر سلطان قلی کی زندگی سلطنت کی توسیع واستحکام میں گذری۔ جمشید قلی قطب شاہ۔ جمشید کی شاعری۔ سبحان قلی قطب شاہ ابراہیم قلی کی وطن کو واپسی"

اختتام

" شاعری کے علاوہ فن موسیقی اور فن مصوری کو بھی کافی سرپرستی حاصل تھی۔ دولت کی فراوانی.... عیش وعشرت کی ارزانی۔ معاشی آسودگی اور شاعری محفلوں کی گرم بازاری نے

ایک خاص تہذیبی وثقافتی ماحول پیدا کر دیا تھا۔ دکن کے بیسیوں ادیب اور شعرائے اردو کے سینکڑوں کارنامے۔ جواہر ریزے اور شہ پارے اس قطب شاہی تہذیب وتمدن کی لافانی پیداوار ہیں۔

محمد بن عمر کا شمار جامعہ عثمانیہ کے باصلاحیت فرزندوں میں ہوتا ہے انہوں نے اس جامعہ سے انگریزی اور اردو میں ایم۔اے کی ڈگری حاصل کی تھی اور پی ایچ ڈی کے لئے اردو زبان میں مغربی زبانوں کے الفاظ کے موضوع پر مقالہ لکھا تھا لیکن بعض وجوہات کی بناء یہ مقالہ ترمیم کے لئے واپس ہوگیا۔ اس عرصہ میں محمد بن عمر صاحب نے ناگپور یونیورسٹی سے فارسی میں بھی ایم۔اے کی تکمیل کی اور اسی یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کے لئے غواصی پر اپنا تحقیقی مقالہ لکھ رہے تھے کہ حکومت کی طرف سے ترکی زبان سیکھنے کی غرض سے وظیفہ دے کر انھیں ترکی روانہ کیا گیا وہیں پر چند دن کی علالت کے بعد ان کا انتقال ہو گیا۔ محمد بن عمر صاحب کی حسب ذیل کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔

۱۔ کلیات غواصی ۲۔ ایک ایکٹ کے ڈرامے
۳۔ نثری جائزے ۴۔ اردو میں یونانی اور لاطینی الفاظ
۵۔ پرتگالی زبان کا اثر اردو زبان پر۔ ۶۔ اردو میں فرانسیسی الفاظ
۷۔ ڈاکٹر زور ۸۔ وجدی ۹۔ اردو میں بعض یوروپی زبانوں کے عناصر۔ ۱۰۔ لسانی مقدمات ۱۱۔ اردو میں یوروپی الفاظ کا لسانی مطالعہ۔ ۱۲۔ اردو میں دخیل یوروپی الفاظ۔ ۱۳۔ اردو زبان میں انگریزی کے الفاظ

پیش نظر مسودہ محمد بن عمر صاحب کے تحقیقی مقالے "غواصی" کا پہلا حصہ ہے جس میں دکن کا تاریخی پس منظر پیش کیا گیا ہے چند عنوانات درج ذیل ہیں۔

۱۔ بہمنی سلطنت کی پانچ شاہی خاندانوں میں تقسیم

۲۔ گولکنڈہ میں شاہی سلطنت کا قیام

۳۔ قطب شاہی بادشاہوں کی علمی و ادبی سرپرستی

۴۔ اردو شاعری سے ایک ذاتی دلچسپی

۵۔ غواصی کے سرپرست عبد اللہ قطب شاہ

۶۔ قطب شاہی دور کے مشہور شعراء

ابتدا میں مقالے کے موضوعات کی تفصیلی فہرست دی گئی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مرتب نے اپنے مقالے کو حسب ذیل تین حصوں میں تقسیم کیا تھا۔

۱۔ پہلا حصہ ۔ تاریخی پس منظر

۲۔ دوسرا حصہ ۔ تحقیقی (حالات زندگی اور شاعری)

۳۔ تیسرا حصہ ۔ لسانیاتی (غواصی کے کلام کی لسانی خصوصیات)

۱۳۱۳ **ملک الشعرا غواصی کے حالات زندگی اور اس کی شاعری** (دوسرا حصہ)

مصنف محمد بن عمر

اوراق ۱۰۰ مسطر ۱۷ سطری

تقطیع ۸" × ۱۳½" (مسودہ)

پیش نظر مسودہ محمد بن عمر صاحب کے تحقیقی مقالے "غواصی" کا دوسرا حصہ ہے جس میں غواصی کی حیات اور اس کے کلام پر روشنی ڈالی گئی۔

اس حصہ میں غواصی کے حالات زندگی اور خصوصیات کلام سے بحث کی گئی ہے

اور درج ذیل عنوانات کے تحت اظہار خیال کیا گیا ہے۔

عواصی کے ہم عصر شعراء

بیجاپوری معاصرین گولکنڈوی معاصرین۔

مثنویوں کا جائزہ

سیف الملوک و بدیع الجمال مثنوی کا ماخذ خلاصہ

طوطی نامہ ـ ماخذ ـ نخشبی اور عواصی کے طوطی ناموں کا مقابلہ

طوطی نامے کا افتتاحی حصہ ـ خلاصہ ـ اختتامی حصہ۔

خصوصیات عواصی بہ حیثیت مثنوی نگار

کردار نگاری ـ واقعہ نگاری ـ منظر نگاری ـ جذبات نگاری

رزمیہ نگاری ـ کلام کی لطافت ـ خیال کی بلندی و نزاکت

تشبیہات ـ صنایع بدایع ـ کلام کی سادگی ـ عواصی، وجہی، ابن نشاطی

طبعی اور فائز کے کلام کا مقابلہ

(اس مسودہ کا کچھ حصہ کلیات عواصی مطبوعہ ۱۹۵۹ء میں شامل ہے)

ابتدائی دو صفحات پر عواصی کے مرثیے اور کچھ یادداشتیں ہیں موجودہ صورت میں مسودہ کا آغاز اس طرح ہوتا ہے۔

"زیر نظر مقالہ کا یہ دوسرا حصہ ہے ملک الشعراء عواصی کے معاصرین کی زندگی اور تصانیف پر مشتمل ہے عواصی کے گولکنڈہ کے معاصرین کا ذکر کرنے سے قبل اس کے چند بیجاپوری معاصرین کا ذکر ضروری ہے کیونکہ وہ عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں ۱۰۴۵ھ میں ملک خوشنود کے ساتھ بیجاپور گیا تھا۔ بیجاپور کے بادشاہ محمد عادل شاہ نے اس کی آؤ بھگت کی اور بیجاپوری شعراء نے اس کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔"

اختتام

"غواصی کے کلام کا وجہی، ابن نشاطی طبعی اور فائز کے کلام سے موازنہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قطب شاہی دور کا سب سے بڑا مثنوی گو شاعر تھا۔ اس کی مثنویوں میں اس دور کی مثنویوں کی تمام اعلیٰ خصوصیات پائی جاتی ہیں قطب شاہی عہد کے اکثر شعرا نے اس کی خدمت میں خراج تحسین ادا کیا ہے وہ استادوں کا استاد اور شاعروں کا شاعر تھا۔ اس کی قادر الکلامی مسلم تھی۔ دکن میں مثنوی کے ارتقاء، وسعت ترقی اور ہر دلعزیزی میں غواصی کی مثنویوں نے نہایت اہم حصہ لیا ہے۔

۱۳۱۴ کلام غواصی ـ ۱

اوراق ۱۱۵ مسطر ۱۳ سطری

تقطیع ۸ × ۱۳ ½ کتابت ـ محمد بن عمر

آغاز

عدم سو ہے عدم ہستی سو ہے ہستی و لیکن یاں

عدم کون ہست کریا تو ہست ....

ہے دل میں آرزو تیرے جو ہونا یار سوں محرم

تو اول پاک سینے کی ....

اختتام

دین داری کا شرف اے یار اگر منگتا ہے تو

مصطفیٰ کی پیروی کرتوں کہ ہوگا کامیاب

مرتضیٰ کا مار دم دائم ہور اس کی آل کا

جو دنیا ہور دین کا ہوے تجے روز صواب

گر توں عارف ہے تو اس دو دیس کے جینے منے

فکر کر ایسا چ جو نا سیخ جلے نا کباب ‘‘

یہ مودہ دراصل غواصی کے واحد دیوان کی نقل ہے جو کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے۔ اس مسودہ میں جگہ جگہ اشعار کے مفہوم کو کھولنے کی کوشش کی گئی ہے اور الفاظ کے معنی لکھے گئے ہیں۔ اس دیوان کو محمد بن عمر صاحب کے انتقال کے بعد ڈاکٹر زور نے ۱۹۵۹ء میں ایک مفید مقدمے کے ساتھ ادارہ ادبیات اردو سے "کلیات غواصی" کے نام سے شایع کیا ہے۔ یہ غواصی کا مکمل کلام نہیں ہے اس لئے اس کو "انتخاب کلام غواصی" کہا جائے تو بہتر ہوگا۔ خود ڈاکٹر زور کو اس بات کا اعتراف ہے چنانچہ "کلیات غواصی" کے مقدمہ میں تحریر کرتے ہیں۔

"کتب خانہ آصفیہ کا نسخہ کلیات نہ صرف ناقص الطرفین ہے بلکہ اس میں درمیان میں سے بھی کئی اوراق غائب ہیں اور موجود ہیں ان میں بھی متعدد اشعار صحیح و سالم محفوظ نہیں ہے۔ افسوس ہے کہ اس کلیات کا کوئی اور نسخہ اب تک کسی کو دستیاب نہیں ہوا ہے ورنہ یہ تمام و کمال شایع ہو سکتا ہے بحالت موجودہ اس کلیات غواصی کو حیدرآباد کے اس ملک الشعراء کا منتخب کلام ہی سمجھنا چاہیے"۔

۱۳۱۵ کلام غواصی ۔ ۲

اوراق ۲۶ مسطر ۱۳ سطری

تقطیع ۷" × ۱۰½" کاتب نامعلوم

آغاز

"نپاسک تیرے صدر کا فرش اچھوں پھرے چرخ ہو رات دن عرش اچھوں

کسی پو نہیں نام مایا ترا نیائی زمین کینچے سایا ترا
جو شیر خدا تجے کوں داماد ہے سدا قوت اس کوں خدا داد ہے"

اختتام

دم کوں دم کہیا جائے جس دم تری یاد سوں جم نکل جی دم آیا
پڑیا بات تج عشق کا حملت منج سو عشاق میں شہ الیس میں کوایا"

"دیوان غواصی" جو کتب خانہ آصفیہ کی ملکیت ہے ناقص الطرفین اور کرم خوردہ ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کلام غواصی کے چند منتشر اوراق کو یکجا کیا گیا ہے۔ پیش نظر مودہ میں غالبؔ غواصی کا کرم خوردہ اور ادھورا کلام جمع کیا گیا ہے جس میں دو ایک مثنویوں کے علاوہ چند غزلیں اور قصیدے بھی شامل ہیں۔

۱۳۱۶ کلام غواصی ۔ ۳

اوراق ۔ ۵۷ مسطر ۱۳ سطری

تقطیع ۶ × ۱۰ کاتب نامعلوم

آغاز

عطر سوں پروردہ کر تو تازی پھول از لکی دیس عنایت کیا ہے مسخ ستار
..... کی کہ ہیں نہ باسی ہوئی کہ جو تلک ہے جہاں تو تلک ہے جھنکار
..... پھولاں تو رنگ بھرے ہیں وے خزاں ہے ہر برس اے یاراں کوں نیں ہے قرار

اختتام

سب پیا کے ہیں حسن کے بیہوش شہر میں کوئی ہوشیار نہیں
حال مرنے ہوا ہے کیوں جیوں میں جیونا جگ میں دوئی بار نہیں

عشق کے جام تھے ہے مست جینے   اس کی مستی کوں کیں اتار نہیں

یہ غواصی کے کلام کا تیسرا مسودہ ہے جس کو محمد بن عمر صاحب نے کسی کاتب سے خوش خط لکھوایا ہے، بعض صفحات پر پنسل سے تصحیح کی گئی ہے۔

متذکرہ بالا پانچوں مخطوطات محمد بن عمر صاحب مرحوم کے تحقیقی مقالہ غواصی کے مسودات ہیں جنھیں مرحوم کے انتقال کے بعد ان کے بھائی مولوی علی بن عمر صاحب نے ادارہ کے سپرد کیا تھا۔

۱۳۱۷ **غواصی شخصیت اور فن**

مصنف   محمد علی اثر

اوراق $۸\frac{۱}{۲}$" × ۱۱"   (ٹائپ شدہ)   مسطر ۱۲ سطری

آغاز

"پیش نظر مقالہ کا مقصد قدیم اردو کے ایک عظیم المرتبت شاعر غواصی کے شاعرانہ کمال کا قدرے تفصیلی جائزہ لینا ہے۔ ایم۔اے کی تعلیم کے دوران قدیم اردو کے طالب علم کی حیثیت سے مقالہ نگار نے یہ محسوس کیا کہ غواصی دبستان دکن کا ایک ایسا جوہر گراں مایہ ہے جس کے شاعرانہ مرتبہ کا ہنوز خاطر خواہ تعین نہیں ہو سکا۔"

اختتام

قدیم دکنی شاعری کے سرمایہ میں غزل کے مقابلے میں مثنوی کی صنف کو زیادہ فروغ حاصل ہوا وجہی کی قطب مشتری، ابن نشاطی کی پھول بن نصرتی کی گلشن عشق اور علی نامہ دبستان دکن کی مشہور مثنویاں ہیں لیکن شاعرانہ کمال کے نقطہ نظر سے قطب مشتری ہو گلشن عشق غواصی کی سیف الملوک وبدیع الجمال مناسبت وحق اور طوطی نامہ کے مقابلے میں بے رنگ

معلوم ہوتی ہیں ۔

یہ مسودہ دراصل ڈاکٹر محمد علی اثر کے یم' اے (جامعہ عثمانیہ) کا مقالہ ہے جو ۱۹۷۴ء میں ڈاکٹر غلام عمر خاں کی نگرانی میں لکھا گیا اور ۱۹۷۷ء میں کتابی شکل میں شایع ہوا ۔ مقالہ کو درج ذیل چھ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے ۔

باب اول سماجی اور ادبی پس منظر باب دوم حالات زندگی باب سوم مثنویاں باب چہارم تغزل باب پنجم قصیدے اور رباعیاں باب ششم قدیم اردو شاعری میں عوامی کا مقام ۔

آخر میں حوالہ جات اور ان کتابوں کی فہرست بھی دی گئی ہے جن سے اس مقالہ میں مدد لی گئی ہے ۔

اس مقالہ کو ڈاکٹر محمد علی اثر نے ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ کو تحفۃً عنایت کیا ہے ۔

۱۳۱۸ ریاض غوثیہ

مصنف غوثی

تاریخ تصنیف نام مصنف سید محمد غوث قادری

تاریخ تصنیف ۱۱۲۹ھ اوراق (۹۷)

تقطیع ۲۰×۱۴ سمر مسطر ۱۵ سطری و

کاغذ دولت آبادی ۔ خط نستعلیق شکستہ

غوثی بیجاپور کا شاعر ہے اس کے والد فصیحی بھی شاعر تھے وہ حضرت ہاشم حسینی علوی معروف بہ ہاشم پیر کے نواسے تھے ۔ ہاشم پیر محمد ابراہیم عادل شاہ

اور محمد عادل شاہ کے مرشد اور وجیہہ الدین علوی گجراتی کے برادر زادہ تھے افصحی کے نام کا علم نہ ہو سکا۔ انجمن پاکستان میں سید ہاشم خداوند ہادی کو افصحی کا نانا بتلایا گیا ہے۔ ہمیں اس سے اختلاف ہے۔

غوثی کے ایک دوست غلام محی الدین نے انھیں ریاض غوثیہ لکھنے پر متوجہ کیا۔ پہلے تو غوثی نے اپنی بے بضاعتی اور کم استعدادی کا گلہ کیا پھر لکھنے پر آمادہ ہوئے اور چھ ہزار اشعار کی یہ مثنوی لکھدی۔ ان کا بیان ہے کہ یہ فارسی سے ترجمہ کی گئی ہے کہتے ہیں

ہے مناقب غوثیہ جو فارسی ۔۔۔ اس کوں چندی بول کرتوں آرسی

غوثی نے اس خیال کا بھی اظہار کیا ہے کہ اگر یہ تکمیل پا جائے تو ایک یادگار رہے گی جس طرح دوسروں کی کتابیں یادگار ہیں اس سلسلے میں حسب ذیل اشعار لکھے ہیں جس میں دکنی شعرا کے ذکر کیا ہے۔

نصرتی ہو کر گلشن میں ٹھنگ ۔۔۔ گوہر مقصو لایا اپنے سنگ
افصحی ہو عندلیب خوشی نوا ۔۔۔ تو بہار اپنا کھلایا اک نوا
پھر غواصی قصۂ سیف الملوک ۔۔۔ کر گیا کر شعر کے فن سوں سلوک
دھر فراقی فضل رب کا اشتیاق ۔۔۔ او مراۃ الحشر بولے بے فراق
ہاشمی بولیا زلیخا ذوق سوں ۔۔۔ عشق میں جگ روکے کھویا شوق سوں
سب ادا اپنی طبع کی جودت دکھا ۔۔۔ چھوڑ گئے آخر سو یو فانی سرا
جب تلک ہے سبز دنیا کا چمن ۔۔۔ ہو رہے کا عندلیب ان کا سخن

غوثی نے اس کتاب کو گیارہ ابواب میں تقسیم کیا ہے اور ہر باب کو گیارہ فصلوں میں باب کے لئے اس چمن کا اور فصل کے لئے گلدستہ کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اس نے اکثر چمن اور گلدستہ کے آخر میں اپنا تخلص استعمال کیا ہے۔ دو تین شعر حسب ذیل ہیں۔

نک ساری غوثیا اب چھوڑ دے ۔۔۔ دل کوں اپنے غوث کوں توں لوڑ دے

غوثیا اب چل تو اللہ یار ہے　　　فضل سوں اس کے تو دریا پار ہے

محو بیت بخش اپنے غوثی کوں مدام　　　دور دھر ہر ماسوا سوں والسلام

غوثی نے کتاب کے نام اور گیارہ ابواب اور فصلوں کا بھی اس طرح اظہار کر دیا ہے ۔

دستور رکھیا لکھ یہ بیاض غوثیہ　　　نام اس کا میں "ریاض غوثیہ"

ہے چمن اس میں اگارہ جان توں　　　یہ ریاض قادری پہچان توں

ہر چمن گلدستہ گیارہ یار ہیں　　　بلبل بیدل کے دل آدھار ہیں

غوثی نے چمن اور گلدستہ آغاز میں اپنے قلم کو طرح طرح سے مخاطب کیا ہے چار شعر میں چمن ا گلدستہ ۳ و ۱۱

اے قلم دانات کا اب ڈھانکنا　　　کھول کر اس کی طرف ٹک جھانکنا

اے قلم چل اب فنا کے گھر کوں جائیں　　　زندگی کے شور ہو اثر کون گنوائیں

چمن ۲ گلدستہ ۳　　اے قلم چل سرخ رو ہوتے بدل　　　درد دوری دل سوں سب کھونے بدل

چمن ۲ گلدستہ ۲　　اے معلم کلک دریا دل مرے　　　چل دکھانے مجکوں کچھ جوہر ترے

غوثی نے اس میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رح کے سوانح حیات، اخلاق، عادات کرامات، زہد و ریاضت اور ذکر اشغال وغیرہ سب نہایت تفصیل سے بیان کئے ہیں۔

گیارھویں چمن کے آٹھویں گلدستہ میں سات اشغال کا نویں گلدستہ میں چھ مراقبوں کا اور دسویں گلدستہ میں گیارہ اوضاع کا ذکر کیا ہے اور آخری گلدستہ اختتامیہ ہے افسوس ہے آخر کے ایک دو اوراق ضایع ہوگئے ہیں ورنہ اس نے سنہ تصنیف و تمہید پر روشنی پڑتی ۔

جناب نصیر الدین ہاشمی نے فہرست اردو مخطوطات میں اس کا سنہ ۱۱۹۱ ہجری بتلایا ہے اور وضاحتی فہرست کتب خانہ سالار جنگ میں بھی یہی سنہ دیا ہے لیکن ہمارا خیال ہے کہ یہ سنہ غوثی جانی ارکاٹی کی قصص الانبیاء کا ہے نہ کہ ریاض غوثیہ کا۔

ریاض کا ایک نسخہ کتب خانہ انجمنِ ترقی اردو پاکستان کراچی میں ہے اور ایک انجمن ترقی اردو دہلی میں پاکستانی نسخہ میں تاریخ کا یہ شعر دیا گیا ہے۔

باغ یو باغاں کوں سارے باغ ہے　　اس کی تاریخ "بلبل لیب باغ" ہے

۱۱۶۹ھ

یہی تاریخ انجمن دہلی کے نسخے میں بھی دی گئی ہے۔

واضح رہے کہ دکن میں ۱۱ ربیع الثانی عرس حضرت محبوب سبحانی کی تاریخ ہے اس لئے عام طور پر اس مہینے کا نام ہی گیارھویں کا مہینہ ہے۔ غوثی نے اسی مناسبت سے گیارہ چمن اور ہر چمن میں گیارہ گلدستہ متعین کئے ہیں۔

فہرستوں میں غوثی کی مزید تین کتابوں جنگی نامہ (غوثی نامہ) شادی نامہ اور ضیافت نامہ کا ذکر ملتا ہے۔

یہ مخطوطہ محمد اکبر الدین صدیقی نے "ادارہ" کو عطا کیا ہے۔

۱۳۱۹　　**خزانۃ الفواید**

مصنف　　سید علی ولد سید پیر ساکن رائچور

سنہ تصنیف　　۱۱۱۵ھ ہجری

اوراق (۱۶۷)　　تقطیع ۲۴½ × ۱۳½ سم

وضاحتی فہرست کتب خانہ سالار جنگ۔ صفحہ ۷۸۹ کتب خانہ آصفیہ کے اردو مخطوطات جلد اول صفحہ ۲۱۶ مخطوطات انجمن ترقی اردو پاکستان جلد اول صفحہ ۷۳ تا ۷۵ فہرست مخطوطات اردو (انجمن ترقی اردو ہند) اردو ادب جولائی تا ستمبر ۱۹۵۴ء صفحہ ۱۸۵۔

(۱۱ اور ۱۲ سطری)

خط شکستہ نستعلیق کاغذ دولت آبادی

ناقص الآخر کرم خوردہ

کتاب پہلے اور دوسرے ورق پر تصنیف سید علی ولد سید پیر ساکن راچور لکھا ہے۔ مصنف کے متعلق کوئی معلومات نہیں موضوع فقہ ہے۔ ابتداء ہی میں مصنف نے فارسی سے ترجمہ کرنے کا اظہار کردیا ہے متن میں اس نے اپنا نام کہیں نہیں دیا۔ ناقص الآخر ہونے کی وجہ سے ترقیمہ بھی نہیں۔

اس کا ایک نسخہ انجمن ترقی اردو پاکستان میں ہے اس میں مصنف کا ترقیمہ میں نام عبدالمحمد دیا ہے۔ اور کاتب عبدالستار سنہ تصنیف ۱۱۱۵ھ ہم نے اسی سنہ کو اختیار کیا ہے

کتاب سوال وجواب کے طرز پر ہے "اگر کوئی پوچھے سے سوال شروع ہوتا ہے پھر اس کا جواب دیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ کتاب عام آدمی کے لئے بہت سے فقہی سوالوں کا جواب ہے۔

آغاز

الحمد للہ الذی........ واھل الوجود بلحسانہ

بدانکہ لیسعدک اللہ تعالیٰ۔

پوجتوں نیک بخت کرے اللہ تعالیٰ تجکوں اور جہاں میں جو دیکھا میں عالم کوں اور بے بہرا ہوئے ہیں کتاباں میں عربی ہو......... سے کے واسطے ترجمہ اس کا رکھنے زبان سوبیاں کئے ہیں تاکہ فائدہ ہوئی خلق کوں خدا کے بعد از تفحص ہور مطالعے کر کر کتاباں ہور فقہ کے ہور حدثتاں کی مسائل دین وملت کے سات حدیث دلیل سوں بیاں کئے گیا ہے ہور نام افضل کا خزائن الفوائد

تا فائدہ ہووے عالم ہور خاص

اختتام

(صفحہ کی ابتدائی عبارت) یا کہ اچھیکا تو پڑیکا اس واسطے بزرگاں فرمائے ہیں چرانے لگائے بعد چراغ دیک کر اول لاحول پڑنا کیا سبب فرشتے کی نیسے سوں شیطان آتا ہے .... اگر فرشتے اچھے تو سامنے کھڑے رہتے۔

یہ کتاب بارھویں صدی ہجری کے اوایل کا عمدہ نمونہ ہے یہ کتاب محمد اکبر الدین صدیقی نے ادارہ کو تحفتاً عنایت کی ہے۔

۱۳۲۰ رحیما

قائم شاہ

سنہ تصنیف ۱۲۵۰ ہجری (فارسی)

اوراق (۶) تقطیع (۲۳ × ۱۴ سمر)

مسطر ۱۴ سطری خط نستعلیق خوشخط

یہ ایک مختصر رسالہ کریما کی طرز پر ہے۔ قائم شاہ اس کا مصنف ہے وہ مولانا شاہ رفیع الدین قندھاری کا مرید ہے۔ مولانا شمس الامرا امیر کبیر کے مرشد تھے۔

قائم شاہ نے اس رسالے میں ان کی اس طرح تعریف کی ہے۔

در مدح شاہ رفیع الدین قدس سرہ

شناسندۂ راز پرور دگار ولی و دکر عارف نامدار

ہزاراں ز سالک ازد کامیاب زفیضش ہمہ عالمی فیض یاب

بچرخ ولایت زہے آفتاب — رفیع الدین شاہ علی خباب

نہ دیدیم چنیں عالم و عاملی — مسیحا دم و چوں خضر کاملی

ہر آنکس کہ بر آستانش رسید — ز آبِ حیات حقائق چشید

قائم نے رسالے کی ابتدا حمد نعت اور مدح صحابۂ کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہما و مدح آل اطہار علیہ السلام کے بعد مندرجہ بالا مرشد کی مدح کی ہے اس کے بعد عنوانات در توحید الٰہی گوید، در ذکر الٰہی گوید در جہاں سخاوت گوید، در ذکر بخیل گوید اسی طرح تواضع جاہل، عدل، ظلم کاذب طاعت اور روزگار کا بیان کرتے ہوں رسالہ ختم کرتا ہے۔

ابتداء

رحیما کرم ساز بر حال ما — کہ پنہاں ز تو نیست احوال ما

غفور است نام تو بخشندہ — تو دانا و قیوم و ہم زندہ

اختتام

دو صد یکہزار و ز پنجاہ بود — کہ تصنیف قائم شد ایں را نمود

ندارد جہاں مر کسے را اعتبار — ز قائم بدار ایں سخن یادگار

الٰہی بپاس نو اس — مصنف نویسندہ خوانندہ را

تا کہ خواند درج طمع دارم — زانکہ من بندۂ گنہگارم

یہ نسخہ محمد اکبر الدین صدیقی نے ادارہ کو تحفتاً دیا ہے۔

۱۳۲۱ **گنج شکر (مثنوی)**

مصنف نامعلوم زمانہ تصنیف ماقبل ۱۲۰۰ھ

اوراق (۸) تقطیع (۲۱×۱۳ سمر)

مسطر ۱۱ سطری کاغذ دولت آبادی

اس مثنوی کا یہ موضوع ہے مستقبل میں جو وقوع پذیر ہوگا اس کا کس طرح قیاس کیا جائے شاعر ایک عمل بتلاتا ہے اور کہتا ہے کہ اس طریق سے اس کا جواب دیا جاسکتا ہے وہ کہتا ہے۔

کوئی حاجت مند کرے آکر سوال اس کو دیویگا جواب وصال
گئے بزرگاں یہ عمل کو کر عزیز وہ ہوئے صاحب کرامت بوج نیز

اس نے بتایا ہے کہ یہ رسالہ پہلے فارسی میں تھا اس کو دکھنی نظم میں مختصراً بیان کیا ہے۔ فارسی میں اس کا نام گنج شکر ہے۔

نظم دکھنی سو کیا ہوں مختصر فارسی تھا یہ شکر گنج سو کر

ابتداء

ہے سزاوار حمد سب اس کو عزیز جو کی ہے سب کی حقیقت بوج نیز
کس کو نیں ہے علم غیب خر کردگار گر کہے کوئی اس کا ناکہ اعتبار

اختتام

نظم دکھنی سو کیا ہوں مختصر فارسی تھا شکر گنج سو کر
واسطے تو حسین کے ہے عالم تمام اس اوپر درود واں وسلام

رسالہ کے ختم پر فاتحہ کا طریقہ تین صفحہ میں بتلایا گیا ہے۔

یہ رسالہ محمد اکبر الدین صدیقی نے ادارہ کے کتب خانہ میں داخل کیا ہے۔

۱۳۲۲

من لگن

قاضی محمود بحری — سنہ تصنیف ۱۱۱۲ھ ہجری

اوراق - (۸۵) — تقطیع ۱۲ × ۱۵ سمر

مسطر ۱۱ سطری — کاغذ بدلیسی

خط - معمولی نستعلیق — فرہنگ (۵)

قاضی محمود بحری - بحرالدین قاضی دریا کے لڑکے تھے قاضی دریا حضرت برہان الدین جانم کے مرید اور خلیفہ تھے موضع گوگی تعلقہ شاہ پور (گلبرگہ) کی قضاوت پر مامور تھے۔ بحری نے گوگی ہی میں علم حاصل کیا اور شاہ محمد باقر کے دست حق پرست پر بیعت کی انہوں نے تمام اصناف سخن پر طبع آزمائی کی ہے۔ سکندر عادل شاہ کے عہد میں وہ بیجاپور گئے سکندر عادل شاہ ان کا بے حد معتقد تھا۔ عادل شاہی سلطنت کے خاتمہ سنہ ۱۰۹۷ھ کے بعد وہ حیدرآباد آرہے تھے کہ راہزنوں نے سارا اثاثہ لوٹ لیا اور ان کا پچاس ہزار کا ذخیرہ بھی اسی میں تلف ہوگیا۔ حیدرآباد میں ایک امیر نے ان سے خواہش کی کہ کچھ لکھ دیں۔ انہوں نے معذرت کی اور امیر کے اصرار پر "من لگن" لکھدی۔

من لگن میں سنسکرت الفاظ زیادہ ہیں اس لئے سمجھنے میں دشواری ہوتی ہے اسی لئے شہادت جنگ کی فرمائش پر سید شاہ اسمٰعیل نے ارتھ من لگن مرتب کی۔

یہ کتاب متعدد بار شائع ہوئی ہے مولوی عبدالحق نے ڈاکٹر محمد حفیظ سید کو ایک مطبوعہ سنہ ۱۲۷۳ھ کا دیا تھا جو مطبع عظیم الاخبار میں چھپا تھا۔ راقم الحروف کے پاس اس کے تین مطبوعہ نسخے ہیں ۱- در مطبع قادری حاجی سید عبدالقادر قادری کے مطبع میں سنہ ۱۲۷۷ھ میں طبع ہوا۔

۲- در مطبع فردوسی مسکر بنگلور ۱۲۹۸ھ-

۳ - در مطبع نظامی مدراس ۱۳۲۸ھ ہجری۔

سخاوت مرزا مرحوم نے انجمن ترقی اردو پاکستان سے اپنے مقدمے کے ساتھ شایع کردیا ہے۔

پیش نظر نسخے کے ابتدائی دو اوراق کا بالائی حصہ ضایع ہوگیا ہے

تیسرے ورق کی ابتدا

تول وہ جو سورج کو چرخ بخشیا　　معروف کے تیں توکرخ بخشیا
بحری جو پڑا ہے غیر کے غار　　اے غار کے یار اسے نکو غمخوار
ہر بھانت اسے توں بھارلیا تھا　　آلیس کی لطافتوں لبھانا

آخری اشعار

بو جیبا ہے عبث ہوسی کے تیں ہوتیں　　گر ہوش کہ سبی فراموش
رکھ اصلی یہ بیت نس چھپاوں اوپر　　کہ ختم خدا کے نام اوپر

فرہنگ کے آخری الفاظ

ڈھور، داس، دسن

یہ نسخہ محمد اکبر الدین صدیقی نے کتب خانہ کو تحفتاً دیا ہے۔

خطوط منظومہ

۱۳۲۳

مصنف افزا　　سنہ تصنیف وکتابت ۱۲۷۶ھ

صفحے (۹۸)　　تقطیع (۱۸ × ۱۵ سمر

سطر ۱۱ سطری　　کاغذ نیلا انگریزی

افزاد کے متعلق کوئی معلومات نہیں یہ جنوبی ہند کے شاعر ہیں اور یہ خطوط فرضی طور پر لکھے گئے ہیں اور ان کے مکتوب الیہ بھی فرضی ہیں۔ کسی خط میں کوئی نام نہیں۔

انشاء کی کتابوں میں جس طرح خطوط لکھنے کے آداب بتلائے گئے ہیں اسی انداز پر یہ خطوط لکھے گئے ہیں اور حفظ مراتب کا خیال رکھا گیا ہے۔ سبب تالیف بتلاتے ہوئے شاعر کہتا ہے کہ وہ منظوم لکھ کر رکھ دیا کرتا تھا۔ ایک دن ایک عزیز نے ان کو جمع کر کے مرتب کرنے کا مشورہ دیا تاکہ لوگوں کے کام آئے اور شاعر کی یادگار ہو۔ کہتا ہے کہ

ان کو بہتر ہے جمع کر یکسر کیجئے ایک کتاب چھوٹی تر

تاکہ یہ بہرہ ور ہماری ہو یادگاری بھی کچھ تمہاری ہو

اسی لئے یہ خطوط مرتب کئے گئے۔ ان کی تعداد (۳۵) ہے پہلا خط استاد کے نام ہے دوسرا مرشد تیسرا والد اور اس کے بعد والدہ بڑا اور چھوٹے برادران اور عزیزوں کے نام ہیں لیکن نام کسی کا نہیں۔

آخر میں تاریخی قطعات ہیں۔ ایک قطعہ ناطق کا ہے دوسرا مدرس محمد شریف کا تیسرا مروت کا چوتھا خود مصنف کا پانچواں مشتاق کا

ناطق کی تاریخ خوب ہے نظم افراد جس سے (۱۲۷۲) متخرج ہوتے ہیں

کتاب کا پہلا صفحہ ضایع ہو گیا ہے دوسرے صفحہ پر حمد اور اس کے بعد مناجات ہے پھر نعت اور دعا بہ بارگاہ سرور کائنات اس کے بعد بیت تالیف لکھ کر مکتوب اول شروع کیا ہے۔

ابتدا (دوسرا صفحہ)

ظاہر فہم کو رسا ہی کیسا جلتے ارواح کے جہاں "پرہا"

کیا سہارا یہ وجود اصل ذات وحدت میں خفا کے دیو خل

اختتام قطعہ مشتاق

کرد تصنیف چوں کتاب افراد است فا خطوط منظومہ

قاصد دل رسانده بے لطف بہر کامش خطوط منظومہ

الہی بیادرز ـــ خط بماند یادگار
عطیہ محمد اکبر الدین صدیقی ۔

انشائے سبیان

۱۳۲۴

مصنف مہدی فارسی

اوراق (۵۲) تقطیع (۲۷ × ۱۴ سم)

مسطر ۱۳ سطری سنہ ندارد قبل ۱۲۵۰ھ رقعات نولیسی کے طریقے بتلائے ہیں ۔ اور اس کو (۳۲) ابواب میں تقسیم کیا ہے ۔ دو کاتبوں نے لکھا ہے ۔ ایک کاتب جس نے ابتدائی ابواب لکھے ہیں اس قدر کم سودا ہے کہ لفظ کو دو حصوں میں لکھتا ہے ۔

مثلاً "آ" ایک سطر کا آخری حرف "اے" دوسری سطر کا پہلا حرف اسی طرح ابلا ـــ غ ' جا ـــ نب ' فر ـــ مایند ' خو ـــ ب ' وغیرہ

ابتدا

نام اس کتاب کا انشائے سبیان است ۔ حمد بے حد خدای راکہ منشی عقل ہمہ داں از تحریر اخلاص انشائی کہنہ صفات دانش بجز مشہور ومعروف است

اختتام

جہت طلای سوار یعنی دست برنجن و خلخل وطوق گلوبند ساجزادگان وغیرہ مصدیان بروانگی مجلد مخواہد ۔

جامع القوانین

۱۳۲۵

مصنف نام معلوم قنوجی

اوراق (۵۶) تقطیع (۲۱ × ۱۵ سمر)

سطر خط شکستہ نستعلیق

مصنف نے مکتوب نگاری کے طریقے تیئے ہیں کتاب کو چار فصلوں میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔ مکتوبات ۔ ۲۔ رقعات (مراسلات تہنیت اور مکاتبات تعزیت) آداب والقاب خاتمہ کتاب

ابتدا

ستائش ونیائش مراهدی راکہ کاتب فصاحت بیان فرد دانشوران از تحریر انشا ہے ثنائے بیکرانش چوں قلم سر گردانست۔

اختتام

چوں صحیفۂ رخسار نازنینان زہرہ جبیں منظور نظر دانا ولالی سحر آفریں یاد از حرمت ایزد پاک کردہ است مخالفش بلولاک۔ تمت تمام بعون اللہ

۱۳۲۶ **گلدستہ گفتار**

مصنف شیر محمد خاں ایمان تاریخ تصنیف ۱۲۲۰ ہجری

اوراق (۱۸) تقطیع (۲۱ × ۱۵ سمر)

سطر ۱۵ سطری خوش خط نستعلیق

شیر محمد خاں ایمان ولد محمد عاقل خاں وقایع نگار حیدرآباد کے مشہور شعرا میں ہیں وہ ارسطو جاہ وزیراعظم نظام علی خاں آصف جاہ ثانی وسکندر جاہ آصف جاہ ثالث کے مصاحب اور درباری شاعر تھے۔ ایمان کا ذکر تذکرہ شعرائے دکن، تنزک آصفیہ اور دکن میں اردو کے علاوہ مرقع سخن " تذکرہ مخطوطات وضاحتی فہرست کتب خانہ سالار جنگ

فہرست کتب خانہ جامعہ عثمانیہ اور کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے۔ ادارہ ادبیات اردو سے کلیات ایمان کا ایک انتخاب ایمان سخن شایع ہوچکا ہے۔ تزک آصفیہ میں شاہ تجلی نے اپنے شاگرد ایمان پر فخر کا اظہار کیا ہے۔ وہ بہت پرگو شاعر تھے اور ماہ لقا بائی چندا (پہلی صاحب دیوان شاعرہ) کے استاد حال ہی میں شیر محمد خاں ایمان پر سیدہ ہاشمی نے جامعہ عثمانیہ میں ایم۔فل کا مقالہ لکھا ہے۔

وہ کئی کتابوں کے مصنف بھی جن میں حسب ذیل ہیں۔

۱۔ کلیات جس میں تمام اصناف سخن شامل ہیں

۲۔ سردار نامہ شطرنج

۳۔ گلدستہ گفتار

موخرالذکر کتاب کا نام ضلع جگت بھی بتلایا گیا ہے۔

ابتدا

ضلع برگ تنبول سے ہوئی ہے۔

جاں سپاری پارک سرخ رو سرسبز استنبول زبان لال یکرنگ بدرنگ

جمیل تغابن چوں نباشد بیخ دین صلح دا صلح ماتعد

دو مصرعہ

ہر چند کہ بوالہوس اٹھاوے بیڑا جکنی صورت سے جاں سپاری معلوم

آخر میں دو رباعیاں ہیں۔ دوسری رباعی تصنیف سے متعلق ہے۔

پہلی رباعی

ایمان وہ سید لپسر اپنا ہے امام تسبیح ہے دن رات ہمیں اسکی مدام

دانا سی جس رشتہ اخلاص ہے یاں منکا ڈھلکے تلک ہے اس کا ہی نام

"دوسری رباعی تاریخ اتمام" ہے

ایمان میں اب سخن یہ کہتا ہوں اراٹ　　اس نسخہ کی تاریخ جو کی میں درخواست
جٹ غنچہ لوکی نے چمن میں مجھ سے　　"گلدستہ گفتار" کہا بے کم وکاست

اختتام

... پوست کندہ آپ سن لی جی　　بات فی نہ ترش روئی کسی سے
... اب ریشہ دوانی تو آترس یہ اسیر　　اب یال میں جل کے فکر شام س

غالباً ناقل نے یہیں تک نقل کیا ہے اور باقی حصہ چھوڑ دیا ہے۔

۱۳۲۷ مثنوی سحرالبیان

(بے نظیر و بدر منیر)

میر غلام میر حسن احسن

اوراق (۸۴) تقطیع (۲۱ × ۱۵ سم)
سطر ۱۱ تا ۱۲ خط شکستہ نستعلیق
ناقص الآخر کرم خوردہ

اس سے پہلے اس کا ذکر آچکا ہے (صفحہ ۱۶۸) متعدد نسخے ادارہ میں موجود ہیں۔

ابتدا

کروں پہلے توحید یزداں رقم　　جھکا جس کے سجدے میں اول قلم
وہ دولت سرا خانہ نوز تھا　　سدا عیش و عشرت میں معمور تھا

اختتام

ہمیشہ خوشی راحت دل سے فراغ　　نہ دیکھا کسی دل پہ جز لالہ داغ
سدا عیش و عشرت سدا راگ رنگ　　نہ تھا زلیت سے اپنے کوئی تنگ

یہ بار ہا شائع ہو چکی ہے ۔ درسیات میں شریک ہے اور خطی نسخے پر کتب خانہ میں موجود ہیں اس کی مقبولیت میں کوئی فرق نہ آئی ۔

۱۳۲۸ **اعجاز احمدی**

نوازش علی خاں شیدا

سنہ تصنیف

اوراق (۱۴۰) تقطیع (۲۲ × ۱۵ سم)

مسطر ۱۲ سطری

کرم خوردہ اول و آخر ناقص

یہ نسخہ اعجاز احمدی کی دوسری اور تیسری جلد ہے قبل ازیں اس کے متعلق تفصیل پیش کی گئی ہے (ملاحظہ ہو نمبر ۱۱۶۹ و ۱۱۷۰) صفحہ ۵۴ تا ۵۶ اور ۱۲۴۳ صفحہ ۱۴۶)۔ ابتدائی اوراق نہیں ہیں ۔ اس شعر سے آغاز ہوا ہے ۔

عداوت محمد سے تھی دین کی نہ تھی دشمنی اوس کے آئین کی

پہلی جلد کے آخری دو شعر حسب ذیل ہیں ۔

اے تیز اقلم پر ہے یہ اضطراب کہ منزل کوں مقصد کے پہنچے شتاب

بھلا ہے تو کر اوس کے مطلب کے کام کروڑوں سے کہتا نبی پر سلام

ترقیمہ

تحریر فی التاریخ غزہ صفر المظفر ۱۲۰۰ھ ہجری بروز یکشنبہ اختتام رسید ایں جلد دھم اعجاز احمدی کاتب حروف

منیر رضا

اس کے بعد صفحہ پر آخری سطر میں شعر درج ہے ۔

سنو مومناں صدق سے دھیان دے میں کہتا فضائل صلوات کے

اس کے بعد دوسرے صفحہ سے تیسری جلد کا آغاز ہوتا ہے عنوان ہے۔

جلد سوم در بیان شرف بخش شدن اشرف الانبیا مدینہ مشرف را۔

پہلا شعر۔

الہٰی تو کر فضل کا فتح باب ــــ مجھے میرے مطلب سے کر کامیاب

آخری شعر

نہیں فکر اب جان جانے کی ہے ــــ یہی امید اب سر کٹانے کی ہے

عنوانات سرخی سے لکھے گئے ہیں۔

یہ نسخہ محمد احمد اللہ خاں صاحب نے عنایت کیا ہے۔

۱۳۲۹ دیوان رمز

سدا نند جوگی بہاری لال رمز (۱۲۴۰ ہجری ۱۳۲۵ ہجری)

اوراق (۳۸) تقطیع (۲۱½ × ۱۷½ سمر)

مسطر (۱۳) سطری کاغذ انگریزی معمولی

خط نستعلیق

رمز کے والد منشی گنولال مددگار مختار الدولہ کے فرزند تھے اردو فارسی، عربی اور ہندی میں معقول دستگاہ تھی۔ پہلے اپنے والد کی جگہ منشی گیری پر مامور ہوئے پھر دنیا ترک کر دی۔ میر شمس الدین فیض کے شاگرد اور معتقد تھے فیض کے عرس کے موقع پر جو مشاعرہ ہوتا اس میں شریک رہتے ایک عرس (۱۲۲۵ ہجری) کے موقع فیض کے مزار کے پاس غزل پڑھ رہے تھے کہ فوت ہو گئے۔ اردو، فارسی اور ہندی میں دیوان ترتیب دیئے اور سب کلام ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔

(تفصیلات کے لئے دیکھئے تذکرہ مخطوطات جلد پنجم صـ۱۷۸ تا صـ۱۸۱)

رمز کے اردو دیوان کا ایک انتخاب رمز سخن کے نام سے ادارہ ادبیات اردو کی

جانب سے شایع ہو چکا ہے رمز کا تذکرہ مرقع سخن جلد دوم میں بھی آچکا ہے۔ بہاری لال رمز شخصیت اور فن کے موضوع پر عثمانیہ یونی ورسٹی میں زہرا عزیز نے ۱۹۷۵ء میں ایم۔اے کا مقالہ لکھا ہے۔

پیش نظر نسخہ میں ردیف الف سے ت تک کی غزلیں ہیں۔
پہلا شعر

ہے بسم اللہ یہ دیوان پہ سکہ شاہ مرداں کا   علی نام خدا لاریب ہے ہمنام سبحان کا

آخری شعر

بیت بن گئی تھی جان کی خواباں تمام رات   اللہ ہی تھا ہمارا نگہباں تمام رات

۱۳۳۰ دکنی سنگھاسن بتیسی

مترجم نامعلوم اوراق ۹۵
مسطر ۱۱ سطری کتابت ۱۲۶۷ ہجری
تقطیع (۶" × ۹")
ابتدا

"شکر اللہ تعالیٰ کا ایسا اللہ تعالیٰ کہ بزرگ ہیں بزرگیاں اس کی اور بے شمار ہیں بخششاں اس کے جہاں کو پیدا کرنے والا طرح طرح کی پیدائش کرنے والا اور پرورش کرنے والا عالم کا ہے اور خطا بخشنے والا گنہگاروں کا ہے اور بادشاہی اس کی بے زوال ہے۔ انصاف اور عدل اس اللہ تعالیٰ کا حد سے زیادہ ہے اور صلواۃ اس کے رسول پر کہ نام بزرگ ان کا محمدؐ ہے"

اختتام

یہ مجلس راجہ اندر کی معلوم ہوتی ہے اور ثانی اس مجلس کی سوائے مجلس راجہ اندر کی دوسری نہیں ہے۔ رحمت اوپر راجہ بھوج کی کیا اور تعریف کالداس شاعر کی اور مجلس کو کیا اور وہاں

سے رخصت ہو کر طرف راجہ اندر کے روانہ ہوا اور رخصت اس کی راجہ بھوج سبونکو خلعتاں بخش اور انعام بہوت دیا اور تمام خوش وقت ہوے اور دعا کیے کہ اے پروردگار اس راجہ کو سلامتی دے اور ہمیشہ دولت اس کی قائم رکھ مرقوم بست و دویم۔

شہر صفر المظفر ۱۲۶۷ ہجری تمام شد"

"سنگھاسن بتیسی" ایک سنسکرت الاصل قصہ ہے، جس کے مختلف زبانوں میں ترجمے ہوئے ہیں۔ اس کا سنسکرت زبان سے فارسی میں ترجمہ سب سے پہلے چیتر بھوج داس نے شہنشاہ اکبر کے زمانے میں "شاہ نامہ" کے عنوان سے کیا تھا۔ پیش نظر کتاب اسی "شاہ نامہ" کا دکنی ترجمہ ہے کتاب کے سبب تالیف میں شہنشاہ اکبر کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

"سایہ اللہ تعالیٰ کا بیٹھنے والا تخت کا لینے والا ملک کا اور پناہ دینے والا خلق کا جمشید کے مرتبے کا اور بزرگی کی قدرت کا حاتم سخاوت کا نوشیروان عدالت کا فریدوں کے برابر کا راحت بخشنے والا عالم کا سربلند کرنے والا بادشاہوں کا آسمانوں کی بلندی کا قطب زمانے کا نام اس کا جلال الدین اکبر شہنشاہ غازی ہمیشہ رکھے اللہ تعالیٰ ملک اس کا وہ بادشاہ اپنے فضل اور بخشش سے عالم پر نوازش کیا ہے اور نشانیاں ظلم وستم کی اپنے ملک سی دور کیا ہے۔

قصہ کا ماخذ اور سبب تالیف کا ذکر کرتے ہوئے مترجم نے "آغاز داستان" کی سرخی کے تحت لکھا ہے۔

"اول یہ کتاب چیتر بھوج داس بیٹھا سرد یپ چند کا فارسی زبان میں لکھ کر نام اس کا شاہنامہ رکھا ہے اور بتیس حکایتاں بہوت فصاحت اور نزاکت سے ظاہر کیا ہے۔ ہندوی زبان میں اس کو سنگھاسن بتیسی کہتے ہیں کتنے شخص فارسی زبان سے واقف نہیں کہتے ہیں اس واسطے ترجمہ اس کا دکنی زبان میں اس طرح لکھا گیا۔ اب مجکو دانشمندوں اور صاحب کمالوں سے التماس یہ ہے کہ اگر کچھ فراموشی اور خطا اس میں ظاہر ہوئے اپنے عنایت سے معاف فرمادیں۔"

"سنگھاسن بتیسی" دراصل بتیس کہانیوں کا مجموعہ ہے اور اس میں راجہ بکرماجیت کی داستان

بیان کی گئی ہے۔ اس قصہ کو بکرماجیت کے دربار کی بتیس (۳۲) پتلیاں بیان کرتی ہیں راجہ بھوج بکرم جب سنگھاسن پر بیٹھنا چاہتا ہے تو روزانہ ایک پتلی بکرم کی سخاوت کا ایک واقعہ سنا کر تخت نشینی سے باز رکھتی ہے لیکن آخر کار راجہ بھوج تخت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ ان کہانیوں کا مقصد راجہ بکرم کی شجاعت اور سخاوت کا بیان ہے۔

فورٹ ولیم کالج کی جانب سے بھی سنگھاسن بتیسی کا اردو اور ہندی ترللو لال جی اور کاظم علی جوان نے ۱۸۰۱ء میں لکھا تھا جو ۱۸۰۵ء میں چھپ چکا ہے۔

ڈاکٹر رفیعہ سلطانہ نے اپنی کتاب "اردو نثر کا آغاز و ارتقا" میں دکنی سنگھاسن بتیسی کا ذکر کرتے ہوئے یہ قیاس ظاہر کیا ہے کہ یہ ترجمہ فورٹ سینٹ جارج کالج کے لئے ہوا تھا۔ لیکن مترجم نے کہیں بھی اس امر کی صراحت نہیں کی۔

دکنی سنگھاسن بتیسی کا ایک اور قلمی نسخہ کتب خانہ سالار جنگ میں محفوظ ہے۔ (فہرست مخطوطات صفحہ ۷۱۸)

۱۳۳۱ سحرالبیان

مصنف میر حسن

اوراق ۳۷ مسطر ۱۵ سطری

تقطیع ، ($5\frac{1}{2}'' \times 9\frac{1}{2}''$)

سنہ تصنیف سنہ ۱۱۹۹ ہجری (ناقص الاول)

کتابت ۱۲۴۷ ہجری

ابتدا

ہوا کو کہ ظاہر میں اتی لعنت پہ علم لدنی کھلا دل پہ سب

ہوا علم دیں اس کا یوں آشکار گذشتہ ہوئے حکم تقویم پار

اختتام

میاں مصحفی کو جو بھائی یہ طور   انہوں نے یہی کرفکر از راہ غور
کہی اوسکی تاریخ یوں برمحل   یہ بت خانہ چین ہے بے بدل

1199

بتاریخ بست و دوم شہر ذی الحجہ ۱۲۴۷ھ ہجری

سحرالبیان میر حسن کی ایک مقبول ترین مثنوی ہے ادارہ میں اس مثنوی کے جملہ ۱۵ مخطوطات ہیں جن کا ذکر اسی جلد میں صفحہ نمبر ۱۲۷ - ۱۲۸ پر کیا گیا ہے۔

۱۳۳۲ سحرالبیان

مصنف   میر حسن

اوراق   (۸۸)   مسطر ۱۳ سطری

کتابت   ۱۲۶۰ھ   کاغذ ولایتی

تقطیع   (۵ × ۸)

کاتب   عبدالمجید بن غلام قادر علی

آغاز

کروں پہلے توحید یزداں رقم   جھکا جس کے سجدے میں اول قلم

اختتام

میاں مصحفی کو جو بھائی یہ طور   انہوں نے یہی کرفکر از راہ غور
کہی اس کی تاریخ یوں برمحل   یہ بت خانہ چین ہے بے بدل

ترقیمہ

"تمت الکتاب بعون الملک والوہاب بتاریخ چہار دہم شہر جمادی الثانی در ۱۲۶۰ھ

بروز شنبہ بوقت سہ پاس در مقام بلہاری ازخط عاصی پر معاصی عبدالمجید ولد غلام قادر علی مرحوم ساکن بلدہ نظر کر صورت اختتام یافت۔

اس سے پہلے سحرالبیان کے چودہ مخطوطات کا ذکر کیا گیا ہے یہ ادارہ کا پندرھواں نسخہ ہے۔ پیش نظر مخطوطہ اس قدر کرم خوردہ ہوگیا ہے کہ اس کی اوراق شماری بھی مشکل سے کی جاسکتی ہے۔

۱۳۴۳ اسرار حقیقت

مصنف محب حسین

اوراق ۳۲ مسطر ۹ سطری تقطیع $\frac{1}{2}$ ۶ × ۸

آغاز

"اے خدا جان دو جہاں تو ہے روح ہے جسم اور جاں تو ہے
غیر تیرا فقط ہے وہم و خیال زر و نقرہ کے جس طرح جیال
وہم بھی ہے تو ہی خیال تو ہی تو ہی ممکن ہے اور محال تو ہی"

اختتام

"عجب تعصب کا آپ کے ہے یہ حال لائیں کس طرح سے زباں پہ مقال
جاہلوں کی روش ہے مولانا کہا ہر اپنی بات کو اچھا
دوسرے کی ہر ایک بات بری یہ جہالت کی ہے دلیل قوی"

اس سے قبل محب حسین کی تین تصانیف "اسرار قرآن" (مخطوطہ ۱۳۰۷ صفحہ ۲۳۲) قصائد و ترکیب بند" مخطوطہ ۱۳۰۹، صفحہ ۲۳۵ اور "مخمسات محب حسین (مخطوطہ ۱۳۰۸، صفحہ ۲۳۴) کا ذکر آچکا ہے پیش نظر کتاب میں مختلف حکایتوں کو مختصر مثنویوں کی شکل میں بیان کیا گیا ہے۔ چند حکایتوں کے عنوانات یہ ہیں

۱۔ ایک محقق افلاک کی حکایت ۲۔ حکایت بچہ شیر

۳ ـ ایک مرشد و وزی کی حکایت ۴ـ حکایت

۵ ـ ایک مرشد کی حکایت ۶ ـ ایک صحابی کی حکایت

۱۳۳۴ اسرار حقیقت (حصہ دوم)

مصنف محبّ حسین

اوراق ۳۰ مسطر وسطری تقطیع ۶½ × ۸

آغاز

"اس سے قرآن نے باز رکھا ہے سبق عجز جس سے سکھا ہے

بولا وہ خیر کچھ بیاں تو کرو بات کا میرے کچھ جواب تو دو

ہم یہ کرتے ہیں اعتراض وہ کیا کرتے ہیں کیا بتوں کو ہم سجدہ"

اختتام

" یہ ہے عدل فاروق جس سے کہ آج ہے دنیا میں قائم مسلمان کا راج

عدالت ہے بنیاد شہنشہی اسی خلق پر ہے فلاح و بہی

محب ختم کر داستان نبرد کہ اہل سخن کا ہے بازار سرد"

تمام شد

یہ کتاب مثنوی اسرار حقیقت کا دوسرا حصہ ہے اس میں بھی چند منظوم حکایتیں بیان کی گئی ہیں، بعض حکایتوں کے عنوان قرآن کی آیتیں ہیں۔

۱۳۳۵ اسرار قرآن

مصنف محب حسین

اوراق ۳۱ مسطر ۱۳ سطری تقطیع ۶ × ۸

آغاز

"ہے اس آیت کا یہی شان نزول جس کو اہل عقل کرتے ہیں قبول
قوم میں آیا مسافر ایک جب تو رہے خاموش بیٹھے سب کے سب
دی نہ دعوت اور نہ ٹھہرایا اسے شہر میں میدان دکھلایا اُسے"

اختتام

"تم ڈرو اللہ سے اے اہل دیں اس کی ہاز و پرس سے بچنے نہیں
جلد لے گا وہ حساب ہر عمل اور نہ آئے گا حسابوں میں خلل
جو حرام اشیا یہاں ہیں اور حلال ہوگا ان سب کا حساب اے خوش خصال"

اس کتاب میں محب حسین معلم نسواں حیدرآبادی نے قرآن شریف کے چھٹے پارے "لایحب اللہ" کا منظوم ترجمہ کیا ہے۔ اس سے قبل محب حسین کی درج ذیل کتابوں کا ذکر ہو چکا ہے

۱۔ "اسرار قرآن" (الف) مخطوطہ ع ۱۳۰۷، صفحہ ۲۳۲
۲۔ مخمسات محب حسین مخطوطہ ع ۱۳۰۸، صفحہ ۲۳۴
۳۔ قصائد و ترکیب بند مخطوطہ ع ۱۳۰۹ صفحہ ۲۳۵
۴۔ اسرار حقیقت مخطوطہ ع ۱۳۳۳ صفحہ ۲۶۹

۱۳۳۶ احوال میت

مصنف محمد شمس الدین شمس احمد نگری

اوراق (۲۱) مسطر ۱۱ سطری تقطیع ½۵ × ½۸

سنہ تصنیف ۱۲۰۰ ہجری کتابت ۱۲۷۶ ہجری

کاتب مرزا یوسف علی بیگ

آغاز

"شروع کرتا ہوں میں نام سے حق سبحانہ جل شانہ کے پیدا کرنے والا اور جلانے والا مختار اپنے ملک کا ہے خواہ کسی کا بیٹا چھین لیوے خواہ کسی کی بیٹی، کسی کو جگ میں اوس کے دم مارنے کی طاقت نہیں"

اختتام

"شکر حق سبحانہ جل شانہ کا کہ یہ رسالہ احوال میت کا گیارویں تاریخ ماہ مبارک رمضان شریف میں وقت نماز جمعہ کے سن بارہ سے ہجری میں تیار ہوا بمنہ کرہ تمت تمام شد"

اس نثری رسالہ میں مسائل تجہیز و تکفین، نماز جنازہ اور زیارت قبور وغیرہ کو آیات قرآنی اور احادیث نبوی کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔

محمد شمس الدین اردو اور فارسی کے اچھے شاعر تھے، ادارہ میں اس رسالہ کے ایک اور نسخہ (دیکھیے فہرست مخطوطات جلد اول ص ۱۵۹) کے علاوہ ان کی دو اور کتابیں "ترتیب النکاح" (جلد اول ص ۱۲۸) اور "ترتیب نماز" (جلد اول ص ۱۲۹) بھی موجود ہیں۔

کتاب کے آخر میں گیارہ (۱۱) اشعار کی ایک فارسی مناجات بھی شامل ہے۔ مناجات کے بعد یہ ترقیمہ ہے۔

"...... بتاریخ چہارم ماہ صفر المظفر ۱۲۷۶ سنہ ہجری
کاتب الحروف مرزا یوسف علی بیگ در بلدہ فرخندہ
بنیاد حیدرآباد بوقت ظہر اتمام ...."

"احوال میت" کے اس نسخہ کو محمد اکبر الدین صدیقی صاحب نے ادارہ ادبیات اردو کے کتب خانہ میں داخل کیا ہے۔

۱۳۳۷ - قصیدہ فخر الدین

سائز ۲۰ × ۱۳ سمر - اوراق ۲۱ - قصیدہ اور ۷ ورق دیگر۔

یہ قصیدہ موسیٰ رضا جھکری کی روزہ کشائی کے موقع پر فخر الدین نے کہا ہے۔ ۲۴ اشعار ہیں۔ ہر صفحہ پر ایک شعر تحریر ہے۔ ابتداء کی عبارت حسب ذیل ہے۔

ایں قصیدہ و تاریخ در تہنیت روزہ داری صاحب زادہ والا مرتبت عالی منزلت موسیٰ رضا صاحب جھکری مد اللہ عمرہ و زاد قدرہ یعنی فرزند ارجمند سعادت پیوند بہاء الدین صاحب جھکری دام افضالہٗ استمرقوم بیست و ہفتم شہر رمضان المبارک ۱۲۶۲ھ ہجری۔ در بلدہ میسور تحریر یافت۔

مطلع ہے :-

سال میں یک ماہ معظم ہے مکرم دو شاں　　اس کی ہے تعظیم توقیر پہ تمامی مومناں

اور آخری شعر میں تاریخ بھی ہے۔

سال و تاریخ روزے کی یوں بولا خرد　　بارہ ویں صدی پہ باسٹھ ہے سن ہجری عیاں
۱۲۶۲ھ

اس بیاض میں سات اوراق علحدہ زنگ کے کاغذ ہیں۔

پہلے ورق پر یہ اطلاع تحریر ہے۔

بفضل و بتصدق حبیبؐ و محبوبؑ برخوردارم محمد موسیٰ رضا جھکری مد اللہ عمرہ و زادہ قدرہ را بتاریخ پنجم ماہ مبارک رجب المرجب روز پنجشنبہ شب دعا ۱۲۸۵ھ، ہجری نبوی مطابق بیست و دیم ماہ اکتوبر ۱۸۶۸ء سنہ قلعداری تعلقہ گنڈل پرٹ ہمدست گردیدہ ازاں تاریخ بر۲ ورز داخل گردید حق سبحانہٗ جل شانہٗ روز بروز ترقی جاہ و مراتب نصیب فرماید۔

اس ورق کے دوسرے صفحے پر محمد جعفر فرزند محمد باقر کی ولادت کا قطعہ تاریخ تحریر ہے۔ نونہال باغ جاں پیدا　۱۲۱۲ھ　اور لفظ "غنوث" سے تاریخ مستخرج ہوتی ہے۔　۱۲۱۲ھ

دوسرے ورق پر محمد سلطان نے محمد موسیٰ رضا جھکری کے لڑکے کی تاریخ پیدائش کا قطعہ لکھا ہے۔ تاریخ کا شعر ہے۔

دو صد الف و ہفت بر ہشتاد ۔ بود، پیدا شد آں نہال مرام
۱۲۸۷ھ

اس میں محمد موسیٰ رضا جھکری کے والد بہاؤ الدین کی شادی کی تاریخ کا قطعہ طیب علی نے لکھا ہے۔ یہ شادی محی الدین علی خاں کی سرپرستی میں ۱۲۴۳ھ میں ہوئی۔ موسیٰ رضا جھکری کے لڑکے کی تاریخ پیدائش پر دو فارسی قطعے حاجی محمود حسین المتخلص بہ علامہ نے لکھے ہیں۔ اس لڑکے کا نام سعادت اللہ خاں بتایا ہے۔ موسیٰ رضا جھکری کسی سفر پر گئے تھے۔ اس کا ایک تاریخی قطعہ ۱۲۸۵ھ کا ہے۔

بہاؤ الدین جھکری کا ایک تاریخی قطعہ احسان اللہ خاں جھکری کی ولادت پر ہے۔ تاریخ کا شعر حسب ذیل ہے۔

کردہ تقلیم حاسد آں مردم چشم گفت دل سال کہ "لخت جگرم" پیدا شد

اس سے تاریخ ۱۲۸۵ نکلتی ہے نا کہ ۱۲۸۷ جیسا کہ ۱۲۸۷ الفاظ کے نیچے تحریر ہے۔
محمد موسیٰ رضا کی شادی کا ایک قطعہ سید شاہ فخر اللہ صاحب دری نے لکھا ہے۔ تاریخی شعر ہے

کہا تاریخ سر سے بدر روشن ہوا ہے جلوہ لبس موسیٰ رضا کا

اس ورق کے دوسرے صفحے پر محمد موسیٰ کی لڑکی کی ولادت پر ۴۲ اشعار کا ایک قصیدہ ہے۔ جس کو غلام احمد طاہر نے لکھا ہے۔ دوسرا قطعہ موسیٰ رضا جھکری کے دو لڑکوں کی شادی کی تقریب پر ہے۔ تاریخ ۱۲۸۹ھ ہے۔ یہ دو لڑکے محمد باقر جھکری اور محمد سعید عرف صاحب جان ہیں۔
ایک اور قطعہ تاریخ حسب ذیل ہے۔

کہ خدا گشتہ از فضل الہ باقر و محمود و نور الدین سعید
بادل خوش گفت احمد سال خوش زیب جم یا بند از بخت سعید

اس کے بعد ایک دعائیہ نظم موسیٰ رضا جھکری کے والد محمد بہاؤ الدین جھکری نے ۱۲۶۹ھ اپنے لڑکے کے لئے لکھی ہے۔

جھکری خاندان میسور میں ممتاز رہا۔ اور اعلیٰ خدمات پر مامور رہا ہے۔ جھکری خاندان والوں کے لئے ممکن ہے کہ اس کا مطالعہ زیادہ کار آمد ہو۔

۱۳۳۸۔ لغت منظوم :

اوراق ۳۵ ۔ تقطیع ( ) مسطر ۱۱ سطری ، کاغذ دولت آبادی۔
کاتب ۔ غلام محی الدین مصنف نامعلوم ۔ تاریخ کتابت ۱۲۷۹ھ تصنیف ۱۲۴۷ھ

یہ منظوم لغت خالق باری یا رازق باری کی طرح ہے۔ لیکن شاعر نے اس میں عنوانات دیئے ہیں۔ اور اس سے متعلق تمام فارسی الفاظ کے معنی اردو میں بتلائے ہیں۔ ابتدا میں کوئی عنوان نہیں درمیان میں جو عنوانات ہیں ان میں سے چار پانچ حسب ذیل ہیں۔

درمیان طائران گوید۔ درمیان چارپایان گوید۔ درمیان بازی وغیرہ گوید۔ اسی طرح باغ سراپا انسان، کتب، حساب، عیش و عشرت وغیرہ رسالے کی تصنیف کی تاریخ اس طرح دی ہے۔

پی اتمامش پس ایں حال — ہزار و دو صد و ہفت و چہل سال

۱۲۴۷ھ

جنوبی ہند ارکاٹ کے شاعر معلوم ہوتے ہیں۔ بعض ایسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جو آج بھی جنوبی ہند میں مستعمل ہیں۔

اس کے درمیان سے کچھ اوراق ضائع ہو گئے ہیں۔

ابتدا:۔

کریم و خالق و اللہ و سبحان — خدا کے نام ہیں پڑھنے کے شایان
محمد مصطفیٰ احمد پیمبر — یہ ہیں کئی نام پیغمبر کے خوشتر

اختتام:۔

نباشد دور از لطف کریمت — نباشد دور از لطف عنیمت (غنیمت)
چناں ایں نسخہ را بخشی رواجے — شود مطبوع بر عالی مزاجے
ندارم غیر تو کس را مربی — فاقبض مادامت منکہ ربی

ترقیمہ:۔ بخط عزیب غلام محی الدین برائے خواندن فرزند خود غلام محمد علی بتاریخ بست و چہارم ماہ ذیقعدہ ۱۲۷۵ھ روز شنبہ بوقت دوپہر تمام شد۔

رسالے کی ابتدا میں ایک مہر چوکور عنایت جنگ اور آخر میں ایک مدور مہر مصدر الطاف و عنایت حسین ثبت ہے۔ یہ رسالہ ادارہ کو نواب عنایت جنگ کا عطیہ ہے۔

۱۳۳۹۔ رسالہ اردو

مصنف نامعلوم۔ ترقیمہ ندارد۔ اوراق ۱۷۔ تقطیع (۲۲ × ۱۵ سمر) مسطر ۱۳ سطری نستعلیق صاف خط۔

یہ رسالہ اول و آخر ناقص ہے اس لئے اس سے کوئی معلومات فراہم نہیں ہوئیں۔ اس

رسالے کو چند فصلوں میں منقسم کیا گیا ہے ۔ اس میں اصناف سخن کی تعریف اور مثالیں ، نثر کی قسمیں خط لکھنے کے طریقے بیان کئے گئے ہیں ۔

ابتدا :۔ کہ سوا تیرے کبھی کوئی نہ بھایا ہم کو
اور ان سب قسموں میں ہو سکتا ہے کہ جس میں چاہیں دو دو مصرعے غزل کے تضمین کریں ۔

اختتام :۔ پہلا خط ہمسر کے نام
مولوی صاحب شفیق مکرم معظم زاد لطفہ ، بعد سلام و نیاز اور اشتیاق ۔ (ملاقات بترک)

۱۳۴۰ ۔ رسالہ تجوید

اوراق ۲۷ ۔ تقطیع (۹" × ۲/۱ ۶") سطر ۹ سطری کاغذ دیسی دولت آبادی
قدرے کرم خوردہ ۔ نستعلیق خوش خط ۔

رسالہ کا کوئی نام نہیں موضوع کے لحاظ سے یہ نام دیدیا گیا ہے ۔ الفاظ کا مخرج کیا ہو ۔ الفاظ کیسے ادا ہوں ۔ اس موضوع پر اظہار خیال کیا گیا ہے ۔

ابتدا :۔
حرف حلقی شش بود اے نور عین حا و خا و ہا و ہمزہ عین و غین
حرف حلق کے چھ ہیں ۔ اے نور آنکھوں کے کولا کو سنے ہمزہ ع غ ح خ ہ یہ چھ حرف جو حلق کے ہیں ان میں تفریق ہے ۔

اختتام :۔
دیکھو تو نگا سب جسکا مخرج ہے جس کا جوف میں کھینچیں تو اس لا کے تینوں بہوت خوش لحن
مخرج تو ہے اس کا دو کا داکی دین سے فقط

ابتدا اور آخر میں نواب عنایت جنگ کی جو کور اور مدور مہر مصدر الطاف و عنایت حسین ثبت ہے ۔
یہ نسخہ نواب موصوف کا عطیہ ہے ۔

۱۳۴۱ ۔ حالات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف نامعلوم ۔ اول و آخر ناقص مابعد ۱۲۵۰ھ ہے ۔ اوراق ۱۵۴ ۔ تقطیع (۱۴×۲۱ سمر)
سطر ۱۱ سطری کاغذ انگریزی نیلا ، سفید ، زرد ۔

یہ رسالہ اول و آخر ناقص ہے۔ اس میں پیغمبر خدا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات اور معجزات بیان کئے گئے ہیں۔ زبان صاف ہے۔

ابتدا:۔

اور تیرہ مقام عجز و انکساری کا ہے اور چوتھا مقام محبت و مروت کا ہے۔ پس نور مبارک کو محمد علیہ السلام کے بیچ ان مقاموں کے لایا ہر ایک مقام میں ہزار سال رکھا تھا۔

اختتام:۔

من بعد اوس کے وہ فرشتہ دریا میں جا کر ڈوبتا ہے اوس وقت اوس کے پر سب دھوئے جائیں گے اور وہ فرشتہ دریا سے باہر آکر اپنا بدن جھٹکتا ہے۔ جب اوس کے پروں سے جتنے بوندے گرتے ہیں۔ اتنے ہی فرشتے جدید قدرت کاملہ سے۔

۱۳۴۲۔ انشائے جیان (فارسی) از مہدی۔

اوراق ۵۶۔ تقطیع ۲۳ × ۱۴ سمر۔ مسطر ۱۳ سطری۔

مصنف کے متعلق کوئی علم نہیں۔ یہ بچوں کے لئے انشائے جیان لکھی گئی۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ اس میں ۲۶ ابواب ہیں اور اس کے تین حصے کئے گئے ہیں۔ ہر حصہ ۱۲ ابواب پر مشتمل ہے۔ البتہ تمام ابواب میں خطوط نگاری کے طریقے بتلائے گئے ہیں اور نمونتاً خطوط لکھے گئے ہیں۔

ابتدا:۔

حمد بے حد خدائی را کہ منشی عقل بہ دال در تحریر اخلاص انتائے کمینہ صفات ذاتش بجبر مشہور و معروف است۔

اختتام:۔

جہت طلائی سواریئی دست برسخن و خلخل و طوق گلوبیت صاحبزادگاں وغیرہ۔ متعدیان پژروانگی مجلائی خواہد۔

۱۳۴۳۔ احادیث فضائل قرآن۔

مرتب: نامعلوم۔ ناقص الآخر۔ اوراق۔ (۱۹) تقطیع (۲۰ × ۱۴ سمر) کاغذ دولت دار نیلی روشنائی سے تحریر۔ مسطر ۱۷ سطری

یہ ایک مختصر سی نوٹ بک ہے جس میں فضائل قرآن کے تعلق سے احادیث جمع کیے گئے ہیں۔ ایک کالم میں احادیث اور اس کے محاذی اردو ترجمہ۔

ابتدا :-

مندرجہ بالا اقاویل و تقریکات، حقائق و تاثرات، اعجاز آموز واقعات کے بعد خود حضور کائنات علیہ التحیۃ والتسلیمات کے ارشادات فیض بہ ایات کے لمعات میں قرآن جامع الصفات کے محاسن و برکات کا ملاحظہ ہو۔

اختتام :-

یہ واقعہ ہے کہ بحیثیت مجموعی اعراب، نقاط، رموز و اوقاف خط نسخ کے حروف صاف میں مجلد متبدول جیسے آج متداول ہے ایسے اس کا یک وقت نزول مکمل نہیں ہوا۔ بلکہ یہ اوقات مختلف متصل منفصل سفر حضر خلوت جلوت رات دن بلا قید زمان "۔

۴۴۳۱۔ بیاض :

۲۰ × ۱۱ سمر　اوراق (۹)

اشعار اردو و فارسی۔ طبی نسخہ جات

ابتدا :-

محرم از الم آمد کہ کنم بحر طویل۔ بجست از صفت حمد خدا ئے دو جہاں۔ سودا، تضحیک روزگار غزلیات ہلالی، رباعیات، سودا ہجو حکیم۔

اس میں شمس الامراء اول کی وفات کی تاریخیں درج ہیں۔ چند حسب ذیل ہیں۔

شمس الامرا وزیر شاہ دکن　　　　گو نیکی سپرد حاکم وقت

وقت آخر بدیدہ دل از خلق　　　　جاں بخلق سپرد حاکم وقت

سال تاریخ فوت او جستم　　　　شد ندا آہ مرا حاکم وقت

بہ دیدہ اور آرزوے جہاں　　　　شد شمس الامرا مکین جنان ۱۲۰

بغیر کیا لکھے تاریخ بات ہے باریک　　　　دلوک شمس ہوا کیا ہوا جہاں تاریک

آخری شعر :-

ہستم گدا ئے مرترا فارغ کن از دو ہر مرا　　　　خیر تو انم سر درا در دین و دُنیا پیشوا

یہ بیاض نواب عنایت جنگ نے ادارہ کو عنایت کی ہے۔ اس کے آخری صفحہ پر ان کی چوکور مہر "عنایت جنگ" ثبت ہے۔

۱۳۴۵۔ اوراق الادب۔

اوراق ۷۴۔ تقطیع (۲۰ × ۱۵ سمر) کاغذ رولدار۔ نیلی روشنائی کی تحریر

مولف۔ حبیب عبداللہ ابن حبیب ابوبکر (حبیب یار جنگ) مابعد ۱۳۵۰ھ۔

اوراق الادب چند ادبی مضامین اور نظموں کا مجموعہ ہے۔ ابتدا میں عربی خطبہ ہے اس کے بعد اردو مضامین اور نظمیں ہیں۔ مضامین اور نظمیں مختلف مضمون نگاروں اور شعرا کی ہیں۔ مولف نے اپنی پسند سے ان کا انتخاب کیا ہے۔ مضامین مذہبی اور اخلاقی اور نظموں میں نعت بھی ہے غزلیں بھی ہیں اور رباعیات بھی۔ اس سے مولف کے ذوق کا اندازہ ہوتا ہے۔

ابتدا:۔ (عربی خطبہ اور دعا کے بعد) تصورات کے عنوان کے تحت۔

اگر تم یہ نہیں چاہتے کہ کوئی تمہیں برا کہے تو اس خواہش کے پیدا ہونے سے پہلے تم اپنے دشمنوں کے عیوب سے چشم پوشی کرو۔

اختتام:۔

یہ شرف یہ اوج یہ حق رسی — بلغ العلیٰ بکمالہ
یہ ضیا یہ حسن یہ روشنی — کشف الدجیٰ بجمالہ
کوئی خوبی نہ ان سے بچ سکی — حسنت جمیع خصالہ
ہے درود پڑھنے کی جگہ یہی — صلو علیہ و آلہ

کوئی ترقیمہ نہیں۔

۱۳۴۶۔ زائچہ مبارک عظمت بیر: سید مراد علی طالع

اوراق ۷۴۔ تقطیع ۲۰ × ۱۵ سمر۔ مسطر ۱۳ سطری۔ ۱۳۷۰ھ ٹائپ کاپی

مراد علی صاحب طالع حیدرآباد کے منجموں میں بلند مقام کے حامل ہیں۔ اکثر پیشین گوئیاں ان کی ہیں۔ جو صحیح ہوئی ہیں۔ آپ سررشتہ تعلیمات میں ملازم تھے۔ اور وہاں سے وظیفہ حسن خدمت حاصل کیا ہے۔ طالع صاحب نے آصف جاہی سلاطین کی مختصر سوانح حیات لکھی جو ادارہ سے شائع ہو چکے

ہیں۔ اولیائے حیدرآباد کا ایک تذکرہ بہ اعتبار ربانی لکھا ہے۔ یہ بھی تین جلدوں میں شائع ہو چکا ہے۔ آپ نے حضرت عمر فاروق کے خطوط بھی مرتب کر کے شائع کئے ہیں۔

پیش نظر کتاب میں پہلے انتساب ہے۔ طالع صاحب نے اپنے استاد نجوم امام الدین عرف سردار خاں صاحب مدت کے نام معنون کیا ہے۔ اُس کے بعد ایک مقدمہ لکھا ہے۔ جس میں علم نجوم میں اپنے استاد کی مہارت فن کا اظہار کیا ہے۔ کتاب کو ۲۵ عنوانات پر تقسیم کیا ہے اور زائچہ تیار کرنے کے طریقے بتلائے ہیں۔

آغاز: مقدمہ:

پیشن گوئی پڑھنا مری دیکھ بھال کر   کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کر

کہنے کو تو علم غیب کی بہت سی شاخیں ہیں۔ مثلاً علم النجوم، علم الجفر، علم الرمل، اور علم القیافہ اور علم الید اور علم الاعداد، علم الآثار، علم الاحجار وغیرہ وغیرہ۔

اختتام: (رائے حضرت استاد محترم کا آخری شعر)

جز بیخودی و مستی کار دگر نہ دارم   در نظر من جہاں است اسے دل چوں آئنہ

یہ کتاب مصنف نے کتب خانہ ادارہ کو تحفتاً عنایت کی ہے۔

۱۳۴۷۔ بیاض

اوراق ۱۴۰ تقطیع ۲۳ × ۱۸ اسمر سطر ترچھے اشعار کسی صفحہ پر ۹ اور کسی پر ۱۱ لکھے گئے ہیں۔

یہ ایک مختصر سی بیاض ہے۔ جس کو نواب محمد فیاض الدین خاں متخلص بندہ کے اکثر نعتیہ قصائد ہیں۔ بندہ صاحب کا ذکر گزشتہ صفحات میں آ چکا ہے۔ آپ اپنی تمام جائیداد وغیرہ سے بے نیاز ہو کر تصوف کی طرف رجوع ہوئے۔ نعت گو شعرا میں اپنا ایک مقام بنا لیا۔ اس میں آخری مستزاد ہے جو مولائے روم سے منسوب ہے۔

ابتدا:

کوئے خواجہ بس ہے بندہ کے لئے   اے خداوندا پھرا مت کو بکو

اختتام:

روئی سخن کو نگفتہ است نہ گوید   کس در ہمہ عالم

کافر شود آنکس کہ بہ انکار بر آمد   ہر دو جہاں شد

۱۳۴۸۔ خنگ نواز نامہ :

اوراق ۹ تقطیع ۲۳ × ۱۵ سمر مسطر ۷ سطری جلی قلم
اول و آخر ناقص۔ مصنف نامعلوم۔ تاریخ تصنیف ۱۲۴۰ھ

یہ رسالہ علم بیطاری سے متعلق ہے۔ اس میں دو باب اور چار فصل ہیں۔ پہلا باب زور کے بیان میں ہے۔ جس میں دس فصلیں ہیں اور دوسرا باب سواری کے بیان میں ہے جو ۲۴ فصلوں پر مشتمل ہے۔

ابتدا :-

تمام و کمال فائدہ حاصل کریں۔ پس کمینی سے وہ ..... کے زیچ سنہ ہجری میں ایک ہزار دو صد چہل سال میں رمضان شریف کے گیارویں کو اپنی ہندی زبان سے یہ رسالہ خنگ نواز نامہ کو اوپر دو باب اور اسی چار فصل کو اوپر مرتب کیا۔

اختتام :

اور روز بروز تھوڑا تھوڑا اتنا توڑتے حاشی یعنی فقط رودمال رہے۔ اس طور سے ہر ایک چیز کی تعلیم دیں۔

۱۳۴۹۔ مکتوبات بنام مولوی عبدالحق

تعداد خطوط ۲۷ تقطیع مختلف عموماً (۳۴ × ۲۲سم) سنہ کتابت ۱۳۲۶ ف

یہ متعدد سرکاری و غیر سرکاری خطوط ہیں۔ جو مولوی عبدالحق کے نام ان کے دور پروفیسری (جامعہ عثمانیہ) میں لکھے گئے۔ کاتبوں میں حسب ذیل اصحاب شامل ہیں۔

۱۔ محمد عبدالرحمن خان صدر کلیہ
۲۔ سید عباس حسین مہتمم کتب خانہ آصفیہ
۳۔ حمید احمد انصاری مسجل جامعہ عثمانیہ
۴۔ سید ابو القاسم
۵۔ رشید احمد مددگار مسجل
۶۔ محمد صدیق حسن منتظم انجمن ترقی اردو
۷۔ الیاس برنی
۸۔ محمد یوسف حسین برادر محمد علی منتظم انٹرمیڈیٹ کالج اورنگ آبادی
۹۔ لطف اللہ
۱۰۔ محمد تراب علی خان بانہ
۱۱۔ میر کاظم علی داہل
۱۲۔ فدا حسین
۱۳۔ مناظر احسن گیلانی

۱۴۔ انگریزی خط ۱۵۔ ڈاکٹر سید عبداللطیف
۱۶۔ محمد اظہر حسن معتمد مجلس اعلیٰ جامعہ عثمانیہ ۱۷۔ یو ایس ایس۔ آر۔ فار کلچرل ریلیشن و
۱۸۔ میر طالب علی خاں افسر سیول دملٹری اکونٹس فارن کنٹریز ماسکو۔
۱۹۔ روئداد اجلاس (۵) مجلس تصنیف وتالیف سرکار عالی
۲۰۔ محمد لیاقت اللہ خاں افسر انچارج توشک خانہ جامعہ عثمانیہ دستخط محمد الیاس برنی
عامرہ سرکار عالی۔ ۲۱۔ ناظم تعلیمات

ان حضرات میں حمید احمد انصاری مسجل کے ۴، محمد الیاس برنی ناظم دار الترجمہ کے پانچ، رسید احمد مددگار مسجل کے دو اور باقی حضرات کا ایک ایک خط شامل ہے۔ زیادہ خطوط سرکاری ہیں جن میں عبدالحق سے یا تو دریافت کیا گیا ہے یا اطلاع دی گئی ہے۔ روئداد ہے۔ اوس وقت کے کاروبار پر روشنی پڑتی ہے۔

۱۳۵۰۔ آمدن و قواعد فارسی ولغت معہ اردو ترجمہ۔

ناقص الاول والآخر۔ حاشئے قدرے کرم خوردہ
اوراق ۱۱۴۔ تقطیع (۲۰ × ۲۱ سمر) مسطر۔ ۱۲ سطری۔ کاتب۔ وحید اللہ

یہ نصاب الصبیان کے طرز پر ایک رسالہ ہے۔ جو بطور خاص قاضی احمد منیر الدین فاروقی کے مطالعہ کے لئے لکھا گیا۔ ابتداً "آمدن" سے ہوتی ہے۔ اس کے بعد اردو میں فارسی قواعد لکھی گئی ہے۔ اس کے بعد لغت ہے۔ آمدن کے ابتدائی اوراق خارج ہوگئے ہیں۔ اب یہ ردیف "س" سے شروع ہوتا ہے۔ اردو میں معنی لفظ کے نیچے سرخی سے تحریر کئے گئے ہیں۔

آمدن کی ابتدا:

سرائیدن، بسرایند، سرودن، بستاید، ستائیدن

آمدن کو پہلا عنوان بنایا ہے۔ دوسرا عنوان ہے۔ "در کیفیت معنی اسمائے" بھی ہے۔ انیسویں صفحہ پر سرخی سے لکھی ہوئی حسب ذیل عبارت ملتی ہے۔

"کتبہ سید وحید اللہ و تصحیح و معنی نوشتہ محمود بادشاہ است فقط مرقوم ۷، ربیع الاول ۱۳۱۵ھ بمقام لذا بازار نور خاں برائے برخوردارم قاضی احمد منیر الدین نوشتہ شد"

نیچے سیاہی سے تحریر ہے "ایں کتاب قاضی احمد منیر الدین حسین فاروقی پر بھی است۔ قاضی منیر الدین نے بھی کچھ مذہبی رسائل لکھے ہیں۔ جو ادارے کے کتب خانے میں موجود ہیں۔

اس کے بیسویں صفحہ سے لغت کی اس طرح ابتدا ہوتی ہے۔
ہٰذا ایں ایشاں شالا ۔ ہر سطر میں چار لفظ ہیں اور لفظ کے نیچے سرخی سے اردو ترجمہ ہے
اختتام : سرین، اکفل، کیر، ذکر، خصیہ

۱۳۵۱۔ بوستان سعدی

اوراق ۵۱ تقطیع (۲/۱ ۱۸ × ۲/۱ ۱۱سمر) مسطر ۱۴ تا ۱۶ سطری
شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی کی بوستان کا یہ نسخہ بہت خوبصورت خط میں تحریر کیا گیا ہے۔ لیکن ناقص الآخر ہے۔ ابتدائی ۵ اوراق میں پہلے تین اوراق میں فارسی اشعار ہیں اور دو سادے اوراق کے بعد بوستان کی ابتدا ہوتی ہے۔

ابتدا :- بنام جہاں دار جاں آفریں حکیم سخن بر زباں آفریں

آخری اشعار :-

بدنیا توان آخرت یافتن بزر پنجۂ شیر بر تافتن
اگر تنگدستی مرو پیش یار وگر سیم داری بیا و بیار

آخری اشعار دوسرے باب کی ایک فصل کے ہیں۔ اور نسخہ اسی پر ختم ہو جاتا ہے۔
عطیہ مولوی احمد اللہ خاں

۱۳۵۲۔ صرف و نحو (فارسی) مع اردو ترجمہ۔ کرم خوردہ

اوراق ۲۸ تقطیع ۲۱ × ۱۵ سمر مسطر ۱ سطری۔ فارسی قدرے جلی قلم اور اردو خفی قلم
مصنف : نامعلوم
ابتدا : الحمد للہ رب العالمین ۔۔۔۔ اصحابہ اجمعین
مضارعکہ در آنہا ماقبل علامت مصدر حرف صغیر است و آں ہم بمضارع یا بدل کی شور د
اختتام :- کجا نہ خواہی کرد کجا نخواہید کرد کجا نخواہم کرد
کہاں نہیں کریگا تو ایک مرد کہاں نہیں کروگے تم تمام مرداں کہاں نہیں کروں گا میں ایک مرد
کجا نخواہیم کرد
کہاں نہیں کریں گے ہم تمام مرداں
حرف نفی فعل مستقبل استفہام مکانی مجہول۔

۱۳۵۳ - میزان - (فارسی)۔

اوراق ۱۱۔ تقطیع ۲۱ × ۱۵ سمر مسطر ۱۳ سطری

ابتدا: الحمد للہ . . . . . اسلاک البر فی الدارین ۔ کہ جملہ افعال متصرفہ بر سہ گونہ است۔
ماضی و مستقبل و حال۔

اختتام: مفعولۃٌ ، مفعولتان ، مفعولات

ترقیمہ:۔

تمام شد کتاب میزان بوقت شام بست و پنجم شہر صفر ۱۲۳۹ھ یوم چہارشنبہ در حیدرآباد از اصل محمد قاسم نقل کردہ شد۔

۱۳۵۴ منشعب (قواعد عربی)

اوراق ۱۳۔ تقطیع ۲۱ × ۱۵ سمر مسطر ۱۵ سطری (بہت کرم خوردہ)

ابتدا:۔ الحمد للہ . . . . فی الدارین کہ جملہ افعال از روے فعل بر دو نوعیت و رباعی ما ثلاثی
آنست کہ مرکب باشد۔

اختتام:۔ مفعولان مفعولون مفعولۃٌ مفعولتان مفعولات

ترقیمہ:۔

تمام شد بتاریخ شانزدہم ربیع الاول ۱۲۵۲ھ۔

۱۳۵۵۔ رسالہ قوافی (فارسی)

ملا عبدالرحمن جامی۔ اوراق ۶۔ تقطیع ۲۱ × ۱۵ سمر مسطر ۱۳ سطری

ابتدا:۔ بعد از کمن موزوں ترین کلامی کہ قافیہ سنجان انجمن فصاحت بدان تکلم کنند اعنی سپاس
و ستایش حضرت واہب العطیات جل جلالہ ...

اختتام:۔ آرزو دارم کہ گاہے بشنوم آواز یار یا ہمیں مقدار خورسندم می شنید از یار

ترقیمہ:۔ الحمد للہ رسالہ قوافی من تصنیف مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ بتاریخ یازدہم شہر جمادی الاول
در ۱۲۶۲ھ مرقوم گردید۔ در جلوس بادشاہ دکھن ناصر الدولہ بہادر ادام اللہ اقبالہ و حشمتہ۔

۱۳۵۶۔ رقعات امان اللہ حسینی

ناقص الآخر ۔ اوراق ۴۴ تقطیع ۲۱ × ۱۵ سمر ۔ مسطر ۱۴ سطری

ابتدا :۔ باید کہ مدام چگونگی حقائق آں حدود را معروض میداشتہ باشد کہ پسندیدہ خواہد بود۔

اختتام :۔

شیخ عبداللہ و شیخ عبد الکریم تعہد نمودند۔ الحاق وارث دیگر پیدا شد و دعوی نماید او از عہدۂ آں جواب گویند ایں چند کلمہ در محکمۂ شریعت تعلیم آمدہ۔

۱۳۵۷۔ دیوان سلطان محمود۔

اوراق ۸ تقطیع ۲۱ × ۱۵ سمر مسطر ۱۲ سطری

یہ ایک غیر معروف شاعر کا دیوان ہے ۔ ہر ردیف میں ایک ایک غزل لکھی ہے ۔

ابتدا :۔

اے داغ بر دل از غم خالِ تو لالہ را شرمندہ ساخت آہوئے چشت غزالہ را

اختتام :۔

یافت محمود بہ مرد راہ شاہ باز ایں گدا راہم دراں دربار بود ے کاشکے

ترقیمہ :۔ تحریر فی التاریخ بیست دہم ماہ صفر المظفر ۱۲۴۹ھ روز دوشنبہ وقت ظہر باتمام رسید برائے خواندن سلطان محمود۔ گردید۔

۱۳۵۸۔ حکایات راجہ سکھ لال ۔ (فارسی)

اوراق ۵۱ ۔ تقطیع ۲۱ × ۱۵ سمر مسطر ۱۳ سطری

راجہ سکھ لال نے چند پر لطف حکایتیں قلمبند کی ہیں ۔ کوئی ترقیمہ نہیں ۔

ابتدا :۔

صانع کہ عالم گوناگوں را با چندیں شیون از کتم عدم بجلوہ ظہور آوردہ و وجود بشر را از کارگاہ قدرت خود کسوت حیات پوشانید۔

اختتام :۔ ہر چند پایاں گفتار و کنار دریائے حکایات بیروں از حیطۂ تقریر و تحریر است لہذا

دعاہم احرام اطراف کعبۂ اجابت بستہ لب بخاتمہ بکشاد۔

۱۳۵۹۔ منشات العابدین

مصنفہ عبداللہ بن بدیع الزمان جوہوری و سنہ تصنیف ۱۱۰۰ھ۔ اوراق ۶ تقطیع ۲۱×۱۵سمر مسطر ۱۱ سطری۔

عبداللہ بن بدیع الزمان جوہوری نے یہ رقعات تحریر کئے ہیں اس کے دو باب ہیں۔ پہلے باب سلاطین امراء و زرار کے نام رقعے لکھے گئے ہیں۔ دوسرے باب میں قبالا و پروانہ وغیرہ۔

ابتداء: حمد بے حد مر خالق و حمد کہ روزی بے عدد جملہ کائنات و دریات و حکومت را . . . رسانید و شجر اشجار را از کرامت خویش بہ میوہ ہائے گوناگون و گل ہائے بہرہ ور کرد۔

اختتام: بہرچہ حکم کن جاکریم خدمت گار زحال ما نظر عاطفت دریغ مدار۔ گر رسد حکم کہ چون خانہ رسد ساز قلم، مخلصاں را چارہ بجز ماں بردن۔

ترقیمہ:۔

تمت کتاب بعون الوہاب قمر نگر ساکن الپور بتاریخ بیست و دویم صفر المظفر ۱۲۳۱ھ محررہ محمد یار صاحب جمعدار۔

این کتاب منشات العابدین تصنیف شیخ عبداللہ ہفت قلم ولد بدیع الزماں جوہوری کاتب الحروف سید صاحب برائے خواندن بھائی سلطاں محمود میاں قلمی نمودست۔

۱۳۶۰۔ بیاض عملیات

۴ اوراق (۲۲×۱۲سمر) تین اوراق (۲۱×۱۲) سمر چار اوراق ۳۰ سطری اور تین اوراق کے ۱۱ تا ۱۳ سطر)

یہ عملیات کی ایک مختصر سی بیاض ہے۔ آسیب کے دفع کرنے کے لئے عملیات تحریر ہیں۔ گیارہ زنجیرے جو عملیات کی ایک قسم ہے۔ ہر زنجیرہ کی ابتدا بسم اللہ سے اور اختتام کلمہ طیبہ پر ہوتا ہے۔ ابتدائی عمل سرسبز درخت کو خشک کر دینے سے متعلق ہے۔ اس کے بعد دفع آسیب کے لئے عمل اور

زنجیرے لکھے گئے ہیں۔

ابتدار : کالی بھولی کل کل کر یو مذد میکی پھر بھر یو کالی بھری کیل چیٹ مار۔

اختتام :۔

قفل کردم بحق کہ توریت موسٰی و انجیل عیسٰی و زبور داؤد و فرقان محمد حبیب اللہ و زبانان ہمہ دشمنا
بر من بستم تا من نہ کشہایم، ہیچ کس نہ کشود یا نبی دار و اصحابہ و سلم تسلیماً کثیراً کثیرا برحمتک
یا ارحم الراحمین۔

۱۳۶۱۔ بیاض مناقب

اوراق (۶۵) سادے اوراق (۹) تقطیع (۲۳×۱۵ سم) کاغذ دولت آبادی۔ خط معمولی
نستعلیق۔ (کہیں ترچھے اور کہیں سیدھی سطریں اشعار تحریر کئے گئے ہیں) ما بعد ۱۲۰۰ھ

بیاض قدرے آب زدہ ہے اور ایک طرف کے چند اوراق کا کچھ حصہ ضائع ہوگیا ہے۔ بیاض کے آخری
حصہ میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رح کی منقبت ہے اور ایک منقبت حضرت زندہ شاہ مدار کی۔ اول الذکر منقبت
نصرت نے لکھی ہے اور موخر الذکر کی فرید نے سید حسینی عادل کے آٹھ عقلان کے پانچ بلہار کے دو یوسف کے دو
مناقب ہیں۔ اور نثار، ارمان، عشق، نیاض، امیر، شتاب، معنی اور برہان کی ایک ایک منقبت شریک ہے۔
اس سے قبل بھی ایک بیاض میں نثار اور عقلان کی منقبتوں کا ذکر آیا ہے۔ لیکن کسی کے حالات کا علم نہیں اور نہ
زمانہ کا قطعی تعین کیا جا سکتا ہے۔ بیاض میں کہیں تاریخ ہے اور نہ کوئی نام۔ کوئی مہر بھی نہیں۔ یہ مناقب مرثیوں
کی شکل میں ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ کے علاوہ تمام شہدائے کربلا کا ذکر موجود ہے۔ بعض مناقب انھیں
حضرات کے اسمائے گرامی سے موسوم ہیں۔

۱۳۶۲۔ اعجاز احمدی۔ (دفتر چہارم) نوازش علی خاں شیدا

تاریخ تصنیف۔ ۱۱۸۶ھ اوراق (۱۰۳) تقطیع (۲۸×۱۸ سم) سطر ۱۷ سطری۔ تعداد ابیات
(۳۷۰۰) ابتدائی دو اوراق ضائع ہو گئے ہیں۔

قبل ازیں اعجاز احمدی کے تین نسخوں (۱۱۶۹، ۱۱۷۰ اور ۱۲۴۳) کا ذکر آ چکا ہے۔ یہ چوتھا نسخہ ہے
خوشخط لکھا گیا ہے۔ آخری ابیات میں تاریخ تصنیف کا ذکر ہے۔ شیدا لکھتے ہیں۔

سخن ختم کرتا ہوں صلاۃ پر نظر کر کے تیری عنایات پر

بجد ہو کہے مومنیں جب تمام ہوا فضل حق نسخہ کا اختتام
ای شیدا تو اب تاریخ لکھ اسکی اب کریں ختم کا سال دریافت میں
اگرچہ نہ تھا مجھ میں اتنا کمال لکھوں وجہ احسن میں تاریخ سال
دلی ہاتف غیب بولا پکار نہ کر فکر اس امر میں اینہار
کتاب یہ نبی پاس ہوئی ہے قبول تو ں تاریخ لکھ اس کی "فیض رسول"
کہے کوں میں اس کے آیا تھا وہی سال تاریخ اس کی لکھا ۱۲۸۲"

ابتدا :-

نہ مظلوم کوں کوئی ظالم ستائے لندلی میں کس پر نہ کوئی ہاتھ اٹھائے
امانت کو کرے خیانت نہ پائیں ضلالت کی ہرگز نہ کوئی راہ جائیں

اختتام :-

مندرجہ بالا تاریخ کے اشعار :-

ترقیمہ :- جلد چہارم کتاب اعجاز احمدی من تصنیف مولانا نوازش علی خاں شیدا از دست عقیدت اندیش سید درویش ابن سید شاہ ابراہیم قادری در قصبہ نرمل بوقت چاشت بروز دوشنبہ بیست ماہ صفر المظفر ۱۲۸۲ھ ہجری نبوی صلی اللہ علیہ وسلم۔

یہ خطی نسخہ محمد اکبر الدین صدیقی صاحب نے ادارہ کے کتب خانہ کو عطیہ دیا ہے۔

۱۳۶۳۔ تحفۃ الاجاب ۔ محمد باقر آگاہ

تاریخ تصنیف۔ ۱۲۰۶ھ تاریخ کتابت ۱۲۸۲ھ اوراق (۱۲۷) تقطیع (۲۸ × ۱۸ سمر) مسطر (۱۷ سطری) کاغذ ہیں انگریزی۔

محمد باقر آگاہ کے والد محمد مرتضیٰ بیجا پور سے ویلور آکر قیام پذیر ہوئے۔ آگاہ ۱۱۵۸ھ میں ویلور میں پیدا ہوئے۔ وہیں تعلیم و تربیت پائی اور شاہ ابوالحسن قربی کے ہاتھ پر بیعت کی۔ حصول علم میں کافی جد و جہد کی اور پندرہ سال کی عمر سے شعر کہنے لگے۔ وہ عربی، فارسی اور اردو تینوں زبانوں پر عبور رکھتے تھے اور تینوں میں شعر کہتے۔ ان کے علم و فضل کا شہرہ دور دور تک پہنچا۔ نواب والا جاہ (مدراس) نے انھیں اپنے لڑکوں امیر الامراء اور عمدۃ الامراء کا اتالیق مقرر کیا اور قصبہ ایبور بطور جاگیر عنایت کیا۔ آگاہ بہت پرگو شاعر اور زود نویس ادیب تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انھوں نے ۳۰۔۳۴ کتابیں تصنیف کیں۔ ان کا بیشتر حصہ منظوم اور مذہبی ہے۔ انہوں

نے متعدد افسانوں کو نظم کا جامہ پہنایا ہے۔ ان کا مطالعہ بہت وسیع تھا۔ ان کی تصانیف میں جن کتابوں کے حوالے ملتے ہیں۔ اس سے ان کے تبحر علمی کا اندازہ ہوتا ہے۔

آگاہ نے ۱۲۲۰ھ میں مدراس میں انتقال کیا۔

پیش نظر نسخہ میں پہلے (۲) اوراق دیباچہ کے ہیں جو نثر میں ہیں۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ کتاب لکھنے کا سبب دیباچہ میں اس طرح بیان کیا ہے۔

"یہ سب کتابیں عربی ہیں۔ اکثر علماء ہندوستان ان کتابوں کو پڑھتے نہیں ہیں۔ بلکہ وہ تمام دنارات معقولات میں مشغول ہیں۔ جب اس ملک کے علماء کا یہ حال ہے عوام کو حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے احوال کی کیا خبر اور فارسی زبان میں اس بیان اندر کتابیں کمتر ہیں بلکہ نہیں ہیں۔ مگر سید جمال الدین محدث رحمۃ اللہ علیہ (نے) روضۃ الاحباب میں کچھ لکھا ہے پس ہندی زبان میں جو نام معلوم اس واسطے یہ عاصی مجملاً ذکر خیر صحابہ کا اختیار کیا اور مفصلاً ذکر یار ابرار کا بہت اختصار سے اس رسالہ میں لکھا اور نام اوس کا "تحفۃ الاحباب در مناقب اصحاب" رکھا۔

کتاب کے ماخذ کی فہرست حسب ذیل دی گئی ہے۔

۱۔ اصابہ فی معرفۃ الصحابہ۔ ۲۔ تاریخ ابن کثیر ۳۔ تاریخ الخلفا امام سیوطی۔ ۴۔ صواعق محرقہ از علامہ شیخ شہاب الدین ابن حجر مکی۔ ۵۔ روضۃ الاحباب ۶۔ شواہد النبوۃ از عبد الرحمٰن جامی

کتاب کو پندرہ ابواب اور ہر باب کو متعدد فصلوں میں تقسیم کیا ہے۔

پہلے باب میں چھ فصلیں ہیں۔ پہلی فصل صحابی کی تعریف دوسری فصل صحابیت کے ثابت کرنے کی حقیقت تیسری فصل کثرت کثرت صحابہ کا بیان چوتھی فصل عدالت اصحاب پانچویں فصل طبقات اصحاب اور چھٹی فصل اصحاب حدیث اور راویان احادیث۔

دوسرا باب آیات قرآن و حدیث۔ اس میں دو فصلیں ہیں پہلی میں ان آیات کا ذکر ہے جو سب صحابہ کی شان میں نازل ہوئیں اور دوسری میں ان آیات کا ذکر ہے جو "بقید نام مہاجر و انصار" نازل ہوئی ہیں۔

تیسرا باب پانچ فصلوں پر مشتمل ہے۔ چوتھا باب حضرت ابوبکرؓ اور پانچواں حضرت عمرؓ علیٰ ہذا حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ، حضرت حمزہؓ حضرت عباس۔ حضرت زبیرؓ۔ حضرت سعدؓ۔ حضرت عبد الرحمٰن حضرت طلحہؓ حضرت ابو عبیدہؓ۔ حضرت سعیدؓ کے۔ ہر باب چند فصلوں پر مشتمل ہے

دیباچہ کی ابتدا :۔

بعد حمد و نعت و منقبت کے کہتا ہے محمد باقر آگاہ شافعی قادری ویلوری۔ ایلوری توفیق دیوے

اسے اللہ تعالیٰ کہ حقوق اصحاب کرام کے رضی اللہ تعالیٰ عنہم تمام امت پر حد سے بھار ہیں۔"

دیباچہ کا اختتام :۔

اے بھائی۔ یہ رسالہ دکھنی ہے۔ کر کر سہل دسر سری بخان بلکہ اوسے عینا اصابہ پہچان کیا واسطے کہ بیان اوس کا محض تحقیق د صواب ہے اور تمام رسائل میرے سیر و شمائل میں حضرت کی اور مناقب میں اہل بیت باکرامت اور احوال حضرت محبوبیت کی بہت ہیں۔

تحفۃ الاحباب کا آغاز :۔

حمد ہے لائق ادسی کی بھائی جان جس نے بخشا خاک کے تئیں جسم و جان

اور سب عالم کے تئیں پیدا کیا سب پہ اسی ہم کو بزرگی . . . . .

اختتام :۔

بھیج اے قیوم صلواۃ و سلام ہر زماں اپنے حبیب اوپر مدام

پور بر آل و محب اس طلوب پر اور اوس کے وارث و محبوب پر

ترقیمہ :۔ ہذا کتاب تحفۃ الاحباب مولانا محمد باقر آگاہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ از دست سید درویش ابن سید شاہ ابراہیم قادری بتاریخ دہم ماہ ربیع الثانی ۱۲۸۲ھ ہجری بروز دوشنبہ تمام شد

آخر میں ایک نعتیہ مدس ہے۔ اس کے بعد شاہ تراب کی کتاب من سمجھاون کے کچھ اشعار نقل کئے گئے ہیں آگاہ کے متعلق تفصیلات کے لئے دیکھئے۔ مدراس میں اردو، تذکرہ اردو مخطوطات جلد اول۔ وضاحتی فہرست کتب خانہ سالار جنگ۔ کتب خانہ آصفیہ کے مخطوطات جلد اول۔ تذکرہ گلزار اعظم، مدراس میں اردو ادب کی نشوونما (از ڈاکٹر محمد افضل الدین اقبال) فہرست مخطوطات انجمن ترقی اردو جلد اول، تفصیلی فہرست اردو مخطوطات جامعہ عثمانیہ، تحفۃ الاحباب کا ایک نسخہ کتب خانہ سالار جنگ میں اور تین کتب خانہ آصفیہ میں ہیں۔

یہ قلمی نسخہ جناب محمد اکبر الدین صاحب صدیقی نے ادارے کے کتب خانہ کو تحفہ دیا ہے۔

۱۳۶۴۔ بہار دانش۔ مرزا جان طپش

تاریخ تصنیف ۱۲۱۱ ہجری م ۱۸۰۴ اضافہ تعریف در حکامان انگریز ۱۲۲۱ھ م ۱۸۱۹ء۔

اوراق ۲۵ و۔ تقطیع (۲۲ × ۱۳ سمر) مسطر ۱۳ سطری ناقص الآخر

مرزا جان طپش کا نام محمد اسمٰعیل ہے۔ انھوں نے فارسی بہار دانش کا اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ فارسی کتاب شیخ عنایت اللہ کمبوہ نے ۱۰۶۱ھ میں لکھی وہ محمد صالح مصنف "عمل صالح" کے استاد تھے۔ محمد صالح نے انھیں

برادر کلاں سے یاد کیا ہے ۔ یہ کتاب گلستان بوستان کی طرح درسیات میں شامل رہی ہے ۔ اس لئے اس کے متعدد نسخے مل جاتے ہیں ۔ چنانچہ کتب خانہ گنج بخش لاہور میں متعدد نسخے ہیں ۔ گارساں دتاسی نے کلکتہ میں اس نسخے کی موجودگی ظاہر کی ہے ۔

طپش نے میر حسن کی مثنوی سحر البیان کا چربہ اتارنے کی کوشش کی ہے لیکن میر حسن کو نہیں پہنچتے ۔

قصہ یہ ہے کہ جہاندار شاہ نامی بادشاہ طوطی کی زبان سے بہرہ ور بانو کے حسن کی تعریف سن کر اس پر نادیدہ عاشق ہوتا ہے ۔ شادی کے لیے پیام بھیجا جاتا ہے ۔ انکاری جواب ملنے پر وہ لشکر کشی کرتا ہے اور ایک حیلے سے محل میں جا پہنچتا ہے ۔ بہرہ ور بانو بھی جو اس کے فراق میں تڑپتی تھی اس سے ملتی ہے اور شادی ہو جاتی ہے اور جہاندار شاہ اپنے ملک کو واپس ہوتا ہے ۔

طپش نے مثنوی کا آغاز حمد و نعت سے کیا ہے ۔ اس کے بعد " در تعریف عہد صاحبان عالی شان ' در تعریف گورنر بہادر ' تعریف مارکوئس صاحب ' در تعریف افادات کالج (فورٹ ولیم) " در تعریف مدرس عالی شان کپتان صاحب ' اسی تعریف کا آخری شعر ہے ۔

سنو اب جہاندار کی داستان　　ہوئی جس طرح فارسی میں بیان

ابتداء :۔　بیاں کیا کروں حمد پروردگار　　کہ عجز بیاں سے ہوں بس شرمسار

کہ طاقت کہاں اسقدر نطق کو　　جو تحمید اس کی سرانجام ہو

آخری اشعار :۔

عنوان ۔　انسان شدن جہاندار شاہ از قالب طوطی

ترا جس میں جی بہلے وہ کیا ہے خوب　　وہی بازیوں میں بازی ہے خوب

یہ کہہ کر منگا ایک آہو کے تیئں　　گیا مار کر اس کے گھٹ ڈ ہیں

یہ داستان (بہار دانش) ہندوستان کے مختلف مطابع میں شائع ہوئی ہے ۔ اس سے اس کی مقبولیت کا اندازہ ہوتا ہے ۔ چند سال پہلے جناب خلیل الرحمٰن داودی نے اس کو مرتب کر کے مجلس ترقی ادب لاہور سے شائع کیا ہے ۔

فارسی نسخے کی تفصیلات کے لئے دیکھئے ۔

۱۔ تفصیلی فہرست مخطوطات فارسی پنجاب پبلک لائبریری لاہور ۔ ص ۵۲۰ تا ۵۲۳

۲۔ نسخہ ہائے خطی کتاب خانہ گنج بخش جلد سوم مرتبہ محمد حسین تسبیحی　ص ۵۳ تا ۵۵

۳۔ نسخہ ہائے خطی کتاب خانہ گنج بخش لاہور جلد سوم مرتبہ احمد منزوی صفحہ ۱۳۱۳ تا ۱۳۲۵۔

بہار دانش (ملیش) کے لئے دیکھئے۔

ارباب نثر اردو (پروفیسر سید محمد) اردو کی نثری داستانیں (ڈاکٹر گیان چند) اردو کی منظوم داستانیں (ڈاکٹر فرمان فتحپوری) ہندوستانی قصوں سے ماخوذ۔ اردو مثنویاں (ڈاکٹر گوپی چند نارنگ)۔

یہ مخطوطہ محمد اکبرالدین صدیقی نے ادارہ کو بطور عطیہ دیا ہے۔

۱۳۶۵۔ سیر اولاد قوام مرعشی مصنف محمد والہ

تاریخ تصنیف ندارد۔ تاریخ کتابت ۱۳۳۶ھ اوراق ۹۶۔ تقطیع ۳۲×۲۱ سمر سطر ۱۵ سطری

یہ مرعشی خاندان کی تاریخ ہے۔ حضرت سید علی مرعش حضرت سید عبداللہ کے فرزند تھے۔ قاضی نوراللہ شوستری کی کتاب مجالس المومنین میں مرعش کی وجہ تسمیہ بیان کی گئی ہے۔ آپ کی اولاد میں میر قوام الدین معروف بہ بزرگ نے مازندران میں بادشاہت قائم کی۔

مجالس المومنین، روضۃ الاصفیا، ریاض الاعظم، حدیقۃ العالم، تاریخ قطب شاہی وغیرہ اس کے ماخذ ہیں۔

آغاز میں نواب عنایت جنگ کی حسب ذیل تحریر ہے۔

"اس کتاب کو مولوی میر صادق علی الحسینی مرحوم کے انتقال کے بعد دوسری کتابوں کے ساتھ مرزا غلام اصغر خاں منتظم کورٹ کے ذریعہ حاصل کیا"

ابتداء:۔ ذکر حضرت سید حسین اصغر:۔ یہ بزرگوار مستجاب الدعوات تھے ایک روز مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے۔

اختتام:۔ ان کا شانی شجرہ جو میر عبدالکریم بن عبداللہ خاں بن سلطان محمود بن میر شاہی سے ملتا ہے۔ اس میں سانی شجرہ کے لکھنے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

ترقیمہ:۔

الحمدللہ بجاہ محمد و آلہ کہ یہ کتاب سیر اولاد قوام مرعشی من ابتدائے نسب آنحضرت بیان چہارم و پنجم کتاب الارث و تحقیق آج ختم ہوئی۔ حق تعالیٰ اس کو قبول فرمائے۔ جو ایسے حصول مقصد ہونا چاہیئے۔ یعنی صراط المستقیم۔ یہ ثابت قدمی و موجودہ اشخاص کی اولاد صاحبان مذکورین کتاب کو نصیب ہوئی۔ یہ حقیر اپنے علم کے یہ تالیف کیا باقی والسلام الصواب

المرقوم ۲۲ شعبان المعظم ۱۳۳۶ روز شنبہ بوقت صبح اختتام پذیر ہوئی۔
(عطیہ نواب عنایت جنگ)

۱۳۶۶۔ تواریخ آمد سادات عظام در ہندوستان از ولایت

مصنف: نامعلوم کاتب برادر سید مدد علی اوراق ۲۸ تقطیع (۲۲ × ۲۳ سمر) سطر ۱۲ تا ۱۸ سطری کاغذ ناقص معمولی خط شکستہ زشت

یہ ہندوستان کے مختلف حصوں میں جہاں سادات آباد ہوئے ان کی مختصر تاریخ ہے۔ چند عنوانات حسب ذیل ہیں۔ ذکر سلطان محمود شاہ۔ ذکر سادات بارہہ۔ ذکر سادات بلگرام۔ ذکر آبادی سادات گونڈوی وال۔ ذکر آبادی سادات گردیزیاں۔ ذکر نواب سید عمر باقوم جاٹان ککر دلی۔ ذکر ریاست ککر دلی۔ سلطنت انگریزی میں۔ ذکر ریاست مظفر نگر وغیرہ۔

ابتدا:

حمد بے حد اس خدائے پاک کو کہ بنی آدم کو کس کے کہنے سے بوضع گوناگوں اور اطوار بوقلموں اپنی قدرت کاملہ سے پیدا کر کے کسی کو بادشاہ اور کسی کو گدا بنایا۔

اختتام: تواریخ سے کل حال منکشف ہے۔ چنانچہ امام علی ۱۸۵۷ء میں کل جمیع سادات بارہ بطور مدد کرنے افواج سرکار انگریزی میور دریائے گنگا ضلع بجنور گئے اور دیگر اقوام سے بجز چشم پوشی کوئی کار نمایاں عمل میں نہیں آیا۔

ترقیمہ:۔

تحریر تاریخ ۵ رمئی ۱۹۰۵ء نقل از کتاب اصل حسب خواہش بھائی صاحب سید مدد علی خلف سید امیر علی مرحوم ساکن ککر دلی ضلع مظفر نگر حال ریاست دتیا ملک بندیل کھنڈ
مطابق ۹ ماہ صفر ۱۳۲۳ ہجری بمقام ککر دلی تحریر یافت
آخر میں دو شجرے ہیں ایک مدد علی کا اور ایک جدا علی ابوالحسن
"عطیہ نواب عنایت جنگ"

۱۳۶۷۔ اربعین فی احوال مہدیین

مصنف نامعلوم کاتب نامعلوم اوراق ۲۲ تقطیع ۲۶ × ۲۲ سمر سطر ۸ سطری

کاغذ دبیز انگریزی

اس کتاب میں ایسی احادیث جمع کی گئی ہیں جن کا تعلق مہدی سے ہے۔ کہ وہ مختلف اوقات میں آتے اور خلق کو ہدایت دیتے رہیں گے۔ اصل کتاب عربی میں ہے اور اردو ترجمہ بین السطور دیا گیا ہے۔

ابتداء:۔ (ترجمہ) پہلی فصل میں وہ حدیثیں ہیں جو شان میں مہدیان جو آنحضرت کے پیچھے آویں گے۔

اختتام: شاہ عبدالعزیز صاحب نے اثنا عشریہ میں لکھا ہے کہ بعد بارہ سو ہجری ایک حضرت مہدی صاحب انتظار چاہیئے۔ اور شروع میں مصری کے حضرت کی پیدائش ہے ہمیں قدر عبادت۔ اس کے بعد حضرت نعمت اللہ ولی کرمانی سے منسوب پیشن گوئی کا قصیدہ تحریر ہے۔

ترقیمہ:۔ ۱۳۰۵ھ ہجری قدسی نبوی بتاریخ ۴ ازذیقعدہ بروز جمعہ تمام شد بوقت عصر

سرخی سے کسی نے لکھا ہے۔ ۲۵ محرم الحرام ۱۳۶۶ھ کلکتہ کے مصری گنج میں چھاپا گیا۔

قصیدہ کے بعد حسب ذیل ترقیمہ ہے۔

نعمت اللہ ولی کی مرد صاحب باطن راز اولیائے کامل در ہندوستان مشہور اند و طن اوشان در اطراف دہلی است زمانے ایشاں پانصد وشصت ۵۶۰ ہجری از دیوان اوشاں معلوم می شود و دراں ایں ابیات در ہندوستان مشہور و معروف است چوں دراں ابیات احوال مہدی مذکور است بنا براں آں ابیات را بزیور طبع آراستہ شد المرقوم ۲۵ محرم الحرام ۱۳۶۶ھ الراقم الحروف ابو الفضل محمد عبدالرحمن بن ولی اللہ سلمہ اللہ تعالیٰ حسب فرمائش جناب معلی القاب مولوی محمد شوکت حسین صاحب دام شرفہ

نواب عنایت جنگ کی چوکور مہر ابتدا میں اور بیضوی آخر میں ثبت ہے۔

عطیہ نواب صاحب موصوف

۱۳۶۸ معراج نامہ منظوم - سید جعفر اللہ حسینی صادق

اوراق ۸ تقطیع ۲۲ × ۱۵½ سمر سطر ۱۲ سطری کاغذ حالیہ

سید جعفر اللہ حسینی صادق فرزند حیدر کمبادی کے لڑکے تھے۔ صوفی مشرب تھے۔ نعت گوئی

منقلہ تھا۔ یہ معراج نامہ مخمس میں لکھا گیا لیکن بہت مختصر ہے۔ صرف (۲۲) بند ہیں۔
ابتداء۔ اس ایک قطعہ سے ہوتی ہے۔

شب معراج نزد حق شہ کونین جاتے ہیں ۔۔۔ ہے خوش امت کہ اسکے حامی دارین جاتے ہیں
ادتا دے طور پر موسیٰ نے موتے اپنے آمادق ۔۔۔ یہ عرش پاک پر پہنے ہوئے نعلین جاتے ہیں

مخمس کا پہلا بند:۔

اللہ اللہ ہے عجب سماں آج کی رات ۔۔۔ ذرہ ذرہ ہے بنا نور نشاں آج کی رات
نور ہی نور ہے ہر سمت عیاں آج کی رات ۔۔۔ ہوگی معراج شہ کون و مکان آج کی رات
دھوم ہے جس کی یہاں اور وہاں آجکی رات

آخری بند ہے:۔

رونق افزا تھے مسند پہ شہ کون و مکاں ۔۔۔ غلماں کہتے تھے کہ دوبالا ہے فردوس کی شان
آپ کے آنے سے زینت ہوئی بولا رضواں ۔۔۔ حوروں نے نغمۂ مبارک کا سنایا تھا وہاں
نظم معراج کی صادق نے یہاں آج کی رات

ترقیمہ:۔
نذر گذار دربار حضور سرکار احمد مختار احقر ہمیداں و کج مج زباں فقیر سید شاہ جواللہ حسینی
خلف حضرت نظام احمد
عطیہ محمد عبدالرزاق صاحب مالک ہلال بن اسٹور
کتاب کا نام اور تاریخ تصنیف اس طرح ظاہر کی ہے۔

پہلی ہے گرہ جلوس شہ کی ۔۔۔ تالیف ہے یادگار یہ بھی
یہ مدح شہ اس کی مشتمل ہے ۔۔۔ نام اس کا "تجلیات دل" ہے
یہ گل ہے تو وہ چمن ہے دھوکا ۔۔۔ خمار دل میں سنہ ہے اس کا

اس کے بعد شاعر ایک اور انکشاف کرتا ہے کہ ۱۳۰۱ھ
منظوم اک شرح بھی ہے اس کی ۔۔۔ ہے بحر میں من لگن کے وہ بھی
گویا شاعر نے من لگن کی منظوم شرح بھی لکھی تھی۔
کتاب میں اکثر اوراق سادے بھی ہیں اور بعض جگہ نصف صفحہ پر ہی تحریر ہے۔
یہ نسخہ نہایت خوش خط نستعلیق میں لکھا گیا ہے لیکن مصنف نے جگہ جگہ ترمیم کی ہے۔ اس لئے

یہ نسخہ بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے۔

اس میں پہلے فارسی لاکر لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد اس کی منظوم تشریح کی گئی ہے۔

ابتدا: الٰھی لا احصی ثنا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ نفسک

منظوم بند:- خداوندا سپاس تو بزبان نمی آریم و ستائش تو برمی شماریم

یارب بے حد ثنا ہے تیری ۔۔ گننے کی نہیں مجال میری

امکان ثنا نہیں ہے مجکو سب حمد یہ رہی ہے تجکو

اختتام: وقافیٔ خویز عم ما سرتا کے ترویج بنیں متاع کاسرتا کئے

تو قدوسی خیال ہستی از تو فاسد باشد خیال فاسد تا کے

۱۲۴۹۔ تجلیاتِ دل۔

تاریخ تصنیف ۱۳۲۰ھ اوراق ۵۲ تقطیع ۲۱ × ۱۷ سمر سطر ۸ تا ۱۰ کاغذ بدیسی حالیہ

دل نواب لقمان الدولہ کا تخلص تھا۔ ان کا نام محمد حمید خاں تھا اور وہ اشرف الحکما فلاطون جنگ لقمان الدولہ کے خطابات سے سرفراز تھے۔ وہ حکیم محمد اشرف کے لڑکے تھے۔ ۱۲۷۶ھ میں پیدا ہوئے حیدرآباد ہی میں ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کی اور آصف جاہ سادس کے طبیب خاص مقرر ہوئے۔ ان کے والد حکیم محمد اشرف نے بھی طبیب کی حیثیت سے شہرت حاصل کی۔ نواب لقمان الدولہ داغ سے مشورہ سخن کرتے تھے ۱۳۴۰ھ میں انتقال کیا۔ انھیں کے لڑکے محمد اشرف انجنیر تھے جن کا ذکر روایح الانفاس کے سلسلے میں آیا ہے۔

تجلیات دل لوایح جامی کی اردو میں منظوم تشریح ہے۔ حمد اور نعت اور بادشاہ و وزیر (سالار جنگ) کی تعریف کے بعد شاعر نے سبب تالیف بیان کیا ہے۔ کہتے ہیں۔

احباب نے کر کے مجکو مجبور یہ کہہ کے دی اک کتاب مشہور

جامی کی کتاب ہے لوایح لکھو اردو میں یہ لفظ ایح

اس کے بعد کہتے ہیں۔

کرتا تھا میں سبز من لگی کی اس وقت اسی سے دل لگی تھی

وزن اس کا بھایا میرے جی کو اس بحر میں لکھی مثنوی کو

اس طرح تجلیات دل من لگن کی بحر میں لکھی گئی ہے۔ اور ہر لایحہ کو تجلی کا نام دیا گیا ہے

۱۳۷۰۔ جذب کے سو شعر - مرتبہ - مرزا سیمابی

اوراق ۳۳ تقطیع ۲۱ × ۱۶ سمر مسطر ۱۴ سطری کاغذ ولایتی۔

رگھو پندر جذب عالم پور ضلع محبوب نگر میں وکالت کرتے تھے۔ لیکن وہ وکالت ترک کر کے حیدرآباد میں مستقل طور پر قیام پذیر ہوئے۔ رباعی گوئی میں حضرت امجد سے استفادہ کیا۔ کبھی کبھار مشاعروں میں بھی حصہ لیا۔ کلام کا مجموعہ ارمغانِ جذب چھپ چکا ہے۔ جذب نے حیدرآباد میں انتقال کیا۔

مرزا سیمابی حیدرآباد کے شعرا میں کافی شہرت رکھتے تھے۔ موصوف نے پانچ حضرات ' پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی ' حضرت سیماب اکبرآبادی ' جناب جیب اللہ وفا نبیرہ ذکا شاگرد غالب ' سید مصباح الدین تمکین کاظمی اور رائے بشیشور پرشاد منور لکھنوی سے خواہش کی جذب کے کلام بیس اشعار منتخب فرمائیں اور اس پر تبصرہ کریں۔ جب یہ منتخبہ اشعار آگئے تو اس مجموعہ کو موصوف نے حضرت عبدالماجد دریا بادی کی خدمت میں پیش کر کے مقدمہ لکھنے کی خواہش کی جس کو مولانا نے بطیب خاطر قبول فرمایا اور مقدمہ لکھ دیا بعد کو یہ مجموعہ "جذب کے سو شعر" کے نام سے شائع ہوا۔ پیش نظر مسودہ جذب ہی کے قلم کا تحریر کردہ ہے۔

ابتدا:

حیدرآبادی عوام کے جانے پہچانے مشہور و معروف شاعر خیام آندھرا پنڈت راگھویندر راؤ جذب عالم پوری کی شخصیت اب کسی تعارف کی محتاج نہیں رہی۔

اختتام:

"یارب تو فیق دے دعا کی" اس التجا میں کس قدر سکھی ہے اور یہ سکھی اپنے سلیقۂ اظہار سے دل پر براہ راست اثر کرتی ہے۔ یہ مصرع ایک آہ ہے ایک فریاد ہے۔ ایک تیر ہے جس کا نشانہ کبھی خطا ہو نہیں سکتا۔ بشیشور پرشاد منور لکھنوی۔

۱۳۷۱۔ کلام اردو و فارسی۔ از عبدالرزاق

کتابت ۱۳۰۷ھ اوراق (۱۰) تقطیع ۲۲ × ۱۷ سمر مسطر ۱۸ سطری کاغذ زردی مائل بدیسی۔

عبدالرزاق کسی دفتر میں اہلکار تھے۔ کنبہ پرور تھے تنخواہ کافی نہ تھی۔ جب وظیفہ پر علٰحدہ ہو گئے

سے گئے تو انھوں نے اپنے خیالات بتلاتے ہوئے درخواست دی جس کی بنا پر وظیفہ /-۱۵۰ منظور ہوا۔ ان کے لڑکے احمد عبدالحی کو بھی تعلیمی وظیفہ اجرا کیا گیا۔

آخر میں ایک اور درخواست ہے جس میں انھوں نے اس کا ذکر کیا ہے۔

ابتداً اردو میں حمد و نعت ہے اور اس کے بعد فارسی میں بھی حمد ہے

ابتدا:- تری قدرت ہے کامل اور واسع — تمامی خلق ہے قدرت کی تابع
مرے مقصد کو بر لا میرے مولا — مجھے دردانہ کر اے میرے آقا

اختتام:- بوجہ مرض ضیق بیانہ مند حاضری سے مقعد رہا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عید الفطر کے دوسرے روز بصورت صحت حاضر ہونے کا شرف حاصل کیا جائے گا۔ اللہ بس باقی ہوس۔

کمترین عبد الرزاق عفا اللہ عنہ نویہ وستریمویہ

ف ۳۸-۲-۱

۱۳۶۳- دیوان قربی - سید شاہ ابوالحسن قربی

کاتب - سید محمد فضل اللہ - کتابت ۱۹۶۳ء - اوراق ۷۲، تقطیع ۲۲×۳۲ سم
مسطر، دو دار کاغذ ۱۸، ۱۹ سطری

حضرت سید شاہ ابوالحسن قربی اقطاب ویلور سے ہیں۔ آپ ۱۱۱۱ھ میں بیجاپور میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد سید شاہ عبداللطیف نقوی نے بیجاپور کی سیاسی حالت کو بگڑا ہوا دیکھ کر ترک وطن کیا اور ساتور، سرا اور ارکاٹ ہوتے ہوئے ویلور آئے۔ قربی کی تعلیم کا سلسلہ اس دور میں منقطع نہیں ہوا۔ وہ اپنے والد سے تحصیل علم کرتے رہے۔ آپ نے اپنے والد کے ہاتھ پر بیعت کی پھر فخر الدین مہدی تابلی کے مرید ہو کر اور دیگر بزرگوں سے فیض پایا۔

اپنے مریدین معتقدین اور عوام کی تعلیم کے لئے اردو میں متعدد رسائل لکھے۔ جن میں چند کے نام یہ ہیں۔
۱- اثبات وجود حقیقی، ۲- حق الحق ہو۔ ۳- برہان قاطع در بیان توحید ۴- عین العیان ۵- حق المعرفۃ ۶- تحفۃ الذاکرین ۷- کیمیائے سعادت ۸- وجدان ۹- خلاصۃ العرفان ۱۰- مخ المخ ۱۱- تجدید اشغال ۱۲- لب السلوک ۱۳- اسم اللہ ۱۴- توفیق ۱۵- منظر کل ۱۶- رسالہ حلال و مستوعینت

یہ مختصر رسالے فارسی میں ہیں۔ اور اصلاً ترجمے کے ساتھ شائع ہو چکے ہیں۔ آپ کبھی کبھار شعر بھی کہتے تھے۔ ایک دیوان تیار ہو گیا جس کو پروفیسر سید محمد فضل اللہ نے جو سری وینکٹیشور (تروپتی) عثمانیہ یونیورسٹی اور اس کے بعد تنجاور (مدراس)

کے ایک کالج میں پرنسپل رہ چکے ہیں مرتب کر کے ۱۹۶۲ء میں اپنے طویل مقدمہ کے ساتھ شائع کیا۔ یہ اسی کا مسودہ ہے۔ حضرت نے ۱۱۸۶ھ میں دیلور میں انتقال کیا۔ مزار مرجع خلائق ہے۔ آپ کے شاگردوں میں حضرت محمد باقر آگاہ اور شاہ عبد اللطیف ذوقی ادب میں کافی شہرت رکھتے ہیں۔

ابتدا:۔

ثنا کہتا ہوں صدق دل سوں میں مولیٰ تعالیٰ کا — اگرچہ ہو نہیں سکتا ثنا اس ذات اعلیٰ کا

اختتام:۔

کہ یا رب تو قریب ہو کر یک نظر — دے بھیک اس کے اور خاتمہ خیر کر
کہ تیرے سے ہو ریسے کئے — اپنے دو جہاں بیچ مرضی اُنے

۱۳۷۳۔ مکتوبات علی منظور ۔ علی منظور

تواریخ مختلف ۱۹۳۹ء تا ۱۹۵۶ء اوراق (۲۹) تقطیع مختلف اوراق ۔ سطر مختلف

سید علی منظور کا ذکر قبل ازیں آ چکا ہے۔ یہ ان کے چھ خطوط اور چھٹوں اور ۳ نظموں کا مجموعہ ہے۔ مکتوب الیہ خواجہ حمید الدین شاہد ہیں جو اس وقت مدرسہ رس تھے۔ دو مکاتیب تنقیدی ہیں اور قدرے طویل۔ یہ دراصل اس تنقید کا جواب ہیں جو منظور مرحوم پر کی گئی۔

ابتدا: عزیز مکرم جناب خواجہ صاحب السلام علیکم مزاج گرامی
آقائی سید محی الدین صاحب قادری زور زید مجدہ سے خادم نے وعدہ کیا تھا کہ ہر روز چند نظمیں برغرض ملاحظہ گزرانتا رہوں گا۔

اختتام:۔

استعارہ اور کنایہ کے بیچ تو ان کے بغیر نہ میرا کام چل سکتا ہے نہ آپ کا نہ کسی اور فنکار کا فقط
علی منظور

۱۳۷۴۔ خطوط عبد الحق

یہ مولوی عبد الحق (بابائے اردو) کے خطوط ہیں۔ ان کے مکتوب الیہ
۱۔ ظفر الرحمٰن ۲۔ ساجد علی ۳۔ محمد علی ۴۔ غلام ربانی ۵۔ ابو محمد بن صلاح یافعی (معروف بہ عمر یافعی)
۶۔ عبد الرحیم خاں فیفی اور آخری پنڈت دتنی دھرو دیا النکار (انگریزی)
ان سب کے متعلق "خطوط عبد الحق" کے پیش لفظ میں ذکر کر دیا گیا ہے۔

مجموعہ میں پہلا خط ظفر الرحمٰن کے نام ہے جو جنوری ۱۹۱۲ء میں لکھا گیا اور آخری خط ۱۴ اکتوبر ۱۹۶۰ء کا غلام ربانی کے نام ہے۔

تمام مکتوب الیہ مولوی صاحب کے ماتحت رہے ہیں۔

ابتداء :۔ میں نے ایک تھان بیرد کا بذریعہ پارسل روانہ کیا ہے۔

اختتام :۔ قورس کا عبد الحق بمبئی تمہیں پہونچ گیا ہوگا۔

(عطیہ محمد اکبر الدین صدیقی)

۱۳۷۵۔ رسالہ قانونچہ کمشنری۔

غلام حسن ابن غلام سرور متوطن بریلی ترتیب ۱۸۵۹ء اوراق ۷۔ تقطیع (۲۶ × ۲۰) سمر مسطر ۱۷ سطری کاغذ نیلا انگریزی

غلام حسن ابن غلام سرور قصبہ بریلی تعلقہ مومن آباد ضلع بیڑ کے باشندے تھے۔ وہاں کی قضائت، خطابت اور احتساب ان کے سپرد تھا۔ وہ عالم و فاضل تھے۔ حکومت انگریزی سے جو مراسلت ہوتی ان کے خاص قوانین تھے انھوں نے ان قوانین کی دفعات کو ایک رسالہ کی شکل میں ترتیب دیا۔ اس کو دو فصلوں میں تقسیم کیا ایک فصل امورات ملکی کے بیان میں ہے۔ جس میں اکتیس دفعات ہیں۔ دوسری فصل "امورات اکونٹنٹ" کے بیان میں ہے۔ یہ رسالہ بعہد افضل الدین نظام خامس اور عہد وزارت شجاع الدولہ مختار الملک ترتیب دیا گیا۔

ابتداء :۔

"حمد بیحد مر خالق را سزد کہ بقدرت کاملہ خود صور گوناگوں بر صفحۂ تکوین کشیدہ۔

اختتام :۔ دفعہ ۱۵ دریں مملکت جو مل لبیاد داحدی مکاہان سرکار را توجہ در نقص آمدنیت پس باید کہ ملازمان سرکار بہ کستبہ بندلی۔

۱۳۷۶۔ مناقب غوثیہ

محمد صادق شہبانی بن سعدی قادری۔ فارسی

تاریخ کتابت ۱۱۹۱ھ۔ اوراق (۳۶) تقطیع (۲۰ × ۱۵ سمر) مسطر ۱۹ سطری۔ خط نسخ آمیز نستعلیق کاغذ دیسی۔

مصنف کے متعلق کوئی معلومات نہیں۔ اس میں حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رضی کے مناقب بیان

کیے گئے ہیں ۔

ابتداء :۔ الحمد للہ ۔ ۔ ۔ ۔ افاض علی العالمین فیوض منہ، وبعد می گوید ضعیف گنہ گار محتاج اے رحمت پروردگار رفقیر محمد صادق شیبانی بن سعدی قادری کان اللہ لہٗ ۔

اختتام : فرمودند کہ بندہائے خدا در اشتباہ می افتادند کہ راہ بنوت می پرستیدند بنا براین عمد آ این نوع ترک دارم ۔

ترقیمہ :۔ تمت الکتاب مبارک بحر کہ مناقب الغوثیہ سبع دستون مناقب قطب الاقطاب حسب الفرمائش خلاصۂ خاندان خاتم النبیین سید محمد یاسین سلمہ اللہ المعین بید اضعف العباد حافظ عبد القادر قادری فی سنہ ۱۱۹۱ھ

آخر میں ایک مہر ہے ۔ محمود بخاری محل (ضلع چتور)

یہ کتاب حکیم سید محمود بخاری صاحب نے ادارہ کے کتب خانہ کو عنایت کی ہے ۔

۱۳۷۷۔ کتاب التکمیل فی بیان التنزیل ۱

اوراق ۲۸ تقطیع ½۱۸ × ½۱۲ سمر مسطر ۱۵ سطری کاغذ خط نفیس نسخ تاریخ تصنیف وکتابت ۷۵۲ھ

مصنف محمد بن حسین بن علی یکے از تلامذہ عبد اللہ بن شاہ محمد بن سلمان الغزنوی

فن تجوید میں ایک رسالہ ہے ۔ مصنف نے اپنا نام نہیں دیا بلکہ اپنے استاد کا نام نہایت احترام کے الفاظ کے ساتھ دیا ہے ۔ یہ رسالہ فن تجوید میں ہے ۔ ایک مقدمہ دس باب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے ۔

مقدمہ ۔ دربیان اسمای قرآ سبعہ

باب اول :۔ دربیان مخارج حروف ۔ باب دوم دربیان صفات حروف باب سیوم دربیان استعاذہ ۔ باب چہارم دربیان بسملہ باب پنجم دربیان احکام نون ساکن وتنوین ۔ باب ششم دربیان مد وقصر باب ہفتم دربیان ہا کنایت ۔ باب ہشتم دربیان راآت باب نہم دربیان محسنات قرأت ۔ باب دہم دربیان وقف برسم مصاحف ۔

اس باب میں تین فصلیں ہیں ۔ پہلی دربیان تاوات طول ۔ دوسری دربیان مقطوعات تیسری دربیان موصولات ۔ خاتمہ میں رموز واوقاف کے متعلق بیان کیا گیا ہے ۔

ابتداء :۔ بتوفیقک ۔ اعتصم یاکریم اما بعد حمد اللہ تعالیٰ علی نوالہ والصلوٰۃ والسلام علی محمد والہ ۔ می گوید

بندہ گنہ گار امیدوار برحمت پروردگار الواثق باللہ الولی محمد بن حسن بن علی تاب اللہ لم غلیہ

اختتام :

آیت بصری کاتب است وارخ آیت بصری باشد لب واللہ اعلم بالصواب ۔ تمت بھندہ النسخۃ الشریفۃ بعون اللہ و حسن توفیقہ فی غرہ شہر المحرم سنہ اثنی و خمس و سبع ماۃ یا رب اغفر لعبد کاتب یا قاری الحفظ قل باللہ مینا ۔

آخر میں محمود بخاری محل ضلع چتور کی مہر ہے ۔

یہ حکیم سید محمود بخاری کا عطیہ ہے ۔

۱۲۷۸ ۔ توتا کہانی ۔ سیّد حیدر بخش حیدری

سنہ تصنیف ۱۲۱۵ھ ۱۸۰۱ء اوراق (۱۰۱) تقطیع ۲۰×۱۵ اسمر مسطر ۱۱ سطری کاغذ بدیسی خوشخط نستعلیق ۔

حیدر بخش حیدری یہ تصنیف سید محمد قادری کے طوطی نامے کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے ۔ حیدر بخش حیدری کے متعلق تفصیلات ارباب نثر اردو ، گل کرسٹ اور اس کا عہد فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات میں ملتی ہیں ۔ وہ ابتداً دہلی میں رہے ۔ پھر کلکتہ گئے اور متعدد کتابیں لکھیں جن میں چند حسب ذیل ہیں ۔

۱ ۔ قصۂ مہر و ماہ ۲ ۔ طوطا کہانی ۳ ۔ ہفت پیکر ۴ ۔ لیلیٰ مجنوں ۵ ۔ گل مغفرت ۶ ۔ گلزار دانش ۷ ۔ تاریخ نادری ۔ آرائش محفل

فورٹ ولیم کالج کے دار الترجمہ میں سب سے زیادہ کتابیں لکھیں ۔ وہ اپنی خدمت سے مستعفی ہو کر بنارس میں قیام کیا ۔ اور وہیں ۱۲۳۸ھ ، ۱۸۲۳ء میں انتقال کیا ۔

ابتداء : احسان اس خدا کا جس نے دریائے سخن کو اپنے ابر کرم سے گوہر معنی بخشا ۔

اختتام : ۔ دونو بطور عاشق و معشوق کے آپس میں مل کر رہنے لگے کبھی

یہ نسخہ ناتمام ہے ۔ کاتب نے لکھتے لکھتے اس جگہ پر ختم کر دیا ہے ۔ یہ ستائیسویں داستان کا آخری حصہ ہے ۔

ادارہ میں اس کا ایک اور نسخہ موجود ہے ۔ دیکھئے تذکرہ مخطوطات جلد اوّل ص۱۱۱ ۔ کتب خانہ آصفیہ کتب خانہ سالار جنگ اور کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں بھی اس کے نسخے موجود ہیں ۔ اور یہ کلکتہ اور مدراس سے چھپ چکی ہے ۔ (عطیہ محمد اکبر الدین صدیقی)

۱۲۷۹ کریما - (فارسی) سعدی شیرازی

اوراق ۳۴ تقطیع ۲۰×۱۵ سمر مسطر ۵'۶ سطری کاغذ دیسی خط جلی نستعلیق

یہ سعدی شیرازی کی مشہور کتاب کریما ہے۔ کاتب نے اس کو بھی نامکمل چھوڑ دیا ہے۔ درمیان میں کہیں کوئی عنوان مسلسل لکھا گیا ہے اور اکثر حروف کے نقطے بھی نہیں لکھے ہیں۔

ابتداء: کریما بہ بخشائے بر حال ما　　کہ ہستم اسیر کمند ہوا

اختتام:- شراب مصطفیٰ چو ردے نگار

عطیہ محمد اکبر الدین صدیقی

۱۲۸۰- شمائل محمدی - عثمان

اوراق ۱۰ تقطیع ۲۱×۱۴ سمر مسطر ۱۰ سطری کاغذ قدرے بادامی رنگ کا سرخ جدول خط نستعلیق خوبصورت عربی عبارت سرخی سے عمدہ خط ہیں۔

عثمان کے متعلق کوئی معلومات نہیں - یہ مخطوطہ نہایت اچھے خط میں جدولیں بنا کر لکھا گیا ہے۔ اس میں آنحضرت صلعم کا سراپا لکھا ہے - شاعر کہتا ہے

یو بتاں سو یہ ہے چالیس سارے　　دیہہ صلّو رسول اللہ کے پیارے

شمائل نامہ میں ۱۴۰ اشعار ہیں لیکن پیش نظر نسخے میں یہ تعداد ۱۳۵ ہے - اس کے آخر میں نور نامہ نام دے کر درود شریف تحریر کیا گیا ہے۔

ابتداء:- الٰہی گلشن دیدار میں توں　　بنی کے نور کوں کر دو جہاں کوں
محمد کے شمائل کوں سراپا　　کیا توں گلیں اسرار زیب

اختتام:- لکھا عثمان عاشق ہو شمائل　　ہمیشہ کر رکھو گل میں حمائل
محبت ہے رسول اللہ کی مجکوں　　ہور ان کی آل پاک یا صفا سوں

ترقیمہ نہیں ہے۔

اس کا ایک نسخہ ادارہ کے کتب خانہ میں ۱۲۷ پر (جلد دوم) پر موجود ہے

کتب خانہ آصفیہ میں تین

یہ مخطوطہ محمد اکبر الدین صاحب صدیقی نے ادارہ کے کتب خانہ کو تحفتاً دیا ہے۔

۱۳۸۱۔ سراج الایمان

حافظ احمد بن محمد مغربی تلمسانی انصاری۔ تصنیف ۱۰۲۱ھ اوراق ۱۳۷ تقطیع (۲۳ × ۱۵ سمر)
مسطر ۱۳ سطری کاغذ دولت آبادی خط نسخ

حافظ احمد بن محمد مغربی کے متعلق کوئی علم نہیں۔ پیش نظر کتاب کا موضوع فقہ ہے۔ مصنف نے اس کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ ہر حصہ کو اس نے مقصد کہا ہے۔ پہلا مقصد عقاید کے بیان میں ہے اور دوسرا فقہ کے۔ ہر مقصد ابواب اور ہر باب فصول پر مشتمل ہے۔

نسخہ نہایت صاف اور اچھے نسخ خط میں تحریر کیا گیا ہے۔

ابواب اور فصول سرخی سے لکھے گئے ہیں۔ پہلا ورق ضائع ہو گیا ہے۔

ابتداء:۔

یا ہندی میں یا دکھنی میں یا اور کوئی زبان میں پڑھ کے اوس میں پہرے اور خوب مسئلوں کو سمجھے۔

اختتام:۔

اور پڑھنے والے کو اور بنانے والے اور لکھنے والے کو اوس کے اپنی رحمت عمیم اور فضل عظیم سے مغفرت کرے بجاہ حبیبہ ونبیہ ...... رب العلمین

ترقیمہ:۔ بروز چہارشنبہ بتاریخ بست ودیم جمادی الثانی نوشتہ شد ۱۲۲۲ھ قلمی شد

اس کا ایک نسخہ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ میں موجود ہے۔ (دیکھئے صفحہ ۴۰ فہرست مخطوطات جامعہ عثمانیہ)

یہ مخطوط محمد اکبر الدین صاحب صدیقی کا عطیہ ہے۔

۱۳۸۲۔ روضۃ الشہدا۔ محمد فیاض ولی ویلوی

تصنیف ۱۱۳۷ھ اوراق ۱۶۴ تقطیع (۲۰ × ۱۴ سمر) مسطر ۱۷ سطری کاغذ دولت آبادی
خط خوش خط نسخ۔ ناقص الاول و آخر

روضۃ الشہدا کے کئی نسخے کتب خانہ میں موجود ہیں۔

دیکھئے نمبر ۸، ۱۲۲، ۱۴۰، ۲۰۴، ۴۰۵، ۶۱۷، ۶۱۸، ۷۶۸، ۷۸۰، ۱۱۳۹

پیش نظر نسخہ بہت صاف اور عمدہ نسخ میں لکھا گیا ہے۔ ابتدائی گیارہ اوراق ضائع ہو گئے ہیں۔ اسی طرح آخر کے بھی اوراق ضائع ہوئے ہیں۔ مجلس دہم کے (۸۲۳) اشعار موجود ہیں۔

روضۃ الشہدا بہت مقبول رہی ہے۔ تمام سرکاری و خانگی اداروں میں اس کے نسخے موجود ہیں۔ یہ کئی بار شائع ہو چکی ہے۔ یہ نسخہ ادارہ کے کتب خانہ کو محمد اکبر الدین صدیقی صاحب نے عنایت کیا ہے۔

۱۳۸۳۔ روضۃ الشہدا از محمد فیاض ولی ویلوری (دوسرا نسخہ)

اوراق (۱۳۱) تقطیع (۲۰ × ۱۳ سمر) مسطر ۱۵ سطری۔ کاغذ دولت آبادی خوش خط نسخ اول و آخر ناقص۔ مجلس ہفتم کا کچھ حصہ موجود

ابتداء:۔ . . . . وہاں او جانے اوس کوں فی الحال چلے زین پر اپنے انکے چال

اختتام: زین کی پیرہن سب پھار کر چال کیا موں کوں شفق سوں تو پنکر لال

یہ نسخہ بھی محمد اکبر الدین صاحب صدیقی کا عطیہ ہے۔

۱۳۸۴۔ دہ مجلس

تصنیف نور الاسلام ولد ظہور الحق ابن الابن ضیاء الدین خاں گوپاموی قادری حنفی فاروقی

اوراق ۱۲۲ تقطیع ۱۹ × ۱۵ سمر مسطر۔ ۱۵ سطری کاغذ انگریزی بہین خط نستعلیق پختہ

مصنف نے بتلایا ہے کہ اس نے پہلے ایک کتاب مناقب غوثیہ لکھی اور جب اس سے فارغ ہوا تو اس کے حقیقی بڑے بھائی رئوس الاسلام خاں نے دہ محفل لکھنے کی طرف توجہ دلائی اور کہا کہ اس واقعہ افراط و تفریط سے پاک ہونا چاہیئے۔ چنانچہ ان کی فرمائش کی تعمیل یہ دہ محفل لکھی گئی۔

ابتداء:۔

الحمد للہ رب العالمین . . . . . الی یوم الدین۔ بعد حمد اور صلوٰۃ کے کہتا ہے۔ نور الاسلام بن محمد ظہور الحق ابن الابن ضیاء الدین خاں مرحوم و مغفور گوپاموی قادری حنفی فاروقی کہ جب یہ فقیر حقیر رسالہ منقبت غوث الصمدانی شیخ عبد القادر جیلانی کا تیار کر چکا۔ الخ

اختتام:۔

پس معلوم ہوا کہ رونا اور مصیبت امام حسین کے سبب اجر جمیل اور جزائے جزیل کا ہے پس اے اہل مجلس تم کو لازم ہے کہ غم حسین میں روو اور آنسو بہاؤ۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون

اس کا ایک نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے۔

یہ نسخہ محمد اکبر الدین صاحب صدیقی کا عطیہ ہے۔

۱۳۸۵۔ مثنوی میر (دریائے عشق) ۔ میر تقی میر

اوراق ۔ ۱۱ تقطیع ۲۱×۳۱ سمر مسطر ۱۳ سطری کاغذ نیلا انگریزی

مشہور مثنوی ہے اور شائع ہو چکی ہے ۔ "مثنویات میر" مرتبہ پروفیسر سید محمد میں موجود ہے ۔

ابتداء:

عشق ہے تازہ کار تازہ خیال ہر جگہ اس کی اک نئی ہے چال

آخری شعر:۔

لب پہ اب مہر خاموشی بہتر یاں سخن کے فراموشی بہتر

تمام شد مثنوی میر تقی

۱۳۸۶۔ مثنوی شاہ شرف بو علی قلندرؒ (مثنوی میر کے بعد لکھی گئی ہے) فارسی

اوراق (۸)

مثنوی میر تقی، شاہ شرف بو علی قلندرؒ اور منصور نامہ ایک ہی خط اور ایک ہی جلد میں ہیں ۔ اس کے نسخے کتب خانۂ آصفیہ، کتب خانہ سالار جنگ اور انجمن پاکستان میں موجود ہیں ۔ اور یہ محمد اکبر الدین صاحب کا عطیہ ہے ۔

مشہور مثنوی ہے بارہا چھپ چکی ہے اردو میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے ۔

ابتداء: مرحبا اے بلبل باغ کہن از گل رعنا بگو با ما سخن

آخری شعر: روز محشر داد با آل رسول در طفیل مقبلان کردن قبول

رسالہ حضرت شاہ بو علی قلندر پانی پتی قدس سرہٗ

۱۳۸۷۔ منصور نامہ ۔ مصنف : فیاض

سنہ تصنیف ۱۱۸۵ھ ۔ اوراق ۱۶ تقطیع (۲۱×۳۱ سمر) مسطر ۱۴ سطری خط نستعلیق

فیاض کے متعلق کوئی معلومات نہیں ۔ اس نسخہ کو بھی کاتب نے ناتمام رکھا ہے ۔ اس میں منصور حلاج کا قصہ بیان کیا گیا ہے ۔ ان کے کرامات اور خوارق کا ذکر ہے ۔ اس کا ایک نسخہ کتب خانہ سالار جنگ میں موجود ہے ۔ وضاحتی فہرست میں ہاشمی مرحوم نے تاریخ تصنیف کے یہ دو شعر دیئے ہیں ۔

گیا سوہیں تے یہ نامہ گوہر سنج | اگیارہ سو یو تھا ہشتاد پر سج
لکھا ہوں میں مخفی یادگاری | دعا سے مجھ کو ہے امیدواری

آغاز:-

خدا کا عاشق و آزار مطلق | شہی طیفور منصور انا الحق
عجب شوریدہ تھا احوال اوس کا | جدا تھا سب جہاں سے قال اس کا
سنو اب سرگزشت دارا کی نقل | کہ ہے حیرت میں سن کر جس کے تیں عقل
روایت ہے یہ راوی کی زبانی | خدا ہی جانتے یہ سو نہانی

۱۲۸۴- دستور القرائت - ملک علام

سنہ تصنیف ؟ سنہ کتابت ۹۹۳ھ فارسی اوراق (۲۰) تقطیع (۱۵½ × ۱۲½ سمر)
مسطر ۱۵ سطری کاغذ بادامی رنگ قدیم خط پختہ نستعلیق
اس بیس ورق کی کتاب میں چار رسالے ہیں۔

۱- رسالہ در بیان تاآت مطولہ و چند فواید دیگر (۵ اوراق)
۲- دستور القرائت - مصنفہ سلطان محمود حصاری (۴ اوراق)
۳- رسالہ فی وقف اللازم (۴ اوراق)
۴- رسالہ منظوم در قرائت کلام ملک علام از ابن عماد ۷ اوراق - آخر میں "من فواید مولانا فصیح دشت بیاض مدحہ اللہ" دس اشعار کی نظم تحریر ہے۔

ابتدا:-

بدانکہ کلمہ رحمت در ہفت موضع بتا مطلو است

اختتام: ہمی درنج و تقاضا دو رحیم سما مکیں | چو یک و قدر و کرمارع و چو لبت و چون شیطان

بمبر ۴ رسالہ منظوم کا آخری شعر حسب ذیل ہے۔

کو غریق بحار غفران باد | ناظم ایں رسالہ ابن عماد

اور اس کے بعد ترقیمہ ہے۔

جہت فرزند دلخواہ عباد اللہ سمت تحریر یافت فی ۹۹۳ھ

اس کے بعد دبر کی مہر محمود بخاری محل (ضلع چتور) ہے۔ یہ نسخہ ادارہ کو حکیم سید محمود احمد بخاری محل عنا

پچھوڑ کا عطیہ ہے۔

۱۲۸۹۔ ثبات الاسلام : مصنف یکے از مرید سید محمد قادری

کاتب محمد پناہ سنہ تصنیف ۱۲۰۰ھ اوراق ۵۵ تقطیع ۲۲×۱۷ اسمر مسطر ۱۱ سطری
خط نستعلیق و عربی نسخ جلی

یہ رسالہ سید محمد قادری کے کسی مرید نے تصنیف کیا ہے۔ اس میں فقہ کے تمام اہم مسائل سوال وجواب کے طور پر لکھے گئے ہیں۔ وضو، غسل، نماز، چہار کرسی، ادعیہ وغیرہ بتلائے گئے ہیں۔

ابتداء:۔

الحمد . . . . اجمعین - ایں کتاب برحکم کلام مجید فرقان حمید و سایر کتاب کہ بر پیغمبران نازل شدہ است بیان از بہر دانستن شریعت، طریقت، حقیقت، معرفت،

اختتام :۔

دقیقہ کہ کافراں بر سر شہر مسلماناں غالب آیند چہار فرض

ترقیمہ :۔

ایں کتاب ثبات الاسلام بتاریخ بستم شہر ماہ ذیعقدہ با تمام رسید کاتب الحروف محمد پناہ بنا بر الف خاں نوشتہ شد مقام ایلچپور مصنف نے ابتدا اور انتہا فارسی میں لکھا باقی تمام کتاب دکھنی زبان میں لکھی ہے۔

اس کا ایک نسخہ کتب خانہ سالار جنگ میں بنمبر ۵۷ پر موجود ہے۔ یہ نسخہ ۱۲۰۰ھ میں لکھا گیا ہے۔

یہ نسخہ محمد اکبر الدین صاحب صدیقی کا عطیہ ہے۔

۱۲۹۰۔ مسدسات امیر۔ امیر مینائی

صفحات ۱۲۰ تقطیع ۲۲×۱۷ اسمر مسطر ۱۲ سطری خط نفیس نستعلیق

امیر احمد امیر مینائی ۱۲۴۴ھ م ۱۸۲۸ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام کرم محمد تھا۔ ابتدائی تعلیم والد سے اور پھر فرنگی محل کے علماء سے حاصل کی۔ عربی اور فارسی ادبیات کے علاوہ طب، نجوم، اور جفر کا علم بھی حاصل کیا اور کمسنی ہی سے شعر کہنے لگے۔ مظفر علی خاں اسیر کے شاگرد ہوئے۔ استاد نے

اپنے شاگرد رشید کو واجد علی شاہ کے دربار میں پہنچایا جہاں امیر نے دو کتابیں "ارشاد السلطان اور ہدایت السلطان" لکھیں۔

۱۸۵۶ء سے ایک سال پہلے لکھنؤ کی بساط الٹ گئی اور واجد علی شاہ نے مٹیا برج بسایا۔ امیر اس دور انتشار میں شہر بہ شہر گھومتے پھرے آخر رامپور میں پناہ ملی اور ایسی کہ ۴۲ سال وہیں گزارے اور علمی خدمات انجام دیں۔ دو مثنویاں نور تجلی اور ابر کرم اور مسدس صبح ازل، شام ابد، لیلۃ القدر، اور ذکر شاہ انبیا ہیں۔ نعت میں ایک دیوان مراۃ الغیب اور غزلیات کا دیوان صنم خانۂ عشق شائع ہو چکے ہیں۔ سرمۂ بصیرت اور امیر اللغات بھی ان کی اہم تصانیف میں شامل ہیں۔ کچھ واسوخت ہیں۔

داغ کے بلانے پر امیر حیدرآباد آئے۔ آتے ہی بیمار ہوئے ایک مہینہ نو دن بیمار رہ کر داعئ اجل کو لبیک کہا اور درگاہ یوسفین کے احاطے میں دفن ہوئے۔ مزار پر کتبہ لگا ہے سہ

ابھی مزار پہ احباب فاتحہ پڑھ لیں ... کہ اس قدر بھی ہمارا نشان رہے نہ رہے

پیش نظر مخطوطہ واسوخت ہی کا ہے۔

پہلا واسوخت ۳۷ بند کا ہے پہلا بند حسب ذیل ہے۔

آج ایک سانحہ تازہ بیاں کرتا ہوں ... شعبدہ عشق فسوں گر کا عیاں کرتا ہوں
سختیٔ جادۂ الفت کو فغاں کرتا ہوں ... تیز اس سنگ سے شمشیر زباں کرتا ہوں
کتنے دل جلتے ہیں اٹھتے ہیں شرارے کیا کیا
روز لاتا ہے غم عشق حرارے کیا کیا

آخری بند:۔

قطع کر سلسلۂ نظم امیر اب خاموش ... سامعوں نے یہ دُرِ نظم کئے گوہر گوش
گو چہ باقی ابھی دریائے طبیعت کا ہے جوش ... سننے والے ہیں یہ سرمست کہ باقی نہیں ہوش
پھر کبھی جوش طبیعت کا دکھاؤں گا انھیں
ہوش آئے گا تو افسانہ سناؤں گا انھیں

دوسرا واسوخت صـ۲۶ سے شروع ہوتا ہے اس میں ۱۲۹ بند ہیں۔ پہلا بند

دھوم ہے خسرو اقلیم جنوں آتا ہے ... فوج غم ساتھ ہے آمادۂ خوں آتا ہے
خلل انداز صف صبر و سکوں آتا ہے ... صاحب لشکر نیرنگ و فسوں آتا ہے

قابل دید تماشا حشم و جاہ کا ہے
داخلہ تخت گہ دل میں شہنشاہ کا ہے

آخری بند :۔

ڈال کر ہاتھ گلے میں یہ کہا جرم معاف بدگمانی فقط اتنی تھی بچشم انصاف
کوئی بہکائے نہیں جینے کی اب راہ ہے معاف پھر دیا ہاں دہاں تم ہو دہا طبیعت صاف
بس امیر آگے نہ بڑھ ختم سخن کر خاموش
ہوگئی صلح لڑا خواب مقدر خاموش

تیسرا واسوخت صفحہ ۶۰ سے شروع ہوتا ہے۔ اس میں ۳۶ بند ہیں۔ پہلا بند ہے

سچ ہے جہاں میں تم سا کوئی بیوفا نہیں اس بے مروتی کی کہیں انتہا نہیں
انصاف جس کو کہتے ہیں تم میں ذرا نہیں اوس پر ستم جو قابل جور و جفا نہیں
آغاز عشق میں کہو اقرار کیا نہ تھے
بیگانہ اب یہ ہو کہ کبھی آشنا نہ تھے

آخری بند :۔

صد شکر اے امیر ہوئی صلح یار سے پائی نجات گردش لیل و نہار سے
امید ہے یہ رحمت پروردگار سے چھوٹے نہ کوئی دوست کبھی دوستدار سے
عاشق کو کیا جدائی محبوب شاق ہے
جنت وصال یار جہنم فراق ہے

چوتھا واسوخت (۱۶۳) بند کا ہے جو صفحہ ۷۲ سے شروع ہوتا ہے۔ پہلا بند ہے۔

الحذر! جوش جنوں سلسلہ جنباں پھر ہے الاماں! خاطر ناشاد پریشاں پھر ہے
دامن وادی وحشت مرا داماں پھر ہے جادۂ دشت مرا چاک گریباں پھر ہے
موج اشکوں کی نظر آتی ہے زنجیر مجھے
پیچ تقدیر کا ہے طوق گلوگیر مجھے

آخری بند :۔

شکر صد شکر امیر اب تو گیا غم کا اثر عاجزی سے مرے ڈیلا ہوا وہ رشک قمر
رکھ لیا پاؤں سے زانو پہ اٹھا کر مرا سر جھپٹا عیش جو آگے تھی ہوئی بار دگر

یارب احباب نہ احباب کی نظروں سے گریں
دن پھرے جیسے مرے ویسے زمانے کے پھریں

پانچواں واسوخت ۵۵ بند کا ہے اور صفحہ ۱۱۶ سے شروع ہوتا ہے۔ پہلا بند ہے

عشق عشاق کو رسوائے جہاں کرتا ہے — صاحب ضبط کو سرگرم فغاں کرتا ہے
چشمۂ چشم سے سیلاب رواں کرتا ہے — زرد چہرہ صفتِ برگ خزاں کرتا ہے
نوجواں خم صفت پیر کہن سال ہوئے
سیکڑوں باغ جوانی تھے کہ پامال ہوئے

آخری بند :-

سن کے ہم سے یہ امیر اسکو رہا پھر نہ قرار — جوڑ کر ہاتھ گرا پاؤں پہ وہ لالہ عذار
جوش دل سے ہمیں کچھ بن نہ پڑی آخرکار — آگیا رحم کیا سر کو اٹھا کر اوسے پیار
رنج سب دور ہوئے عیش کے ایام آئے
فقرے عیاری کے ہم نے جو کیے کام آئے

چھٹا واسوخت ۳۵ بند کا ہے اور صفحہ ۱۳۲ سے شروع ہوتا ہے۔ پہلا بند ہے۔

یاد ایام کہ شوقی کا یہ انداز نہ تھا — جلوۂ حسن ادا حوصلہ پرواز نہ تھا
شمع فانوس بیاں شعلہ آواز نہ تھا — اک جہاں کشتۂ تیغ نگہ ناز نہ تھا
آنکھیں خوں ریز نہ تھیں خنجر قاتل کی طرح
لوٹتے تھے دل عشاق نہ بسمل کی طرح

آخری بند :-

بس امیر اب نہیں باقی ہے شکایت کا مقام — دیکھو کس رنگ سے کرتے ہیں وہ ملنے کا پیام
غمزہ کہتا ہے کہ اب غیر کا ہم لیں گے نہ نام — آئے آئے رہے چشم سخن گو کا کلام
تھا جو اندیشہ تمہارا وہی آج کام آیا
چپ رہو چپ رہو لو صلح کا پیغام آیا

یہ نسخہ ادارہ کے کتب خانے کو محمد اکبرالدین صدیقی کا عطیہ ہے۔

۱۳۹۱ - نور نامہ - عنایات شاہ (معروف بہ شاہ عنایت)

سنہ تصنیف ۱۱۱۱ھ - سنہ کتابت ۱۲۶۶ھ اوراق ۱۲ تقطیع ۲۳ × ۱۲ سمر

مسطر ۱۲ سطری کاغذ دولت آبادی خط نفیس نسخ

شاہ عنایت ایک صوفی بزرگ تھے وہ آصف جاہ اول کے دور میں اورنگ آباد سے حیدرآباد آئے۔ وہ ایک وضع خاص رکھتے تھے۔ ٹاٹ کا جبہ زیب تن کرتے تھے اسی لئے ٹاٹ شاہ کے لقب سے مشہور ہوئے۔ حیدرآباد ہی میں ۱۱۵۵ھ میں وفات پائی۔ اور اڈیکمیٹ (عثمانیہ یونیورسٹی) میں دفن ہوئے۔

انھوں نے اپنے مرشد کا نام حسن شاہ بتلایا ہے۔ جو قادری سلسلے کے مرشد تھے اور خاندان سادات سے تھے۔ شاہ عنایت نے خود کو بھی سید ظاہر کیا ہے۔

نور نامہ ان کی یادگار ہے جس نے کافی شہرت پائی۔ اس کے خطی نسخے کتب خانہ آصفیہ (جلد اول صفحہ ۱۹۹) سالار جنگ وضاحتی فہرست صفحہ ۵۰۸ جامعہ عثمانیہ (فہرست مخطوطات صفحہ ۶۳) اور ادارہ میں موجود ہیں۔ ادارہ کی فہرست جلد اول صفحہ ۳۰ پر اس کا تفصیلی ذکر موجود ہے۔ شاہ عنایت کا ذکر عبد الجبار خاں ملکاپوری نے تذکرہ اولیائے دکن میں (جلد اول صفحہ ۵۲۲) اور گلزار آصفیہ صفحہ ۲۵۳ پر بھی موجود ہے۔ یہ بارہا شائع ہوا ہے اور عورتیں اس کو شوق اور اعتقاد سے پڑھتی رہی ہیں۔ مطبوعہ نسخے اب بھی ملتے ہیں لیکن مطبوعہ نسخوں میں زبان کو عصری بنا دیا گیا ہے۔ پیش نظر نسخہ خوبصورت نسخ میں تحریر کیا گیا ہے۔ یہ ناقص الاول ہے۔ اس میں جملہ (۱۱) عنوانات ہیں جو سرخی سے تحریر کئے گئے ہیں ابتدائی چار اشعار حسب ذیل ہیں۔

الٰہی کرنہار کرتار توں سنوڈیا ہے قدرت تے سنسار توں

کتا ہوں ایتا یاں سوں تجہ نور کا بیان وار سب گنج معمور کا

قطب کی طرف یک ستارا اتھا خدا کے حکم سوں نکلتا اتھا

روایت مرے سوں زیادہ ہے گو سنے تے اہے بے بہا یو سخن

شاہ عنایت اپنے آپ کو شاعر نہیں سمجھتے وہ شاعری کے نکات و رموز سے واقف نہیں۔ ان کا بیان ہے کہ یہ رسالہ فارسی نثر میں تھا۔ اس کو میں نے نظم کر دیا۔ کہتے ہیں۔

تھا فارسی نور نامہ نثر سو دکھنی کیا شعر میں مختصر
(نثر)

طبیعت نہ تھا کچھ مجھے شعر کا — شعر کر کو بولوں وزن نظم کا
تخلص مرا ہے عنایات شاہ — مرا جد ہے محکوں محمد پناہ
دنیا میں حضرت حسن شاہ ہے — محی الدین کا خاص اولاد ہے
اسی خاندان میں میری بنیاد — چلی آئی کری پو کری زیاد
مرتب کیا نور نامہ تمام — بحق محمد علیہ السلام
کہ ہجرت نبی تے ہزار یکصد — اکیارا اٹھے سال ہوا ہے یوتد

ابتدا :-

الیس علم کو سا ڈالیا آرشا — سو دیکھن لگا اس ستے مکھ پھا

اختتام :-

خداوند تعالیٰ کرے شاد سوں — مرا دیتری حاصل بہر حال سوں
مرتب کیا مختصر یو کلام — کہ عاجز ہوں بندہ نبی کا غلام

ترقیمہ :-

تمت مع الخیر نور نامہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و صحبہ وسلم ۱۲۶۶ھ
(عطیہ محمد اکبر الدین صاحب صدیقی)

۱۳۹۲۔ مآثر الامرا آصفی

مرتبہ محمد اشرف ، بجنیر فرزند نواب لقمان الدولہ دلؔ جلد ششم
اوراق (۱۹۰) سائز ۲۹ × ۲۰ سمر سنہ تالیف ندارد

نواب لقمان الدولہ متخلص دل کا ذکر تجلیات دل بنمبر ۱۳۶۹ کے سلسلے میں اور محمد اشرف مرحوم کا ترجمہ رد ایح الانفاس بنمبر ۱۲۹۰ کے ترجمے میں گزر چکا ہے۔

مآثر الامرا آصفی - نام کے نیچے جلد ششم لکھا ہے ۔ امرائے آصفی کے نام اور ان کو شاہی دربار سے جو خطابات جن مواقع پر عطا ہوئے ان کا ذکر ہے ۔ مثلاً مرزا داغ کے متعلق یہ تحریر ملتی ہے ۔

"فصیح الملک دبیر الدولہ نواب مرزا خان بہادر ناظم یار جنگ بلبل ہندوستان جہاں استاد " ۔

(بموقع) سالگرہ مبارک ۲۷ ربیع الثانی ۱۳۱۱ھ چہار ہزاری ذات و خطاب خاقانی وبہادر ناظم یار جنگ دبیر الدولہ فصیح الملک بلبل ہندوستان جہاں استاد علم و تقارہ اسی طرح تمام امرا کے خطابات جن مواقع پر اور جن تاریخوں میں عطا ہو ان کا اندراج ہے اس میں پہلا نام میر محبوب علی خاں آصف جاہ سادس کا ہے اور آخری احمد سعید خاں نواب آف پھتاری کا جن کو سالگرہ کے موقع پر ۲۰ جمادی الثانی ۱۳۶۲ھ کو سعید الملک خطاب عطا ہوا۔

ان خطاب یافتہ حضرات کے حالات نہیں ہیں۔

۱۳۹۳۔تاریخ قصبہ کروڈی (ضلع مغربی گوداوری)

محمد اسمٰعیل قادری حیران اوراق (۵۸) سائز (نوٹ بک) سطریں (۲۰) کاغذ لیجر

خط معمولی نستعلیق تاریخ تصنیف مابعد ۱۹۵۰ء

یہ کروڈی کے ایک قصبہ کی برائے نام تاریخ ہے۔ یہ قصبہ تعلقہ بھیما درم ضلع مغربی گوداوری میں ہے۔ اس میں تاریخ کم اور حیران (مصنف) کی غزلیں اور قصائد زیادہ ہیں۔ یہ آندھرا کے علاقے میں رہنے والے شاعر کے کلام کا مجموعہ ہے۔ اس میں ان کے ایک شاگرد عبدالرحمٰن ریحان تخلص کا بھی کلام شامل ہے۔

ابتدا:

امابعد اس کتاب کے مصنف نے اپنی زندگی میں جو جو کوششیں کیں وہ سب نیک نیتی پر مبنی ہیں۔

اختتام: (ایک مراسلہ کی نقل کی آخری سطور)

کہ صرف معیشت خود دمخودہ بدعائے دوام دولت ابدمدت مشغول و ۔ ۔ ۔ ۔ درین باب تاکید اکید داشتند

۱۳۹۴۔مسودہ انسائیکلوپیڈیا۔ ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور

اوراق ۱۲۸ سائز (۲۰ × ۱۳ سمر) سطر مختلف - ۱۹۴۵ء

ادارہ ادبیات اردو میں انسائیکلوپیڈیا کی ترتیب کے لئے ایک پروجکٹ شروع کیا گیا اور نمونتاً ابتدائی حصہ (۷۰) صفحے طبع کر کے حکومت سے امداد طلب کی گئی جو عدم گنجائش کی وجہ

سے منظور نہ ہو سکی۔ پیش نظر مسودہ ان الفاظ پر مشتمل ہے جو طبع نہیں ہوئے۔ پورا مسودہ ڈاکٹر زور مرحوم نے لکھا ہے۔ ہر لفظ ایک صفحہ پر لکھا گیا ہے۔ بعض الفاظ کی تشریح ایک صفحے سے زیادہ گنجائش میں آئی ہے۔ اور بعض الفاظ کی تشریح تین چار سطر میں کی گئی ہے۔

ابتداء: آب ترسی

جرثومہ سے پیدا ہونے والی بیماری یہ بعض جانوروں میں ہوتی اور انسان میں منتقل ہوتی ہے۔

اختتام: آئیکارس

یونانی قصہ کا کردار۔ ڈائیڈلس کا بیٹا تھا۔ باپ کے ساتھ کریٹ سے نکل کر...

تھا کہ سمندر میں گر کر ڈوب ہوا۔

۱۳۹۵۔ فغان المناقب صادق حسین غبار

اوراق ۱۰ سائز (۱۹ × ۱۲ سمر) سطر ۱۲ سطری خط نستعلیق

صادق حسین غبار حیدرآباد کے شعرا میں ممتاز مقام رکھتے تھے۔ وہ مہاراجہ سرکشن پرشاد کے دربار سے وابستہ تھے اور پنڈت رتن ناتھ سرشار کے رفیق کار۔ وہ مہاراجہ کے ادبی مشیر رہے اور آخر تک دربار سے تعلق رہا۔

پیش نظر مخطوطہ ایک منقبت ہے جس میں (۵۵) بند ہیں۔ اور پانچواں اور چھٹا مصرع بطور ترجیع بند ہر بند کے بعد آتا ہے۔ یہ غبار ہی کا لکھا ہوا ہے اس لئے کہ بعض مقامات پر حک و اضافہ نظر آتا ہے۔

پہلا بند: تم حقیقی جانشین مصطفیٰ ہو یا علی تم وصی حضرت خیرالوریٰ ہو یا علی

تم امام اولیا و اتقیا ہو یا علی تم معین انبیا و اولیا ہو یا علی

یہ حقیقت ہے تو کیوں میری مدد کرتے نہیں دور کیوں برگشتگی بخت بد کرتے نہیں

تخلص کا بند:۔

زندگی و موت کی ہے کشمکش میں یہ غبار بیٹھ کر اٹھنا ہے مشکل اس قدر ہے تن نزار

لو خبر مداح کی اب اے شہ دلدل سوار تم ہو حلال مہمات اور شیر کردگار

آخری بند:۔

کب سے میں چلا رہا ہوں آپ کیوں آتے نہیں   کیوں مجھے شان کریمی اپنی دکھلاتے نہیں
روضۂ اقدس پہ کیوں اب مجھکو بلواتے نہیں   حاضری کا حکم میرے حق میں فرماتے نہیں
یہ حقیقت ۔ ۔ ۔ ۔ کرتے نہیں

ابتدائی صفحہ پر "مصدر الطاف و عنایت حسین" بیضوی اور نظم کے نامیہ پر "عنایت جنگ" چوکور مہر ثبت ہے۔

۱۳۹۶۔ رسالہ در جواب ہدیۃ الرافعین ۔ علی

اوراق (۱۰۸) سائز (۱۵½ × ۱۰ سمر) مسطر ۱۳ سطری۔ کاغذ دیسی مہین

یہ رسالہ ہدیۃ الرافعین مصنفہ احتشام الدین مراد آبادی کے جواب میں لکھا گیا ہے۔ مصنف کے حالات کا کوئی علم نہیں۔

ابتداء: بعد درود شریف

المقالۃ الثانیۃ دی مرتبۃ علی بابین الباب الاول فی الجواب عن ہدیۃ الرافعین الّتی الفہا المولوی احتشام الدین مقالہ دوسرا مرتب کیا ہے دو باب پر پہلا باب ہدیۃ الرافعین کے جواب میں۔

اختتام:-

یوں کہنا کہ فعل صحابی خلافت روایت پر دال ہے ناسمجھ رہا ہے کیونکہ یہ قاعدہ ہر جگہ نامسلم ہونا بوجہ احسن آگے ثابت کیا گیا۔

ہذا ما تلونا وہو رفاہ، بفضل رب العلمین فی الجواب عن ہدیۃ الرافیض والصلوٰۃ وعلی رسولہ وآلہ الاصحابہ اجمعین وختمنا بصویدہ یوم العروبۃ فی مقدار خمستہ عشر د انا این عشرین او تسعۃ

۱۳۹۷۔ وفات نامہ رسول اکرم ۔ مصنف نامعلوم

اوراق (۶) سائز (۲۱ × ۱۳ سمر) سطری کاغذ دیسی دولت آبادی اول و آخر ناقص

وفات نامے اکثر شعرا نے لکھے چنانچہ محمد اسمعیل عاصی ۔ دریا۔ سوز، ولی ویلوری، راحت اور نامی کے وفات نامے کتب خانوں میں موجود ہیں۔ یہ ناقص الاول و آخر ہونے کی وجہ سے مصنف

کا پتہ نہ چل سکا۔ پیش نظر مخطوط میں (۱۵۵) اشعار ہیں۔

ابتدا: اول بول میرا تو اوس کو سلام
تو مومن یہ کر اس طرح سے پیام
کہ تیرے صحابی پیٹ ہیں نڈھال
دکھایا نبی اون کو اپنا جمال

اختتام:-

وہاں سیتے تم اور اصحاب تد
نماز جنازہ پڑھو فرد فرد
وصیت کرے شاہ حق کے خلیل
اتھے منتظر آئے کب جبرئیل

یہ نسخہ نواب عنایت جنگ کا عطیہ ہے۔ آخر میں ان کی چوکور مہر ثبت ہے۔

۱۳۹۸۔ سسی پنوں (پنجابی قصہ) ہاشم (پنجابی)

اوراق ۲۲ سایز (۲۳ × ۱۴ سمر) سطر ۱۲ سطر کاغذ دیسی خط معمولی نستعلیق

ہاشم نے پنجابی زبان میں یہ قصہ نظم کیا ہے۔ اس نے اپنا تخلص متعدد بار استعمال کیا ہے۔ دوران قصہ یوسف زلیخا اور سوہنی مہیوال کے نام بھی لیے ہیں۔

ابتدا:-

حکمت اوس خداوند والی مالک مولک ملک در
نکھ کر دو . . . . حیرانی کون پچھان سکدر
حکمت فال رہی سرگرداں دائم چرخ فلک در
خوب ہوئی رنگل کاری فرش فنا فلک در

اختتام:-

دکھا اوس فقیر پنوں کھل حقیقت سارے
آئی نار پرید ے صورت کر کلا مار اوتارے
جیدے نام پنوں آئے درد عشق دے مارے
ہاشم تھا مکان بخاناں آئے کون بچارے
کل سن زمیں بر دکھ کہنا سی ٹیکیے کانے
کھل گئے کوریا وجہ میرے بار میں دل جانے

۱۳۹۹۔ رباعیات عطا کلیانوی

اوراق (۱۰۹) سائز (۱۵ × ۱۰سمر) مسطر عموماً ۱۶ سطر فی صفحہ

سید عطار اللہ صاحب کلیانی ضلع بیدر دکن کے رہنے والے ہیں۔ شعر خوب کہتے ہیں۔ رباعی گوئی پر بھی کافی دسترس ہے۔ پیش نظر نسخہ میں ہر صفحہ میں چار رباعیات ہیں۔ عطا صاحب اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں کہتے ہیں اور اس میں ہر دو زبانوں کی رباعیات شامل ہیں۔ مختصر گنجائش میں بہت خفی خط میں لکھی گئی ہیں۔ کاتب وہی ہیں۔

ابتدار:۔

جو عالم آب و گل میں اک دل ہوگا پروانہ بھی ہے تو شمع محفل ہوگا
بن جائیگا جو یار کا اک نقش قدم ہستی کے سفر میں وہی منزل ہوگا

اس رباعی کے بعد ۱۳ اگست ۱۹۶۲ ء تاریخ درج ہے۔

اختتام :۔ آخری دو ورق قطعات ہیں آخری قطعہ تیسواں[۳۱] ہے۔

دل درد آشنا دیا ہے اگر دم بھی جاوید چاہیئے ہم کو
بجھتی جاتی ہے شمع محفل میں ایک خورشید چاہیئے ہم کو

یہ نسخہ کتب خانہ کو ڈاکٹر غیاث صدیقی صاحب کے توسط سے عطا کیا ہے۔

۱۴۰۰۔ مثنوی بحضور لیڈر اعظم مولوی عبدالحق بابائے اُردو

اوراق ۴ سائز (۲۰ × ۱۲ سمر) مسطر ۱۲ سطری

مولوی عبدالحق شاعر تو نہ تھے لیکن اپنے چند احباب کے شاکی تھے جو ہمیشہ تاش کھیلنے میں وقت گزارتے تھے۔ مولوی صاحب نے یہ مثنوی انھیں حضرات کی شان میں لکھی ہے۔ مولوی صاحب جب اورنگ آباد میں ۱۹۱۲ء سے مقیم تھے انجمن ترقی اردو کا دفتر بھی وہیں تھا۔

اس مثنوی کے تعلق سے راقم الحروف کا ایک تفصیلی مضمون قومی زبان (کراچی) کے بابائے اردو نمبر اگست ۱۹۶۴ء میں شائع ہوا ہے۔

ابتدار :

ہمارے اک محب رسیا برج کے
دواتے ہیں شب و روز اس کے پیچھے
نہ گھر کی کچھ خبر ہے اور نہ در کی
برج سے دل لگی آٹھوں پہر کی

اختتام :-

نہ یاروں سے رہی افسوس یاری
اگر کچھ ہے تو بس اک چار یار ذات
برج میں بتلا ساری خدائی
دہائی دوستو، یارو دہائی

یہ مثنوی راقم الحروف نے ادارہ کے کتب خانے کی نذر کی ہے۔

اشاریہ

(مرتبہ)

محترمہ راحت سلطانہ ایم اے (عثمانیہ)

۱۔ کتب

(ا)

۲- اشخاص

(غ)

(ف)

۳۔ مقامات

ضمیمہ

درج ذیل کتب اور اشخاص کے نام کسی وجہ سے اشاریہ میں شامل ہونے سے رہ گئے ہیں

کتب

اشخاص

حیدرآباد
نیشنل بک ڈپو